**Mr. Chairman:** I think, let's go by the text that we have circulated.

**Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja:** Mr. Chairman, I want to...

**Mr. Chairman:** No. No. Rules say that let's go by the text because, if I deviate then everybody will start this practice. Let's go by thetext, please.

**Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja:** Mr. Chairman, immediately after landing of the plane, Police and Elite Force officials stormed the Aero-Asia flight and pulled me out of the plane, harassed, kicked, pushed, misbehaved, ridiculed, searched and detained me without showing me any warrants of detention, nor the Senate's Chairman was informed in this regard. A large number of journalists and media representatives were also harassed in my presence. Their cameras and telephones were snatched and they were stopped to fulfil their official duties. Mr. Chairman, their privilege as citizens of Pakistan was also breached. This is an urgent matter of importance which needs further discussion on the floor of the Senate before being referred to the Standing Committee.

**Mr. Chairman:** Thank you. Dr. Safdar Ali Abbasi.

RE: ARREST OF A SENATOR BY THE LOHRE POLICE WITHOUT SHOWING WARRANT OF ARREST

**Senator Dr. Safdar Ali Abbasi:** Mr. Chairman, I bring to your kind notice that on the 16th April, 2005, I had gone to Lahore Airport where I was pulled out from my car physically by the Lahore Police. I was kept in custody in lock up of Police Station, Sarwar Road, Lahore without showing warrant of arrest or detention. Thereafter, the police shifted me toan interrogation centre near Indian border and kept me detained for two days. The police kept me detained illegally barassed and ridiculed knowingly that I am an elected representative of public and a Member of Parliament. I would like to explain the facts if you refer the matter to the Privileges Committee. Thank you.

**Mr. Chairman:** Mr. Raza Muhammad Raza.

RE: BREACH OF PRIVILEGE AND WAS BEATEN BY THE POLICE

سینیٹر رضا محمد رضا: جناب والا! میری ایک privilege motion ہے اور میں اسے پیش کرتا ہوں--

A breach of my privilege as a Senator has been committed when I was forcefully prevented from exercising my constitutional right of peaceful political dissent. On the 31st of March, 2005 the PONAM, an alliance of political parties had given a call for a peaceful strike to protest against the price hike, Kalabagh Dam, provincial autonomy, military operation in Balochistan and other related political issues. On the said date I was part of a peaceful demonstration at Firdaus Cinema Chowk,

Peshawar. I had informed the Police Officer on duty that I was a Senator and that our demonstration was peaceful and would continue to remain so , at or about 10:00 a.m. without any provocation the police resorted to a severe baton charge alongwith tear gas shelling on the demonstrators. This action of the police was un-provoked, I was made a target and was beaten viciously by the police, I suffered lathies on the back of my head and on my shoulders, which till date carry in juries of the same.

I was thrown into a police pickup and taken to Police Station, Kabali, where I was wrongfully detained for over 4 hours in the lockup and was mal-treated. I was subsequently transferred to Police Station Dabgarhi, where I was again kept in a lockup and not allowed to communicate with anybody. I asked for medical treatment for myself and my other colleagues, which was also refused. At or about 4:00 p.m. I was released without any explanation.

The above stated incident has breached my privilege, this matter, therefore, may be referred to the Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges by the House. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Mr. Raza Rabbani.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I hereby give notice to raise a question of breach of privilege under Rules 60 and 61 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988. The facts of the said breach of privilege are as under, it is prayed that this matter be discussed on the floor of the Senate, before being referred to the Standing

Committee on Rules and Privileges:-

FACTS

1. That on 16th April, 2005 at or about 9.30 a.m. I was present in a house in Lahore having residential address House No. 32, Main Boulevard, Gulberg, Lahore.

2. That inside the said premises a meeting followed by a press briefing was taking place when at or about 11:00 a.m a large contingent of police surrounded the said house.

3. That on two gates of the said house a large deployment of police vehicles were parked in front of the gates, thus preventing anybody from leaving the said premises.

4. That the ASP on duty, on a number of occasions sent messages asking me to come out, and at one stage even threatened to trespass the outer boundary walls of the said premises.

5. That the MNAs Mr. Yousaf Talpur and Syed Naveed Qamar were also present.

6. That at or about 3:00 p.m. the same afternoon the police force withdrew on its own.

7. That for 3 to 4 hours I was in wrongful confinement without being served any warrants of arrest, nor was the Senate Secretariat informed. This act is a breach of my privilege and violation of my fundamental rights guaranteed under the Constitution of 1973. Therefore, the same may be discussed on the floor of the House and subsequently referred to the Committee on Rules and Privileges.

Mr. Chairman: We have all these motions which will clubbed together. Are they opposed?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب چیئرمین!

I don't oppose it. I will request humbly that it be referred to the Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges.

Mr. Chairman: Since these have not been opposed, they are referred to the relevant committee. We will continue with the discussion. The first speaker for today is Mr. Amannullah Kanrani, and request the members to please keep the timing in mind because there is a limited time.

DISCUSSION ON THE POLITICAL SITUATION IN THE COUNTRY

سینیٹر امان اللہ کنرانی، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ سے اور اس ایوان سے معذرت کے ساتھ کہ شاید جیسے ہم لوگ اس ایوان میں آئے ہیں، اور چونکہ ہمیں آئین اور قانون کے تحت تھوڑا بہت یہ بتایا گیا ہے کہ سینیٹ پاکستان کے وفاق کی علامت ہے، اور اس کے اندر وفاقی اکائیوں کی حیثیت برابر ہے۔ اس حوالے سے ہم نے اپنے اس فرض کو آپ کے سامنے، اس ایوان کے سامنے، نبھانے کی کوشش کی کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کا وفاق چار وفاقی اکائیوں پر مشتمل ہے، اور ان کی حیثیت برابر ہے، اور اس کی وجہ کسی کی طرف سے کوئی خیرات نہیں ہے، کسی کی طرف سے کوئی عطیہ نہیں ہے کیونکہ پاکستان کا وجود ہی ان چاروں وفاقی اکائیوں کی بنیاد پر ہے۔ یہاں پر کسی قوت نے، کسی فوج نے، یا کسی اور نے کسی اور ذریعے سے اس ملک کو حاصل نہیں کیا بلکہ اس ملک کو بلوچ، پشتون، سندھی، اور پنجابیوں نے مل کر opt کیا، اور انہوں نے اپنے لیے طے کیا کہ ہمیں ایک ملک، ملک پاکستان کی حیثیت میں چاہیے۔ ہمارا یہ تعلق رضاکارانہ تھا اور رضاکارانہ تعلق ہے۔ دنیا میں اس کی کئی مثالیں ہیں۔ ہم ان مثالوں کی طرف اس وقت نہیں جاتے ہیں۔ اس وقت ہم وہ بات نہیں کرتے جو کچھ Russian Federation کی پندرہ اکائیوں نے کیا۔ ہم وہ بات نہیں کرتے ہیں کہ جو لوگ

confederation کی بات کرتے ہیں ۔ ہم نے آپ کے توسط سے اس ایوان کے توسط سے وہ باتیں کی ہیں جن سے اس وفاق کو مضبوط کیا جائے ۔

جناب چیئرمین! ہم نے آپ کو ہمیشہ آگاہ رکھا کہ وہاں پر جو حالات پیدا کیے جا رہے ہیں وہ ایک وفاق کی اکائی کو وفاقی اکائی کے طور پر نہیں سمجھا جا رہا ہے۔ بلکہ معلوم ہوتا ہے کہ بلوچستان کو ایک مفتوحہ علاقہ سمجھا جا رہا ہے یہی سمجھا جا رہا ہے کہ بلوچستان کو چونکہ فتح کیا گیا ہے، حاکموں نے ، فوج نے Establishment نے چونکہ اپنی جاگیر سمجھ رکھا ہے اس لیے وہاں پر ہرقسم کا action ان کے لیے جائز ہے۔ ان کے اوپر قانون، اخلاق، آئین کی کوئی پابندی نہیں ہے، اور ہم نے اتفاق سے ہر اجلاس میں یہ بات آپ تک پہنچائی اورحقائق کے ساتھ پہنچائی۔ میں شکر گزار ہوں Treasury Benches کا بھی اور Opposition کا بھی کہ سب نے مل کر بلوچستان کے معاملے پر آواز اٹھائی۔

جناب والا! اس حوالے سے ہم نے کوہلو کے اندر اپریشن کی بات کی تھی کہ 19 مئی کو کوہلو میں اپریشن کیا گیا۔ ہم نے یہ بھی بتایا تھا کہ جولائی کے اندر مکران میں اپریشن کیا گیا ۔ ہم نے یہ بھی بتایا تھا کہ وڈھ کے اندر لوگوں کو شہید کیا گیا ۔ ہم نے یہ بھی بتایا تھا کہ خضدار کے اندر لوگوں کے ساتھ زیادتی کی جا رہی ہے ۔ ہم نے آپ تک یہ بات بھی پہنچائی کہ مری کیمپ کے اندر ، مری خواتین اور بچوں کی بے حرمتی کی گئی ۔ پولیس نے رات کو چھاپے مارکر عورتوں اور بچوں کو ہراساں کیا اور وہاں سے مردوں کو اٹھا کر لے گئی، اور اس کے نتیجے میں سردی کی راتوں میں جہاں پر بارش اور برفباری ہو رہی تھی وہاں عورتوں اور بچوں کے سر سے ان کے مردوں کا سایہ اٹھایا جا چکا تھا، اور وہ لوگ خیموں میں رہ رہے تھے۔

جناب والا! میں ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ بلوچستان ہائی کورٹ نے اس کا نوٹس لیا، اور وہاں انسانی ہمدردی کے تحت حکومت کو حکم دیا کہ بچے اور عورتیں اس وقت وہاں پر shelterless ہیں ان کا اس بارش اور برفباری میں کوئی پرسان حال نہیں ہے کیونکہ ان کے مردوں کو پولیس اٹھا کر لے گئی ہے، یا خوف سے لوگ وہاں سے چلے گئے ہیں ۔ پانچ ہزار کی آبادی کو پولیس نے یرغمال بنائے رکھا۔ 26,27 فروری 2005 کی رات کو اس مری کیمپ کے اندر دس روز تک وہاں لوگوں کو پینے کا پانی نہیں ملا، وہاں پر گیس پہلے سے نہیں تھی ، وہاں پر

بجلی پہلے سے نہیں تھی، خوراک بھی لوگوں کو نہیں ملی۔

جناب والا! میں یہ بات بھی ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ ان خواتین اور بچوں نے کسی کی امداد لینا بھی گوارا نہیں کیا۔ ان خواتین اور بچوں نے کسی NGO سے خوراک بھی نہیں لی، اور بھوکے پیٹ دس دن تک معصوم عورتیں اور بچے وہاں پانچ ہزار کی تعداد میں پڑے رہے کوئی ان کا پرسان حال نہیں تھا۔ وکلا تھے، صحافی تھے، انسانی حقوق کی تنظیمیں تھیں خود جا کر وہاں visit کرتے رہے ہیں۔ دن کو بھی جاتے رہے ہیں اور رات کو بھی جاتے رہے ہیں سب نے ان کا حال دیکھا واقعی ان کے سروں پر چھت نہیں ہے۔ خیموں میں رہ رہے ہیں۔ بارش ہے برف ہے اور تباہ کن صورتحال تھی۔ جناب چیئرمین! اور اس کے بعد بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وہاں پر خواتین نے جلوس نکالا اس ظلم و بربریت کے خلاف، جو مری خواتین کے ساتھ وہاں پر state agencies نے کیا۔

جناب عالی! اسی طرح پھر واقعات بڑھتے گئے، اور آپ نے دیکھا کہ سوئی ڈیرہ بگٹی کا مسئلہ یہاں پر ہم نے بہت اٹھایا۔ ڈاکٹر شازیہ کیس بھی آپ کے سامنے آیا۔ فوج کی بھی بات کی گئی کہ آرمی داخل ہوگئی ہے ۲۰ جنوری کو سوئی کے اندر اور یہاں پر اس پر احتجاج بھی ہوا۔

جناب چیئرمین! معاملات اور خراب ہوتے گئے، اور اس حد تک کشیدہ کر دیے گئے کہ ڈیرہ بگٹی کے اندر بیس ہزار کے قریب پیرا ملٹری فورسز اور آرمی کے جوان پہنچائے گئے۔ پانچ ہزار فوج ٹینک، توپ اور ہیلی کاپٹر گن شپ کے ساتھ ان کو سوئی بھیجا گیا۔ اور اسی طرح بیس ہزار کے قریب پیرا ملٹری فورسز کو ڈیرہ بگٹی اور اس کے گرد و نواح میں بھیجا گیا۔ اور یہ سب کچھ اس لیے تھا کہ وہاں کے لوگ آپ سے اور آپ کے ایوان کے توسط سے پورے ملک کے لوگوں سے مطالبہ کر رہے تھے۔ جناب! آج میڈیا کا دور ہے۔ آج information technology تیز ہے۔ آج لوگ عراق میں بھی دیکھ رہے ہیں، افغانستان میں بھی دیکھ رہے ہیں۔ دنیا کی مملکتوں کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ سعودی عرب کی شہنشاہیت کی طرف دیکھ رہے ہیں وہاں پر بھی democracy آ رہی ہے، آج عراق میں بھی کردوں کو ان کا حق مل رہا ہے۔ ان کی تیل پر ملکیت کی بھی بات ہو رہی ہے۔ ان حالات کے اندر بلوچستان کے عوام نے آپ کے توسط سے جناب چیئرمین! یہ بات بتانا چاہی کہ ہم آپ سے کچھ نہیں مانگتے ہیں۔ ہم آپ سے روڈ اور سکول

نہیں مانگتے ہیں۔ آپ سے میگا پروجیکٹ نہیں مانگتے ہیں۔ ہم آپ سے ترقیاتی منصوبے نہیں مانگتے ہیں۔ ہم ایم پی اے ' ایم این اے کے فنڈز نہیں مانگتے ہیں۔ ہم صرف اور صرف وہ چیز مانگتے ہیں جس کو خدا نے ہمیں دیا ہے۔ جو زیر زمین وسائل ہیں۔ تیل ہے ' گیس ہے ' منرلز ہیں ' سمندر ہے۔ یہ جو کچھ ہمیں ہمارے آباو اجداد نے دیا تھا۔ ہزاروں سال سے ان علاقوں میں بلوچ آباد ہیں۔ گوادر سے لے کر کشمور تک بلوچ قوم کی وہاں پر آبادی ہے۔ اور یہ آبادی پاکستان کی وجہ سے نہیں ہے جناب والا! پاکستان ۵۷ سال پہلے بنا ہے۔ اس سے پہلے بھی بلوچ آباد تھے۔ پانچ ہزار سال سے آباد ہیں۔ جناب چیئرمین ! آپ بھی جانتے ہیں' ہم بھی جانتے ہیں ۔ آپ ہمارے پڑوسی ہیں آپ کو ذاتی طور پر پتا ہے۔ یہاں کے علاقے کے لوگ باہر سے نہیں آئے ہیں۔ کہیں سے آکر یہ لوگ آباد نہیں ہوئے ہیں۔ کسی نے ان کو پلاٹ وغیرہ الاٹ نہیں کیا تھا۔ کسی developed housing society کا بلوچستان حصہ نہیں ہے۔ کسی نے ان کو خیرات میں پلاٹ نہیں دیا بلکہ وہاں کے لوگوں نے ' وہاں کے بلوچوں نے اپنے آباو اجداد کے ذریعے قربانیاں دے کر ' اپنے لوگوں کی قربانیاں دے کر اس سرزمین کو حاصل کیا۔ ہزاروں سال سے اپنی اس سرزمین کا دفاع کیا جا رہا ہے۔ لوگ اس میں آباد ہیں۔ کسی نے اپنی ایک انچ زمین بھی کسی کے حوالے نہیں کی۔صرف پاکستان میں ایک رضاکارانہ شمولیت اختیار کی تھی۔ کیا اس شمولیت پر ان کو یہ سزا دی جا رہی ہے ؟ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ان کی سرزمین کے اندر پیدا کیا ہے۔ اس کو فوج ' ٹینکوں ' توپ اور گن شپ ہیلی کاپٹروں کے ذریعے خدا کی دی ہوئی اس نعمت کو ان سے چھینا جا رہا ہے۔ آج بلوچستان میں بے روزگاری ' مہنگائی ' اور امن و امان کا مسئلہ ہے۔ لوٹ مار اور کرپشن ہے۔اور یہ کیوں ہے ؟ اس وجہ سے ہے کہ جو ہمارے وسائل ہیں ان وسائل کو اسلام آباد اپنے پاس لے آتا ہے۔ اپنے پاس لانے کے بعد بلوچستان کو خیرات کے طور پر چند ٹکڑے دیئے جاتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں یہ رویہ اب نہیں رہے گا۔ اب دنیا کے بدلتے ہوئے حالات کے اندر' عراق کے حالات میں ' کردوں کی حالت کو دیکھ کر ' دنیا کے نئے scenario کے اندر ہمیں اپنے رویوں کو بدلنا ہوگا۔ اب جب اس پر احتجاج ہوا۔اس پر نواب اکبر خان بگٹی ' سردار عطاء اللہ مینگل ' نواب خیربخش مری ' ڈاکٹر عبدالحئی نے احتجاج کیا ۔ چار جماعتی بلوچ قومی اتحاد بنا کر بلوچستان کے اندر ایک تحریک شروع کر دی گئی۔ وہ تحریک جناب چیئرمین ! یہ ہے کہ ہمیں اپنے وسائل

پر خود مختاری دی جائے۔ ہمیں اپنے وسائل پر دسترس دی جائے۔ ان وسائل تک access دی جائے۔ وہ وسائل ہمارے ہیں۔ وہ وسائل اسلام آباد کے نہیں ہیں۔ صوبوں کے ہیں ۔ ہم یہ نہیں کہتے ہیں کہ جو زیرزمین وسائل ہیں وہ صرف بلوچستان کو دیے جائیں۔ ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ جس صوبے کے اندر کوئی بھی وسائل ہیں ان کی مالک وہ وفاقی اکائیاں ہوں، اور صوبے اپنی مرضی سے ، باہمی اشتراک کے ساتھ، باہمی اتفاق رائے کے ساتھ ایک فارمولے کے ذریعے اپنے وسائل کو تقسیم کریں۔ پہلے حق ملکیت اور حق حکمرانی ان وسائل پر ان لوگوں کا ہونا چاہیے ۔

جناب عالیٰ! اس مقصد کے لیے ہم نے آپ کے توسط سے، پارلیمانی کمیٹی کے توسط سے 15 نکات پر فارمولا پیش کیا، آئینی ترامیم پیش کیں کہ اس کا یہ حل ہے۔ اگر ان 15 نکات کو، اس طرح دوسری سیاسی جماعتوں، BNP Mengal نے، ڈاکٹر عبدالحئی کے ساتھیوں نے، سب نے مل کر تجاویز دیں، اور یہ بتایا کہ اگر ان تجاویز پر توجہ دی جائے تو وفاق کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ مگر جناب عالیٰ اس کے بدلے میں کیا ملا کہ جب 7 جنوری کو رپورٹ آنے والی تھی تو وہاں پر آپ کے سامنے ڈاکٹر شازیہ کا کیس آ گیا اور پھر جب وعدہ ہوا کہ ہم بہت کچھ دے رہے ہیں اور ہمیں پتا ہے کہ ہمیں کچھ نہیں ملے گا مگر جو کچھ اعلانات ہوئے ان اعلانات کے توسط سے کوئی امید ہو چلی تھی کہ شاید ان تجاویز کو قبول کر لیا جائے گا، شاید کھلے دل کے ساتھ provincial autonomy دے دی جائے گی، مگر جناب چیئرمین! آپ نے دیکھا 17 مارچ کو ڈیرہ بگٹی میں ایک کرنل اٹھتا ہے، اس کی حیثیت کیا ہوتی ہے؟ وہ ہمارے 18 گریڈ کے افسر کے برابر ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ سے پوچھتا ہوں، آپ بہت جہاندیدہ ہیں، آپ دنیا کے ممالک کو جانتے ہیں کہ کسی SP کی جرأت ہو سکتی ہے کہ کسی شہری پر گولی چلائے! کسی شہری کو گولیوں سے بھون ڈالے! یہ آج تک کسی وجہ کے بغیر نہیں ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ وہاں ہوا میں آپ کے سامنے اس کی تفصیل رکھنا چاہتا ہوں۔

جناب عالیٰ! 17 مارچ کو ایک کرنل اٹھتا ہے اور اپنے gunship ہیلی کاپٹروں کے ذریعے، توپوں کے ذریعے سے، مارٹرگنوں کے ذریعے سے شہری آبادی پر فائرنگ کرتا ہے، بمباری کرتا ہے اور دو دن تک مسلسل 17 مارچ کی صبح 9 بجے سے لے کر 18 مارچ کی صبح 8 بجے تک وہاں پر پورے District Headquarters میں کہرام مچا دیا گیا، قیامت برپا کر دی گئی، بچوں

اور عورتوں کو تہس نہس کیا گیا' اور ایک سیاسی پارٹی کے سربراہ نواب محمد اکبر خان بگٹی کے گھر پر حملہ کیا گیا' اس کے گھر کے اندر گولے گرے' اس کے bed room میں گولے گرے اور اللہ نے ان کو بچایا مگر ان کے آس پاس جتنے لوگ تھے' ان کا سیکریٹری تھا' قبائلی لوگ تھے ان میں سے کئی لوگ شہید ہوئے' کئی زخمی ہوئے۔ ان کے پڑوس میں ہندو اقلیتیں رہتی تھیں' وہ اس لیے رہتے تھے کہ وہ اپنے آپ کو پاکستان میں ڈیرہ بگٹی میں محفوظ سمجھتے تھے' انہوں نے اپنے گھر نواب بگٹی کے قلعے کے ساتھ تعمیر کیے بلکہ قلعے کے اندر تعمیر کیے تاکہ وہ مذہبی اور لسانی فسادات سے محفوظ رہ سکیں۔

جناب چیئرمین! وہ لوگوں سے تو محفوظ رہے' عوام سے تو محفوظ رہے مگر وہ لوگ ریاست سے محفوظ نہیں رہ سکے' ریاست ان کی حفاظت نہیں کر سکی۔ آج تک اس کرنل سے کسی نے نہیں پوچھا کہ آپ نے کس قانون کے' کس اختیار کے تحت ہندوؤں کے 19 بچے مار دیے' ان کا نام اتی دیوی' کویتا دیوی' سرکیشا' امر دیوی' دیپ کمار' وکی کمار' اجیت کمار' وشل' رویت' ریکھا' امیر چند' سنت کم' سنگیتا دیوی' نرمیلا دیوی' وکرم' برکھا' رمیش' روی کمار اور امیت کمار ہے۔ جناب عالیٰ یہ 19 بچے ہیں جن میں سے پہلے کی عمر ڈیڑھ سال ہے' دوسرے کی عمر تین سال ہے' تیسرے کی عمر اڑھائی سال ہے' چوتھے اور پانچویں کی عمر ڈیڑھ سال ہے' ان سب کی عمریں 9 سال سے کم ہیں۔ یہ بچے تھے ان کا کوئی قصور نہیں تھا' ان کے ہاتھ میں کوئی بندوق نہیں تھی' وہ اپنے گھر میں اپنی ماؤں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے' لیٹے ہوئے تھے' ان کی گودوں میں دودھ پی رہے تھے' ان معصوم بچوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا گیا۔ آج اس ریاست میں کوئی نہیں ہے کہ وہ ان سے پوچھے کہ آپ نے کس اختیار کے تحت یہاں گولیاں چلائیں' آپ نے 19 معصوم بچوں کو مار ڈالا' بھون ڈالا۔

جناب چیئرمین! یہ بات یہیں ختم نہیں ہوئی' ان کے ساتھ ان کی مائیں بھی ماری گئیں' تین خواتین ماری گئیں' جن کا نام برکھا' شرمیلا اور مائی کنیش دیوی ہے۔ یہ ہندوؤں کی تین خواتین ماری گئیں۔ صرف یہی نہیں پھر ان کے باپ اور بھائیوں کو بھی مارا گیا' ان میں سے دس موقع پر مارے گئے جن میں لکھی مل' جیون چند' سرون کمار' لالو مل' رام لعل' راجیش کمار' نرجین کمار' نند لعل' ریشا داس' بچل مل اور سرویش کمار ہے' یہ وہ ہندو اقلیتوں کے لوگ ہیں

جنہیں 17 مارچ کو تہ تیغ کیا گیا۔ اسی طرح ہندوؤں کے 14 لوگوں کو زخمی کیا اور بگٹی قبائل کے 28 لوگوں کو شہید کیا گیا' اور اس 33 بگٹی قبیلے کے لوگ زخمی ہوئے جن میں سے بعد میں 7 نے جام شہادت نوش کیا۔ کیونکہ ان کے زخم اتنے سنگین تھے کہ وہ اپنے آپ کو نہیں بچا سکے۔ جناب چیئرمین! اس پر مزید ظلم یہ کیا گیا کہ ان کو ہسپتالوں تک پہنچنے نہیں دیا گیا۔ جناب چیئرمین! ڈیرہ بگٹی کے ہسپتال بند کر دیے گیے۔ ڈیرہ بگٹی میں پولیس ختم کر دی گئی۔ ڈیرہ بگٹی سے لیویز کو اٹھا لیا گیا۔ ڈیرہ بگٹی سے مجسٹریٹ کو اٹھا لیا گیا۔ ڈیرہ بگٹی سے تمام انتظامی اداروں کو بند کر دیا گیا۔ جناب چیئرمین! ڈیرہ بگٹی سے ۵۰ ہزار لوگوں نے اپنے گھر خالی کر دیے۔ اس بمباری کی وجہ سے ان کے راستے کو ۱۷ مارچ سے لے کر ۱۲ اپریل تک بند رکھا گیا۔ ایک مہینے تک لوگوں کے پاس راشن نہیں تھا۔ پینے کا پانی نہیں تھا۔ بجلی نہیں تھی۔ ٹیلیفون نہیں تھا۔ گیس نہیں تھی۔ ایسا کربلا میں بھی نہیں ہوا۔ ایسا فلسطین میں بھی نہیں ہوا۔ ایسا کشمیر میں بھی نہیں ہوا۔ یہ سلوک ڈیرہ بگٹی کے اندر اس لیے روا رکھا گیا کہ نواب اکبر بگٹی نے مطالبہ کیا کہ ہم آپ کے اس پارلیمانی کمیٹی کے اندر کسی Concurrent List کو نہیں مانتے۔

جناب عالی! ہم یہاں پر آپ کو واضح طور پر بتا دینا چاہتے ہیں کہ اگر پارلیمانی کمیٹی یہ سمجھتی کہ ہم Concurrent List ختم کرکے بلوچستان کے عوام کو مطمئن کریں گے' تو بہت دیر ہو گئی کیونکہ Concurrent List تو دس سال کے لیے تھی ' اور اس کو ختم ہو جانا تھا ۱۹۸۳ء کے اندر مگر اس کو ختم نہیں کیا گیا۔ آج اگر ختم کیا جا رہا ہے تو ہمیں اس سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ ہمیں بتایا جا رہا ہے کہ ہم نے آپ کو .F.C میں بھرتی کرنا ہے۔ ہمیں سپاہی بننے کا کوئی شوق نہیں ہے۔ ہمیں کہا جا رہا ہے کہ آپ کو ملازمتیں دیں گے۔ ہمیں کسی ملازمت کا شوق نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! ہم صرف اور صرف یہ بات کرتے ہیں' اور واضح طور پر کرتے ہیں کہ بلوچستان کو جب تک ان کے وسائل کا مالک نہیں بنایا جاتا اس وقت تک کسی پارلیمانی کمیٹی کی رپورٹ کو ہم نہیں مانیں گے ' اور نہ مطالبہ کریں گے کہ ہمیں مونگ پھلی کے طور پر کچھ دیا جائے یا ہمیں خیرات دے دی جائے۔ اب وہ وقت گزر گیا کہ کوئی peanut کو قبول کرے گا۔ اب ہم یہی مطالبہ کریں گے اور یہی ہمارا مطالبہ ہے ' اور رہے گا کہ وفاق اپنے پاس دفاع' خارجہ اور کرنسی رکھے اس کے علاوہ باقی سب صوبوں کے حوالے کرے۔ اس سے ہٹ کر کسی فارمولے

پر، کسی کمیٹی کی رپورٹ پر ہم مطمئن نہیں ہوں گے۔ جناب چیئرمین! اسی طرح گوادر کا مسئلہ ہے------

جناب چیئرمین، تین منٹ رہ گئے۔

سینیٹر امان اللہ کنرانی، جناب چیئرمین! ۷۸۰ کلو میٹر ہمارا ساحل ہے۔ اس ساحل کی حفاظت بلوچوں نے ۵ ہزار سال سے کی ہے، آج بھی وہ چاہتے ہیں کہ اپنے وسائل کی حفاظت کریں، مگر وہاں پر بھی فوج لگا دی گئی ہے۔ وہاں پر بھی چھاؤنی بنائی جا رہی ہے۔ وہاں کے لوگوں کی اس طرح تلاشی لی جاتی ہے جس طرح کشمیر کے اندر، فلسطین کے اندر غیر ملکی لوگ دیتے ہیں۔ آج ہم اپنے ملک میں ہیں۔ اس ملک کو اپنا وطن سمجھتے ہیں مگر ہمیں اس کی سزا یہ دی جا رہی ہے۔ ہم پر اعتماد نہیں کیا جا رہا ہے۔ غدار سمجھ کر ہماری تلاشیاں لی جاتی ہیں۔ گھروں کے اندر لوگ محفوظ نہیں ہیں۔ پچھلے دنوں کی بات ہے شہر کے اندر ایک بس کی تلاشی لی گئی اور ادھر سے کپڑے برآمد کرکے بتایا گیا کہ یہ سمگلنگ کے ہیں۔ جناب عالی! اگر یہ سمگلنگ ہے تو پھر مکران کے اندر کوئی چیز پاکستان کی نہیں ہے۔ پھر یہ سارے لوگ بھی سمگل شدہ ہیں۔ وہاں پانی ایران سے آتا ہے۔ وہاں گیس لوگ ایران سے لینے کی خواہش رکھتے ہیں۔ بجلی وہاں پر سرکاری طور پر ایران سے آتی ہے۔ دالیں وہاں ایران سے آتی ہیں۔ سوائے ہوا کے جو خدا کی ہے، سوائے زیر زمین پانی کے جو خدا کا ہے، پاکستان کی کوئی چیز مکران کے اندر نہیں ہے اور ان کو کہتے ہیں کہ آپ سمگنگ کرتے ہیں۔ حکومت خود سمگنگ کر رہی ہے۔ کیوں ایران سے بجلی لائی جا رہی ہے؟ اس لیے کہ ایران وہاں سے نزدیک پڑتا ہے۔ کھانے پینے کی اشیا کو سمگنگ کا نام دے کر ان لوگوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کی گئی اور تین دن تک گوادر بند رہا۔ اس کے بعد پھر جاکر وہاں پر کوئی ایکشن ہوا اور کوسٹ گارڈ والوں کے خلاف کوئی کارروائی کی گئی اور عوام میں اطمینان آیا۔ اسی طرح ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ جب تک وہاں پر فورسز کو آپ ختم نہیں کریں گے، فورسز کو نہیں ہٹائیں گے، عوام پر اعتماد نہیں کریں گے اور بلوچستان کے لوگوں کو یہ احساس نہیں دلائیں گے کہ وطن ان کا ہے، یہ مٹی ان کی ہے، وہ بھی اس وفاق کا حصہ ہیں۔ اس وقت تک وہاں پر یہ حالات قائم رہیں گے۔ کسی رپورٹ سے کوئی مطمئن نہیں ہوگا۔ ہمارا

مطالبہ یہ ہے کہ گوادر کے اندر اسی طرح سرمایہ کاری کی اجازت دی جائے کہ ۵۱ فیصد وہاں کے مقامی لوگوں کا ان کی زمین کے بدلے میں ہو، ۴۹ فیصد وہاں کے investors کا ہو۔ باہمی طور پر وہاں کام کیا جائے۔ وہاں پر جو اجنبی آنے والے ہیں ان کی آباد کاری کو روکا جائے کیونکہ دنیا کے اندر کوئی اپنی شخصیت مٹانے کے لیے اور شناخت مٹانے کے لیے تیار نہیں ہوگا۔ آج ہم دوبارہ کراچی کے تجربے کو نہیں دہرانا چاہتے ہیں کہ ایک اور کراچی گوادر کے اندر بنے۔ وہاں پر لوگوں کی پہچان ختم ہو جائے اور وہاں سندھی بھی ٹوپی پہن کر گھومنے پر اپنے آپ کو خوفزدہ محسوس کریں۔ اب کوئی بلوچ اپنی پگڑی اتارنے کے لیے تیار نہیں ہوگا۔ اپنی ٹوپی اتارنے کے لیے تیار نہیں ہوگا۔ اس لیے ہم سمجھتے ہیں کہ جب تک بلوچوں کی خواہشات کے مطابق، عوام کی خواہشات کے مطابق مکمل صوبائی خود مختاری نہیں دی جاتی کوئی پارلیمانی کمیٹی، کوئی رپورٹ ہمارے دکھوں کا مداوا نہیں کر سکتی۔

جناب چیئرمین! میں آپ کا اور ایوان کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے time دیا اور سنا اور ہمیشہ تعاون کے ساتھ ہمارے اس مسئلے کو جو وفاق کا مسئلہ ہے۔ بلوچستان کا مسئلہ پاکستان کا مسئلہ ہے۔ میں آخری شعر سے اپنی بات کا اختتام کروں گا۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

Mr. Chairman: Prof. Ghafoor Ahmed.

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں اس بات پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ ایک پاکستانی سفارتکار کو عراق میں رہا کر دیا گیا ہے۔ میں ان کے اہل خانہ کو مبارکباد دیتا ہوں اور مجھے خوشی ہے کہ اس جانب سے کی جانے والی کوششیں بارآور ثابت ہوئیں۔ اس لیے کہ اس معاملے میں صرف ان کا خاندان ہی نہیں بلکہ پورا پاکستان پریشان تھا۔

جناب چیئرمین! اس کے بعد میں آپ کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے انتہائی فراخدلی سے اس بات کا موقع ہمیں عنایت کیا ہے کہ ہم سیاسی حکمت عملی پر پوری طرح کھل کر یہاں بحث

کریں ۔ میرا خیال ہے کہ یہ بہترین وقت ہے کہ اس بات کو ہم یہاں سینیٹ کے سامنے پیش کریں۔

میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک جانب تو حکومت کی طرف سے یہ بات کہی جاتی ہے کہ تمام حالات ملک میں بالکل پرسکون ہیں ' ترقی ہو رہی ہے 'سرمایہ کاری ہو رہی ہے' غربت ختم ہو رہی ہے ' مہنگائی ختم ہو رہی ہے ' بے روزگاری ختم ہو رہی ہے اور حالات بالکل معمول کے مطابق ہیں لیکن دوسری جانب جناب والا! صورتحال بالکل مختلف ہے کہ اس وقت کراچی کی صورتحال مخدوش ہے' غیر اطمینان بخش ہے ' انتہائی خطرناک ہے' اور مجھے خدشہ ہے کہ اگر اس کی اصلاح کی فوری کوشش نہ کی گئی تو نہ صرف ملک کے مفادات متاثر ہو سکتے ہیں بلکہ ملک کی سالمیت بھی خطرے میں پڑ سکتی ہے ۔

جناب چیئرمین! آپ اس بات سے آگاہ ہیں کہ 2003 کا پورا سال احتجاج میں گزرا تھا' قومی اسمبلی اور سینیٹ دونوں میں اس بات پر احتجاج ہو رہا تھا کہ فرد واحد کو اس بات کا اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ آئین میں من مانی ترامیم کر دے جو انتخابات سے پہلے کر دی گئی تھیں۔ ایک سال ہم احتجاج کرتے رہے' ملک میں سیاسی بحران تھا' ایک افرا تفری کا عالم تھا' پارلیمنٹ اپنا کام نہیں کر رہی تھی۔ جناب چیئرمین! اس صورتحال سے' اس دلدل سے ' اس بحران سے ملک کو نکالنے کے لیے متحدہ مجلس عمل نے ایک اقدام کیا۔ 24th December 2003 کو حکومت کے ساتھ متحدہ مجلس عمل نے ایک تحریری معاہدہ کیا ۔ اس معاہدے کی روشنی میں سترھویں ترمیمی بل قومی اسمبلی اور سینیٹ سے منظور کیا گیا' اور اس میں وہ بیشتر ترامیم جو یکطرفہ طور پر کی گئی تھیں' انہیں پارلیمنٹ سے منظور کرایا گیا۔

جناب والا! اس معاہدے کی سب سے زیادہ اہم بات یہ تھی کہ December 2004 تک جناب پرویز مشرف صاحب فوج کا عہدہ چھوڑ دیں گے' اور مجھے اور پورے ملک کو خوشی ہوئی جب پرویز مشرف صاحب ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر آئے اور پوری قوم کو خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی کہ میں نے پورا غور و خوض کرنے کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے کہ میں دسمبر 2004 کے اختتام تک فوج کا عہدہ ترک کر دوں گا لیکن بعد میں جناب چیئرمین! حالات تبدیل ہوئے' ان کی رائے بدل گئی' اور بعد میں انہوں نے کہا کہ نہیں' میں نے اپنا فیصلہ تبدیل کر دیا ہے

اب 2007 تک دونوں عہدے میں اپنے پاس رکھوں گا یعنی ملک کا صدر بھی رہوں گا اور Army Chief بھی رہوں گا۔ یہ بات ہمارے اس تحریری سمجھوتے کے خلاف ہے، آئین کے خلاف ہے، یہ آپس کی understanding کے خلاف ہے، اور یہ بات خود ان کے اپنے وعدے کے خلاف ہے جو انہوں نے ریڈیو اور ٹی وی پر قوم کے ساتھ کیا۔ آئین اس بات کی اجازت نہیں دیتا۔ آپ یہ بات جانتے ہیں کہ آئین میں یہ بات clear لکھی ہوئی ہے کہ فوج سیاست میں ملوث نہیں ہوگی۔ انہوں نے اس بات کا حلف اٹھایا ہے کہ فوج سیاست میں ملوث نہیں ہوگی لیکن وہ Army Chief بھی ہیں اور ملک کے کرتا دھرتا بھی ہیں۔ ہم نے یہ کام اپنے دوستوں کو ناراض کرکے کیا تھا، آپ یہ بات جانتے ہیں کہ ہمارے آرمی کے ساتھی ہم سے اس بات پر ناراض ہوئے کہ ہم نے سمجھوتا کیوں کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا جو اعتماد تھا وہ شاید درست نہیں تھا۔ اس اعتماد کو بعد میں ٹھیس پہنچائی گئی، اور وہ کام جس پر عمل ہونا چاہیے تھا وہ نہیں کیا گیا۔

جناب چیئرمین! ایک جانب تو حکومت کے لوگ بار بار یہ کہتے ہیں کہ ہم Opposition کو ساتھ لے کر چلنا چاہتے ہیں لیکن حقائق یہ ہیں کہ حکومت کے سارے اقدامات Opposition کچلنے کے لیے، اسے پیسنے کے لیے، اسے پیچ وخم و خار دینے کے لیے، اسے ختم کرنے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔ آپ کے سامنے کل معزز ممبران سینیٹ نے یہ بات فرمائی ہے کہ مختلف صوبوں میں کیا صورتحال ہے۔ کل رضا ربانی صاحب نے بہت تفصیل کے ساتھ آپ کے سامنے کہا ہے۔ آپ خود اس بات سے آگاہ ہیں کہ متحدہ مجلس عمل کے ساتھ کیا کیا جا رہا ہے، ARD کے ساتھ کیا کیا جا رہا ہے، یونم کے ساتھ کیا کیا گیا، جو ان کی پرامن ہڑتال تھی، کس طریقے سے لوگوں کو پکڑ کر جعلی مقدمات بنائے جا رہے ہیں۔ انہیں گولیوں سے بھونا جا رہا ہے، انہیں زخمی کیا جا رہا ہے، انہیں پابند سلاسل کیا جا رہا ہے۔ اس وقت جو صورتحال ہے، وہ میرے خیال میں بڑی سنگین ہے۔

جناب چیئرمین! میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں کہ میں صوبہ سندھ کے بارے میں خاص طور پر بات کروں۔ صوبہ سندھ میں اس وقت یوں تو پاکستان مسلم لیگ اور MQM کی مشترکہ حکومت ہے لیکن اصل صورتحال یہ ہے کہ عملاً صوبہ سندھ دو حصوں میں منقسم ہو چکا ہے۔ شہری

علاقے کلیتاً MQM کی تحویل میں ہیں، ان کی حکومت ہے، وہ جو چاہتے ہیں وہ کرتے ہیں۔ پولیس ان کے زیر تحت ہے بلکہ ان کے کارکنوں کی حیثیت سے کام کرتی ہے۔ دیہی علاقوں میں ظاہر سی بات ہے ہوسکتا ہے کہ ارباب رحیم کا حکم بھی چلتا ہو لیکن میں آپ سے عرض کرتا ہوں، جس طرح بگٹی صاحب نے کہا ہے کہ خود سندھ کے دیہی علاقوں میں بھی یہ آوازیں اٹھ رہی ہیں کہ ہمیں اب آئینی خودمختاری نہیں چاہیے، اب ہمیں مکمل آزادی چاہیے۔ ہم پاکستان سے علیحدہ ہونا چاہتے ہیں۔ اس صورتحال میں آج یہ وہاں ہو رہا ہے کہ صوبہ سندھ کو ظلم و تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ متحدہ مجلس عمل نے پورے ملک میں اس بات کا اعلان کیا کہ ہم چاروں دارالخلافوں میں ملین مارچ کریں گے۔ یہ ملین مارچ ہوا۔ کسی کی نکسیر نہیں پھوٹی۔ مکمل طور پر پرامن تھی۔ کراچی میں اس بات کی کوشش کی گئی۔ بڑے بڑے اشتہارات چھپوائے گئے اخبارات میں۔ ریڈیو اور ٹی وی پر پروپیگنڈا ہوا کہ ان کے ساتھ کوئی بھی نہیں ہے، یہ ملاّ ہیں لیکن آپ نے دیکھا جب ملین مارچ ہوا ہے تو حد نظر تک لوگ ہی لوگ تھے۔ ہماری توقعات سے زیادہ بڑھ کر لوگ اس ملین مارچ میں شریک ہوئے تھے۔ یہ دیکھنے کے بعد میرے خیال میں متحدہ قومی موومنٹ پر ایک بوکھلاہٹ طاری ہوگئی۔

اس کے بعد جناب چیئرمین! ہم نے، متحدہ مجلس عمل نے، ہڑتال کی کال دی۔ ہڑتال کے لیے میں آپ کو بتاتا ہوں کہ پورے ملک میں ہڑتال کامیاب ہوئی لیکن سندھ میں سارے وزراء مسلسل کوشش کرتے رہے، ایک ایک جگہ جاکر، دکانداروں سے، ان کی associations کے عہدیداروں سے، چیمبر کے عہدیداروں سے جا کر یہ کہتے تھے، جس نے کل دکان نہیں کھولی اس کی دکان آئندہ کبھی بھی نہیں کھلے گی۔ زبردستی انہوں نے اس بات کی کوشش کی کہ پرامن ہڑتال کو ناکام بنادیا جائے۔ اشتہارات اخبارات میں آئے کہ اس سے millions کا نقصان ہوتا ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جو ملک کے دشمن ہیں لیکن آپ نے دیکھا کہ اللہ کے فضل سے پرامن ہڑتال ہوئی۔ کوئی ایک نقصان نہیں ہوا۔ اس سے پہلے بھی ہڑتالیں ہوتی تھیں۔ MQM ہڑتال کی کال دیتی تھی، رات کو ہی 30, 32 گاڑیاں جلادی جاتی تھیں۔ صبح سے firing شروع ہوجاتی تھی۔ جو دکان کھولتا تھا اسے جان سے مار دیا جاتا تھا لیکن آپ جانتے ہیں کہ یہ پرامن ہڑتال ہوئی۔ اس کے بعد ان پر بوکھلاہٹ طاری ہوگئی۔

اب سندھ میں صورتحال یہ ہے کہ ایک طرف جماعت اسلامی کے لوگوں کو harass کیا جارہا ہے، گھروں پر چھاپے مارے گئے ہیں۔ دیواریں پھلانگ کر پولیس والے بغیر warrant of arrest گھسے ہیں اور اس کے بعد انہوں نے کہا کہ اگر مطلوبہ شخص موجود نہیں ہے تو ہم گھر کے کسی دوسرے آدمی کو لے جائیں گے۔ ایک شخص کی آنکھوں کا operation ہوا تھا ایک دن پہلے، اسے پکڑنے لگے۔ اس نے کہا میری تو دونوں آنکھوں کا operation ہوا ہے تو اس کے نابالغ بچے کو پکڑ کر لے گئے کہ ہمیں اپنی گنتی پوری کرنی ہے، ہم تو اسے لے جائیں گے، اور جناب چیئرمین! ان کو لے جا کر حوالات میں بند کردیا گیا، اور اس طرح بند کیا گیا کہ انہیں وضو کے لیے پانی تک نہیں دیا گیا۔ انہیں نماز پڑھنے تک کی اجازت نہیں دی گئی۔

جناب چیئرمین! میں خود Home Minister جناب رؤف صدیقی صاحب سے ملا ہوں، اور ان کے سامنے یہ سارا معاملہ بیان کیا کہ وہاں پر تھانوں میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں ہے۔ انہوں نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اس معاملہ کی تحقیقات کریں گے، اور اگر ایسا ہے تو جس نے یہ کیا ہے اسے ہم سزا دیں گے۔

اس کے بعد جناب چیئرمین! سیاسی جماعتوں کے دفاتر کی ایک حرمت ہوتی ہے۔ ان کی ایک وقعت ہوتی ہے، ان کو ایک حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ مارشل لاء کے زمانے میں بھی سیاسی جماعتوں کے دفاتر پر حملے نہیں کیے گئے تھے۔ لیکن ہمارے کراچی کے دفتر پر تین دفعہ حملہ کیا گیا۔ لوگ plain clothes میں پولیس کے ساتھ آتے تھے۔ ایک دفعہ دو دفعہ انہوں نے چھاپے مارے۔ ایک دفعہ رات کے دو بجے چھاپہ مارا۔ تمام چوکیداروں سے کہا کہ تمام دفاتر کھولو، تمام دفاتر کھولنے کے بعد انہوں نے اس کی چھان بین کی۔ کئی گھنٹے وہاں پر رہے۔ اگر اس طریقے سے plain clothes میں ہوں تو اس طریقے سے تو ہمارے سیاسی مخالفین کے لوگ بھی ہو سکتے ہیں، وہ کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ پھر انہوں نے دفتر سے نو آدمیوں کو، کراچی کے امیر کو گرفتار کیا، سابق ممبر صوبائی اسمبلی ان کو گرفتار کیا اور جیلیں انہوں نے بھر دیں۔ اس کے بعد انہوں نے یہ الزام عائد کیا کہ جماعت اسلامی کے دفتر سے ہمیں اسلحہ اور آتش گیر مادہ ملا ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ بعد میں انہوں نے خود عدالت میں یہ بات کہی کہ ہم اپنا الزام ثابت نہیں کرسکے لیکن بہرحال انہوں نے یہ الزام ہمارے اوپر لگایا۔

جناب چیئرمین! متحدہ قومی موومنٹ کے پاس APMSO جو ان کی طلبہ تنظیم ہے اس نے تمام اداروں میں ظلم و تشدد کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ تمام اداروں میں پرنسپل کو، اساتذہ کو زدوکوب کیا جاتا ہے۔ ہمارے لوگوں کے اوپر گولیاں برسائی جاتی ہیں، انہیں شہید کیا جاتا ہے، انہیں زخمی کیا جاتا ہے۔ اسی ظلم کے نتیجے میں کراچی کے تمام اساتذہ نے ایک ہفتے تک ہڑتال کی کہ جب تک ہمیں امن کی گارنٹی نہیں دی جائے گی ہم تعلیمی اداروں میں نہیں جائیں گے اسی لیے کہ وہاں پر ہماری جانیں محفوظ نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین! ہم میں سے یہاں پر بہت سے لوگ صاحب اولاد ہیں۔ بہت سے لوگ جانتے ہیں کہ بچے کی قیمت کیا ہوتی ہے۔ ایک ہونہار، ایک خوبصورت بچہ جس کی غلطی صرف یہ تھی کہ وہ اسلامی جمعیت طلبہ کا ایک کارکن تھا۔ اغوا کرنے کے بعد اسے جناح پولی ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ میں لے گئے۔ وہاں جانے کے بعد اس کی ہڈیاں توڑیں۔ اس کے جسم سے بوٹیاں نوچی گئیں۔ اس کو بجلی کے جھٹکے دیے گئے۔ اس کے جسم پر کھولتا ہوا تارکول پھینکا گیا، اور اس کو ضربیں لگائی گئیں، اور بالکل ادھ موا کرکے نیم مردہ حالت میں اسے سڑک پر ڈال کر فرار ہوگئے۔ جب اسلامی جمعیت طلبہ نے کوشش کی کہ اس کی ایف آئی آر لکھائی جائے تو ایف آئی آر لکھنے سے انکار کر دیا گیا۔ ایف آئی آر نہیں لکھی گئی حالانکہ حکومت کہتی رہی تھی کہ ایف آئی آر کا داخل کرانا ایک ایسا حق ہے جسے ختم نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت نے ایف آئی آر داخل کی ہے۔ حکومت نے یہ بات کہی ہے کہ فرحان کو قتل کیا گیا ہے اور قاتل نامعلوم ہیں۔ حکومت یہ بات جانتی ہے کہ قاتل کون ہیں لیکن وہاں پر انہوں نے نامعلوم لکھا، حالانکہ اسلامی جمعیت طلبہ نے نام دیے تھے کہ یہ لوگ ہیں جو فرحان کے قاتل ہیں۔ اسی طرح جناب والا میں کہتا ہوں کہ آج تعلیمی اداروں کا عالم یہ ہے کہ کوئی بھی آدمی اپنے آپ کو محفوظ نہیں سمجھتا۔ کبھی گراؤنڈ اور بوری بند لاشوں کا دور پھر واپس آرہا ہے۔ میں ایم کیو ایم کے لوگوں سے کہتا ہوں کہ وہ دن نہ بھولیں جب ان پر آرمی ایکشن ہوا تھا۔

جناب چیئرمین: دو منٹ رہ گئے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد: آپ مجھے کتنا وقت دے رہے ہیں؟

جناب چیئرمین: پندرہ منٹ، پندرہ منٹ جو agree ہوا تھا۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد: بیس منٹ کی بات ہوئی تھی۔ میں جماعت اسلامی کی طرف سے بول رہا ہوں، جلدی ختم کر لوں گا۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد: جناب والا! میں عرض کر رہا تھا کہ اس طرح طلبہ کے اوپر مظالم کیے جا رہے ہیں۔ ہمارے لوگوں کے اوپر مظالم کیے جا رہے ہیں۔ میں یہ بتا رہا تھا کہ یہ بات نہ بھولیں کہ کس طریقے سے ماورائے عدالت ان کے لوگوں کو قتل کیا گیا ہے۔ میں ایم کیو ایم کے لوگوں سے کہتا ہوں انہیں یاد ہوگا کہ ہم نے اس کے خلاف آواز اٹھائی تھی کہ اگر کسی نے جرم کیا ہے تو جرم کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ انہیں ماورائے عدالت قتل کر دیں، لیکن آج سارے کام یہ کر رہے ہیں۔ نوجوان بچوں کو کراچی کے ہونہار بچوں کو، فرسٹ ایئر کے طالب علم کو جس طریقے سے اذیت دے کر انہوں نے ہلاک کیا ہے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ جناب چیئرمین! اللہ کو منہ دکھانا ہے، آخرت میں جواب دینا ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ ہمارے سینیٹ کے چار معزز ممبران نے کل کیفے ٹیریا میں ایک پریس کانفرنس کی ہے، اور اس میں انہوں نے یہ بات کہی ہے کہ فرحان کو جماعت اور جمعیت نے خود مارا ہے تاکہ وہ ہماری حکومت کو بدنام کریں، اور بلدیاتی انتخابات ہونے والے ہیں ان میں رخنہ پیدا کریں۔ یہ ہمالیہ سے بڑا جھوٹ ہے، یہ اس ظلم سے بڑا ظلم ہے جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔ یہ ساری باتیں بھول گئے کہ کل ان کے ساتھ بھی یہی ہو سکتا ہے۔ آج یہ حکومت میں ہیں کل یہ اپوزیشن میں ہوں گے۔ جناب چیئرمین! میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ اس معاملہ میں آپ سینیٹ کی ایک کمیٹی بنا دیں۔ اس سے پہلے بھی سینیٹ کی ایک کمیٹی بنائی جا چکی ہے۔ وہ جا کر خود تحقیقات کرے کہ کراچی کے حالات کیا ہیں۔ پھر میں یقین کروں گا ذاتی طور پر کہ جب بھی آپ کراچی جائیں تو آپ خدا کے لیے جناح پولی ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ کا visit کریں اور آپ دیکھیں کہ وہ تعلیمی ادارہ ہے، یا دہشت گردی کا اڈہ ہے، یا وہ torture cell ہے۔ یہ صورت حال ملک کی سالمیت کے لیے اور ملک میں امن وامان کے قیام کے لیے انتہائی خطرناک ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے دکھ اس بات کا ہے کہ ہمارے ادارے تباہ ہو رہے ہیں۔ آج پارلیمنٹ موجود ہے۔ نہ پارلیمنٹ میں پالیسی بنائی جاتی ہے، نہ پالیسیوں کی اطلاع دی جاتی ہے کہ کیا پالیسی بنی ہے۔ وقت گزاری کے لیے ہم آکے بیٹھتے ہیں باتیں کر لیتے ہیں۔ باتیں کرنے کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔

ہماری عدلیہ جو سب سے بڑا محتسب ادارہ ہے، آج عوام کا عدلیہ پر کوئی اعتماد باقی نہیں رہ گیا۔ ہمارے سینئر وکلا نے یہ بات کہی ہے کہ ہم کوئی آئینی معاملہ لے کر سپریم کورٹ میں نہیں جائیں گے اس لیے کہ سپریم کورٹ میں جانے کا مقصد یہ ہوگا کہ ہم حکومت کے فیصلہ پر مہر لگوا رہے ہیں۔

ہماری فوج جو سب سے اہم ادارہ ہے ہمارا، ہم اس کی عزت کرتے ہیں، ہم اس کا احترام کرتے ہیں۔ وہ ہماری سرحدوں کی محافظ ہے لیکن آج صورت حال یہ ہے کہ سرحدوں کی حفاظت سے زیادہ وہ سیاست میں ملوث ہو گئے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں عرض کرتا ہوں کہ اگر فوج کے اندر بھی عہدے اور دولت کا لالچ پیدا ہو گیا تو ان کے اندر بھی وہی خرابیاں پیدا ہوں گی اور ہو گئی ہیں جو کرپٹ سیاستدانوں میں ہوتی ہیں۔ اس لیے ملکی اداروں کو بچانے کی اور انہیں محفوظ کرنے کی ضرورت ہے۔

آج ملک میں گرانی ہے، بے روزگاری ہے اور بے چینی ہے۔ حیدر آباد الیکٹرک کارپوریشن میں تیس آسامیوں کا اشتہار دیا گیا تھا۔ پانچ ہزار اعلیٰ تعلیم یافتہ لوگوں نے اس کے لیے درخواستیں دیں۔ یہ حال ہے۔ جو سول انتظامیہ ہے وہ حکومت کی تابع ہے، غیر جانبدار نہیں ہے۔ سارے اس کے اقدامات جانب دارانہ ہیں۔ میں یہ بات تسلیم کرتا ہوں کہ Private T.V. Channels. ہیں لیکن ہمارے پاکستان ریڈیو کا اور پاکستان ٹی وی کا عالم یہ ہے کہ اس کا تمام وقت اپوزیشن کی کردار کشی میں صرف ہوتا ہے، اور اپوزیشن کو کوئی موقع نہیں دیا جاتا کہ وہاں آ کر کوئی کام کریں۔

جناب چیئرمین! میں اس بات پر خوش ہوں کہ بھارت کے ساتھ معاملات کو بہتر بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کسی آدمی کو اس پر اعتراض نہیں ہے کہ بسیں چلیں لیکن جناب چیئرمین! میں آپ سے کہتا ہوں کہ زمینی حقائق تبدیل نہیں ہو رہے۔ ہمارے مشرف صاحب نے

تو ازخود بغیر کسی استحقاق کے کئی فارمولے پیش کر دیے کشمیر کے حل کے۔ انہوں نے کہا کہ خود مختار کشمیر ہو سکتا ہے، کشمیر کے سات حصے ہو سکتے ہیں، کشمیر میں ایک مشترکہ کنٹرول ہو سکتا ہے۔ لیکن جہاں تک بھارت کا تعلق ہے من موہن سنگھ نے بھی جب بات کی ہے مشرف صاحب سے، اس نے کہا کہ ہم اپنی سرحدوں میں تبدیلی نہیں کر سکتے اور سب یہ بات جانتے ہیں کہ وہ کشمیر کو اپنا حصہ کہتے ہیں۔ ان کے آفیشل نقشے میں کشمیر بھارت میں شامل ہے، ان کے دستور میں بھی کشمیر شامل ہے، ان کے ترانوں میں کشمیر شامل ہے لیکن ظاہر ہے کہ ہم نے جو ڈھیل دکھائی ہے ایسی کوئی ڈھیل انڈیا نہیں دکھاتا۔

انڈیا اگر مخلص ہے تو میں آپ کی وساطت سے کہتا ہوں کہ وہ بھارت کی فوج میں کمی کر دیں، مظالم میں کمی کر دیں۔ جناب چیئرمین! وہاں دس سال کی بچی سے اور ساٹھ سال تک کی عورتوں کی عصمت دری کی جا رہی ہے۔ وہاں بارہ سال میں ایک لاکھ لوگوں کو شہید کیا گیا ہے۔ وہاں کوئی آدمی محفوظ نہیں ہے۔ بگلیہار ڈیم کا معاملہ ہے، اس کی تعمیر روکنے پر وہ آمادہ نہیں ہے۔ اگر واقعی اسے دوستی چاہیے ہے تو اس کے لیے اقدامات کرنے ہوں گے لیکن اس کی طرف سے ایسا کوئی اقدام نہیں کیا ۔ با ہے۔ ہماری طرف سے یہ ساری باتیں ہیں، ڈھیل دی جا رہی ہے جناب چیئرمین۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے موقع دیا ہے اور میں آپ سے کہتا ہوں کہ اصلاح کا وقت ہے اگر اصلاح نہیں کی گئی تو مجھے خدشہ ہے کہ پاکستان کے مفادات خطرے میں ہوں گے ، اور میں پھر اعادہ کرتا ہوں اس بات کا کہ پاکستان کی سالمیت بھی خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب بابر غوری۔

سینیٹر بابر خان غوری ( وزیر برائے بندرگاہ و جہازرانی)، جناب چیئرمین! شکریہ ۔ ابھی ہمارے ایک سینیٹ کے معزز رکن نے تقریر کی ہے۔ جناب والا! ایک بزرگ اور ایک senior parliamentarian کا اس طرح سے باتیں کرنا مناسب نہیں ہے ۔ سب سے بڑی بات یہ کہ جو لوگ اسلام کا نام لے کر سیاست کر رہے ہوں، جن کے ہر لفظ میں اسلام کا نام استعمال کیا جاتا ہو اگر ان کی طرف سے غلط بیانی یا منافقت کی باتیں کی جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ

مناسب نہیں ہے۔

جناب والا! بات یہ ہے کہ پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ کس نے تعلیمی اداروں میں اسلحہ استعمال کرنا شروع کیا؟ کراچی یونیورسٹی میں Thunder Squad کس نے بنایا؟ Sten gun, Machine gun and Klashinekove کس نے چلائی ؟ یہاں پر کئی ایسے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں جو کراچی یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کر چکے ہیں۔ وہ ' وہ واقعہ بھی جانتے ہوں گے جب راجہ جاوید نامی شخص نے، جو جمعیت کا آدمی تھا' وہاں پر فائرنگ کرکے وہاں کے نوجوان طالب علموں کو ہلاک کیا۔ یہ سب چیزیں پروفیسر غفور صاحب بھول گئے ہیں یا بتانا نہیں چاہتے۔ جب وہ کراچی کے تعلیمی اداروں کی بات کرتے ہیں تو ان کو یہ پتا ہونا چاہیے کہ اب سیاست کا وہ دور چلا گیا کہ "مارو اور لاشوں کی سیاست کرو" ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو یہ سوچنا چاہیے کہ جو واقعہ یہ بتا رہے ہیں ' خود ان کا اپنا کیا ہوا ہے ۔ میں یہاں سب سینیٹروں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ کراچی جائیں ۔ وہ تو کہتے ہیں کہ جناح کالونی جائیں لیکن میں کہتا ہوں کہ نہ صرف جناح کالونی جائیں بلکہ کراچی پولی ٹیکنیک میں جا کر دیکھیں جہاں پر لکھا ہوا ہے کہ "جمعیت کا قلعہ"۔ اگر وہاں کوئی داخل ہوتا ہے جس کا جمعیت سے تعلق نہ ہو تو اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا ہے۔ یہ اپنے گریبان میں دیکھیں۔ وہاں پر ناظمین کی آڑ میں اسلحہ کے ساتھ ان کے آدمی گھومتے ہیں۔ وہ وہاں پر کیا کر رہے ہیں' اور کس طرح سے مذہبی دہشت گردی کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی عوام جانتی ہے ۔وہ اب آپ کی تقاریر' آپ کی غلط بیانی' آپ کے غلط الفاظ میں نہیں آئیں گے۔ ماشاء اللہ آج کراچی میں حکومت پر امن چل رہی ہے۔ آج کراچی میں لوگ رات دو تین بجے تک جاگتے ہیں۔ یہ وہ دور یاد کروا رہے تھے جب سیاسی ظلم ہو رہا تھا' بربریت ہو رہی تھی۔ وہاں سات بجے کے بعد لوگ گھروں سے نہیں نکلتے تھے ۔ اس دور میں انہوں نے آواز نہیں اٹھائی تھی بلکہ انہوں نے مٹھائیاں بانٹی تھیں جب وہاں نوجوانوں کا ماورائے عدالت قتل ہوتا تھا تو ان کی طرف سے مٹھائیاں بٹتی تھیں ' خوشی ہوتی تھی۔ ایم کیو ایم نے جب boycott کیا تو یہ لوگ خوشی سے پاگل ہو گئے۔ وہ علاقے جہاں دس دس ہزار ' بیس بیس ہزار ووٹ لے کر لوگ کونسلر بنتے تھے ' وہاں بیس بیس اور پچیس پچیس ووٹ پر کونسلر بنے۔ آج دیکھ رہے ہیں جو صورت حال ہے۔ اب جناب والا! دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہونے والا ہے۔ اب الیکشن آنے

والے ہیں۔ اب کسی کو walk over نہیں ملے گا۔ ہم بھرپور طریقے سے الیکشن بھی لڑیں گے، اور ایک بات میں واضح کر دوں کہ امن کو تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی ۔ جس طرح سے پاکستان کی معیشت مستحکم ہو رہی ہے، جس طرح پاکستان ترقی کر رہا ہے، جس طرح دنیا میں پاکستان کا image بہتر ہو رہا ہے، وہ سب کے سامنے ہے، اورجو قوتیں اس کو بگاڑنے کی کوشش کر رہی ہیں، وہ قوتیں چاہ رہی ہیں کہ پاکستان کا image افغانستان جیسا ہو ۔ پاکستان میں عراق جیسی صورت حال پیدا ہو جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ عوام اب ان کی کسی بات میں نہیں آئیں گے۔

جناب والا! اب آئیے ہڑتال کی طرف جس کے بارے میں انہوں نے بات کی تھی۔ جناب والا! آپ مجھے بتائیے کہ ہڑتال کا یہ کون سا طریقہ ہے؟ ہڑتال ضرور ہوتی ہے اور اس کے لیے ایک جمہوری طریقہ ہوتا ہے۔ کسی واقعہ پر احتجاج ہوتا ہے۔ آپ نے مہنگائی پر پہیہ جام ہڑتال کی call دی ۔ آپ تو خود حکومت کا ایک حصہ ہیں۔ دو صوبوں میں آپ کی حکومت ہے۔ آپ کو چاہیے کہ آپ عملی اقدام اٹھائیں۔ اگر آپ نے مہنگائی ختم کرنی ہے تو اس کے لیے عملی اقدامات اٹھائیے۔ آپ پہیہ جام کی call دے رہے ہیں ۔ جب پہیہ جام نہیں ہوا تو آپ نے کہہ دیا کہ ہم نے shutter down کی call دے دی ہے۔ آپ کو اس بات کا خود پتا ہے کہ آپ کے ساتھ کتنے عوام ہیں اور کتنے نہیں ہیں۔ عوام تو دیکھ رہے ہیں کہ صوبہ سرحد میں آپ کی حکومت ہے اور آپ نے وہاں مہنگائی ختم کرنے کے لیے کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ اگر دودھ مہنگا ہو گیا ہے تو کیا آپ نے dairy farms کے لیے کوئی پلاٹ allot کیے، وہاں پر لوگوں کو incentives دیے تاکہ وہاں لوگ جائیں اور dairy farming کریں ۔ اگر گوشت مہنگا ہو گیا تو آپ نے cattle farming کے لیے کوئی اقدامات اٹھائے ہیں۔ اس کے لیے کوئی سہولتیں فراہم کی ہیں۔ یہ ہوتے ہیں عملی اقدامات ۔ آپ کو چاہیے تھا کہ آپ حکومت میں رہتے ہوئے یہ ثابت کرتے کہ آپ نے کوئی عملی اقدامات اٹھائے ہیں۔ مہنگائی کون ختم کرتا ہے؟ یہ اقدامات ختم کرتے ہیں ۔ Demand and supply میں تفاوت کی وجہ سے مہنگائی بڑھتی ہے۔ اگر demand سے short ہے تو demand کو پورا کرنے کے لیے یہ کیا کر رہے ہیں؟ آپ کون سی باتیں کر رہے ہیں۔ اب وہ زمانہ چلا گیا ہے جب آپ کلمہ طیبہ کا نام لے کر جذباتی مسلمانوں کو اپنے ساتھ ملاتے

تھے ۔ ظاہر ہے کہ الحمدللہ پورا پاکستان اسلام کے نام پر جان نثار کرنے کو تیار ہے اور اپنے سر قلم کروانے کو تیار ہے۔ ان کے جذبات کو آپ نے استعمال کیا لیکن اب آپ ان کے جذبات استعمال نہیں کر سکیں گے ۔ اب آپ دھوکا نہیں دے سکیں گے۔ اب آپ کو اپنا سیاسی پروگرام دینا ہوگا۔ اب آپ کو امریکہ کے خلاف نعرے لگانے سے ووٹ نہیں ملیں گے۔ اب آپ کو اسلام کا نام استعمال کرنے پر ووٹ نہیں ملیں گے۔ آپ صرف یہ بتائیے کہ آپ نے مہنگائی روکنے کے لیے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟ آپ نے کون سے کام کیے ہیں؟ آج عوام کو یہ بھی پتا ہے کہ آپ ایک طرف حکومت میں مزے لے رہے ہیں، دوسری طرف اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ آخر آپ کیا چاہتے ہیں۔ آپ نے ہڑتال کس کے خلاف کی تھی۔ آخر آپ کا ہڑتال کرنے کا مقصد کیا تھا؟ اگر آپ تخریب کاری کریں گے، لوگوں سے زبردستی دکانیں بند کروائیں گے آپ نے کہا کہ جیلیں بھر دی گئیں ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ صرف سو آدمیوں کی list دے دیجیے جو جیل میں ہوں۔ Even آپ دس آدمیوں کی list بھی نہیں دے سکتے ہیں کیونکہ حکومت انتقامی سیاست پر یقین نہیں رکھتی ہے۔ اگر آپ نے سیاسی دور کا انتقام دیکھنا ہے تو پھر ماضی میں جائیے۔ آپ دیکھیے کہ 1977 میں کیا ہوا تھا؟ جب 1977 میں تحریک چلی تھی، اس وقت بھی آپ عوام کو اسلام کے نام پر roads پر لے کر آئے تھے۔ اس وقت لوگوں نے سینوں پر گولیاں کھائی تھیں۔ آپ نے کہا تھا کہ ہم نظام مصطفے لے کر آئیں گے۔ آپ نے ایک اتحاد بنایا لیکن جب حکومت تبدیل ہوئی تو نظام مصطفے کی تحریک چلانے والے نظام حکومت میں شامل ہو گئے اور نظام مصطفے کا نعرہ ختم ہو گیا۔ عوام کو ماضی کا پتا ہے ۔ آپ ایسی بات نہ کیجیے، آج آپ آغا خان بورڈ کی مخالفت کرتے ہیں کہ آغا خان بورڈ غلط ہے، غیر اسلامی ہے۔ آپ مجھے بتائیے کہ آپ کے امیر جماعت اسلامی کے صاحبزادے امریکہ میں تعلیم حاصل کرکے نہیں آئے ۔ امریکہ میں کونسا اسلامی بورڈ ہے۔ وہاں پر کونسے مسلمانوں کا بورڈ ہے۔ تو اب آپ جو کریں وہ صحیح اور دوسرا جو کرے وہ غلط ۔ آپ پیئں تو حلال، دوسرا پیئے تو حرام ۔ یہ دوہری پالیسی نہ کریں، منافقت نہ کریں۔ پھر اے لیول، او لیول کے بورڈ موجود ہیں ۔ پورے پاکستان کے اندر، اسلام آباد شہر میں، کراچی میں، لاہور میں آپ دیکھیں جگہ جگہ انسٹی ٹیوٹس کھلے ہوئے ہیں ۔ اے لیول کے لیے، او لیول کے لیے وہ جو امتحان لیتے ہیں تو وہ کونسے اسلامی بورڈز لیتے ہیں۔ وہ بھی

برطانیہ جاتے ہیں وہاں سے ان کے پیپرز آتے ہیں اور ہزاروں روپے فیس دیگر امیروں کے بچے اے لیول او لیول کرتے ہیں لیکن اگر مڈل کلاس یا غریبوں کے بچے آغا خان بورڈ کے اندر بارہ سو روپے یا پندرہ سو روپے فیس ادا کرکے اچھی تعلیم حاصل کرلیں یا اچھے بورڈ سے لے لیں تو کیا problem ہے۔ آپ کے بچے آپ کی اولادیں امریکہ میں تعلیم حاصل کریں، غریب اور مڈل کلاس کے لوگ جو ہیں وہ پیلے سکول جائیں۔ نہیں جی، یہ منافقت نہیں چلے گی۔پروفیسر غفور صاحب یہ دور بدل چکا ہے۔

Mr. Chairman: Please, make no direct reference.

سینیٹر بابر خان غوری، اب دور بدل چکا اور اب عوام جانتی ہے کہ کیا غلط ہے اور کیا صحیح ہے اور کہاں جانا ہے ۔ آپ نے دیکھا کہ ان کی اس ہڑتال کی ناکامی کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی ۔ آپ دیکھیں کہ سب سے main وجہ ناکامی کی جو اس کا main indicator تھا خود ان کے اپنے الفاظ تھے۔جب ہڑتال کی call دی گئی تو پہیہ جام اور جب دیکھا کہ پہیہ جام نہیں ہوا تو کہا کہ ہم نے تو شٹر ڈاون کی کال دی تھی۔ آخر آپ کیا چاہتے ہیں ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ پاکستان کی معیشت مضبوط ہو ، پاکستان کی معیشت مستحکم ہو ، اگر آپ یہ چاہتے ہیں تو خدا کے لیے جہاں آپ کے پاس حکومتیں ہیں ۔ آپ وہاں کام کیجیے اور اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ آیا آپ کو کوئی اعتراضات ہیں تو آپ پھر استعفےٰ دیں آپ double standared نہ رکھیں ۔ ایک طرف آپ کہتے ہیں کہ میراتھن نہیں ہونی چاہیے ۔ خواتین مردوں کے ساتھ نہ دوڑیں ۔دوسری طرف وہی خواتین سینیٹ میں بھی اور نیشنل اسمبلی میں بھی ہمارے ساتھ بیٹھی ہوئی ہیں۔ کیا ہم محرم ہیں۔ کیا ان کے لیے یہاں پر allow ہے ۔اگر اس میراتھن کے اندر خواتین مردوں کے ساتھ نہیں بیٹھ سکتیں۔تو اس پارلیمنٹ میں بھی نہیں بیٹھ سکتیں۔تو آپ اپنے عملی اقدامات دکھائیے ۔ عوام دیکھنا چاہتی ہے کہ آپ practically کیا کرنا چاہتے ہیں۔اب سیاسی نعرے یا سیاسی باتیں کرنے سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔میری ان تمام سے جو خاص طور پر ہمارے محترم ہیں گزارش ہے کہ اب وہ عوام کے سامنے اپنا پروگرام لے کر آئیں۔عوام کے سامنے حقائق بتائیں اور عوام سب کے ماضی کو جانتی ہے عوام سے کوئی بات ڈھکی چھپی نہیں ہے اور میں یہ بات

clear کر دوں کہ الیکشن انشاء اللہ تعالیٰ 2007ء میں ہوں گے اور 2007ء کے الیکشن میں بھی انشاء اللہ تعالیٰ یہی حلیف جماعتیں جیت کر آئیں گی۔ شکریہ چیئرمین صاحب ۔

جناب چیئرمین، مسٹر ثناء اللہ بلوچ۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد: میں عرض کرتا ہوں کہ مجھے بابر غوری صاحب سے اس سے مختلف بات کی توقع نہیں تھی۔ میں اپنی اس بات کا اعادہ کرتا ہوں آپ کراچی کے حالات پر سینیٹ کی ایک کمیٹی بنا دیں کہ کراچی کے حالات کیا ہیں۔ بدامنی کون کر رہا ہے ۔ قتل و غارت گری کون کر رہا ہے---

جناب چیئرمین، پروفیسر صاحب جب آپ کے colleagues بولیں گے تو وہ cover کرلیں گے جو آپ کہنا چاہتے ہیں۔ کیونکہ آپ بول چکے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، جی۔

جناب چیئرمین، آپ اپنی تقریر کر چکے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر غفور احمد، میں کہتا ہوں کہ انہوں نے جو سارے الزامات ہم پر لگائے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ ایک کمیٹی قائم کر دیں ۔ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔ میں نے سندھ کے حالات کے اوپر بات کی ہے۔ سینیٹ کی آپ ایک کمیٹی بنا دیں ۔

**Mr. Chairman:** Mr. Aslam Buledi, if you want to speak now.

ثناء اللہ آ گئے ۔ مسٹر ثنا اللہ بلوچ۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین۔ Sir, میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے پاکستان میں جو موجودہ political situation ہے یا صورت حال ہے ۔ اس کے متعلق اپوزیشن کے ارکان کی درخواست پر یہ ایجنڈا مرتب کیا ۔یعنی ہمیں بولنے کی اجازت دی۔ جناب چیئرمین! مجھ سے پہلے میرے تمام معزز اراکین سینیٹ نے پاکستان میں اس وقت جو موجودہ سیاسی صورت حال ہے اس پر تفصیلی اظہار خیال کیا اور یقیناً ہمارے حصے میں جس طرح امان اللہ کنرانی صاحب نے فرمایا آدھے پاکستان پر مشتمل جو وفاقی وحدت ہے۔ اس کی نمائندگی کرتے ہوئے یقیناً وہاں کی جو political situation ہے یا وہاں پر ہونے والی سیاسی زیادتیوں کا

ذکر اس وفاقی وحدت میں یا وفاق میں نہ کریں تو میرے خیال میں ہمارے جو فرائض ہیں اس سے غفلت کے مترادف ہوگا۔ جناب والا! ہم اس سے پہلے بھی ذکر کر چکے ہیں کہ ہماری محرومیوں اور محکومیوں کی جو تاریخ ہے وہ ایک طویل داستان پر مشتمل ہے ۔ 17 مارچ اور پھر 27 مارچ 1948 کو جب ہم پاکستان کا حصہ بنے اس کے صرف بیس دن کے بعد ہمیں پہلے military operation کا سامنا کرنا پڑا۔ 15 اپریل 1948 کو ہمارے کچے گھروندے ، ہماری ٹوٹی پھوٹی جھونپڑیاں ، سب توڑ دیے گئے اور اسلام آباد نے پہلی دفعہ اپنی جارحیت کا مظاہرہ کیا یا اسلام آباد کی ان طاقتوں نے بلوچستان کو ایک مفتوح علاقہ عملاً ثابت کرنے کی کوشش کی ۔

جناب والا! جس طرح میرے دوستوں نے کہا کہ بلوچوں اور پاکستان کا رشتہ شروع دن سے فاتح اور مفتوح کا رہا ہے ۔ ہمیں ایک نوآبادی کی طرز پر ، ہمیں ایک neo colonial policies کی طرز پر بلوچستان کو deal کرنے کی کوشش کی گئی ۔اس کے بعد ایک سلسلہ جاری رہتا ہے ۔

جناب والا! 15 اپریل 1948 کے بعد چھ اکتوبر 1958 کو قلات پر دوبارہ دوسرا ملٹری اپریشن کیا جاتا ہے ۔ پندرہ جولائی 1960 میں نواب نوروز خان جو نوے سالہ پیرعمر تھے ان کو اپنے ساتھیوں کے ساتھ پھانسی کے پھندے پر چڑھایا جاتا ہے ۔ اس کے بعد بارہ فروری 1973 میں سردار عطا اللہ مینگل کی NAP کی منتخب حکومت کا خاتمہ کرکے چار سال طویل ملٹری اپریشن بلوچستان میں شروع کیا جاتا ہے جس میں پانچ ہزار غریب بلوچ مائیں ، بچے اورمعصوم اپنی جانیں گنوا بیٹھتے ہیں ۔

جناب والا! اس کے بعد یہ سلسلہ جاری رہتا ہے ۔چھ فروری 1976 کو یعنی 76 میں سردار عطااللہ مینگل کے فرزند اسد بلوچ شہید کو اس کے گھر کے سامنے سے اٹھا لیا جاتا ہے اور آج تک اسد کی لاش اس کے گھر یا والدین یا اس کے خاندان تک نہیں پہنچتی ۔پھر اس کے بعد گیارہ جون 1981 میں حمید شہید کو اسی طرح کی جمہوری آواز یا سیاسی آواز بلند کرنے پر پھانسی کے پھندے پر لٹکایا جاتا ہے ۔ مارچ 1986 میں اسلم بلوچ ، لیاری میں منشیات کے خلاف ، ملٹری ڈکٹیٹر شپ کے خلاف اور فوج کی سربراہی میں چرس اور ہیروئین بیچنے والوں کے خلاف احتجاج کرتا ہے اور اس کو گولیوں سے بھون دیا جاتا ہے ۔آج جس coast کے ، جس ساحل کے دورے کرنے

سے ہمارے حکمران اور جرنیل تھکتے نہیں ہیں اسی ساحل پر 21 فروری 1987 میں خواتین اور بچوں نے ایک مشترکہ احتجاج کیا کہ پاکستان کی coast line ، پاکستان کی خوبصورتی ، پاکستان کی دفاعی گہرائی سے تعلق رکھنے والے ہم بلوچ اس پاکستان میں پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں ۔ جب وہ خواتین اور بچے احتجاج کرتے ہیں تو 21 فروری 1987 کی دوپہر میں تین خواتین اور چار معصوم بچوں کے سینوں میں گولیاں پیوست کرکے ان کو شہید کردیا جاتا ہے ۔

جناب والا! اس کے بعد جنوری 2000 میں نواب خیر بخش خان مری پر ایک جھوٹا الزام لگا کر دو سال تک آپ اس کو قید میں ڈال دیتے ہیں ۔ چھ جنوری 2002 میں تلات میں ایک جھوٹا کیس بنا کر ہمارے نوجوانوں کو شہید کردیا جاتا ہے ۔ بعد ازاں وڈھ کا واقعہ ہم سب کے سامنے ہے کہ جب ہم سے کہا جا رہا تھا کہ بلوچ جاہل ہیں ، بلوچ دہشت گردی اور تخریب کاری پر یقین رکھتے ہیں لہٰذا ہم پارلیمانی کمیٹی بناتے ہیں مذاکرات کریں ۔ پارلیمانی کمیٹی کے قیام سے دو دن قبل وڈھ میں سردار اختر مینگل کے اور خاص طور پر ان کے خاندان کے لوگوں کو نشانہ بنایا جاتا ہے تاکہ وہ جذبات کا مظاہرہ کریں اور اس مذاکراتی عمل میں شامل نہ ہوں لیکن اس کے باوجود ہم نے کہا کہ مذاکرات کے عمل میں شامل ہوں گے اگر اسلام آباد نیک نیتی پر مبنی مذاکرات چاہتا ہے ۔

جناب والا! بعد ازاں جنوری 2004 میں سوئی کا واقعہ کہ جہاں سوئی کو بالکل ملٹری اپریشن کے ذریعے تہ تیغ کر دیا گیا اور وہاں پر فوجیں بھیج دی گئیں ۔ پھر اس کے بعد 17 مارچ 2004 کا ایک جارحانہ واقعہ ۔ بگٹیوں کی نسل کشی کا منصوبہ ، فرنٹیئر کور کے بارہ ہزار مسلح اہلکاروں کو ایک چھوٹے سے 9000 sq km پر مشتمل ڈیرہ بگٹی میں بھیجنے کی ضرورت کیا ہے ؟ جناب والا! بارہ ہزار فرنٹیئر کور کے اہلکار پنجاب ، دونوں پنجاب یہ جو مشرقی اور مغربی پنجاب ہے یعنی ہندوستانی بارڈر پر بھی بارہ ہزار رینجرز اور فرنٹیئر کور کے اہلکار تعینات نہیں ہیں لیکن 9000 sq km پر مشتمل غریب ، بے چارے ، مظلوم اور ننگے پاؤں زندگی گزارنے والے بگٹیوں کو عملاً ایک مفتوح کا تصور دینے کے لیے وہاں پر چیک پوسٹ قائم کی گئیں اور وہاں پر فرنٹیئر کور اور Army اور DSG ، کے اہلکار تعینات کیے گئے ہیں ۔ اس کے بعد بیس مارچ کو ڈاکٹر عبدالحئی جیسے ایک معصوم ، غریب شریف النفس ، اسی سینیٹ کے سابقہ ممبر کو ، وہ ڈیرہ مراد جلسے کے لیے

جا رہے تھے۔ جناب والا! ان کو ان کے دوست اور ساتھیوں کے ہمراہ ہاتھ پاؤں باندھ کر ایک ندی نالے میں پھینک دیا جاتا ہے تاکہ وہ سیلاب کی نذر ہو جائیں۔ یہ ہے جناب والا! ایک غریب بلوچ سے ایک بلوچ سیاستدان تک کا احترام ' اس وفاق پاکستان میں۔نواب اکبر خان بگٹی کے گھر کو سنسیلہ کے علاقے میں جو واقعہ پیش آیا وہ ۲۲ کلومیٹر ڈیرہ بگٹی سے دور ہے۔اور وہ ڈیرہ بگٹی اور سوئی روڈ پر بھی واقع نہیں ہے۔ حادثہ اور لڑائی سنسیلہ میں پیش آتا ہے لیکن نشانہ بنتے ہیں غریب ہندوؤں کے مندر ' سکھوں کے مندر اور غریب بلوچوں کے گھر ۔ یہ فرنٹیئر کور کی روش' یہ اس کی نیت' یہ اس کی پالیسی ہے۔اس کے بعد جناب والا! ۲۴ مارچ کو بلوچ نوجوان ' جس طرح کل یہاں رضا ربانی صاحب نے ذکر کیا' پڑھنے کی غرض سے ' گھومنے پھرنے کی غرض سے ' اگر یہ کہتے ہیں کہ جی یہ ملک سب کا ہے ' سب ایک برابر ہیں ' تو جب وہ کراچی جاتے ہیں تو گلستان جوہر میں ۲۴ تاریخ کی رات کو ان کو وہاں سے اٹھا لیا جاتا ہے اور تاحال ڈاکٹر امداد بلوچ ' ڈاکٹر اللہ نے زر بلوچ ' ڈاکٹر سیف اللہ بلوچ ' سارے پڑھے لکھے نوجوان ' ان کا قصور یہ ہے کہ وہ بلوچ ہیں ' ان کا تعلق بلوچستان سے ہے ' وفاق پاکستان کا حصہ ہیں ' اور ان کی بدبختی اور غلطی یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو برابر کا شہری باور کرانے کی کوششیں کرواتے ہیں۔

جناب والا Article 10 of the Constitution: Safeguard as to arrest and detention, اگر آپ کہیں تو پڑھ کر سناؤں کہ کسی شخص کو گرفتار کیا گیا ہو تو مذکورہ گرفتاری کی وجہ سے ' جس قدر جلد ہو سکے ' آگاہ کیے بغیر نہ تو نظربند رکھا جائے گا اور نہ کسی قانون پیشہ شخص کے ذریعے صفائی پیش کرنے سے محروم کیا جائے گا۔

جناب والا ! خفیہ اداروں نے اپنا راج قائم کیا ہوا ہے ۔ بلوچستان میں آئین کا راج نہیں ہے' وہاں آئین کی حکمرانی نہیں ' انصاف کی حکمرانی نہیں ' وہاں خفیہ اداروں کی حکمرانی ہے اور خفیہ ادارے جب بھی چاہیں غریب ' معصوم سیاسی کارکنوں کو اٹھا کر سالہا سال کے لیے گھروں سے دور بھیج دیتے ہیں۔ جناب والا! یہ ان دنوں کے واقعات ہیں' یہ سارے مارچ کے واقعات ہیں ۔ جب بلوچ کی غریب ماں اپنے بچوں کے لیے آنسو بہا رہی ہوتی ہے ' جب غریب بلوچ کی بیوی اپنے شوہر کے لیے ترس رہی ہوتی ہے تو دوسری طرف جناب والا! یہ وہی مہینہ ہے جب جنرل مشرف کی والدہ دہلی میں سموسے پکوڑے کھا رہی ہوتی ہے ------

Mr. Chairman: Don't make any references.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، جناب ! میں اپنی ماں کا بھی حوالہ دے رہا ہوں۔ میں بلوچ ماں کا بھی reference دے رہا ہوں۔ کیوں غصہ آتا ہے ؟ آج اس کے فرزند اور اس کی اولاد اس سے جدا کر دی گئی ہے۔ اگر جناب والا ! یہاں پر برابری ہے ' انصاف ہے تو پیش کر دیا جائے Terrorist - ہوں گے۔ تخریب کار ہوں گے ۔بم بنا رہے ہوں گے ' دہشت گردی کر رہے ہوں گے ۔ لیکن اس آئین کی رو سے ان کو قانون اور انصاف سے دور نہیں رکھ سکتے ۔ یہ سٹیٹ کی ذمہ داریوں میں سے ہے ۔ جناب والا! جولائی ۲۰۰۴ء میں ملٹری اپریشن تربت میں ہوا ۔ وہاں مجید اور ملک ابھی تک اپنے گھروں کو نہیں لوٹے ۔ اگر اس ملک کے اندر اس طرح کا پیغام ہمیں خفیہ ادارے اور ریاست دینا چاہتی ہے کہ بلوچ کی زندگی ' جان و مال اور بلوچ کا جغرافیہ محفوظ نہیں تو پھر جناب والا ! مجھے بھی ضرورت نہیں ' ہمیں بھی ضرورت نہیں کہ ہم روز آپ کو آئین کے آرٹیکل بتائیں ۔ ہم آپ کو قانون کا رستہ بتائیں ۔ بہتر ہزار مربع کلومیٹر پر مشتمل کشمیر کے لیے پاکستان کی ساری سفارت کاری ' سارے ماما چاچا ' پاکستان کی ساری دولت لٹائی جا رہی ہے۔ لیکن تین لاکھ سینتالیس ہزار مربع کلومیٹر پر بلوچستان کا غم بانٹنے کے لیے ایک بھی نہیں ہے ۔ آپ کہتے ہیں کہ فیڈریشن، مملکت ۔ آج بلوچ کا جھگڑا کیا ہے ؟ وہ کہتا ہے آپ کے پاس پیسہ ہے ' دولت اور مال ہے۔ آپ کے پاس کارخانے اور صنعتیں ہیں اور یہ سارے ہماری گیس کے مرہون منت ہیں۔ آج اس پیسے کے بل بوتے پر آپ میرے ٹوٹے پھوٹے یا پھٹے پرانے جھونپڑے کیوں خریدنے آئے ہیں ۔ انڈیا اپنے آئین کے آرٹیکل ۳۷۰ سے کشمیر کے ۷۲ ہزار مربع کلومیٹر پر مشتمل جغرافیے کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے ۔جناب والا ! بنیوں کے پاس ' ہندوؤں اور اقلیتوں کے پاس اتنا پیسہ تھا کہ اگر وہ دس دن کے اندر بہا دیتے تو سارے کشمیر کو خرید لیتے ۔ لیکن یہ پھر بھی دہلی کی میرے خیال میں نیک نیتی ہے کہ اس نے کشمیریوں کے جغرافیے کو دوسرے لوگوں کی لوٹ مار سے بچانے کے لیے اپنے آئین میں آرٹیکل ۳۷۰ کا اضافہ کیا۔ یعنی temporary provision with respect to the State of Jammu & Kashmir اور جناب والا اس میں clear cut لکھا ہوا ہے کہ provision of Article 238 shall not apply to the

relations to the State of Jammu and Kashmir اور یہ انڈیا کا آئین ہے۔

جب وفاق اپنے لوگوں کے دکھ درد بانٹنے کے لیے اس طرح کے اقدامات کرتے ہیں تو جناب والا یہ بھی ایک وفاق ہے، ہم رونا رو رہے ہیں کہ اس کو ایک وفاق کی طرز پر چلاؤ، ہمارے پاس اگر مال، دولت اور پیسے کی کمی ہے تو ہماری غربت کا مذاق اڑا کر یہاں سے بوری بھر کر پیسے ہماری زمین، ہماری جھونپڑی، ہماری قبریں، ہماری ثقافت، ہماری روایات اور ہماری دولت خریدنے کی آپ کیوں ترغیب دے رہے ہیں۔ President ، Prime Minister اور آپ کی ساری Cabinet ایک اشتہاری مہم بنی ہوئی ہے۔ آپ نے گوادر سے اگر کوئی معاشی، مالی اور strategic benefit لینے ہیں تو یہ طریقہ کار نہیں ہے۔ اس طریقہ کار کے مطابق نہ تو آپ اس federation کو چلا سکیں گے اور نہ کبھی آپ کو بلوچستان میں آرام و سکون کی زندگی گزارنا میسر ہو گی۔ جناب والا! اندازہ کریں کہ ایک طرف تو آپ پنجاب میں لوگوں کو نیکریں پہنا کر میراتھن کرواتے ہیں۔ 16 اپریل کو پیپلزپارٹی نے کیا گناہ کیا؟ 31 مارچ کو "پونم" نے ایک احتجاج کر کے کیا گناہ کیا؟ 2 اپریل کو MMA نے ایک احتجاج کروا کر کیا گناہ کیا؟ یہ بھی میراتھن تھا 16 اپریل کا کہ آصف زرداری آ رہا تھا، چوہدری پرویز الٰہی صاحب خوش ہو جاتے، اس پر بھی وہ enjoy کرتے۔ باقی تو ویسے لوگوں کو نیکریں پہنا کر دوڑاتے ہو اور یہاں پر لوگ ریلی کرتے ہیں، میراتھن کرنے گئے ہیں، آصف زرداری سے ملنے کے لیے گئے ہیں، کون سا امام خمینی آ گیا تھا کہ انقلاب آ رہا تھا۔ سیاست ہے، یہ Constitution کا Article 16 ہے Freedom of Association ، اجتماع کی آزادی۔ جناب والا! آپ اس Constitution کے تحت لوگوں سے یہ اختیارات بھی لینا چاہتے ہیں۔

میں پرسوں سیمینار کے سلسلے میں لاہور گیا تھا کاشف محمود بلوچ کی والدہ چیختی چلاتی ہوئی آئی کہ 15 اپریل کو اپنی گاڑی پر نکلا ہے اور آج تک وہ اپنے گھر واپس نہیں آیا۔ ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ شاید یہ خفیہ ادارے، ہمارے بلوچستان میں ہی زیادہ active ہیں اور ہم پر یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ جی بلوچستان میں بیرونی ہاتھ ملوث ہیں، بلوچستان میں بیرونی آلہ کار خرابی کر رہے ہیں۔ میں حلفیہ یہ کہتا ہوں کہ بلوچستان کو خراب کرنے میں بیرونی ہاتھ ملوث ہیں، وہ بیرونی ہاتھ کون سے ہیں۔ جناب والا! ہمارا گورنر imported ، I.G Frontier Corps imported ، کور کمانڈ

imported ، I.G پولیس imported ، D.I.G پولیس imported ، ہوم سیکریٹری imported ، imported چیف سیکریٹری imported یہ سارے بیرونی ہاتھ نہیں ہیں تو کیا ہیں، ان کی بلوچستان میں نیت، ان کی پالیسیاں، ان کی روایات کوئی بھی ہمارے ساتھ مشترک نہیں ہیں۔ یہ بلوچستان میں خود بلوچستان کے معاملات کو خراب کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ جب ایک غریب بلوچی چیختے چلاتے ہوئے صبح سے شام تک کہتا ہے کہ آپ قانون اور آئین کے طابع پالیساں بنائیں، ہماری کم تعداد آبادی کو ہمارے لیے مصیبت مت گردانیں، ہمارے وسیع و عریض جغرافیے کو جو کہ پاکستان کی خوبصورتی بنا ہے، جو پاکستان کی strategic depth، جو پاکستان کو hot water کے ساتھ access دیتا ہے، جو پاکستان کو جنوب مغربی ایشیا کے ساتھ ملاتا ہے، جو مستقبل میں پاکستان کو وسطی ایشیا کے ساتھ ملانے کا باعث ہے۔ اب اس جغرافیے کی خاطر کم از کم ہمارا احترام تو کریں۔

امان اللہ کنرانی نے بُرا نہیں کہا کہ پانچ ہزار سال سے یہ ہمارے آباو اجداد کی ملکیت ہے، ہم نے انگریز کے ساتھ 120 چھوٹی بڑی جنگیں لڑی ہیں، جنوبی ایشیا کی سب سے طویل ریلوے لائن یہاں انگریز بچھا کر گیا، انگریز یہاں سب سے مشکل ترین روڈ بچھا کر گیا، انگریز سب سے طویل سرنگ جنوبی ایشیا بلکہ ایشیا میں یہاں بچھا کر گیا، انگریز یہاں سب سے پرانی ٹیلی گراف لائن بچھا کر گیا۔ ہم جاہل تھے، ہم پاگل تھے، سب عزت نفس کے لیے تھا۔ فاتح اور مفتوح کے اس رشتے کے، ہم اس نوآبادیاتی رشتے کے خلاف تھے کہ یار تم انگریز فاتح بننے کے چکر میں ہو، ہم مفتوح بننے کے لیے تیار نہیں اور آج اسلام آباد فاتح کا کردار ادا کر رہا ہے اور میں آپ کو یقین سے کہوں کہ ہم چنگیزوں، ترکوں، عربوں، پرشین، انگریزوں کے خلاف لڑے ہیں، ترکوں کے خلاف لڑے ہیں اگر کسی نے ہمیں مجبور کیا، میں ایمان سے کہوں گا کہ ہر بلوچ بلوچستان کے جغرافیے اور تحفظ کے لیے لڑے گا۔ ہمارے لیے وہ رشتے اہمیت نہیں رکھتے جو رشتے لوٹ مار پر مبنی ہوں، جو لوٹ کھسوٹ پر مبنی ہوں، جو استحصال پر مبنی ہوں، جو فاتح اور مفتوح کی بنیاد پر تشکیل دیئے گئے ہوں۔

جناب والا! کہا جاتا ہے کہ اس ملک میں جمہوریت، enlightened moderation اور انصاف تو ابھی آیا ہے۔ کیسا عدل ہے؟ چار سال سے NFC کا ایوارڈ آپ دے نہیں پا رہے ہیں۔ آپ resource distribution ایک صوبے کی مرضی اور منشا اور اس کی imperialist desires

اور خواہشات کو پوری کرنے کے لیے چار سال سے غریب صوبوں کے مابین NFC ایوارڈ دینے تک آپ راضی نہیں ہوئے۔ یہ آپ کا چوتھا بجٹ آئے گا۔ میں نے پہلے بجٹ پھینکا تھا آپ کو یاد ہوگا۔ دوسرے بجٹ میں بجٹ کی کاپیاں پھینکی تھیں۔ اب پتا نہیں تیسرے میں کیا کریں؟ خود سوزی کریں' احتجاج کا کیا طریقہ اپنائیں کہ آپ لوگوں کو سمجھ آئے۔ اس فیڈریشن کو سمجھ آئے کہ ہماری مال و دولت پر آپ نے قبضہ کیا ہوا ہے۔ گیس جو پنج پیر سے نکلتی ہے eating value سب سے کم ہے۔ وہ Rs. 222 per million British thermal unit آپ زبردستی فیڈریشن کو بیچتے ہیں۔ سوئی کی گیس جس کی eating value سب سے زیادہ ہے وہ Rs. 47 per million British thermal unit آپ خریدتے ہیں یا مجھے مجبور کرتے ہیں کہ میں اس کو بیچوں۔ آپ انسانوں میں تو امتیاز کرتے ہیں لیکن یہ پتا نہیں تھا کہ گیس میں بھی discrimination ہوتی ہے۔ یہ پتا نہیں تھا کہ معدنیات میں بھی discrimination ہوتی ہے۔ یہ پتا نہیں تھا کہ جغرافیہ میں بھی discrimination ہوتی ہے۔

جناب والا! ہم یہ آپ کو بتا دیں۔ ہم اپنے ان اکابرین کو' اپنے ان دوستوں کو جن کا تعلق بڑے صوبے سے ہے' ان کے احساس برتری کے تصور کے باعث اور ان کی نادانیوں کے باعث ۱۹۷۱ء میں ایک بہت بڑا حادثہ اس ملک کے ساتھ رونما ہوا۔ آدھا پاکستان اس وقت گیا۔ ابھی بھی آدھے پاکستان میں جھگڑا ہو رہا ہے۔ اگر کسی کو یہ غلط فہمی ہے کہ بلوچ ۵۰' ۶۰ لاکھ ہیں اور آبادی کم ہے۔ .No matter پانچ لاکھ پاکستان کی آرمی ہے۔ ۴۵ ہزار آپ کی نیوی ہے۔ ۳۲ ہزار F.C. ہے' ۱۲ ہزار کوسٹ گارڈ ہے۔ ایک آدمی بھی آپ ایک مربع کلو میٹر پر deploy کریں۔ آپ ہمارے احساسات اور خواہشات پر قدغن نہیں لگا سکتے۔ ہمارا جغرافیہ' ہمارے ریگستان اور ہمارے سمندر' ہم ان کے محافظ ہیں اور وہ ہمارے محافظ ہیں۔ لہٰذا اگر بلوچ جغرافیے کو اپنے لیے مہذب اور قابل قبول اور قابل عمل بنانا ہے تو آپ کو قانون اور قاعدے کے تحت جانا ہوگا۔ ہمیں پتا ہے کہ آپ انگریز کی حکمرانی میں رہے ہیں۔ انگریز نے ہی یہ لوٹ کھسوٹ کی پالیسی پوری دنیا میں اپنائی۔ افریقہ ابھی تک اس کی زد میں ہے لیکن بلوچستان کے عوام نہ تو افریقن بننے کے لیے تیار ہیں' نہ بلوچستان کے عوام آپ کے استحصال اور آپ کی لوٹ کھسوٹ کو برداشت کرنے کے لیے تیار ہیں۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیں۔ آپ کے دو منٹ رہ گئے۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، جناب چیئرمین! آخری گزارش یہ ہے کہ یہ جو Anti Terrorist Act ہے۔ اس کے تحت ہمارے سارے political workers ۱۰۰ کے قریب ہمارے بلوچ نوجوان ابھی تک لاپتا ہیں۔ ان کی مائیں، بہنیں، بیویاں، بیٹیاں اور بزرگ باپ آنسو بہا رہے ہیں۔ ہم سے دیکھا نہیں جاتا۔ ہم جب جاتے ہیں تو ہمارے دروازوں پر ان کا تانتا بندھا ہوا ہوتا ہے۔ ہم اس فیڈریشن کے توسط سے آپ سے گزارش کریں گے کہ اگر خفیہ ادارے اس پارلیمنٹ کے کنٹرول میں ہیں تو جناب والا ہمارے ساتھ زیادتی کا یہ سلسلہ بند کر دیں ورنہ آپ یہ تصور دلوانا چاہ رہے ہیں کہ اگر یہاں پر ان کی آنکھیں اور کان کام کر رہے ہوں تو جناب والا! عراق میں کیا ہوا؟ ہر عمل کا ردعمل ہوتا ہے۔ آپ اگر میرے بچے کو ایک سال کے لیے اغوا کریں گے تو کل کوئی ہمارا بیٹا بھی دو چار دن کے لیے کسی کے بیٹے کو اغوا کر سکتا ہے۔ یہ جو فلسفہ ہے، یہ جو آپ کا aggressive attitude ہے اس کو آپ کو تبدیل کرنا ہوگا۔ آپ ہمارے بچوں کو ہماری ماؤں اور بہنوں کی گود سے چھین کر اگر اغوا کرتے ہیں تو اس کا ردعمل ہوگا۔ اگر یہ رویہ اور یہ تاثر ہمارے لوگوں میں جنم لینے لگا تو جناب والا! میں آپ کو یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ بلوچستان Darfur، کشمیر، چیچنیا اور عراق سے بھی بڑھ کر ایک خطرناک علاقہ بن جانے گا اور اس کی تمام تر ذمہ داری وفاقی حکومت پر ہوگی۔ ہم نے کہا تھا کہ آپ کی ۵۸۴ چیک پوسٹ ہیں۔ بلوچستان کی 6.5 million population ہے جس پر آپ ۵۸۴ چیک پوسٹوں کو تقسیم کریں تو ۱۱۱۳۲ افراد پر مشتمل ایک چیک پوسٹ بنتی ہے۔ اتنی close watch یا اتنی monitoring پوری دنیا میں لوگوں کی کہیں پر بھی نہیں ہے۔ اگر آپ بلوچستان کو اس طریقے سے بڑا قید خانہ بنانا چاہتے ہیں تو ہم کم از کم اس کی اجازت آپ کو نہیں دیں گے۔ جناب والا! میں آپ کی توسط سے گزارش کروں گا۔ میں ۹ سال سے اس پارلیمنٹ کا حصہ ہوں۔ مجھے پتا ہے کہ ہماری ایک بات بھی نہیں سنی گئی ہے لیکن یہ بات on record رہنی چاہیے کہ یہ سارے political workers اور سارے لوگ جن کو خفیہ ادارے اغوا کرکے لے گئے ہیں، یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا اور یہ سیاسی کارکن رہا نہ ہوئے تو پاکستان انارکی کی طرف بڑھے گا۔ ایک ایسی

انارکی کی طرف بڑھے گا جس کو روکنا میرے، آپ کے اور ان اداروں کے بس میں مشکل ہوگا۔ ایسا ہوا ہے، میں صرف آپ کو ایک مثال دوں گا جو ابھی ہمارے سامنے ہے، میں سب کو کہتا ہوں، اس کا جو military expenditure تھا وہ اس کی GDP کا 8 سے 9% تھا، وہاں پر سرب یہی کرتے تھے وہ ساری دنیا کو اندھے، جاہل اور بہرے سمجھتے تھے جس طرح اسلام آباد کہتا ہے کہ ہم بلوچوں کو ترقی دیں گے، کیا کپڑے پہننا ہمیں آپ نے سکھائے، ہمیں انسان آپ نے بنایا، ہمیں بات کرنی آپ نے سکھائی۔ ہم پانچ ہزار سال سے انسان تھے ---

جناب چیئرمین۔ تشریف رکھیے، مسز نگہت مرزا۔

سینیٹر نگہت مرزا( ایڈوکیٹ) : جناب چیئرمین! میرا خیال ہے کہ اس وقت ملک کی صورتحال کے حوالے سے ہمارے سینیٹرز جو اپنی تقاریر کر رہے ہیں اگر اس کو تھوڑا کنٹرول کرلیں تو جو لوگ ملک میں موجود ہیں ان کے لیے تو یہ چیزیں نئی نہیں کہ اپوزیشن یا حکومت کی حلیف جماعتیں اپنے اپنے موقف میں کیا کہہ رہی ہوتی ہیں لیکن overseas میں بیٹھے ہوئے جو لوگ پیمنظر نامے دیکھتے ہیں ان کے دل ضرور دہل جاتے ہیں۔ اس لیے کہ ان کی نظریں مستقل پاکستان پر رہتی ہیں، یہاں کے پل پل کے حالات نہ صرف ٹیلیفون بلکہ میڈیا کے ذریعے بھی معلوم ہوتے ہیں۔ تو مہربانی کرکے تھوڑا سا کنٹرول کرکے اگر بات کی جائے تو میرا خیال ہے کہ سبھی کے حق میں بہتر ہوگا۔

ہم نے جب بھی کسی منصب کو ہے بخشی عزت<br>
ساری دنیا کو بتا ڈالی ہے اس کی حرمت<br>
ہم جس کوچے میں قدم رکھتے ہیں وہ اپنا ہے<br>
ہم نے مظلوموں سے ہر طور نبھائی الفت۔

ابھی ہمارے ایک معزز سینیٹر نے اپنی تقریر کے آخر میں کہا کہ اصلاح کی ضرورت ہے۔ میں اسی جملے سے اپنی تقریر کا آغاز کرتی ہوں کہ واقعی اصلاح کی ضرورت ہے ۔ آج جب ملک میں مختلف قسم کے بڑے بڑے ترقیاتی پروگرام عروج پر ہیں، آج جب ساری دنیا کی نظریں پاکستان پر لگی ہوئی ہیں، آج جب ہم چوتھی جنگ لڑ رہے ہیں، ہمیں اپنے لوگوں سے بھی

غیض و غضب کا سامنا ہے اور ہمیں بیرونی دنیا سے بھی اپنے بہتر تعلقات کی فکر ہے۔ آج ہمارے منہ سے نکلا ہوا ایک ایک حرف دنیا بڑے غور سے سن رہی ہے تو واقعی ہمیں اصلاح کی ضرورت ہے۔ ہم غیر ذمہ داری سے بات کرتے ہوئے یہ بھول جاتے ہیں کہ جس معاشرے میں ہم رہ رہے ہیں، جن لوگوں کے درمیان ہم رہ رہے ہیں، ان کے لیے آج نہیں، ستاون برسوں میں ہم نے کیا کام کیا ہے اور آج تک کیا کام کر رہے ہیں۔

دوسروں پر الزام لگانا بہت آسان ہے، لفظوں سے کھیلنا بھی بہت آسان ہے لیکن میں اپنے معزز رکن سے کہوں گی کہ میں ایک ادیبہ اور شاعرہ ہونے کی حیثیت سے مجھ سے بہتر وہ لفظوں سے نہیں کھیل سکتے۔ لیکن ہم نے کبھی جھوٹی بات نہیں کی۔ سب سے پہلی بات، کل بھی انہوں نے ایک لڑکے کا تذکرہ کیا ہے جس کو اغوا کرکے قتل کر دیا گیا۔ انہوں نے سینیٹ کی کمیٹی کا مطالبہ کیا ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ سے کہتی ہوں کہ کمیٹی چھوڑیے، پورے سینیٹرز کو اس کمیٹی میں ڈال دیجیے اور آج ہی رپورٹ طلب کیجیے سندھ کے وزیر داخلہ سے کہ اس معاملے کی اصل تحقیقات کیا ہیں؟ مسئلہ یہ ہے کہ جس لڑکے کے اغوا کا معاملہ سینیٹ میں بڑے زور و شور سے اٹھایا جا رہا ہے اس کے لیے وہاں کے متعلقہ تھانے سے ان کے لوگوں نے رجوع ہی نہیں کیا۔ وہاں سوا چھ بجے شام کو زبیر نامی شخص نے ایک خط دیا اور کہا کہ صبح ایک لڑکے عاطف اور اس کے دوست کو اغواء کیا گیا۔ عاطف وہاں سے بھاگ آیا ہے، اس نے مجھے یہ خط دیا ہے اور اس کے بعد سے پولیس مسلسل ان لوگوں سے رابطہ کر رہی ہے اور وہاں کوئی حاضری دینے کو تیار نہیں ہے۔

بات ہوتی ہے MQM کی، جناب والا! جو ریاستی جبر اور تشدد ایم کیو ایم نے دس بارہ سال میں سہا ہے اگر اس کا عشر عشیر بھی واپس کر دیا جائے، میں کہتی ہوں ایک فیصد بھی واپس کر دیا جائے تو لوگ سیاست کو بھول جائیں گے۔ ایک ایک گھر سے تین تین جنازے اٹھائے گئے لیکن ہم نے کبھی ملکی املاک کو نقصان پہنچانے کا سوچا تک نہیں۔ آج جب چھوٹی چھوٹی باتوں پر یہ لوگ ہنگامہ کرتے ہیں تو تعجب ہوتا ہے۔ آج کہتے ہیں کہ ہم نے آواز اٹھائی۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہمارے حق میں کسی نے آواز نہیں اٹھائی۔ لیکن ہم نے کبھی کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دی۔ بلوچستان کے مسئلہ پر جس طرح ہم نے آواز اٹھائی ہے، بلوچ بتا دیں

کہ ان میں سے کس نے کراچی میں ہونے والے واقعات پر کبھی ہمدردی سے غور کیا یا کوئی ایک آواز بھی اٹھائی ہو۔ سندھ کی صورتحال، لوگ الحمد للہ اس وقت پورے شعور کے ساتھ، پوری توانائیوں کے ساتھ، جو لوگ چاہتے ہیں کہ ملک ترقی کرے، وہ اس طرف نظریں لگائے ہوئے ہیں۔

print media کسی کی جاگیر نہیں ہے۔ آپ یہ دیکھیے، میں تو یہ سمجھتی ہوں کہ حلیف جماعتوں سے کہیں زیادہ ہمیں Opposition کے نمائندے ٹی وی پر بیٹھے نظر آتے ہیں۔ آپ کوئی بھی چینل کھول لیجیے، وہ اس پر بیٹھے زور و شور کے ساتھ حکومت کی مخالفت میں مصروف ہوتے ہیں۔ اس کے باوجود میں یہ کہتی ہوں پورے وثوق سے کہ اس وقت media پر Opposition کا قبضہ ہے۔ اس کے باوجود اگر سندھ کی بہترین صورتحال کی غمازی کرتے ہوئے گورنر اور وزیر داخلہ اور دوسرے بہت سے ہمارے ایم کیو ایم کے وزراء نظر آتے ہیں تو یقیناً یہ کمال ہے اس کام کا کہ پریس انہیں توجہ دینے پر مجبور ہے۔ حالانکہ اس کے باوجود میں پریس سے یہ کہوں گی چاہے وہ اس پر خفا ہوں، میں خود لکھتی رہی ہوں ایک زمانے تک اور آج تک بھی لکھ رہی ہوں، میں نے خود صحافت کی ذمہ داریاں بہت اچھی طرح ادا کی ہیں اور پاکستان میں نہیں سعودی عرب جیسے ملک میں، میں نے صحافت کی ذمہ داریوں کو پورا کیا ہے لیکن مجھے شکوہ ہے پریس سے کہ آج انہیں پاکستان میں ہونے والے ترقیاتی کام کیوں نظر نہیں آرہے، انہیں Opposition کا واویلہ کیوں نظر آتا ہے۔ وہ کیوں نہیں جگہ دیتے electronic media پر اور print media پر کہ لوگوں کے دہلتے ہوئے دلوں کو کہیں تسکین ملے۔ صحافی اپنی ان ذمہ داریوں کو کیوں بھول رہے ہیں۔ برس ہا برس پاکستانی قوم نے مشکل حالات کا مقابلہ کیا ہے اگر الحمد للہ ان لمحات میں ہمیں کچھ سکون میسر آیا ہے، ہمیں کچھ اطمینان میسر آیا ہے تو ہمیں چاہیے کہ ہم ان اچھائیوں کو اجاگر کریں جو اس وقت سارے لوگ مل کر کر رہے ہیں۔

اب بھی electronic media پر بہت سارے لوگ ایسے ہیں جو positive way میں بات کرنے کا سوچتے ہیں نہ اسے دکھانے کے بارے میں سوچتے ہیں۔ صبح کی نشریات میں جب تین، چار بجے سارے لوگ خواب خرگوش کے مزے لے رہے ہوتے ہیں تو کچھ جھلکیاں ایسے کاموں کی نظر آتی ہیں جن کو دیکھ کر شاید لوگوں کو اطمنان ہوتا لیکن تین اور چار بجے کا وقت ایسا

نہیں ہوتا کہ لوگ جاگ کر ٹی وی دیکھیں۔

ہمارے معزز رکن سینیٹ بات کرتے ہیں اسلحہ کی سیاست کی۔ اسلحہ کی سیاست جن لوگوں نے عام کی وہ ہم نہیں تھے اس وقت ہمارا وجود بھی نہیں تھا۔ تعلیمی اداروں کو تباہ کرنے میں جس قدر ان لوگوں کا اپنا ہاتھ رہا ہے وہ روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ آج سینیٹ کی کمیٹی کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ اس سے پہلے بھی یہ لوگ ایوانوں میں موجود تھے، جب کراچی میں ظلم وستم کی بارش ہو رہی تھی، اس وقت سینیٹ کی کمیٹی کیوں نہیں بنی، اس وقت Opposition نے اسے رانج کیوں نہیں کیا۔ آج چھوٹی چھوٹی باتوں کو مسئلہ بناتے ہیں۔ ہمارے کچھ اراکین نے لیاری کے مسئلے پر بات کی تھی، ثناء اللہ بلوچ صاحب تھے اور مہیم خان بلوچ صاحب تھے، پچھلی دفعہ۔ آج لیاری کی صورتحال الحمد للہ جس قدر اچھی ہو رہی ہے، میں امید کرتی تھی اس بات کی کہ ہمارے یہ اراکین اپنا دل بڑا کرتے ہوئے، وسعت قلبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی تقاریر میں اس چیز کا ضرور تذکرہ کریں گے کہ اگر انہوں نے لیاری کی صورتحال کے بارے میں سینیٹ میں بات کی تھی، کل بھی انہوں نے ٹی وی پر دیکھا ہو گا کہ گورنر سندھ اور وزیر داخلہ سندھ نے لیاری کا دورہ کیا، اس سے پہلے، پرسوں لیاری میں پریس کانفرنس ہوئی اور آج بھی شاید ایک پریس کانفرنس متوقع ہے۔

ڈاکوؤں کی سرکوبی، پولیس افسران کی اور پولیس سٹاف کی شہادتیں، ان کا زخمی ہونا، ڈاکوؤں کے مقابلے میں ان کا ڈٹ جانا، کیا اس بات کی غمازی نہیں کرتا کہ اس وقت ایک بیدار حکومت سندھ میں کام کر رہی ہے۔ باتیں کرنا بہت آسان ہے۔

آج باتیں کرتے ہیں فحاشی کی۔ میں challenge کرتی ہوں کہ اس سینیٹ میں دو بار میں نے فحاشی کے خلاف بات کی ہے۔ کیبل آپریٹرز کی شکایتیں کی ہیں اور شیخ رشید صاحب سے مطالبہ کیا کہ اس چیز پر قابو پایا جائے اور اس وقت، مجھے شرمندگی سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ ہمارے معزز اراکین میں سے بیشتر لوگ ہنس رہے تھے۔ شاید ایک عورت کے منہ سے یہ باتیں سننی پسند نہیں ہیں لیکن اس معاشرے میں ہم لوگ رہ رہے ہیں۔ یہاں پر میں ایک سینیٹر کی حیثیت سے کم، ایک ماں کی حیثیت سے زیادہ جانی جاتی ہوں۔ تمام اولادیں جو اس پاکستان میں پرورش پا رہی ہیں میں انہیں اپنے بچے سمجھتی ہوں اور میں نہیں چاہتی کہ وہ اس فحاشی اور عریانی

کے سیلاب میں بہہ جائیں۔ ان کو ریس نظر آتی ہے، میراتھن ریس کی بات کرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ جو آپ دن رات میڈیا پر دیکھ رہے ہیں یا دکھا رہے ہیں اس کے خلاف کیوں آواز نہیں اٹھاتے۔ پارلیمنٹ میں بیٹھ کر آپ صرف مخالفت کرتے ہیں۔ آپ ڈیسک بجاتے ہیں۔ آپ خود کہتے ہیں کہ پچھلا ایک یا ڈیڑھ برس افراتفری کی نظر ہوگیا، کس کی وجہ سے افراتفری کی نظر ہوگیا۔ آپ نے یہاں پر بیٹھ کر معاملات کو کیوں handle نہیں کیا۔ جب پارلیمنٹ موجود ہے تو جلسے جلوس اور ہڑتالوں کی نوبت کہاں پر آتی ہے۔ آپ ایم کیو ایم سے مقابلہ کرتے ہیں۔

ایم کیو ایم کے لیے تمام دروازے بند کر دیے گیے تھے۔ ریاستی جبر کی انتہا تھی جب ہم نے ہڑتالیں کیں۔ ہمارے پاس اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا۔ آج آپ کے پاس پورا میڈیا موجود ہے۔ پریس آزاد ہے آپ وہاں پر بیٹھ کر اپنا موقف بیان کریں۔ آپ سینیٹ میں، قومی اسمبلی میں اور صوبائی اسمبلی میں اپنی بات کر سکتے ہیں۔ پھر جلسے اور جلوس کی نوبت کیوں آتی ہے۔ جلسے جلوس میں آپ بات ملین مارچ کی کرتے ہیں، ملین مارچ کیا تھا، بیس یا پچیس ہزار کا قافلہ جو آپ نے پورے پاکستان سے جمع کیا تھا۔ وہ کونسا شعور ہے، وہ کونسا ادراک ہے جو آپ کو مجبور کرتا ہے کہ آپ پاکستان کی بنیادیں ہلا دینے کی بات کریں۔ یہ کہاں کی دانش مندی ہے کہ آپ پارلیمنٹ میں کھڑے ہو کر پاکستان توڑنے کی باتیں کریں۔ اس پاکستان میں رہتے ہوئے آپ جو بہتری اور بھلائی کر سکتے ہیں۔ ہم نے فلسطینیوں کو رلتے ہوئے دیکھا ہے۔ آج عراق کی حالت دیکھیے۔ کشمیر والوں کی بلبلاہٹیں دیکھیں کہ کشمیری کس طرح فریادی ہیں اور آزادی کے لمحے نصیب نہیں ہو رہے۔ آپ کوسوو اور بوسنیا کو دیکھیے۔ الحمد اللہ آپ کے پاس ایک آزاد وطن ہے۔ آپ اس میں بیٹھ کر اس کے خلاف باتیں کرتے ہیں اور چین سے جا کر گھروں میں سوتے ہیں اور آپ پر کوئی دفعہ نہیں لگتی۔ ہم نے پاکستانی دفعات اپنے اوپر لگتے دیکھیں، لیکن ہم نے کبھی پاکستان سے علیحدگی کا سوچنا تو درکنا، کبھی اس پر بات بھی نہیں کی۔ بلوچستان جو اس وقت ترقی کی منازل طے کر رہا ہے الحمداللہ ہمیں اس پر فخر ہے۔ شکایتیں ہوتی ہیں، اپنوں سے ہی شکوے ہوتے ہیں، آپ شکوہ کرنے کہاں جائیں گے لیکن اس کے طور طریقے اور آداب بھی ہوا کرتے ہیں۔ اس وقت جب مغربی میڈیا آپ پر نظریں جمائے بیٹھا ہے۔ آپ کی ایک ایک حرکت نظر آ رہی ہے۔ آپ کے اراکین پارلیمنٹ سے ان کا ناروا سلوک اسی لیے ہے کہ وہ سمجھتے

ہیں کہ آپ کا آپس میں اتحاد ہی نہیں ہے۔ اپنے گھر کے اندر رہتے ہوئے کچھ بھی کیجیے لیکن جب آپ پارلیمنٹ میں بیٹھے ہوتے ہیں، جب آپ پارلیمنٹ میں گفتگو کر رہے ہوتے ہیں تو اس وقت آپ کے الفاظ وہ ہونے چاہییں جو آپ کی قوم کی ترجمانی کریں۔ حق ہم نے بھی مانگا ہے اور آج تک ہم اس پر عمل پیرا ہیں۔ ہم اپنے حقوق کی جدوجہد سے دستبردار نہیں ہوئے۔ آج بھی جہاں کہیں ظلم ہوتا ہے ہم آواز اٹھاتے ہیں۔ کبھی ایسا نہیں ہوا، کم از کم میری سینیٹ کی تقاریر اٹھا کر دیکھ لیجیے۔ میں نے کبھی کسی کی چاپلوسی کی، کبھی کسی کی خوشامد کی بات نہیں کہی۔ غلط کو ہمیشہ غلط کہا ہے لیکن اتنا اندھیر آپ سب دیکھ رہے ہیں، میں اپنے معزز اراکین کو دعوت دیتی ہوں کہ آئیے سندھ میں، چیئرمین صاحب آپ کا خود وہاں سے تعلق ہے، اس سے پہلے بھی آپ نے سندھ کی شاہراہیں دیکھی ہوں گی۔ اس سے پہلے بھی سندھ کی بدامنی دیکھی ہوگی لیکن آج جب آپ جاتے ہوں گے تو الحمد اللہ آپ کو اطمینان ہوتا ہوگا۔ بات کرتے ہیں دو ڈھائی بجے کی، میں کہتی ہوں کہ پوری پوری رات سندھ کی سڑکیں ایک مستقل پرزور آوازیں پیدا کرتی ہیں۔ ٹریفک رواں دواں رہتا ہے، لوگ ادھر ادھر چلتے پھرتے ہیں۔ ابھی رضا ربانی صاحب نے اور ہم لوگوں نے Human Rights Committee کی طرف سے سندھ کی جیلوں کا visit کیا تھا۔ الحمد اللہ ہم سکون سے گئے اور سکون سے واپس آئے۔

بہت باتیں ہو چکی ہیں، بہت شور شرابہ ہو چکا ہے۔ ہم سب کو پتا ہے کہ روشن دل اور روشن ضمیر لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ جو بات غلط ہے وہ غلط ہے اور جو صحیح ہے وہ صحیح ہے۔ آج آپ لوگ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر بتائیے کہ پچھلے ستاون برسوں میں اور ان دو برسوں میں جو تبدیلی آئی ہے کیا وہ آپ کے علم میں نہیں ہے ۔ آپ یہاں سیاست کے نام پر شور مچاتے ہیں، آپ کو نہیں پتا کہ بیرون ملک بیٹھے ہوئے پاکستانی کس کس انداز سے جیتے ہیں اور مرتے ہیں آپ کی تقاریر پر۔ آپ کا ایک ایک غلط لفظ وہاں سے ہزاروں لوگوں کی ٹیلی فون کالز کرواتا ہے۔ چھبیس سال میں نے سعودی عرب میں گزارے ہیں۔ مجھے پتا ہے یہاں پتا بھی کھڑکتا تھا تو میں کس طرح بے چین ہوا کرتی تھی۔ غیر ذمہ داری سے باتیں کرنا بہت آسان ہے، حالات پر کنٹرول کرنا بہت مشکل ہے۔

اس طرف سندھ کی صورت حال پر جو لوگ باتیں کر رہے ہیں غیر ذمہ داری سے وہ اپنے

اپنے ادوار کا مطالعہ کریں' اپنے اپنے ادوار کو دیکھیں۔

جناب چیئرمین، آپ کا وقت ختم ہو رہا ہے۔

سینیٹر نگہت مرزا ایڈوکیٹ، سندھ کی ترقی میں جن لوگوں کا حصہ رہا ہے وہ صرف ہم ہیں۔ آج ہم نے سندھ کی صورت حال کو اتنا بہتر کیا ہے کہ وہاں پر زندگی پورے زور و شور سے رواں دواں ہے۔ وہاں ہزاروں غیر ملکی آتے ہیں اور خیریت سے اپنے گھروں کو واپس جاتے ہیں۔ وہاں پر لیاری کی صورت حال پر پوری طرح سے قابو پا لیا گیا ہے۔ چھوٹے چھوٹے جرائم اب زیادہ نظر آنے لگتے ہیں۔ لوگ موبائل فون کی باتیں کرتے ہیں۔ آپ لوگوں نے میڈیا پر دیکھا ہو گا کہ موبائل فون کے سلسلے میں پیش رفت کی گئی ہے اور اتنا بڑا شہر --

جناب چیئرمین، آپ کا وقت ختم ہوگیا۔ تشریف رکھیں۔

سینیٹر نگہت مرزا ایڈوکیٹ، Sir please! اتنا بڑا شہر جو خود رو پودوں کی طرح اگا ہوا ہے' جہاں بھانت بھانت کے لوگ جمع ہیں' بھانت بھانت کے لوگوں سے مراد پاکستانی نہ لیجیے گا خدا نخواستہ۔ وہاں پر افغانی بھی ہیں' برمی بھی ہیں' وہاں تبتی بھی ہیں' وہاں بنگالی بھی ہیں۔ اتنے سارے لوگوں کی موجودگی کے بعد اتنے بڑے شہر میں جرائم ہونا کوئی انوکھی بات نہیں ہے بڑے بڑے established cities اس کی تاب نہیں لاتے۔ ہمارے وسائل محدود ہیں۔ ہمارے پاس تو پولیس فورس بھی اتنی کم ہے کہ اٹھائیس ہزار کی پولیس فورس سوا دو کروڑ عوام کے لیے رکھی گئی ہے جس میں آٹھ ہزار جو ہیں وہ وی آئی پیز کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

مہربانی کر کے صورت حال کا جائزہ لیجیے اور یہ دیکھیں کہ ہم اس وقت کہاں پر کھڑے ہیں۔ مسلم ممالک کے ساتھ دوڑ میں ہم کہاں ہیں۔ آپ بات کرتے ہیں امریکہ کی' امریکہ کی بات چھوڑیے۔ آپ یہ دیکھیں ہمیں اپنا اسلامی تشخص بھی برقرار رکھنا ہے۔ ہمیں اپنے قد کے ساتھ' پوری توانائی کے ساتھ اپنی بقا اور سلامتی کی جنگ بھی لڑنی پڑتی ہے۔ میں علمائے کرام سے صرف ایک درخواست کروں گی کہ آپ بات کرتے ہیں کہ حکمران وقت سے ترش روئی سے سوال کیا جائے گا روز محشر۔ میں کہتی ہوں کہ جہاں حاکم وقت کھڑا ہوگا اس کے برابر میں عالم وقت

بھی کھڑا ہوگا اور جس ترش روئی سے سوال حکمران وقت سے کیا جائے گا اسی ترش روئی سے سوال علمائے حق سے بھی کیا جائے گا اور ان سے سوال کیا جائے گا کہ تم نے حاکم وقت کی بے محابا رفتار کو روکنے کے لیے کیا کیا۔ آپ کہیں گے ہم نے واک آؤٹ کیا۔ واک آؤٹ کسی چیز کا جواب نہیں ہے۔ بات یہ ہے کہ آنکھوں میں آنکھوں ڈال کر بات کیجیے اور اگر حاکم وقت آپ کو جیل بھیجتا ہے تو آپ جیل جائیے اور پھر واپس آئیے اور پھر اسی توانائی کے ساتھ کھڑے ہوکے اپنی بات کیجیے۔ ڈیسک بجانا' غیر ذمہ داری سے گفتگو کرنا کسی چیز کا حل نہیں ہے اور میں اپنے معزز ممبر کی نذر یہ شعر کرتی ہوں جنھوں نے سندھ کی صورت حال پر بحث کی ہے کہ

جھوٹ بھی بولیں صداقت کے پیامبر بھی بنیں

ہم کو بخشو یہ سیاست نہیں ہو گی ہم سے

جناب چیئرمین، شیر افگن صاحب نہیں ہیں۔

Do you want to say something?

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman! it is very unfortunate that Pakistan, it appears, has become a police state and I say this, that I have been constantly bringing it to your notice, whether it was in your capacity as the Chairman Senate or it was in your capacity as the Acting President, that the reign of terror that had been unleashed on the workers of the Pakistan Peoples Party, we thought would come to an end after the 16th when Mr. Zardari came back but unfortunately that reign of terror and that reign of political victimization continues unabated even today. Yesterday, and it is in the national press today, and I have been informed just now also that yesterday sixty detention warrants have been issued of workers of the Pakistan Peoples Party in Rawalpindi district.

Last night raids were conducted and ticket holders of the Peoples Party in Rawalpindi have been arrested and they have been shifted to Adiala Jail Rawalpindi. With reign of police terror continued unabated, today also raids were taking place throughout Rawalpindi. After the 15th April raids took place in Sheikhupora, raids took place in Sialkot, raids took place in Gujranwala, raids took place in Kasur. And we would like to make it abundantly clear that the Pakistan People's Party have never been cowed down by state terrorism. We know how to face state terrorism and we will continue to do that. And similarly other opposition's political workers are also being continued to be languishing in jail and therefore as a mark of protest against this political victimization of political workers and continued harassment of workers of the Pakistan People's Party, the Combined Opposition will stage a token walk out.

( At this stage Combined Opposition staged walk out from the House)

سینیٹر کامل علی آغا: یہ بہت غلط بات ہے۔

(اس موقع پر حکومتی اراکین بھی ایوان سے walk out کر گئے)

(قدرے توقف سے)

(اس موقع پر Combined Opposition ہاؤس میں واپس آ گئی)

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب والا! Government Benches نے بھی Opposition کے ساتھ walk out میں ساتھ دیا ہے۔

Senator Dr. Safdar Ali Abbasi: Point of order. Sir, Government Benches has staged a walk out against all these alleged

arrest of political workers.

Mr. Chairman: I know but there was no announcement of walk out by them.

( At this stage Members of the Government Benches also came back into the House)

Mr. Chairman: Mr. Ishaq Dar.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب والا! بہت شکریہ۔ پچھلے دو دنوں میں ہمارے ساتھیوں نے جو political victimization پر روشنی ڈالی ہے، وہ 17 مارچ سے لے کر ڈیرہ بگٹی کے واقعات پر جن میں 70 آدمی مارے گئے، ڈاکٹر حئی کے پکڑے جانے، بلوچستان کے students جو کراچی میں گئے ہوئے تھے kidnap ہونے اور PONAM کے ساتھ ہونے والے سلوک پر محیط ہے۔ میں مزید تفصیل میں نہیں جاتا۔ ایم ایم اے کی strike کے دوران جو arrests ہوئیں، آپ نے دیکھا ہے کہ detention orders کے تحت ابھی تک dozens لوگ پکڑے ہوئے ہیں۔ اگر آپ اس ساری تفصیل کو analyse کریں، تو اس میں ایک ہی message ملتا ہے کہ definitely ہماری political direction ٹھیک نہیں ہے۔ Mishandling کی وجہ سے ہم نے دیکھا ہے کہ آج ملک میں new social contract کی باتیں شروع ہو چکی ہیں ۔اس ملک میں new Constitution کی باتیں شروع ہو چکی ہیں۔ اگر 1973 کے Constitution کو uphold کیا جاتا ، اس کو subvert نہ کیا جاتا تو I am sure کہ یہ حالات پیدا نہ ہوتے۔ ہمارے next door ہمسایہ ملک میں بیسیوں قومیں آباد ہیں۔ وہاں کئی مذاہب ہیں۔ دس سے زیادہ relegions ہیں، وہاں ایسے مسائل کیوں پیدا نہیں ہوتے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ وہاں institutions کو strengthen کیا گیا ہے۔ وہاں Constitution کو subvert نہیں کیا گیا۔ ہم ان کی طرف بھاگتے ہیں اور دوستی کا ہاتھ بڑھاتے ہیں۔ہمیں کوئی اچھی چیز کسی دشمن سے بھی سیکھ لینی چاہیے۔ہم نے اپنے ملک میں جو کچھ پچاس سال سے زائد عرصے میں کیا ہے جو cycles لگے ہوئے ہیں کہ کبھی سول گورنمنٹ ، پھر اس کو agencies malign کرتی ہیں پھر military

take over ہو جاتا ہے۔ تو ہم ہر ایک decade میں ایک نیا cycle شروع کرتے ہیں۔ پچھلے کو ہم تباہ کرتے ہیں۔ کسی بھی ملک میں economic stability کے لیے political stability بہت ضروری ہے۔ آج دنیا میں 9/11 کے بعد جو حالات پیدا ہو رہے ہیں وہ ویسے ہی ہمارے جیسا ملک جس میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایک democratic government نے nuclear programme شروع کیا اور ایک democratic government نے اس پروگرام کو 1998 میں test کرکے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ اللہ تعالیٰ کے اس کرم کے بعد، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ایک ایسی صلاحیت بخشی کہ 9/11 کے بعد جو eye ball to eye ball دونوں ملکوں کی افواج کھڑی رہیں اور پاکستان میں walk-over اس لیے نہیں ہوا کہ پاکستان کے پاس ایک nuclear deterrent تھا۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے وہ capacity جو پاکستان کو ایک جمہوری حکومت نے دی۔ آج اللہ کو پتا ہے کہ اس میں کس حد تک compromises ہو چکے ہیں کیونکہ اس House کی، اس کے وقار کی، آئین کی، آئین کی بالادستی کی، پارلیمنٹ کی، پارلیمنٹ کی بالادستی کی، پارلیمنٹ کے ممبران کی جو تضحیک کی گئی اور جس طریقے سے ان کو deal کیا جاتا ہے۔ جو کچھ ہمارے معاملات چل رہے ہیں میرا خیال ہے کہ گورنمنٹ کو یہ چاہیے کہ وہ seriously consider کرے کہ political situation and political victimization پاکستان میں کس طرف جا رہی ہے۔ یعنی ایک طرف تو گورنمنٹ کے لوگ خود کہتے ہیں کہ جناب ہماری reconciliation کی بات ہو رہی ہے۔ ہم reconciliation کے road map پر کام کر رہے ہیں۔ جنرل مشرف سے لے کر ان کے وزراء time and again یہ بیانات دے رہے ہیں۔ دوسری طرف political parties چاہے وہ ایم ایم اے ہو، چاہے وہ مسلم لیگ (ن) ہو، چاہے وہ پیپلز پارٹی ہو، ان کے خلاف جو اقدامات کیے جا رہے ہیں، وہ ماسوائے harassment کے، اس میں ان کو کسی قسم کی achievement نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! اگر آپ analyse کریں تو یہ سلسلہ جو ہے پچھلے پانچ چھ سال میں، میں اس میں عام آدمی کی حالت پر ابھی نہیں جاتا کیونکہ آپ نے سب topics رکھے ہوئے ہیں اور topics میں آپ نے price hike کا بھی علیحدہ topic رکھا ہوا ہے۔ تو اس میں میں repetition کو avoid کرتے ہوئے اس طرف نہیں جاتا۔ لیکن جناب اگر آپ analyse کریں۔ ایک آدمی کی زندگی کی improvement پانچ سال میں----

یہ جو micro economic indicators پر میں بحث کر سکتا ہوں اور میں کسی forum پر بھی کرنے کے لیے تیار ہوں۔ جناب آپ base change کر دیں' 1988-89, 99,2000 تو everybody would know کہ different results آئیں گے اور گورنمنٹ نے اس کا analysis بھی نہیں دیا۔ تو میں اس تفصیل میں price hike پر بات کروں گا۔ لیکن اس وقت ہم نے political حوالے سے ساری power کو centralize کرنے کی کوشش کی ہے اور ہم نے دیکھا کہ آپ نے district level تک کی جو powers ہیں' وہ آپ نے centralize کر دیں۔ اس ملک میں ایک national destruction bureau بنا دیا اور وہ جو ہے وہ ہر وقت اس بات پر کام کر رہا ہے کہ کس طرح powers کو centralize کیا جائے۔ آج یہ جو ہمارے ساتھی ہیں۔ بلوچستان سے اس کے حوالے سے ہم دیکھیں کہ وہاں جو حالات ہیں۔ آپ کی chairmanship میں اس ہاؤس میں آج سے سات آٹھ مہینے پہلے سے کئی بحثیں ہو رہی ہیں جناب کیا tangible قدم لیا گیا ہے گورنمنٹ کی طرف سے۔ کیا tangible actions لیے گئے کہ اس کو avert کیا جائے۔ چلیں ان کا grey matter نہیں ہے اور ان کی سوچ کی قوت کم ہے یا ان کی energy دوسری طرف لگی ہے تو ہماری بات کو سنیں۔ ہم کیوں 71 like situation کو دوبارہ invite کر رہے ہیں۔ میں ان ساتھیوں کو blame نہیں کرتا جب پنجاب کو بھی گالی دیتے ہیں کیونکہ ماں جب ایک بچے سے ناراض ہوتی ہے تو اس کو بھی برا بھلا کہتی ہے۔ میں اس کو بھی follow کرنے کے لیے تیار ہوں۔ اپنے پاکستان کی خاطر' وجہ ہم اس political situation کو چاہے وہ بلوچستان میں ہو ' چاہے' وہ political parties کی ہو چاہے' وہ کسی بھی صوبے میں ہو ' ہم اس کو' ہم I mean گورنمنٹ اس کو صحیح طرح پر handle نہیں کر رہی۔ جناب میری گزارش یہ ہے کہ بجائے threatening statements بجائے army actions کے multiplicity اور check posts and security agencies ان چیزوں کو روکنا چاہیے اور ہمیں خدا کے لیے 71 سے سبق سیکھنا چاہیے۔ ہمیں چاہیے کہ پاکستان کے مسائل کو حل کریں۔ ہم اپنی ego میں پھنسے ہوئے ہیں as you know, and out of this set up ہم اس سے باہر نکلنے کو تیار نہیں ہیں۔ جناب یہ centralization of powers کا کیا فائدہ ہوگا۔ ہم نے دیکھا کہ ایوب خان نے کیا کیا تھا۔

It was virtually similar system. Where is Convention League today. It faded away within seconds after Ayub Khan left this country and the government

یعنی منٹوں میں کنونشن لیگ ختم ہوگئی ۔ وہی حال ہوگا اس وقت کا جو set up ہے یہ اسی طرح ختم ہوگا جس دن جنرل مشرف will disappear from the scene. جناب خدا کے لیے اس ملک کے لیے کام کریں اس کے institutions کے لیے کام کریں ۔ آپ اپنی کرسی کو بچانے کے لیے کام نہ کریں ۔ اللہ تعالیٰ نے کسی کو اگر یہ موقع دیا ہے چاہے وہ جس طرح بھی آپ نے غاصبانہ طریقے سے حاصل کیا یا آپ نے fair or unfair طریقے سے ، اس کو ایک opportunity سمجھیں اس کو پاکستان کی بہتری کے لیے ، اس کو پاکستان کے institutions کو sterngthen کرنے کے لیے ، اس کو پاکستان کے مستقبل کے جو مسائل ہیں جو challenges اس وقت پاکستان کو درپیش ہیں اس کے لیے ہم avail کریں نہ کہ اپنی دوستیاں بڑھانے کے لیے اور اپنے اقتدار کو طول دینے کے لیے کریں ۔ اللہ تعالیٰ نے جو اقتدار لکھا ہے ہم سب کا مسلمان کی حیثیت سے یہ ایمان ہے کہ جو وقت مقرر ہے آپ کو کوئی عزت دے سکتا ہے اور نہ کوئی آپ کو ذلت دے سکتا ہے یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے ۔ یہ centralization of power ہے--- اور یہ جو ہم اس وقت---- constitutional یعنی جو Concurrent List ہے ہمیں اس میں کیا مضائقہ ہے کہ ہم اس کو review کریں اور جو چیزیں provinces کو transfer ہوسکتی ہیں جو کہ belated ہیں ان کو کردیں ۔ کیا فرق پڑے گا ۔ میں تو یہاں تک کہوں گا کہ مثلاً گوادر کا منصوبہ ہے۔جناب والا! وہ ایک Federal منصوبہ تھا جون 1999 میں اس پارلیمنٹ کے اندر میں نے بجٹ پیش کیا اس میں وہ تھا۔ It was planned کہ سات سو کلومیٹر کوسٹل ہائی وے بنے گا یہ کوئی نیا منصوبہ نہیں ہے اس حکومت کا لیکن آج کے حالات کیا تقاضا کرتے ہیں ۔ جناب! ہمیں Federal ایک لفظ کو نام دینا ضروری ہے یا صوبے کو بچانا ضروری ہے ۔ آج بلوچی دوستوں کی demands ہیں کہ ہمارے resources ہم پر خرچ کیے جائیں ۔ جناب! بلوچستان پاکستان کا حصہ ہے ۔ کیا فرق پڑتا ہے کہ اگر ہم اس کو ایک صوبائی منصوبہ بنا دیں ۔ ہم Balochistan Development Authority بنا

دیں۔ کیا CDA نہیں ہے کیا LDA نہیں ہے کیا FDA نہیں ہے کیا KDA نہیں ہے۔ بلوچستان کے لیے آپ کو ایک گوادر------

جناب چیئرمین، نہیں وہ بنی ہوئی ہے۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، میں گزارش یہ کر رہا ہوں کہ آپ اس کو Sir then don't think of.... the country. آپ one stroke of pen آپ جتنی 700 km پر جتنے اس پر جرنیلوں نے ' hoteliers نے مختلف لوگوں نے جو اپنے مفادات کے لیے ہزاروں ایکڑ زمین پر قبضہ کیا ہے اس کو one stroke of pen سے

use the laws of Pakistan. Existing laws of the country do not require any new law. Use the existing law and acquire all land and give it to Balochistan Development Authority(BDA). The question will come where the money will come from

جناب سٹیٹ بنک کس لیے ہے؟ سٹیٹ بنک کے rules میں priority sector ہے housing ہے' agriculture ہے' سٹیٹ بنک BDA کے لیے loan دے۔ Soft half per cent whatever اس کو loan دے let it be acquired. جناب اس کو آپ imagine کریں کہ 700 km wide 50 or 20 km deep آپ اگر گوادر اور کوسٹل ہائی وے کو develop کرتے ہیں Sir you will compete with the entire Middle East. You can generate... یہ پانچ دس بلین کی ہمارے بلوچی ساتھی بات کرتے ہیں اس پر خرچ کرنے کے لیے you can generate 200 billion. جناب! بات یہ ہے کہ اس وقت ہماری جو situation ہے ہم بات کر رہے ہیں کہ ہم ڈیم بنانا چاہتے ہیں۔ ہماری پارٹی you know that کالا باغ ڈیم کے بہت فوائد ہوں گے we are supporter of Kalabagh Dam but۔ پاکستان سے زیادہ اس وقت کوئی ڈیم یا منصوبہ ضروری نہیں ہے۔ پاکستان کی existing should be priority اگر سندھ کے تحفظات ہیں' اگر بلوچستان کے تحفظات ہیں' اگر سرحد کے تحفظات ہیں جناب اس کو پہلے آپ address کیجیے۔ آپ impose کرنے کی

میں مت بتائیں کہ میں نے یہ کام کرنا ہے - آپ چاہیں یا نہ چاہیں dictatorial terms Sir it
is a political, it is not a militry rule. اگر آپ political process میں enter ہو ہی گئے ہیں unfair یا غیرقانونی طریقے سے خدا کے لیے political process کو follow کیجیے اور وہ process requires reconciliatory approach. And that is کہ آپ ان کے تحفظات کو دور کریں - میں نے جیسا کہ عرض کیا ہماری پارٹی کا اپنا ایک view ہے کالا باغ ڈیم میں ، اس کے فوائد میں ایک اپنی opinion ہے اور پارٹی wanted to construct Kala bagh Dam لیکن with the concensus of all the provinces so اس حکومت کو چاہیے کہ جو بھی منصوبہ ہو ، کوئی بھی ان کا plan ہو آپ اس وقت کے جو حالات ہیں keeping in view the past history we must learn lessons. جناب یہ جو ہماری ایک political victimization کے حوالے سے اب آپ دیکھیں کہ یوسف رضا گیلانی ، جاوید ہاشمی اور سینکڑوں لوگ جو ہیں ابھی تک کس جرم کی سزا پا رہے ہیں - اگر کوئی بندہ حکومت سے مفاہمت کرلیتا ہے ، ان کی terms پر بات کرے تو وہ باہر ہے - ورنہ وہ fake letter ہر ایک کے کمرے کی کاپی پڑی ہوئی تھی - ہاؤس میں بیٹھے ہوئے تمام سینیٹرز کے کمرے میں بھی تھی اگر ایک ایم این اے جاوید ہاشمی نے پڑھ دی - اب کیا قصور ہے ؟ آپ political leadership کی بات کرتے ہیں ، آپ reconciliation کی بات کرتے ہیں تو جناب ego کو set aside کرنا ہوگا۔

Leadership of the mainstream parties will have to be brought back in Pakistan. Mian Nawaz Sharif will have to come to Pakistan. Mian Shahbaz Sharif will have to come to Pakistan . Mrs. Benazir Bhutto will have to come to Pakistan.

وہ پاکستانی ہیں اور ان کو کیا فرق پڑے گا ؛ وہ تین individuals اس حکومت کا کیا کرلیں گے - میرا خیال نہیں جناب ، ہماری dual سوچ ہے - ہماری سوچ ، plan and approach میں dual standards ہیں - اس طرح تو پاکستان کی کوئی خدمت نہیں ہو رہی پھر تو self service ہے اور اپنے اقتدار کو لمبا کرنا ہے - جس طرح بھی ہو carrot and stick والا معاملہ

چل رہا ہے ۔ Government institution blackmail کرنے کے لیے use ہوتا ہے ۔ And you know you are just in a process which is a never ending on. تو خدا کے لیے میں آپ کے توسط سے حکومت سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ فوری طور پر جتنے لوگ detain کیے گیے ہیں یا جن کو arrest کیا گیا ہے ۔ سیاسی قیدی جو ہیں ان پر مہربانی کرکے نظرثانی کریں اور سب کو یہ release کروائیں ۔ حکومت میں جو صاحبان ہیں ' جنرل سیکریٹری اس وقت کنگز پارٹی کے جناب مشاہدحسین صاحب بیٹھے ہوئے ہیں ۔ یہ initiative لیں ۔ He is a fair man. اگر اس ملک میں He should take a pro-active approach. کہ جی یہ کیا ہو رہا ہے ؟ reconciliation کی بات کی ہے تو خدا کے لیے اس پر عمل بھی کریں ۔ بعد میں پھر there is no good to have double standards.. تو جناب پاکستان کی جو اس وقت میرے نزدیک ضرورت ہے ۔ پاکستان کو جو challenges درپیش ہیں---- یہ کسی کی غلط فہمی ہے کہ جناب ہمارے westerns جو ہیں وہ بہت دوست ہو گئے ہیں ۔ جناب ! تاریخ یہ بتاتی ہے کہ جب بھی پاکستان نے کسی سے کوئی بھی alliance کیا ' کوئی بھی support کی ۔ جب ان کا مفاد ختم ہوا تو وہ ہمیں چھوڑ کر چلے گئے کسی نے پیچھے مڑ کر بھی نہیں دیکھا ۔ اور یہ افغانستان کا مسئلہ کوئی پہلی دفعہ نہیں ہوا ۔ افغانستان کا مسئلہ جنرل ضیاء الحق کے زمانے میں بھی ہوا ۔ ہم نے دیکھا پاکستان نے کس اچھے طریقے سے اور کتنے aggressively or pro-active طریقے سے اس سارے process میں حصہ لیا ۔ USSR کے ٹکڑے ہوئے ۔ سوشل ازم ' کمیونزم اس سارے خطے میں ختم ہوگیا لیکن اس کے باوجود جناب ' millions of rupees landed in Pakistan. From the ramnants of all that Afghanistan process Pakistan had to suffer for two decades. اور آج تک نہ کسی نے ہمیں کوئی compensation دی کسی نے مڑ کے دیکھا ۔ آج پھر وہی افغانستان-- جب ان کا اپنا ایجنڈا جو طالبان کو create کرنے والے تھے ۔ جنہوں نے fund and finance کیا ۔ جنہوں نے ISI کے ذریعے ان کو establish کیا ۔ جو دنیا میں امریکہ جیسی power تھی انہوں نے 9/11 کے بعد just with one stroke of thought انہوں نے کہا جناب یہی لوگ ہیں انہوں نے اتنی بڑی ایک price deliver کی اب یہ ہماری طرف چل پڑے۔ اس کو ختم کرنے کا plan کر دیا۔ اور ہم

unfortunately پھر اس process کا حصہ بن گئے۔ Terrorism کے خلاف ہماری جماعت کی پالیسی کھل کر clear ہے۔ ہم terrorism and extremism کے خلاف ہیں۔ We are more enlightened than anyone moderation or forward looking. لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم دوسرے ملکوں سے dictation لیں۔ اور پاکستان کے مفاد کو compromise کریں۔ اس ملک میں جیسے بات ہوئی ' یہاں آپ کے پارلیمنٹیرین کی عزت نہیں۔ رضا ربانی صاحب کا پریولج موشن آپ نے سنا۔ رضا محمد رضا کا سنا۔ سمیع الحق صاحب کی بات سنی ۔ میں ابھی مشاہد صاحب کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا ۔ ایک معزز سینیٹر آئے وہ پوچھ رہے ہیں ۔ جناب چیئرمین ! state of situation ملاحظہ فرمائیں ۔ وہ مشاہد صاحب سے پوچھ رہے ہیں کہ ان کا نام اٹلی کے دورے کے لیے ہے۔ کیا میں وہاں جاؤں یا نہ جاؤں۔

Look at the scare of the Senator of this august House. He is nominated as the official member of the official delegation to a western country and he is scared of hearing what is happening to the members of this House. He is scared to ask the Secretary General of the King's Party

کہ جناب میں جاؤں کہ نہ جاؤں ۔ جناب یہ حالات بڑے serious ہیں ۔ آپ اس ہاؤس کے کسٹوڈین ہیں ۔ میں آپ سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ یہ جو political arrests ہیں جو political victimizations ہیں ان کے خلاف فوری actions ہونے چاہئیں۔ اس میں جیسے میں نے عرض کیا کہ سیکریٹری جنرل اپنی مداخلت کرے اور یہ تمام release ہوں کیوں کہ اس freedom سے کیا فرق پڑے گا ؛ یعنی ظاہر ہے it is your fundamental right. آپ کو speech and rallies کا حق ہے اور پھر جب violation بھی نہیں ہے ۔ جیسے رضا ربانی صاحب نے بتایا کہ he was not violating any rule of the game اور اس کے باوجود harass کرنا اور یہ جو پکڑ دھکڑ ہے' جناب! یہ کوئی اچھا message نہیں جا رہا اور جب دوسرے ملکوں میں دیکھتے ہیں کہ ہمارے parliamentarians کا یہ حشر ہے تو how they would treat you. They would treat you as they treated Sami-ul-Haq. خدا کے لیے حکومت کو چاہیے کہ اس کو seriously analyse کریں

they should have a serious catharsis of the situation. They should take immediate action and they should release all the political workers. Thank you very much Mr. Chairman.

**Mr. Chairman**: I think there are two items 8 and 9 to be laid. Is it ok, if we laid now? Dr. Sher Afgan Niazi sahib.

LAYING OF ORDINANCES

**Dr. Sher Afgan Khan Niazi**: Thank you Mr. Chairman. I beg to lay before the Senate the following Ordinances as required by Clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan:-

1. The Defence Housing Authority Islamabad Ordinance, 2005 (Ordinance No. II of 2005).

2. The Police Order (Amendment) Ordinance, 2005 (Ordinance No. III of 2005).

3. The Pakistan Engineering Council (Amendment) Ordinance, 2005 (Ordinance No. IV of 2005).

4. The Pakistan Intellectual Property Rights Organization Ordinance, 2005 (Ordinance No. V of 2005).

5. The Legal Practitioners and Bar Consuls (Amendment) Ordinance, 2005 (Ordinance No. VI of 2005).

**Mr. Chairman**: They are laid. Mr. Raza Rabbani.

**Senator Mian Raza Rabbani**: Mr. Chairman! it is very unfortunate that when both the Houses are present, and particularly when the National Assembly is also there, and is being summoned and the

Senate has to be requisitioned because the Government does not want to have a scheduled session;at the same time the Government relies on Ordinances to carry out its legislation. This is indeed a matter which needs to be condemned in the strongest possible terms that in the presence of Parliament, the Government resolved to Ordinances, that is number one. Number two sir, I would take this opportunity in showing to you and showing to you, from the mouth of a Minister, how this Government violate the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman, I would draw your attention to Article 56(3) of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, and Article 56 (3) of the Constitution states that at the commencement of the 1st session after each general election to the National Assembly, and at the commencement of the 1st Session of each year, the President shall address both Houses assembled together and inform the *Majlis-e-Shoora* (Parliament) of the causes of its summon. Now, this sir, is a constitutional requirement. I will at this stage, not go into the argument that was advanced by the honourable Minister for Parliamentary Affairs that the calender year would commence, once the calender year of the Senate has been completed and that this Article would become applicable only at that time. I would not go into the merits or demerits of that argument at this stage, although I have strong objection and it is contrary, the line of argument of the honourable Ministeris contrary to the provision of the Constitution. 'But taking what the honourable Minister himself has said to be the argument and then relying on what he himself has said on the floor

of the National Assembly on the 18th March, 2005, I have here sir, the verbatim of the 18th of March, 2005, when this question was raised by an honourable member of the National Assembly Syed Naveed Qamar, that the Government is violating the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. When the National Assembly has been summoned and that has not been addressed by the (President). At that stage sir, the honourable Minister and I read from his verbatim that says, "I hope the honourable member will understand that the first session of the Senate has not been summoned, and now yesterday the first session of the Senate has been summoned". The Senate is in session so, even according to the argument of the honourable Minister the government is violating the Constitution in Article 56 (3). It says sir, I hope that the honourable member will understand that the first session of the Senate has not been summoned, if it would have been summoned and session would have started, there would have been no indication that both the Houses assembled together to be addressed by the President. It would amount to violation of the Constitution. This is the verbatim of the Minister himself that if before the summoning of the first session of the Senate, there is not an address by the President to the two Houses assembled together or the joint session, then it would be a violation of the Constitution. And I repeat, he says "it would amount to a violation of the Constitution". There he can contemplate and put it that violation of both the Houses has happened. This is the verbatim of the National Assembly Sir. So, today the government has admitted itself that it is in violation of Article 56 (3) of the

Constitution and this shows the scant respect that this government has for the Constitution and for functioning under the Constitution.

**Mr. Chairman:** Dr. Sher Afgan Khan.

**Dr. Sher Afgan Khan Niazi:** I will take one or two minutes. Firstly, the honourable Senator has not seen that this House has been requisitioned;This House is requisitioned, there is a hell of difference between summoning and requisitioning. They are two quite different provisions of the Constitution and that will define that it is summoned by the Chairman as requisitioned by the honourable members whereas the summoned session is, when Parliamentary Affairs summary is sent, Prime Minister advises the President and then he summons. One thing, it is quite a different one. Secondly what he has said is that there is a difference of parliamentary year and a true constitutional year prescription is there in our Constitution. If, Sir you look at it that is the Gregarian calendar which is applicable to our Constitution; Article 262 is very clear. Thirdly the parliamentary year, as our Assembly has undergone dissolution many times before completion of tenure and we could not concur both the Houses, this is another point and this august House was constituted in 2003 on 12th of March whereas the National Assembly was constituted and was in existence on 16th November 2002. There is a hell of a difference, therefore, basically the second parliamentary year has ended on 11th of March this year. Now, the question arises, with two points, one about the Ordinances and the other is the address of the

President. The honourable Senator has used a word "joint sitting". Joint sitting, he changed it to "the both Houses assembled together" later on realizing that he has used a word which is inappropriate at this juncture while he has raised an objection once about President's address. That is under Article 72 to informe this august House. Whenever we talk of joint sitting it means a sitting of both the Houses, when they are called for a specific purpose and that is presided by the Speaker of the National Assembly. That is in Article 72. It differs from the other Article 56. Therefore, the third point that he has raised, definitely, President will address and it has been stated outrightly by the Speaker of our National Assembly and there shall happen no violation of the Constitution. He is going to address both the Houses assembled together. And whereas he has pointed about the ordinances when the National Assembly was really not sitting, that was not there. Therefore, if the Senate is sitting and National Assembly is not sitting and the matter is very urgent, he can read into the provision of Article 89 that is must to regulate the things in the country through law and is very important. It is a routine phenomenon going on in the entire world. It is so said that this should be avoided to the maximum promulgate the ordinances rather it should be legislated through the legislation. But the thing is very clear if ordinance is not liked by any of august House, disapproval resolution provision has been put in the Article 89. It can be withdrawn by the President himself. It canbe rejected and whenever it is put before the House, we have put these ordinances before the august House, the National Assembly and they

have become bills. They have been referred to the Standing Committee of the National Assembly for law. Therefore, the question of its invalidity or to violate the Constitution or to bypass this august House doesn't arise. I will humbly submit Sir, that this is a usual process which is on going and there is no violation of the Constitution. There is no violation of the Constitution in case of address of the President and that will definitely happen and is likely to happen in a very short period.

Secondly, I may remind the honourable Senator, he has been Minister of State for Law, he has himself been presenting, before the august House, the ordinances duly promulgated in that government in which I was also a Federal Minister and we have been presenting and he can tell that how many ordinances were promulgated in 1988 to 1990 and 1993 to 1996, and we can have a comparison. The ordinances this government is presenting under urgency, and it is the requirement of the state that we should go for the law. These are less in number as compared to our own government in 1993 to 1996 when he was the Minister of State for Law. That is my humble submission which be laid before [illegible] august House.

**Mr. Chairman:** Let us move item 9.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Mr. Chairman, as far as the question of promulgating ordinances is concerned...

**Mr. Chairman:** I think, we will go into debate. We are already short of time. We need to finish the agenda.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, we are short of time but this is a very important question where the government has been caught violating the Constitution. It is admitted by the Minister in his verbatim, I have not quoted out of context. This is the verbatim of the National Assembly, if he would like to challenge it, let him challenge it. I read this out to you where he said that the first session of the Senate, if it is convened without the address of the President then we are in violation of the Constitution. I have read this out.

As far as the question of ordinances is concerned, I don't want to get into that controversy. But the honourable Minister will remember that it is his government which promulgated IRO 2002, while the National Assembly was in session. Was that not the violation of the Constitution? At that time the National Assembly was in session and IRO 2002 was promulgated because it was an anti labour law and they knew that if they took this law to the National Assembly, it would not be passed. I would just end that controversy of the ordinances there. I would just end that controversy of the ordinances there. I would now come to the other question that the honourable Minister has raised. The question is of a requisitioned session and a session which has been summoned. The point here is, sir, under Article 56(3), there is no distinction in terms of a requisitioned session or a session, Article 56(3) reads; "At the commencement of the first session after each general election to the National Assembly and at the commencement of the first session, it says,

"first session", it does not say that whether it is a requisitioned or it is a session which has been summoned by the President because the only differences and if you go through the rules, the only difference is that, here in a requisitioned session the members requisitioned the Senate and the Chairman summons it, but under the rules the business is to be carried out in a similar manner as it is carried out in an ordinary session which is summoned by the President. So, Article 56(3) makes no distinction, whatsoever, on a requisitioned session and a session which is summoned by the Parliament. It just says, "the first session summoned", after that. So, on the basis of that, on the basis of the statement of the Minister, the Government is in violation of the Constitution and it has been admitted by the Minister on the floor of the National Assembly on the 18th of March and the verbatim, I will place this verbatim on the record of the Senate.

**Mr. Chairman**: Khawaja sahib, please sitdown. I think let us not go into this controversy. We have a very heavy agenda. We now move on to item No.9.

LAYING OF THE REPORT OF THE CENTRAL BOARD OF DIRECTORS OF STATE BANK OF PAKISTAN OF THE YEAR 2004-05

**Dr. Sher Afgan Khan Niazi**: Sir, I beg to lay before the Senatethe Second Quarterly Report for the year 2004-05 of the Central

Mr. Chairman: The report stands laid. Now we have had all the Parliamentary leaders. Should we have the Minister to wind up?

پھر وقت کم ہے۔ کیا آپ نے price hike پر بات نہیں کرنی؟ کیونکہ آپ نے کہا تو میں نے کہا دیکھ لیتے ہیں۔ پھر وقت بہت کم رہ جائے گا۔ کتنے اور speaker بولنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر میاں رضا ربانی، آپ مہربانی کرکے شام کو اجلاس چلائیں نا۔ جناب! price hike کا issue کل ہوجائے گا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، مشاہد حسین صاحب نے بلوچستان پر بات کرنی ہے۔ ہمارے دوسرے وزیر صاحب نے بھی wind up کرنا ہے۔ پانچ، سات منٹ میں نے بھی گزارش کرنی ہے تو وہ wind up کریں گے at the end when all the speakers have spoken. تو یہ اگر afternoon رکھ رہے ہیں تو یہ پھر تین، چار گھنٹوں میں ہو گا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! دو بجے تک چلائیں اور پھر دو بجے کے بعد adjourn کریں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، دو بجے کیا آپ ڈھائی بجے تک میرے خیال میں آپ چلا کر سوچ لیں۔ میرے خیال میں Treasury Benches سے بھی ہمارے تین، چار رکن بولنا چاہتے ہیں اور they want to bring facts on the floor of the House. لیکن اب adjourn تو کرنی پڑے گی کیونکہ نماز بھی ہے۔

جناب چیئرمین، چلیں پھر۔ صفدر عباسی صاحب آپ بولیں۔ نہیں خواجہ صاحب وقت پہلے ہی بہت کم ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ، جناب! سیشن کے یہ جو دو دن ہیں یہ اس سال میں گنے جائیں گے۔

be counted.

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: So, this is the first session of Senate parliamentary year.

Mr. Chairman: It is a sitting.

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Is it not a session?

Mr. Chairman: Sitting is a part of a session. You whatever, may think about it.

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: No, no, what is the difference between sitting and session?

Mr. Chairman: Please sit down. We have had enough discussion on it. I have told you.

یہ کام record پر ہو جائے گا۔ عباسی صاحب آپ بولیں۔

## CONTINUE DISCUSSION ON THE POLITICAL SITUATION IN THE COUNTRY

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب چیئرمین! آج یہ debate جو political victimization کے حوالے سے سینیٹ میں چل رہی ہے۔ رضا ربانی صاحب نے بڑی تفصیل سے explain کیا کہ اس ملک کے اندر سیاسی کارکنوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ سیاسی کارکنوں کو انہوں نے accross the board define کیا جتنی بھی اپوزیشن پارٹیاں ہیں ان کے حوالے سے جو جو steps اس حکومت نے لیے ہیں پچھلے تقریباً ایک ماہ کے اندر وہ سب آپ کے سامنے ہیں۔ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے ایک رکن کی حیثیت سے رضا ربانی صاحب کی تمام باتوں کو endorse کرتے ہوئے زیادہ توجہ اپنی پارٹی کی طرف رکھنے کی کوشش کروں گا اور چند حقائق آپ کے سامنے پیش کرنے کی جسارت کروں گا۔

جناب چیئرمین! ہم اس حکومت کے دعوؤں کو پچھلے پانچ سال سے جنرل مشرف صاحب سے اور پچھلے تین سال سے جب سے یہ اسمبلیاں وجود میں آئی ہیں، اڑھائی سال سے وجود

میں آئی ہیں۔ پی ایم ایل (کیو) کے حکومت کے دعوؤں کو بڑے گہرے انداز میں سنتے بھی رہے ہیں ان پر بات بھی کرتے رہے ہیں' اور آپ کے سامنے بہت زیادہ issues بھی اٹھائے ہیں۔ جناب اب لگتا ہے کہ جیسے جیسے دن گزر رہے ہیں اور اس حکومت کی کمزوری جیسے جیسے عیاں ہو رہی ہے' لوگ اس کو دیکھ رہے ہیں۔ ملک کے اندر جو اس وقت لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے فضا پیدا ہو چکی ہے' قیمتوں کے حوالے سے' unemployment کے حوالے سے' اس حکومت کی مزدور دشمن پالیسیوں کے حوالے سے' اس حکومت کی ہاری دشمن پالیسیوں کے حوالے سے وہ چیزیں اب واضح ہو چکی ہیں۔ عوام کے اندر issues کے حوالے سے ایک ہیجان ہے۔ ان issues کے حوالے سے جو چیز سامنے آرہی ہے وہ یہ کہ اب یہ حکومت panic کر گئی ہے۔ اس panic کے نتیجے میں ایسے ایسے اقدامات اٹھا رہی ہے جو اس کی credibility کو' ان کی political base کو further revert کرتے چلے جائیں گے۔ آج تک دنیا کے اندر ایسے اقدامات political workers کے خلاف جس سے ان کے particular نظریے کو بزور طاقت دبانے کی کوشش کی گئی ہو' وہ کبھی کامیاب نہیں ہوا کرتے۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ آج سے پہلے دنیا کے اندر جتنے بھی ایسے ماحول پیدا ہوئے' اگر آپ نے کسی بھی پولیٹیکل نظریے کو اس طرح دبانے کی کوشش کی ہو وہ کبھی دبایا نہیں جا سکا۔ پاکستان کے اندر سولہ اپریل سے پہلے اور اس کے بعد جو کچھ ہوا' ایک legal political activity کو' ایک قانونی سیاسی procession کو یا سیاسی اقدام کو جس طریقے سے آپ نے دبانے کی کوشش کی وہ دنیا کے سامنے آچکا ہے۔ آج enlightened moderation جو ہے' چاہے وہ enlightenment ہو' چاہے وہ moderation ہو آج عوام کے سامنے' آج اس دنیا کے سامنے کھل کر سامنے آچکی ہے۔ ٹیلی ویژن پر چلے ہوئے ہیں' میں کچھ نہیں کہہ رہا' میں صرف آپ کی توجہ سولہ اپریل کے دن جو پاکستان کے ٹیلی ویژن نے شرمناک کہانی' جو انٹرنیشنل چینلز نے شرمناک کہانی' جو نیشنل میڈیا میں' جو پاکستان کے عوام نے' اور جو انٹرنیشنل دنیا کے عوام' نے جو کچھ انہوں نے انٹرنیشنل چینلز اور نیشنل چینلز پر دیکھا میں صرف آپ کی توجہ اس طرف دلانا چاہوں گا۔ عورتوں کے اوپر برستے ہوئے ڈنڈے' عورتوں کو مردانہ پولیس بالوں سے گھسیٹ رہی ہے۔ پارلیمنٹیرینز کی حد تک ان کو گاڑیوں سے اٹھا کے باہر پھینکا جا رہا ہو' wagons کے اندر پھینکا جا رہا ہو' پولیس کے ڈنڈے برس رہے ہوں

اور اس پوری political activity کے دوران ایک واقعہ آپ نہیں بتا سکتے کہ جو کسی political کارکن نے کسی حکومت کی یا state کی املاک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہو۔ اس وجہ سے کہ اپنے سیاسی کارکنوں کو ہماری instructions تھیں کہ جناب یہ پرامن اجتماع ہے، اور ہم یہ ثابت کریں گے کہ جیسے انہوں نے 1986 کے اندر محترمہ بے نظیر بھٹو واپس آئیں، ایک کھلی political activity کی آپ نے اجازت دی۔ ہم نے اس بات کو ensure کیا کہ ایک پھول کی پتی بھی نہ ٹوٹے، حکومتی املاک کا ایک پتھر بھی نہ ٹوٹے، کوئی دیوار بھی نہ ٹوٹے، کوئی شیشہ بھی نہ ٹوٹے لیکن آج جب یہ activity ہو رہی تھی، حالانکہ تمام provocations تھیں ہمارے خلاف، حالانکہ تمام state apparatus بالکل ننگا ہوکے سامنے آ گیا تھا، لیکن اس کے باوجود بھی ہماری کال یہ تھی کہ جی ہم نے ایک پر امن legal political activity کے لیے ایئرپورٹ پہنچنا ہے۔ یہ ہمارا قانونی حق ہے۔ یہ Article-16, Freedom of Assembly ہمیں حق دیتا ہے۔ اس ملک کا آئین جو ثناء اللہ بلوچ صاحب بار بار point out کرتے ہیں، یہ اس ملک کا آئین ہمیں حق دیتا ہے کہ ہم یہ legal activity کریں اور ہم نے اس وقت بھی اپنے political workers کو یہ کہا کہ جی ہم نے اب بھی تمام تر provocations کے باوجود اس activity کو پرامن رکھنا ہے۔ اور جناب باوجود اس کے کہ ہزاروں لوگ لاہور پہنچے لیکن لاہور کی گلیاں، لاہور کی سڑکیں، لاہور کی تمام حکومتی املاک اس بات کی گواہ ہیں کہ ہم نے کسی ایک املاک کو نقصان پہنچانے کی کوشش نہیں کی۔

جناب! یہ میرے پاس FIRs کا پلندہ ہے جو ایک ایک تھانے کے اندر کٹی ہیں۔ میں بتاؤں Sir یہ کس طرح ہوا ہے۔ آتی ہوئی بسوں کو باقاعدہ لیٹ کیا گیا ہے۔ گاڑیاں آئی ہیں، ان کو اٹھا کے جنگلوں میں لے جایا گیا ہے اور پکڑ پکڑ کے کارکنوں کو جنہوں نے قطعاً، میں آپ کو بتا دوں، اکثر ان کو گرفتار کیا گیا ہے جنہوں نے 144 تک کو violate نہیں کیا۔ میرے پاس یہ پلندہ پورا بھرا ہوا ہے FIRs کا۔ لاہور میں پچاسی تھانے ہیں اور ہر تھانے کی FIR جس میں ڈھائی ڈھائی سو تین تین سو لوگ اس دن پکڑے گئے تھے ایک ایک تھانے کے اندر اور کسی illegal activity میں نہیں۔ کیا FIR میں لکھا جاتا ہے۔ میں ایک دو FIR ذرا پڑھ کے سناتا ہوں۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما آصف علی زرداری پیپلزپارٹی کے مقامی عہدے داران اور

workers کافی تعداد میں کیمپ میں موجود ہیں اور بذریعہ لاؤڈ سپیکر اشتعال انگیز تقاریر کر کے اور لوگوں کو استقبالیہ پروگرام میں جانے کے لیے تیار کرنے کی کوشش کرتے ہوئے حکومت کے خلاف شعلہ انگیز بیان، تقاریر اور منافرت پھیلا رہے ہیں۔

اگلی FIR ، یہ خط کافی مشکل ہے میرے لیے پڑھنا لیکن بہرحال تمام FIRs اس قسم کی ہیں کہ جہاں political activists کو پکڑا گیا، ان کو تھانوں میں رکھا گیا اور اس کے بعد اس قسم کی FIRs کاٹ لی گئیں۔ اور اس کے بعد کیا ہوا۔ Sir یہ ساری FIRs کٹیں سولہ ایم پی او کے تحت اور ایک Section 144 کی violation یعنی Section 188 جو کہ ایک bailable offence ہے اور جب وہاں bails ہونی شروع ہوگئیں تو ان تمام FIRs کے اندر ایک ایک Terrorist Act کی Section 78 add کی تھی اور راجہ صاحب نے کل rightly آپ کو یہاں point out کیا تھا ، جب وہ Anti-Terrorist Act پاس کیا جا رہا تھا تو ہم نے کہا کہ جناب یہ ultimately سیاسی کارکنوں کے خلاف استعمال ہوگا اور آج ثابت ہوگیا ہے کہ جتنی بھی opposition political parties ہیں ، نہ صرف پاکستان پیپلز پارٹی ، یونم کی جماعتیں ، ایم ایم اے کی جماعتیں ، اپنی پی ایم ایل (این) سب کے اوپر آج کسی نہ کسی ان کے political worker پر یہ ATC لگا دیا گیا۔ کیا یہ terrorism ہے sir کسی کے استقبال کے لیے جانا ، کیا terrorism ہے نعرے لگانا ، کیا terrorism ہے ایئرپورٹ پر پہنچنا؟

جناب والا! میں یہاں معذرت کے ساتھ پنجاب کی جیلوں کے بارے میں عرض کروں گا کہ اس وقت بھی پانچ سو سندھ کے قیدی پنجاب کی مختلف جیلوں میں موجود ہیں۔ اب ان کے ساتھ حشر کیا ہوا ہے؟ پہلے ان کی بسیں اغوا کی گئیں ، پھر انہیں پکڑا گیا۔ ان میں بعض ایسے ہیں جنہیں لاہور کا راستہ بھی معلوم نہیں تھا۔ ان کی پوری بسیں اغوا ہوئی ہیں اور انہیں تھانوں میں لے جایا گیا اور جو تھانوں کی حالت ہے ، وہ بہت خراب ہے۔ یہ حالت میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے۔ خدا کی قسم! تھانہ Lower Mall لاہور اور داتا دربار کی check post میں بندے گٹروں پر سوئے ہوئے تھے۔ گٹر ابل رہے تھے اور وہاں اڑھائی اڑھائی سو اور تین تین سو بندوں کو pack کرکے ان تھانوں میں بند کیا ہوا تھا۔ معذرت کے ساتھ کہتا ہوں کہ وہاں کے S.H.O کا دعویٰ تھا کہ ہم تو چوہدری صاحبان کے نوکر ہیں۔ میں جناب record پر کہہ رہا

ہوں کہ یہ واقعہ داتا دربار کی check post پر ہوا ہے۔ جناب والا! آج وہاں پر آپ کے parliamentarians اور سیاسی کارکنوں کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے۔ اس حوالے سے خدا کے واسطے آپ سے عرض کروں گا کہ کچھ پولیس افسروں کو ضرور عبرت کے طور پر سزا دی جائے۔ ورنہ یہ سلسلہ نہیں رکے گا۔ میں نے کل چیئرمین صاحب سے بھی گزارش کی تھی کہ وہ نوٹس لیں۔ میں ان لوگوں کو identify کرسکتا ہوں اور بتا سکتا ہوں کہ ان لوگوں کا اس دن attitude کیا تھا اور لوگوں کے ساتھ کس طرح behave کر رہے تھے۔ کم از کم میں اپنی Privilege Motion میں اس issue کو ضرور take up کروں گا کہ وہاں پر لوگوں کی کس طرح ہتک ہوئی ہے، کس طرح لوگوں کو ذلیل کیا گیا ہے اور کس طرح رسوا کیا گیا ہے۔ میں یہ بھی معذرت کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ آج بھی پانچ سو لوگ جو سوئی سے آئے ہوئے تھے، ان کو تھانوں سے نکالا گیا اور انہیں Camp Jail یا کوٹ لکھپت جیل میں منتقل کیا گیا اور within twenty four hours پورے پنجاب میں پھیلا دیا گیا۔ ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو ایک دن میں Lower Mall تھانے سے Camp Jail گئے۔ یہاں سے انہیں شیخوپورہ لے جایا گیا اور پھر شیخوپورہ سے ساہیوال منتقل کر دیا گیا۔ جناب والا! آپ imagine کر سکتے ہیں کہ اس بند گاڑی میں جسے ہم کتا van کہتے ہیں، میں یہ معذرت کے ساتھ کہتا ہوں، اس van میں پچاس پچاس لوگ بٹھا کر جب انہیں پنجاب کے گرم موسم میں shift کر رہے ہوں گے تو ان کی کیا حالت ہوئی ہوگی۔ میرے پاس ایک خاتون کا نام ہے۔نام ہی اس کا "خاتون" تھا۔ وہ ملیر کی رہائشی تھی۔ وہ dehyder[illegible]on کی وجہ سے Services Hospital میں داخل ہوئیں، اس کا blood pressure zero پر آ گیا تھا۔ یہ Services Hospital کے ڈاکٹروں کی مہربانی ہے کہ انہوں نے اسے طبی امداد دی اور اس کی جان بچائی۔ جناب والا! کوٹ لکھپت جیل کے اندر کوئی اڑھائی سو کے قریب عورتیں تھیں۔ان کے ساتھ یہ سلوک کیا کہ اگر وہ trains سے آ رہی تھیں تو رائے ونڈ اور پتوکی سے انہیں trainsسے اتارنا شروع کیا۔ حکام کو کہا گیا کہ اگر کسی train میں کوئی political worker نظر آئے تو اسے باہر کھینچو اور اسے جیل میں بند کر دو۔ trains کو روکا گیا۔ آپ سب کو cordon off کرکے کیا message دے رہے ہیں Are we a federation? ملک ثناء اللہ بلوچ تو روتا رہے۔ کنرانی صاحب بھی روتے رہیں۔ رضا محمد رضا صاحب

بھی روتے رہیں۔ ان کو تو آپ declare کریں کہ یہ تو بات ہی بلوچستان کی کرتے ہیں لیکن ایک اور بات کرتا ہوں کہ جس شخص نے پہلے دن سے لے کر آج تک اس فیڈریشن کی بات کی، وہ فیڈریشن اس کے ساتھ کیا سلوک کرنے جا رہی ہے۔ یہ کمو شہید کے مقام پر پچاس ہزار آدمیوں کو روکتے ہیں۔ آپ border seal کر دیتے ہیں کہ اگر آپ اس سے آگے گئے تو آپ کو بھون کر رکھ دیں گے۔ آپ انک کے اوپر دیواریں بنا دیتے ہیں، ٹریکٹر اور ٹرالیاں کھڑی کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ فرنٹیئر سے کوئی بندہ پنجاب میں نہ آئے۔ یہ آپ کیا message دے رہے ہیں؟

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیئے۔ وقت ختم ہو رہا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب والا! وقت بڑی تیزی سے گزر رہا ہے۔ مجھے آج مشاہد صاحب جو میرے بھائی ہیں، نظر نہیں آ رہے ہیں، میں نے انہیں 1999 میں warning دی تھی کہ وقت تیزی سے گزر رہا ہے۔ آج پھر ان کو warning دیتا ہوں کہ وقت بڑی تیزی سے گزر رہا ہے اور آج تو وہ پہلے سے بھی بڑی position میں ہیں۔ اب تو حکمران جماعت کے سیکرٹری جنرل ہیں۔ یاد کریں گے مجھے شہزاد وسیم صاحب! اور آپ میں وہ political [XXXX] بھی نہیں ہے کہ آپ Opposition کو برداشت کر سکیں، میں آپ کو یہ challenge کروں گا آپ مجھے یاد کریں گے۔

Mr . Chairman: Respect! no personal remarks . These should be expunged from the record, no cross references and personal references.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، بعد میں جواب دیجیے گا جب آپ کی باری آئے گی۔

سینیٹر ڈاکٹر وسیم شہزاد (وزیر مملکت برائے داخلہ)، نام لے کر جواب دوں گا۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جب باری آئے گی تو کر لیجیے گا۔ سر بات یہ ہے کہ یہ detention order مجھے تو یہ سمجھ نہیں آ رہی کہ حکومت panic کیوں کر رہی ہے۔ سر آصف علی زرداری announce کرتا ہے کہ میں قصور جا رہا ہوں۔ پورے قصور میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو چن چن کر یہ detention order پکڑوانے جا رہے ہیں۔ اس کی ایک کاپی میرے پاس بھی ہے۔ پورے قصور کے اندر کہ میں بلھے شاہ کے مزار پر جا رہا ہوں اگر وہ داتا دربار کا

+ [XXXX these comments are expunged by the orders of the Chair]

announce کرتا ہے تو پورے داتا دربار کو خالی کر دیتے ہیں۔ سر وہاں پرحشر یہ ہوا ہے کہ عورتیں، جو اپنے بچوں کے ساتھ آئیں، جو نارمل زائرین ہیں ان کا حشر یہ ہوا کہ ان کے بچے ایک تھانے میں بند ، عورتیں دوسرے تھانے میں بند ، Lower Mall کے تھانے کے اندر میں نے بلکتے ہوئے بچے دیکھے ہیں۔ آٹھ آٹھ نو نو سال کے، جو اس بات پر رو رہے تھے کہ ہماری ماں کا کچھ پتا نہیں ہے وہ ہمیں لے کر آئی تھی ہمیں کچھ پتا نہیں ہے وہ کدھر ہے۔سر ان میں کسی میں وہ سب ہی نہیں ، میں کوئی comments نہیں کرنا چاہتا۔

جناب چیئرمین، آپ کا time ختم ہو رہا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، Sir, سن لیں کبھی کبھی ، ہمیں بولنا ہی تو آتا ہے ۔ اور کیا؟ ہمیں بولنے ہی دیا کریں اور ہم آپ کو کیا کہتے ہیں۔ کہیں میں irrelevant ہوں تو مجھے کہہ دیجئے گا آپ ؛ سر یہ detention order ہے۔ ہوم سیکرٹیری صاحب کا ، کیا کہتے ہیں۔ Where as the Government of Punjab is satisfied that the activity of فلاں ، فلاں امجد جٹ صاحب ہمارے زونل صدر ہیں لاہور کے، ان کا یہ detention order ہے اور اسی قسم کا stereo type detention orders ، پورے پنجاب کے اندر پھیلے ہوئے ہیں اور میں ان کو average بتا رہا ہوں پنجاب میں ۳۲ اضلاع ہیں ۔ ہر ضلعے کے اندر سو سو detention order گھوم رہے ہیں۔ ادھر قصور میں announce ہوا کہ میں بلھے شاہ کے مزار پر جا رہا ہوں۔ پورے قصور کو گھیر لیا۔ کل شاید ۲۷ تاریخ کو وہ پنڈی کا پروگرام بنا رہے ہیں ۔ پورے پنڈی میں انہوں نے دہشت پھیلا دی ، آغا ریاض لاسلام ہماری پارٹی کے ticket holder ہیں اور Ex MPA ہیں ۔ ان کو گرفتار کرکے اڈیالہ جیل میں بند کر دیا گیا۔جناب ! آپ نے وہ جو ایک Section 144 لگائی ، اس Section 144 کے بارے میں میں کیا کہوں۔ Section 144 پنجاب میں بقول ان کے ایک ماہ سے رائج ہے لیکن اس Section 144 کے دوران چوہدری شجاعت صاحب باہر سے پنڈی آنے ان کا مکمل procession نکالا گیا بقول ان کے Section 144 تھی، لاہور گئے ان کا مکمل procession نکالا گیا اس وقت 144 تھی ، کوئی violation کا مقدمہ درج نہیں ہوا، PML(Q)

کے کسی کارکن کو نہیں پکڑا گیا۔ ہمیں خوشی ہے کہ وہ اپنی پولٹیکل activity کریں ۔ ۱۶ اپریل
سے پانچ دن پہلے شہر قصور کے اندر جنرل مشرف جلسہ کرتے ہیں ، پورے processions نکلتے
ہیں۔ Section 144 کی violation میں جلسہ کرتے ہیں کوئی مقدمہ درج نہیں ہوتا۔ چیف منسٹر
صاحب اس activity میں چونکہ involved ہیں ، گورنر اس activity میں involved ہیں سر
حتیٰ کہ سکھ چیف منسٹر ، پنجاب کا چیف منسٹر اس ملک کے اندر آتا ہے ۔ آپ واہگہ سے لے کر
پورے لاہور کے اندر اس کا procession نکالتے ہیں۔ کیا ہم سکھوں سے بھی گئے گزرے ہیں۔
میری آپ سے یہ درخواست ہے۔ میری آپ سے یہ question ہے ؛ سوال ہے؟ کہ کیا پیپلز پارٹی
کے کارکنان مختلف صوبوں سے آئے ہوئے چاہے وہ بلوچستان ہو ، یا سندھ ہو یا فرنٹیئر یا پنجاب
ہو کیا ہم سکھوں سے بھی گئے گزرے ہیں۔ پورے واہگہ بارڈر سے لیکر لاہور کے اندر اس کا پورا
procession نکالا جاتا ہے '144 کی voilation میں۔ میں اپنی ذاتی کوئی رائے نہیں دیتا ۔
میری privilege motion آپ کے پاس ہے۔ وہ آپ نے refer کر دی ہے ۔ میں کمیٹی کے
اندر اس مسئلے پر بات کروں گا۔ سر پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ریکارڈ ہے کہ ڈیڑھ سو Members
of the Senate, National Assembly اور Provincial Assembly اس دن گرفتار
ہوتے ہیں۔ یہ پاکستان کی تاریخ کا ریکارڈ ہے اس سے پہلے کبھی اتنے parliamentarians
گرفتار نہیں ہوئے ۔ آپ نے اس سے کیا فائدہ حاصل کیا؛ آپ نے اس سے کون سا سیاسی فائدہ
اٹھایا ؛ آج پوری دنیا میں آپ کی مٹی پلید ہوگئی ہے human rights کے حوالے سے آپ کی
tolerance کے حوالے سے zero tolerance آپ نے دکھائی ہے ۔ آپ کی
enlightenment کے حوالے سے آپ کی moderation کے حوالے سے آج آپ کی تمام
پالیسیوں کی دھجیاں بکھر گئی ہیں ۔ آپ کیا کرنے جا رہے ہیں ؛

جناب چیئرمین، تشریف رکھیں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، میں condemn کرتا ہوں کہ اب وہ واقعہ گزر گیا ۔
وہ شخص کیا کہہ رہا ہے وہ کہہ رہا ہے کہ مجھے پنجاب میں بیٹھنے دو میں تمہارا مقدمہ پنجاب میں
لڑنے کی کوشش کروں گا باقی صوبوں کے ساتھ ۔ آپ اس وجہ سے نہیں چاہتے کہ وہ پنجاب میں

سیاست کرے آپ اس کو کہتے ہیں باہر رہیں ۔ پیپلز پارٹی ایک فیڈرل جماعت ہے ' اس ملک کا آئین ہم نے دیا ۔صوبوں کو آئین ہم نے دیا ۔ آپ اس کو فیڈریشن کے سب سے بڑے صوبے میں سیاست کرنے کی اجازت نہیں دے رہے ۔ کیا پیغام دے رہے ہیں اس ملک کے چھوٹے صوبوں کو ؟ میں معذرت چاہتا ہوں باتیں تو بہت ساری کرنے والی تھیں لیکن میں صرف آخر میں آپ کو یہ کہوں گا ۔

جناب والا! آج آپ جو کچھ پنجاب میں کرنے جا رہے ہیں یہ سم قاتل ہے اس ملک کے وفاق کے لیے یہ آخری chance ہے آپ کے پاس کہ آپ اس ملک کی وفاقی نوعیت کو برقرار رکھیں ورنہ جناب وہ دن بھی آسکتا ہے کہ جب یہ تمام structure بالکل منہدم ہو تے چلے جائیں گے ۔ خدا کے واسطے اس وقت سے بچیں اور جیسا کہ میں نے 1999 میں مشاہد حسین صاحب کو warnning دی تھی اب میں کامل علی آغا کے ذریعے پھر ان کو warnning دیتا ہوں ۔

جناب چیئرمین، نہیں وہ خود ہی آ گئے ہیں ۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، بہت خوب وہ آگئے ۔ وقت بہت تیزی سے گزر رہا ہے مشاہد صاحب آپ اس بات کو سنبھالیں ۔ بڑی مہربانی 'بہت شکریہ ۔

Mr. Chairman: Thank you. Mr. Mushahid Hussain.

سینیٹر مشاہد حسین سید ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، I am very grateful that my friend and brother Senator Safdar Abbasi Sahib نے ہمیں یاد کیا تو ہم Obviously I am here... اور ہم ہمیشہ آپ کی بات سنتے ہیں اور میرے خیال میں یہ جو اس ایوان کی افادیت 'جمہوریت کی خوبصورتی یہی ہے کہ دونوں طرف کی بات سنی جائے ۔ کیونکہ جمہوریت کا پہیہ اسی طریقے سے چل سکتا ہے کہ اگر ہم حزب اختلاف کے mandate کا احترام کریں وہ حکومت کے mandate کا بھی احترام کرے اور دونوں ایک دوسرے کو برداشت کریں اور ماضی کی غلطیاں نہ دہرائیں ۔ غلطیاں کرنی بھی ہیں تو نئی غلطیاں کریں اور اس سلسلے میں میرے خیال میں ایک نئی روایت ہم نے ضرور قائم کی ہے ۔ ہمارے بلوچستان سے دوست

بول رہے تھے ،بلوچستان کے حوالے سے کہ ہم نے کہا کہ ماضی کی غلطیاں ہم نے وہاں نہیں دہرانی ہیں اور ماضی کی غلطیوں کے نتیجے میں آپ کو پتا ہے مارشل لاء لگا ، ملٹری ایکشن جب بھٹو صاحب کے زمانے میں شروع ہوا اور elected government dismiss ہوئی اور میں نے دونوں دوستوں کی تقریر سنی ہے سینیٹر امان اللہ کنرانی صاحب کی اور سینیٹر ثناء اللہ بلوچ صاحب کی بھی ۔ دونوں بڑے دانشور لوگ ہیں ، پڑھے لکھے لوگ ہیں ، دبنگ اور دلیر لوگ ہیں اور دو بڑی اہم سیاسی قوتوں کو represent کرتے ہیں ۔ دونوں کے لیڈرز جو ہیں سینیٹر ثناء اللہ بلوچ صاحب کے لیڈر سردار عطاء اللہ مینگل صاحب ہمارے دوست ہیں ہم ان کا بڑا احترام کرتے ہیں ۔ سینیٹر امان اللہ کنرانی صاحب کے لیڈر نواب اکبر خان بگٹی صاحب بھی ہمارے دوست ہیں ان کا بھی ہم بہت احترام کرتے ہیں اور ان سے اچھے تعلقات ہیں ۔ جب میں باہر دورے پر جاتا ہوں تو میں ان کے لیے کوئی نہ کوئی گفٹ لے کر آتا ہوں ۔ اس دفعہ بھی میں ان کے لیے کتاب لے کر آیا ہوں انشاء اللہ جب جاؤں گا تو ان کی خدمت میں پیش کروں گا کیونکہ وہ پڑھے لکھے آدمی ہیں ۔ پاکستان کے لیڈروں میں بڑے کم ہیں جو پڑھائی لکھائی کی سوچ رکھتے ہیں ۔ نواب اکبر خان بگٹی صاحب میں وہ صلاحیت ہے ۔

جناب چیئرمین! جب last time میں اور چوہدری شجاعت صاحب کراچی گئے تھے تو ہماری ملاقات ہوئی سردار عطاء اللہ مینگل صاحب سے ان کے گھر میں کیونکہ چوہدری صاحب صدر ہیں ، چیئرمین ہیں Parliamentary Committee on Balochistan اور اس وقت انہوں نے ہمیں یہی کہا تھا ۔ اس ملاقات میں اختر مینگل صاحب بھی موجود تھے اور جاوید مینگل صاحب بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ چونکہ مسئلہ ڈیرہ بگٹی کا ہے تو آپ کے لیے بہتر ہے کہ آپ نواب اکبر خان بگٹی صاحب سے بات کریں ۔ ہم نے کہا بالکل ٹھیک ہے بڑا صحیح مشورہ ہے پھر ہم نے ان سے رابطہ کیا اور ہم ان کے پاس گئے تین rounds ہوئے ہمارے مذاکرات کے نواب اکبر خان بگٹی صاحب سے۔ میں یہ بات کر رہا ہوں کہ 24 مارچ کو بھی ہوا، 27 مارچ کو بھی ہوا پھر first weak of April میں بھی ہوا اور اس وقت صورتحال شروع ہوئی تھی 17 مارچ کے ایک افسوسناک واقعہ کے بعد جس میں جانی نقصان بھی ہوا ۔ ہمیں اس کا بڑا افسوس ہے۔ ہم نے اسکی معذرت بھی کی، وزیر اعظم نے بھی اس کی معذرت کی اور ہم کہتے ہیں کہ جہاں بھی جانی نقصان

ہو اور property کا نقصان ہو تو ہمیں اس بات کا بڑا افسوس ہے۔ تو اس حوالے سے ہم نے negotiations شروع کیں۔

پہلی بات تھی کہ ہمیں ہمارے دوستوں نے، حزب اختلاف نے والوں نے کہا کہ جناب آپ issue جو ہے اسے سیاسی حوالے سے حل کریں۔ Political solution ہونا چاہیئے۔ ہم نے کہا کہ بالکل ہمارا بھی یہی موقف ہے۔ Danda is not the answer. *Danda* is not the solution. ہمارے اپنے لوگ ہیں۔ ہمارے اپنے پاکستان کے citizens ہیں، انکے حقوق کا مسئلہ ہے۔ چاہے وہ سیاسی حقوق ہوں، اقتصادی حقوق ہوں ہم انہیں support کریں گے اور اس حوالے سے military operation is not the answer. بالکل ہم نے کہا، ٹھیک ہے۔ Military operation جب ۱۹۷۳ میں وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے زمانے میں ہوا تھا تو اس کے consequences بڑے خراب تھے۔ اس کے زخم بڑے deep تھے۔ ضیاء مارشل لاء بھی اس کے نتیجے کا ایک natural consequence تھا۔ اگر وہ military operation نہ ہوتا، rules of the game اس ملک میں ہوتے۔ خان عبد الولی خان کو غدار نہ declare کیا ہوتا جو Leader of Opposition تھا۔ سردار عطاء اللہ مینگل صاحب جو Elected Chief Minister تھے ان کو dismiss نہ کیا ہوتا تو I think, the destiny of this country would have been different; the history of this country would have been different. تو ہم نے یہی کہا کہ ماضی کی غلطیاں نہیں دہرانی۔ پھر ہم نے کہا کہ جو بھی مسئلہ ہے وہ پارلیمنٹ کے ذریعے حل ہو۔

چوہدری شجاعت حسین نے اسی House میں as Prime Minister initiative دیا ہے پارلیمنٹری کمیٹی کا جو idea یہاں سے ہمارے دوستوں کی طرف سے آیا تھا، ثناء اللہ بلوچ صاحب ہمیں کہہ رہے تھے کہ Parliament کو آگے لائیں، Parliament should be the leading player. تو ان کو آگے کیا۔ اچکزئی صاحب نے بھی یہی کہا۔ رضا صاحب بھی سارے بیٹھے ہیں۔ اکبر خان بگٹی صاحب بھی یہی کہتے ہیں کہ Parliament تو Parliament Committee بنی with the support, with the cooperation, with the concurrence of all the political forces which are currently in the Parliament.

اس میں حزب اختلاف بھی اور حزب اقتدار بھی اور جو ۳۸ ممبرز ہیں اس کمیٹی کے اس میں صرف ۱۶ ممبرز کا تعلق ruling party ڈار صاحب کیا نام رکھا تھا، تھا، 'Kings Party' ویسے ڈار صاحب میں آپ کو بتا دوں ، Mr. Chairman Sahib ہم سرکاری پارٹی ضرور ہیں لیکن ہم سرکاری نہیں بولتے، ہم کلمہ حق کہتے ہیں اور کسی سے NOC لیے بغیر کلمہ حق کہتے ہیں چاہے issue عراق کا ہو، چاہے بلوچستان کا ہو، چاہے اور issues بھی ہوں تو وہ ہم نے ثابت بھی کیا ابھی جو ہمارا European Union delegation گیا اس میں بھی ہم نے ٹکا کر ، کھل کے بات کی اور کوئی خوف نہیں تھا کہ کس سے بات کر رہے ہیں، رضا ربانی صاحب کو معلوم ہے یہ خود بھی پرانے parliamentarian ہیں اور آج کل بھی ان کی progressive سوچ ہے تو میں کہنا چاہتا ہوں کہ issues جو بھی ہوں ہم issue oriented politics کرتے ہیں and that is the basis of a new democratic political culture and we hope, we will be on track, operations unfortunately ہوں گے ، ابھی میری چوہدری شجاعت حسین صاحب سے بات ہو رہی تھی اور میں نے ان کو رضا ربانی سے جو گفتگو ہوئی اس کے بارے میں بتایا۔ He is on the way to Lahore by Motorway. وہ لاہور جا رہے تھے۔ جو آپ نے بات کی تھی میں نے انہیں convey بھی کر دی۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ فکر نہ کریں ، میرا سلام انہیں convey کر دیں۔ تو اس حوالے سے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو ہے Parliament کے ذریعے ہو اور ہم نے یہ بھی کہا کہ نواب اکبر خان بگٹی صاحب سے بات کریں، ہم بلوچستان کے larger issues کو بھی دیکھتے ہیں ۔ Balochistan is Pakistan's most strategic province, most sensitive province اور میں نے خود floor of this House پہ کہا تھا کہ it has been a victim of criminal neglect in the past. ظلم ہوا ، زیادتی ہوئی ، Danda is not the solution اور یہی بات میں نے کہی تھی ، میں نے کوئی دو رائے نہیں دیں کہ ادھر میں اور بات کروں اور privately بات کروں ۔ National Security Council کو جب سب پاکستان کی national leaderships موجود تھی مورخہ ۲۲ نومبر کو کہا گیا تو میں نے وہاں بھی یہی کہا کہ ہماری پالیسی جو ہے وہ ماضی میں opportunistic رہی ہے۔ وہ

towards provinces negative رہی ہے۔ یہ نہیں کہ جی اگر کوئی سردار آپ کا دوست ہے
تو you say ہاں ' he is declared patriotic till further orders. جو سردار ہمارے خلاف
ہے یا حکومت کے خلاف ہے تو he is declared not a patriotic till further orders.
کہ جی وہ غدار ہے۔ یہ بات ختم ہونی چاہیے۔ Everybody is a patriot, I must say till
further orders. They are patriots because they are elected and they
represent the people of this country, whether a people of one district, one
area. We went to Bugti Sahib, it was a difficult negotiation. کیونکہ حالات کافی
خراب تھے، کشیدہ تھے کیونکہ ادھر para-military forces موجود بھی تھیں تو ہم نے کہا کہ
اس کی disengagement ہونی چاہیے اور I want to tell Mr. Chairman through you
to the entire House that we have had the full support and the blessings of
the President of Pakistan, Gen. Pervaiz Musharraf and the Prime Minister
of Pakistan Mr. Shaukat Aziz.. Initiative party کی طرف سے ہمارے صدر چوہدری
شجاعت حسین صاحب کا ہے اور اس کو support ہماری پوری مسلم لیگ کی ہے اور we
shall get it implemented and, by the grace of God, we have managed to
diffuse the situation. ایک جو تعطل تھا، وہ ٹوٹا ، ایک بحران کی سی کیفیت تھی، وہ ختم
ہوئی، کیونکہ ہم نے کہا یہ گفتگو مذاکرات کے ذریعے ہو گی۔ امان اللہ صاحب کو پتا ہے، اکبر خان
بگٹی ب کا میں بہت ممنون ہوں I am very grateful کہ کمیٹی کی بات ہوئی تو he gave
full confidence in its report, Ch. Shujaat Hussain sahib and myself کہ ہمارا ان
پر پورا اعتماد ہے اور گورنمنٹ کی طرف سے بھی اعتماد تھا۔ So, we are acting as a bridge
among the political forces and that this is the role that political forces
should play, whether they are the King's party or the Queen's party or
any other party. So, that way, I think the Pakistan Muslim League as the
ruling party, ہم پر زیادہ responsibility آتی ہے۔ ایک initiative لیا، ماضی کی غلطی نہیں
دہرائی اور ہم نے disengagement کی۔ اس پر ہم نے کہا کہ national assets should

be protected; obviously everybody should be engaged, اور ساتھ ساتھ ہم نے کہا کہ جو نواب اکبر خان بگٹی صاحب کی اپنی security and safety اتنی ہی مقدس ہے جتنے یہ national assets ہیں they should also be protected and promoted at all cost. اس حوالے سے بھی وہ pickets کا مسئلہ تھا، پھر سوئی ڈیرہ بگٹی کی سڑک بھی کھول دی اور جو pickets تھیں ان کے removal پر بھی ہم نے agreement کیا۔ اس میں شیر علی مزاری کا بڑا positive role تھا اور دوستوں نے بھی role play کیا۔ نرگس بلوچ صاحبہ انتخاب کی ایڈیٹر ہیں اور ہماری پرانی دوست بھی ہیں ان کا بڑا positive role تھا۔ We have tried to reach out. But that is only one aspect of the problem. وہ ایک flash point تھا، اس flash point کو ہم نے defuse کیا through the negotiations. میرے خیال میں پاکستان کی history میں پہلی دفعہ ایسی negotiations ہوئی ہیں between the state apparatus and political leaders کیونکہ نواب صاحب جمہوری وطن پارٹی کے لیڈر ہیں اور اس حوالے سے جس طرح ہم نے اس کو dissolve کیا تو اس حوالے سے it is very very clear کہ جو خدشات military operation کے ہیں that is out of question. ڈنڈے کی پالیسی آزما چکے ہیں، فیل ہو چکی ہے، چاہے جس صوبے میں بھی ہو، خاص طور پر بلوچستان کے حوالے سے and we want Balochistan to be progressing.

اب آتے ہیں اور issues کی بات کرتے ہیں۔ میرے پاس بلوچستان کی sub-Committee کی final report ہے۔ اس میں 31 points ہیں۔ ہم نے اس کے لیے ایک sub-Committee بنائی اور جناب چیئرمین! ہم ایک democratic process سے چلے۔ میں نے کہا جی کہ 6 members drafting committee بنے۔ اس drafting committee میں we have equal representation of the Opposition, equal representation of the Government اور یہ کام میں نے کیا تھا جب ہم Senate Formulation Committee میں delegation لے کر گئے۔ یہ 8 member delegation تھا، چار اپوزیشن اور چار گورنمنٹ کے you can see the kind of respect we are according the Opposition at an institutional level, at the level of the Parliament, at the level of the

ہمارے ساتھ جو چار ممبر گئے تھے، Parliamentary Committee, at home and abroad

PML(N) کے سردار مہتاب عباسی صاحب، پاکستان پیپلزپارٹی کے سردار لطیف کھوسہ صاحب،

MMA کے سینیٹر پروفیسر خورشید احمد صاحب and of course the most famous جن کو

میں مذاق سے کہتا ہوں he is a friendly fundamentalist سینیٹر سمیع الحق صاحب، وہ تو

شریف آدمی ہیں، پتا نہیں وہ لوگ ڈر گئے، چار اپوزیشن کے اور چار ہماری طرف سے دوسرے

لوگ تھے، ان میں سینیٹر گلشن سعید صاحبہ بھی تھیں تو اس حوالے سے ہماری جو بلوچستان کی

کمیٹی بنی اس drafting committee میں سینیٹر رضا محمد رضا صاحب the honourable

leader and member of the Pakhtoonkhawa Milli Awami Party, سینیٹر اسلم

بلیدی صاحب representing the four party Baloch Alliance, چار پارٹی alliance میں

عطا اللہ مینگل صاحب کی بلوچستان نیشنل پارٹی بھی آتی ہے، JWP بھی آتی ہے، اس میں خیر

بخش مری صاحب کی بھی پارٹی آتی ہے اور جو ہمارے دوسرے BNP کے دوست ہیں وہ بھی

آتے ہیں، تو ان کی representation ہو گی and then also the head Prof. Khurshid

Ahmed, MMA. So, Pukhtoonkhawa Milli Awami Party represented, four

party Baloch Alliance represented, MMA represented تین وہ ہو گئے، drafting

committee میں ہمارے ساتھ سینیٹر دلاور عباس تھے، جنہوں نے بڑی محنت کی اور خاص طور پر

انہوں نے gas royalty پر فارمولا تیار کیا through his hard work کیونکہ یہ اس field کے

expert ہیں، he discussed with the Ministry of Petroleum and Natural

Resources. ابھی draft ہے اور سعید ہاشمی صاحب نہیں ہیں، وہ بھی تھے اور ساتھ میں بھی

تھا۔ So, equally we have worked دن رات، اس میں سینیٹر رضا محمد رضا صاحب اور اپوزیشن

کے لوگوں نے بڑا تعاون کیا۔ اس دن چھٹی تھی اور اتوار کے دن میٹنگ رکھی گئی، میں نے کہا

کہ جی میٹنگ ہو گی، میرے گھر میٹنگ ہو جائے۔ ٹھیک ہے اسمبلی بند ہو گی، پارلیمنٹ ہاؤس بند

ہو گا، میں نے کہا it doesn't make a difference, our priority is that we have to

meet the dead line ہم نے commitment دی ہوئی ہے، یہ dead line ہے، ہم dead

line meet کریں گے اور میٹنگ ہمارے گھر میں ہو گی، اور پورا دن میٹنگ ہوئی۔ رمضان شریف

میں ہم نے بلوچستان جا کر میٹنگ کی۔ پروفیسر خورشید صاحب کا اور کئی دوستوں کا روزہ بھی تھا،
ہم نے وہ meetings بھی کیں۔ اس حوالے سے we came out with the unanimous
سارے وہ report of recommendations of the drafting committee, 31 points.
ادھر ہیں and we said جو issues ہیں اور by the way Mr. Chairman, it is very
interesting میں نے پچھلے ریکارڈ دیکھے ہیں۔ جو demands کے issues اس وقت ہیں۔ اس
میں اسحاق ڈار صاحب نے ٹھیک کہا ہے کہ یہ initiatives لیے گئے تھے گوادر اور کوسٹل ہائی
وے پر ۔ These were long standing demands of the people of Balochistan.
کہ یہ مسئلے حل کریں چاہے گوادر پراجیکٹ ہو، سڑک پراجیکٹ ہو، کوسٹل ہائی وے ہو،
economic development ہو اور پھر ہمارے کچھ دوستوں نے بھی demand کی ہے
about dams in the Pashtoon areas. وہ بھی ہم نے کہا ۔ I went with Shaukat
Aziz to Zhob. وہاں ہم نے ژوب۔ ڈیرہ اسماعیل خان کا ہائی وے اعلان کیا ہے۔ ہم نے
لورالائی۔ ڈیرہ غازی خان ہائی وے کا بھی اعلان کیا۔ سبکزئی ڈیم کا بھی کیا۔ So, you know,
things which were being demanded, things which have been discussed
for years. اس کی implementation میں بھی ہم نے role play کیا۔ میں نہیں کہتا کہ
perfect situation ہے۔ ٹھیک ہے غلطیاں ہوئی ہیں لیکن ہم ان غلطیوں کا ازالہ مذاکرات کے
ذریعے کریں گے ۔ Through discussion, through debate, not through Danda.
That is the difference, the mind set is changed. یہ mind set 21st century
پاکستان کا، چاہے Establishment ہو، چاہے political leadership اس طرف ہو یا اس طرف
کی ہو ۔ They would not work. So, in the context of Balochistan, I think we
have made progress. ہم پوری کوشش کر رہے ہیں at the highest level. آج چوہدری
شجاعت صاحب سے میری میٹنگ ہو رہی تھی۔ ہم نے فیصلہ بھی کیا کہ پارلیمانی کمیٹی کی میٹنگ
ہونی چاہیے۔ اگر مسئلے حل کرنے ہیں تو option کیا ہیں؟ مذاکرات ہیں۔ اب کمیٹی بھی انہی
دوستوں کا initiative تھا۔ اس کو ہم نے فوراً push کیا۔ And I am very gratful that our
friends across the divide have extended their full coperation and full

support in that. اب اس کمیٹی کا مقصد کیا ہے کہ جو آپ کے دیرینہ مسائل ہیں ان کا حل ڈھونڈے سیاسی مشاورت کے ساتھ اور سیاسی مذاکرات کے ساتھ، مفاہمت کے ساتھ اور اس کو آگے لے کر چلیں۔ اب اس کمیٹی میں اگر آپ نہیں بیٹھتے for some reasons اب ناراض بھی کمیٹی سے نہیں ناراضگی کسی اور چیز سے ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ پھر اور کیا راستہ ہے؟ Democratic process میں dialogue کے علاوہ کیا راستہ ہے؟ Government کی responsibility آتی ہے۔ We are trying to fulfil our responsibility. تو میں اپنے دوستوں سے اپیل کروں گا کہ ہم آپ کی بات کر رہے ہیں۔ یہ ہمارے issues ہیں۔ It is no favour to Balochistan. Balochistan is not a matter. بلوچستان سے ماضی میں کافی زیادتیاں ہوئیں ہیں اور لگاتار ہوتی رہی ہیں۔ خود جنرل مشرف نے جاکر کوئٹہ میں معافی مانگی ہے۔ He was the first Pakistani ruler to apologize publically. کہ جی ہم نے زیادتیاں کی ہیں۔ انہوں نے کہا گوکہ میں ان کا ذمہ دار نہیں لیکن I apologize on behalf of Governments in the past. انہوں نے اچھا کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے بنگال میں جاکر ملٹری ایکشن کی معافی مانگی۔ وہ معافی بھی ہمیں مانگنی چاہیے تھی جو زیادتی ہوئی تھی۔

Crimes against minority were committed. Yes! it shows in Pakistan there is now enough maturity کہ ہم ماضی کی غلطیاں نہیں دہرانا چاہتے۔ تو اس political process میں میرے خیال میں ہم سب ساتھیوں کو مل کر چلنا چاہیے۔ یہ خدشات رہے ہیں اور ہیں بھی اور میں سمجھتا ہوں چاہے رضا محمد رضا صاحب ہوں، ثناء اللہ بلوچ ہوں یا امان اللہ کنرانی صاحب ہوں۔ آج میری نواب ایاز جوگیزئی صاحب سے بات ہو رہی تھی۔ وہ بھی پختونخواہ ملی عوامی پارٹی کے ایک بڑے لیڈر ہیں۔ میں نے کہا کہ میں آپ سے تفصیلی ملاقات کرنا چاہتا ہوں۔ رضا محمد رضا صاحب ہوں یا محمود خان اچکزئی صاحب ہوں میری ان سے بات ہوتی رہتی ہے۔ کوئی بھی مسئلہ ہو ہم حل کریں گے۔ آپ دیکھیں کہ ہم نے اس حوالے سے بہت بڑے initiatives لیے ہیں۔

We were having in the first meeting sir, I just want to tell you about an incident of 24th of March. On 24th of March we were having lunch with Nawab Akber Khan Bugti sahib. ان کو satellite phone پہ message آیا کہ

جی پیرا ملٹری آ رہی ہے' کوئی فوج آ رہی ہے۔ سڑک اس وقت بند تھی۔ کیا بنے گا؟ کوئی ملٹری
اپریشن شروع ہو رہا ہے۔ تو اس نے کہا کہ یہاں تو ملٹری اپریشن کا خطرہ ہے۔ تو میں نے مذاق
میں نواب صاحب کو کہا کہ نہیں آج تو ناغہ ہے۔ آج تو ہم آنے ہوئے ہیں۔ فکر نہ کریں کچھ
بھی نہیں ہوگا۔ میں نے کہا کہ جی بات کرائیں۔ شیر علی مزاری صاحب جو نواب صاحب کے
nephew ہیں وہ بھی ساتھ تھے۔ میں نے کہا کہ جی satellite phone پر بات کرائیں۔ اسی دن
GHQ میں high powered meeting بلوچستان کی صورتحال کے متعلق ہو رہی تھی تو ان کے
General Dar, who also played a positive role in the sense that he has been
supportive in this situation ان کے نمبر two Brig. Saleem تھے' ان سے چوہدری
شجاعت صاحب نے بات کی۔ انہوں نے کہا کہ ویسے common sense کی بات ہے' کوئی ایسی
بات نہیں۔ شجاعت صاحب نے کہا کہ آپ اپنی army ' یہ جو نقصان ہوا ہے اس کو
withdraw کریں۔ ایک civilian ایک serving military officer کو order دے رہا ہے۔
چوہدری شجاعت نے کہا کہ I am now an authority, I tell you you should
withdraw۔ بریگیڈیئر نے کہا ٹھیک ہے جناب I will do that. So, you know, it was
not immediately and that situation which could have wrecked the talks at
that point in time. وہ defuse ہوئی۔ اس سے show ہوتا ہے کہ political leadership,
جناب چیئرمین! میں آپ سے بات کر رہا ہوں کہ چوبیس مارچ کو جس دن ہم صبح صبح special
plane میں نکل رہے تھے and I also try to be a student of history. We are all
students of life but we are student of history also. میں نے کہا کہ کاش! چوبیس
مارچ 1971 کو سیاسی بصیرت ہوتی' سوچ ہوتی' ہماری اس وقت کی سیاسی قیادت میں برداشت کا
مادہ ہوتا تو شاید پچیس مارچ کا سانحہ نہ ہوتا جب military action ہوا' جس کو political forces
نے بھی support کیا اور ایک majority party کی leadership کو deny کیا گیا جس سے
پاکستان unfortunately, eventually دو لخت ہوا۔ میں ابھی مانچسٹر کانفرنس کے لیے گیا ہوا
تھا' کئی لوگ ملے' انہوں نے کہا کہ آپ لوگوں نے بڑا اچھا role play کیا ہے کہ اتنے بڑے
سانحہ سے ملک کو بچا لیا۔ ہم اس میں credit نہیں لیتے کہ چوہدری شجاعت نے یا میں نے کچھ

It is a collective credit of the political forces, whether they are in the کیا۔

ہم ماضی کی غلطیاں نہیں دہرانا Opposition or they are in the Government because چاہتے، اس کے نتائج ہوں گے جو ماضی میں ہوئے ہیں۔ اسی لیے ہم کہتے ہیں آگے چلیں move on, سب کو ساتھ لے کر چلیں۔ ایک فورم بنا ہے ، اس پارلیمنٹ نے فورم دیا ہے۔ پارلیمنٹ کی بالادستی قائم کرنے میں اس سے بڑی مدد ملے گی کہ بلوچستان کے جو دیرینہ مسائل ہیں اگر وہ پارلیمنٹ کی کمیٹی کے ذریعے حل ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین! ماضی میں کیا ہوتا رہا ۔ جس کام کو ٹرخانا ہے جس کام کو کھوہ کھاتے میں ڈالنا ہے جیسا کہ پنجابی میں کہتے ہیں وہ آپ کمیٹی کے حوالے کر دیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ آج شیر افگن خان نیازی صاحب نے بڑا اچھا initiative لیا، جب انہوں نے سارا protest کیا، کتنے کوئی پانچ ، چھ motions آئی ہیں تو شیر افگن خان صاحب نے کہا کہ سارے کمیٹی کو چلے جائیں تو یہ بڑی اچھی بات ہے۔ شیر افگن خان صاحب نے بھی اپنے جمہوری ذہن کا مظاہرہ کیا اور انشاء اللہ جو privileges committee ہے وہ پورے effective measures لے گی، جہاں ظلم ، زیادتی ہو we all should condemn اس میں کوئی دو باتیں نہیں اور یہی پارلیمنٹ کا کام ہے کہ جو بات وہ کریں پارلیمنٹ کے ذریعے کریں۔ اب ایک نادر موقع ملا ہے اور مجھے یاد ہے محمود خان اچکزئی کو میں نے کھانے پر بلایا تھا، پچھلے ماہ وہ میرے ہاں آئے تھے انہوں نے کہا کہ مشاہد بھائی اور جو بھی ہو بلوچستان کے مسئلے پر ہم پارلیمانی کمیٹی کو کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں کیونکہ یہ ساری پارلیمنٹ کی عزت کا سوال ہے۔ یہ ساری پارلیمنٹ کی بالادستی کا سوال ہے ۔ یہ ساری پارلیمنٹ کی honour کا سوال ہے کہ پارلیمنٹ کے ذریعے سارے مسئلے حل ہو سکتے ہیں۔ کاکڑ صاحب کے لیڈر محمد خان شیرانی صاحب جو ہمارے بڑے پرانے محترم دوست ہیں ، بڑے اچھے آدمی ہیں اور میں مذاق سے کہتا ہوں کہ وہ personalitywise بلوچستان کے خمینی ہیں اور ان کی independent سوچ ہے وہ ان کی پارٹی کسی سے NOC نہیں لیتے، وہ خود مختار ہیں۔ پچھلے دنوں ان کی صدر مشرف صاحب سے بڑی اچھی میٹنگ ہوئی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ معاملات آگے چلیں، سب کو ساتھ لے کر چلیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس حوالے سے Parliamentary committee must succeed. Balochistan's problems should be resolved

ہم اور politically, through debate, dialogue, discussions and not *Danda.*
سب کو ساتھ لے کر چلنا چاہتے ہیں ۔ آپ کو یاد ہوگا ہم نے تو ادھر یہ بھی کہا تھا کہ ہم
خیر بخش مری صاحب سے ملنا چاہتے ہیں' وہ غالباً بیمار تھے ' ان کے بیٹے چنگیز مری صاحب ہماری
مسلم لیگ میں رہے ہیں اور میری اختر مینگل صاحب سے discussion ہوئی تھی اور کھل کر
باتیں کیں۔ ہم تو کھلے دل سے چل رہے ہیں we want the issues to be resolved and
I want to reassure ہمارے جو ساتھی ہیں' نمائندے ہیں خاص طور پر بلوچستان سے خواہ ان کا
تعلق کسی بھی پارٹی سے ہو کہ ہم پارلیمانی کمیٹی کے ذریعے ' پارلیمنٹ کے ذریعے' اس ایوان کے
ذریعے 'سب کو ساتھ لے کر معاملات حل کریں گے اور ہم یہی چاہتے ہیں کہ ملک میں بھی ماحول
بہتر ہو اور اسی طریقے سے معاملات حل ہوں اور افہام وتفہیم ہو کیونکہ راستہ یہ ہے politics of
polarization cannot work, اور بلوچستان کے حوالے سے میں بتانا چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ
2nd May کو صبح گیارہ بجے ہم نے میٹنگ بلائی ہے Parliamentary Committee on
Balochistan to review the report ایک ہماری رپورٹ تیار ہے وہ on schedule تیار
ہوئی ہے پاکستان کی تاریخ میں پہلی رپورٹ ہے جو schedule دیا گیا تھا' timeline,
deadline دی گئی تھی' اس کے مطابق تیار ہے اور دوسری discussion ہو رہی ہے سینیٹر
وسیم سجاد صاحب کی کمیٹی کی۔ ان سے آج بھی میری بات ہوئی گوادر کے issue پر' میں نے
کہا we have to give some constitutional guarantee یہی چوہدری شجاعت صاحب نے
بھی ہمیں کہا on the issue of Gwader. So, they should view یہ کوئی نہیں کہ جو
خدشات ہیں لوگوں کو کہ گوادر میں majority might turned into minority or the
rights will not be given. They have to be given. Things have to change
گوادر کے حوالے سے بھی۔

میں جناب چیئرمین ! یہ بتا دوں finally before I conclude کہ ہماری جو نیت ہے
اسے دیکھ لیں 7th October کو کمیٹی بنی تھی' launch ہوئی 12th October officially. کو
پہلی میٹنگ میں نے بلائی۔ میرے پاس سینیٹر ثناء اللہ بلوچ صاحب آئے اور میں سمجھتا ہوں کہ
he had a very good presentation. آئندہ کوئی حکومت بنے تو he will be a very

He can - کیونکہ ان میں جان ہے good minister for interprovincial coordination.

ان کے بھائی فوج میں ہیں، یہ خود Opposition میں ہیں، ان کے اور reach out the divide.

ساتھی ہمارے ساتھ ہیں اور national سوچ یہی ہوتی ہے۔ ان کی دوستیاں ہیں پنجاب میں،

فرنٹیئر میں، سندھ میں، سب کو ساتھ لے کر چل سکتے ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضروری ہے۔

انہوں نے کہا کہ جی میرے کچھ points of view ہیں، I want to give a presentation.

میں نے کہا سو بسم اللہ - It was an outstanding, professional, competent,

detail oriented presentation given on the power point in the first meeting.

اب فیصلہ ہوا کہ کیا کرنا ہے اس presentation کا کیونکہ لوگ ڈرتے ہیں کہ جی یہ تو

Opposition کے ہیں اور بڑے تگا کر Opposition کے leader ہیں۔ میں سمجھتا ہوں یہ

بڑے دبنگ اور دلیر لیڈر ہیں۔ کوئی لگی لپٹی بات نہیں کرتے۔ دوسرے لوگ ڈرتے ہیں کہ یہ

سرکاری پارٹی کے سرکاری سچ بولیں۔ NOC لیں اور پتا نہیں کیا لوگ خوفزدہ رہتے ہیں۔ میں نے

کہا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ جو report انہوں نے دی ہے presentation, this is part of

the official record. ہم یہ کریں گے کہ اس کی بنیاد پر میں بلاؤں گا حکومت کے جو اہلکار ہیں،

جو وزارت کے لوگ ہیں، کہ وہ آکر اس رپورٹ کا جواب دیں۔ یہ انہوں نے بڑا important موقف

پیش کیا ہے۔ اس کے جواب میں حکومت کا کیا موقف ہے in the interest of balance,

fairness and even-handedness. میں نے کہا Ministry of Defence بھی آئے گی،

Ministry of Interior بھی آئے گی، Ministry of Finance بھی آئے گی، Ministry of

Ports and Shipping بھی آئے گی، Ministry of Petroleum and Natural

Resources بھی آئے گی، and not only that, Mr. Chairman, وہ سارے آئے۔ سب

سے انہوں نے سوالات کیے۔ Then we went to Quetta. وہاں میں نے Secretary

Interior کو بلایا اور میں نے کہا کہ یہ جو IG, F.C. ہیں وہ خود موجود ہوں، ان کا number 2

موجود ہو اور چھ گھنٹے، Mr. Chairman, there was a direct back and forth dialogue.

ثناء اللہ بلوچ صاحب ویسے بھی اپنا homework کرکے آتے ہیں، وہ پورے تیار ہو کر آئے، رضا

محمد رضا صاحب آئے۔ یہ pickets کی بات ہے، یہ ظلانی بات ہے، یہ check posts کی بات ہے۔

انہوں نے کہا یہ سمگلنگ کی وجہ سے ہیں۔ میں نے کہا سمگلنگ صرف دو issues پر ہوتی ہے۔
سمگلنگ ہوتی ہے منشیات کی یا سمگلنگ ہوتی ہے weapons کی۔ یہ دو کمبل لے لیے، کوئی تیل
لے گیا، کوئی چاول، دال لے لی، یہ سمگلنگ وغیرہ نہیں ہے، ان کو چھوڑیں let us move on
اور لوگوں کو تنگ کرنا بندکریں، and that way for six hours there was
interaction for the first time between the uniformed people and our friends
from the Opposition specially, nationalists. جو کہتے ہیں تو اس حوالے سے ہم نے
یہی ایک forum provide کیا اور I think مجھے لوگوں نے کہا اور وہاں پر ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ
صاحب نے ہمارا ایک reception dinner بھی کیا اور ہم وہاں پر سب سے ملے، everybody
and anybody. ان کا جرگہ ملا، وہاں کا پشتون جرگہ ہم سے ملا۔ میں نے کہا our doors are
open to anybody and everybody and any issue is open for discussion.
انہوں نے پہلی دفعہ کہا کہ یہ issues بلوچستان کے ہیں from the Federal level. اسلام آباد
سے کچھ لوگ آئے ہیں، they have to discuss these things. اس حوالے سے ہماری سوچ
اور ہے۔

Chaudhry Shujaat sahib's father has been a political prisoner in Kohlu in the heart of Marree territory 30 years ago. I as a jourlist, as Editor of the Muslim,

بیس سال پہلے میں گیا تھا، اکبر خان بگٹی کو interview کرنے۔ جنرل شیروف کو interview
کرنے۔ بلوچستان ڈائری میں نے لکھی تھی اس زمانے میں۔ لوگوں کے interview کیے۔ یحییٰ
بختیار کا بھی interview کیا تھا میں نے۔ پھر فرنٹیئر ڈائری اور سندھ ڈائری بھی کی تھی۔ ہمارا
ایک احساس ہے، ہمیں معلوم ہے۔ یہ نہیں کہ ہم اسلام آباد یا لاہور میں بیٹھے ہیں تو گپ شپ مار
رہے ہیں۔

We know, we are aware of the problems and we want to resolve those problems politically through dialogue. So, that is the essence of our politics, that is the basis of our politics and I feel that the Parliamentary

Committee should be supported. I appeal to our friends in the Opposition.

ثناء اللہ بلوچ صاحب آپ نے initiative لیا تھا' اس کو اب آپ منطقی انجام تک پہنچائیں۔ اس کو resolve کریں۔ امان اللہ کنرانی صاحب بھی اور انشاء اللہ جلد ہم ڈیرہ بگٹی بھی چکر لگائیں گے اور میں نے آج بھی ان کو کہا کہ میرا سلام نواب صاحب کو convey کر دیں۔ کیونکہ میں باہر گیا ہوا تھا ان سے ملاقات نہیں ہوسکی۔ رضا محمد رضا صاحب کو بھی اور دوستوں کو بھی کہ ہم خاص طور پر' بلوچستان کے حوالے سے میں بات کر رہا ہوں کہ we would like to move on. کاکڑ صاحب شیرانی صاحب' کو بھی میرا سلام ضرور دیجیے گا۔ ہم سب لوگوں کو ساتھ لے کر چلیں گے انشاء اللہ اور مقصد یہی ہے that issues should be resolved اور اس حوالے سے provincial autonomy کا جو issue ہے۔ یہ بہت بڑا issue ہے۔ماضی میں یہ سوچ رہی ہے کہ مضبوط مرکز ، مضبوط پاکستان کی علامت ہے۔ Strong center means a strong Pakistan.

We say nothing doing. I said in the National Security Council اور ہماری recommendation بھی ہے کہ مضبوط صوبے' مضبوط پاکستان کی علامت ہیں'مضبوط وفاق کی علامت ہیں۔

That is the thing the other way round, Federation will be strengthened through the provinces because they are the voluntary part of the Federation. That is the essence of provincial autonomy. Anything can be debated.

آئین کو خود چوہدری شجاعت صاحب نے اعلان کیا کہ ہم آئینی ترمیم بھی لاتے ہیں۔ ہم سینیٹر کی پاور کی بات بھی کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کی proposal بھی آئی۔ Council of Common Interests کی بات بھی کرتے ہیں اور جو حقوق دینے ہیں خاص طور پر یہ جو fear جو ہے minority وغیرہ کا ۔ جو جائے گوادر he cannot be a local resident, he cannot vote there, he cannot prepair role there یہ بات کھل کر آنی چاہیے۔ یہ نہ ہو کہ کراچی سے لوگ آجائیں گے' پنجاب والے آجائیں گے۔ کوئی نہیں آنے دیں گے آپ اس کا فکر نہ کریں۔ اگر ایسی چیز ہے تو قانون اس کا تحفظ کرے' آئین میں اس کے لیے تحفظات ہوں۔ اگر آئین

میں ترمیم کی ضرورت ہے تو وہ انشاء اللہ اس میں کی جائے۔ ہم کھلے دل سے چل رہے ہیں and again I repeat, dialogue not Danda. That is the basis اور پارلیمانی کمیٹی کو مضبوط کریں اور بلوچستان کے حوالے سے بلوچستان کے مسائل کو حل کریں اور ہم نے track record show سے کردیا کہ ایک کافی بڑا مسئلہ جو ڈیرہ بگٹی اور سوئی کا بنا ہوا تھا particularlyاس علاقے کا تھا۔ نواب اکبر بگٹی سے انہی حالات، پر بات کی۔ اس کو ہم نے افہام وتفہیم سے حل کیا اور میں بڑا ممنوں ہوں نواب اکبر بگٹی صاحب کا کہ انہوں نے بڑا تعاون کیا۔ انہوں نے بڑی فہم و فراست سے کام لیا۔ positive roleادا کیا اور اسی طریقے سے باقی کے دوستوں نے بھی جو آرمی کے اندر ہیں، اسٹیبلشمنٹ کے اندر ہیں؛ even the I.G. F.C. they played a positive role; they gave us the lead role and we got their cooperation تو انشاء اللہ we will try to resolve these issues. I thank all the members for the intelligence and their patience.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے کہ پھر کافی لمبا ہو جائے گا۔ be very brief.

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ ، شکریہ جناب چیئرمین ! میں مشکور ہوں کہ محترم مشاہد حسین صاحب نے بڑی تفصیل کے ساتھ بلوچستان کی پارلیمانی کمیٹی سے متعلق بات کی۔ ویسے پاکستان مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل اور ruling party کی حیثیت سے پاکستان میں جو political situationہے سب پر تفصیل سے بات کرنی چاہیے تھی۔ کارکن گرفتار ہیں۔ Anti Terrorist Actکے تحت ان پر کارروائیاں ہو رہی ہیں۔ لیکن انہوں نے اگر پارلیمانی کمیٹی کے حوالے سے بات چھیڑی ہے میں نے کل بھی آپ سے گزارش کی تھی کہ جناب والا! ہم قانون پر اور پارلیمنٹ کے rules and procedures پر یقین رکھتے ہیں۔ پارلیمانی کمیٹی یہاں پر سات اکتوبر کو بنی۔ سات اکتوبر کا verbatim نکال کر دیکھیں۔ ہماری ساری تقاریر on recordہوں گی۔ ہم نے کہا تھا کہ بلوچستان کا مسئلہ اگر نیک نیتی سے ہو، خلوص دل سے کوئی حل کرنا چاہے تو نوے دن بھی نہیں، نوے منٹ میں حل ہو سکتا ہے۔ لیکن خیر اس کو نوے دن کا mandate

دیا گیا۔ سات اکتوبر سے سات جنوری تک اس کے پاس پارلیمنٹری مینڈیٹ ہے اس institution کا mandate ہے۔ سات جنوری کے بعد اس کا mandate expire ہوگیا ہے اس کی کوئی physical presence اب آئینی طور پر نہیں رہتی۔ ایک تو یہ ہے کہ اگر کوئی کرنا چاہتا ہے تو بے شک ان کے پاس اکثریت ہے وہ اس کے لیے نیا mandate لے لیتے ہیں۔ کام کرتے ہیں، الگ بات ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم نے محنت کی، ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم اپنے صوبے کے تمام مسائل ان کے سامنے رکھیں ۔ ہم نے جو پہلا اس کا اجلاس تھا اس میں دس نکات کے confidence building measures پر تھا کہ بلوچستان اور وفاق کا مسئلہ اعتماد کا ہے۔ آپ جتنے بھی دعوے کریں۔ ہمارا اعتماد نہیں رہا۔ کیوں نہیں رہا۔ آپ کی فرنٹیئر کور کی وجہ سے۔ جو 33 ہزار کی آبادی ہے سارے کے سارے بلوچستان سے باہر سے لائی گئی ہے۔ کوسٹ گارڈ کی وجہ سے، ان کی picket کی وجہ سے، خفیہ اداروں کی کارروائیوں کی وجہ سے---

جناب چیئرمین، ثناء صاحب آپ اپنی تقریر کر چکے ہیں اب اس کو repeat نہ کریں۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، گوادر میں خصوصاً ہم نے کہا کہ جب تک آپ کی recommendations آجائیں گی۔ جناب اب ساتواں آٹھواں مہینہ ہو رہا ہے۔ گوادر کی ساری زمینیں بوریاں بھر کر لوگ پیسے لے جا کر خرید رہے ہیں۔ آپ constitutionally اس کو change کریں گے تو اس میں اس وقت کیا رہ جائے گا۔ لہٰذا جناب جو اعتماد کی بحالی کے ہمارے نکات تھے---

(مداخلت)

جناب چیئرمین، آپ کمیٹی میں جائیں ان سے بات کریں۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب یہ کمیٹی میں جاتے نہیں ہیں۔ وہاں پر انہوں نے بائیکاٹ کیا ہوا ہے۔

سینیٹر ثناء اللہ بلوچ، بارہ اکتوبر کو جب ان پر عملدر آمد نہیں ہوا تو۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ پہلی دفعہ ہوا ہے کہ بلوچستان issue انہوں نے شروع کیا اور وزیراعظم پاکستان، اس وقت کے وزیراعظم پاکستان چوہدری شجاعت حسین خود یہاں پر

تشریف لائے اور ان کے کہنے پر یہ کمیٹی بنی۔ کمیٹی سے انہوں نے بائیکاٹ کیا ہوا ہے۔

**جناب چیئرمین،** سن لیں' ان کو بھی سن لیں۔

**سینیٹر کامل علی آغا،** جناب انہوں نے تقریر کر لی ہے۔ بار بار اگر آپ ان کو وقت دیں گے تو یہ تو تماشا بنانا چاہتے ہیں۔ یہ بلوچستان کامسئلہ حل نہیں کرنا چاہتے ۔ ان کے کم از کم ثناء اللہ بلوچ یہ نہیں چاہتے۔ مشاہدحسین صاحب نے بڑی اچھی تعریف کی ہے ۔ اس لیے کہ شاید ان کے اندر کوئی لچک پیدا ہو لیکن یہ قطعی طور پر بلوچستان کے حمایتی نہیں ہیں۔ یہ بلوچستان کے لوگوں کو exploit کرنا چاہتے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کو behave کرنا چاہیے اس کمیٹی میں آ کے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین،** آغا صاحب! تشریف رکھیے۔ مراد علی شاہ صاحب کی تقریر سنیں۔ نہیں ثنا صاحب! آپ کی تقریر ہو گئی۔ لمبی تقریر نہیں ہوتی۔

**سینیٹر ثناء اللہ بلوچ،** مجھے ختم کرنے دیں۔

**جناب چیئرمین،** جی مراد علی شاہ صاحب۔ رضا صاحب! آپ بھی تقریر کر چکے ہیں' یہ بھی کر چکے ہیں۔ دوسروں کو موقع دیں آپ۔ میرا خیال ہے رضا صاحب اس طرح پھر ہر کوئی بولتا رہے گا تو پھر بات نہیں چلے گی آگے۔

**سینیٹر کامل علی آغا،** جناب! یہ اجلاس ان کا بلایا ہوا ہے۔ ہم یہاں پر بیٹھے ہیں اور ہم اتنا پرسکون ماحول ان کو سننے کے لیے دے رہے ہیں۔ اگر یہ اپنی روایات 'بار بار بائیکاٹ اور بار بار interruption, کریں گے اور اگر یہ اس کو properly نہیں چلانا چاہیں گے تو ہم ان کے رویے کے خلاف بائیکاٹ کر جائیں گے۔ اگر یہ طریقہ کار رہا تو جناب! ہم بائیکاٹ کر جائیں گے اس کے خلاف۔ میں آپ کو clearly بتا رہا ہوں۔ اگر ان کا رویہ یہی رہا' انہوں نے rules کی پابندی نہ کی اور اس ہاؤس کا تقدس برقرار نہ رکھا تو ہمیں کوئی مجبوری نہیں ہے کہ ہم ان کی requisition پر بلائے ہوئے اجلاس میں یہاں پر بیٹھ کے ان کے غیرجمہوری رویے کو برداشت کریں۔ ہم نہیں کریں گے جی۔

جناب چیئرمین، ماحول خواہ مخواہ خراب ہو رہا ہے۔ جو تقریر کر چکے ہیں وہ رہنے دیں۔ اب نئے لوگوں کو تقریر کر لینے دیں۔ وہ بہتر رہے گا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب چیئرمین صاحب! مسئلہ یہ ہے کہ اجلاس بڑے اطمینان سے چل رہا تھا لیکن اگر حکومت یہ سمجھتی ہے کہ وہ کوئی احسان کر رہی ہے requisition session میں بیٹھ کے تو حکومتی کوئی احسان نہیں کر رہی۔ اگر حکومتی بنچ اس session کا بائیکاٹ کرنا چاہتے ہیں تو شوق سے کریں۔ کورم ہمارے پاس پورا ہے اور انہوں نے وہ آزمانے کی کوشش بھی کی۔ کورم ہمارے پاس پورا ہے۔ کورم کو ہم maintain کریں گے۔ اگر آپ حکومت کا آلہ کار بن کے session کو prorogue کرنا چاہتے ہیں تو آپ prorogue کردیں۔ ابھی اس وقت ہمارے پاس دوسری requisition تیار ہے۔ ہم اس requisition کو آج ہی داخل کریں گے۔

Mr. Chairman: Raza Sahib, I think that is uncalled for and very disappointing.

جو آپ بات کر رہے ہیں۔ جو آپ مجھے کہہ رہے ہیں I think that is uncalled for.

Senator Mian Raza Rabbani: I have great respect for Kamil Ali Agha Sahib but that is the threat that he gave.

Mr. Chairman: That is not threat. He has given his views.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Let us continue by the speeches. Murad Ali Shah Sahib.

سینیٹر کامل علی آغا: ہم ان کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں۔ ہم نے تھوڑا protest کیا تھا، اس لیے کیا تھا کہ یہ اپنے بلائے ہوئے اجلاس سے بار بار واک آؤٹ کرتے ہیں۔ یہ رویہ ان کا درست نہیں ہے۔ اگر یہ چاہتے ہیں اور جس طریقے سے انہوں نے کہا ہے آج ابھی دومنٹ پہلے کا جو ان کا رویہ تھا ہمیں چاہیے کہ ہم فوری طور پر واک آؤٹ کریں۔ اس کے باوجود ہم ان کا

احترام کرتے ہیں۔ ہم جمہوری رویوں کو قائم رکھنا چاہتے ہیں۔ ہم یہاں پر بیٹھیں گے اور ان کو سنیں گے لیکن شرط ایک ہے کہ یہ Rules of Procedure کی پابندی کریں۔

جناب چیئرمین: اس کی سب پابندی کر رہے ہیں اور انشاء اللہ کریں گے۔ سید مراد علی شاہ۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب!---

سینیٹر رضا محمد رضا ، جناب والا!

جناب چیئرمین، آپ بول چکے ہیں۔ اگر اس طرح ہر کوئی کرے گا تو پھر میں کس طرح توازن قائم رکھ سکوں گا۔ آپ اس ہاؤس کے ایک ذمہ دار ممبر ہیں۔ اس لیے آپ مہربانی کرکے تشریف رکھیے۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، جناب والا! اس وقت temperament کافی گڑبڑ ہے اور اس ماحول میں میری یہ کیا تقریر سنیں گے۔

جناب چیئرمین، نہیں۔ سب بیٹھے ہوئے ہیں اور پوری توجہ سے آپ کی تقریر سنیں گے اور اگر کوئی temperament ہے تو یہ آپ کی تقریر سے ختم ہو جائے گا۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، جناب والا! ان حالات میں بھی کوشش کروں گا کہ کچھ بیان کرسکوں۔ جناب والا! صبح سے کافی تقاریر ہوئی ہیں اور امن و امان کے بارے میں ہوئی ہیں جن میں بتایا گیا ہے کہ اس وقت ملک میں امن و امان کی worst condition ہے۔ وزیرستان میں operation ہو رہا ہے اور ہماری حکومت نے امریکہ سے یہ شکایت کی ہے کہ انہوں نے بھرے بازار میں یہ کیوں کہہ دیا کہ یہ ہماری وجہ سے ہو رہا ہے اور ہم تو خود کر رہے تھے۔ اس طرح سے ملک میں گرانی بہت زیادہ ہے۔ افراط زر اب دو digit میں چلا گیا ہے ۔ اس وقت corruption prevalent ہے اور وہ لوگ جو مالیاتی دہشت گردی میں ملزم ہیں، وہی حکومت کو چلا رہے ہیں اور حکومت میں وہی ہمیں دھمکیاں دے رہے ہیں کہ لوگوں کا Terrorist Act کے تحت چالان کیا جائے گا۔ جب یہ حکومت برسر اقتدار آئی تھی تو انہوں نے کہا تھا کہ یہ صوبوں میں cohesion پیدا کریں گے لیکن خاص طور پر صوبہ سرحد کی بجلی کی royalty نہیں دی

گئی اور اس وقت صوبہ سرحد غربت کے level میں سب سے نیچے ہے اور اس کی اکثریت غربت کی line سے نیچی زندگی گزار رہی ہے۔

جناب والا! یہاں بہت ساری باتیں آغا خان کی ہوئی ہیں۔ آغا خان نے جو تعلیم پر چھاپا مارا ہے' اس کے حوالے سے عرض کرتا ہوں کہ آپ دیکھیں کہ یہاں Christina Rocca آئی اور وہ سیدھی Northern Areas میں چلی گئی۔ وہاں اس نے تین دن Agha Khan Foundation کے ساتھ گزارے۔ جب وہ وہاں سے واپس آئی تو اس نے ہمارے جنرل وزیر تعلیم کو تھپکی دی کہ سب کچھ ٹھیک ہو رہا ہے۔ جناب والا! Crisis Group کی چار reports آ گئی ہیں۔ ان میں یہی ہے کہ ہماری حکومت اس پر عمل کر رہی ہے۔ آغا خان کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ آغا خانیوں کے ساتھ ہمارا رابطہ کوئی ایک ہزار سال سے رہا ہے۔ ہماری تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب صلیبیوں نے ہم پر حملہ کیا تو یہ ان کے ساتھ تھے۔ تاتاریوں نے حملہ کیا تو یہ ان کے ساتھ تھے۔ انگریز Sir, Charles کے ساتھ تو آغا خان اول نے ایک ہراول دستے کے طور پر کام کیا اور وہ سندھ میں گیا۔ کھوڑوں' تالپوروں اور دیگر بہت سارے سندھیوں کو مار کر انہوں نے یہ حکومت حاصل کی۔ ہم ان کو حششین کہتے ہیں' assassin کا لفظ اس سے بنتا ہے۔ نظام الملک طوسی کو انہوں نے قتل کیا۔ صلاح الدین ایوبی پر حملہ کیا اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ انہوں نے ہی شہاب الدین غوری کو دریائے جہلم کے کنارے شہید کیا۔ جناب والا! مجھے بابر غوری پر حیرت ہوئی ہے کہ یہ اپنے آپ کو غوری کہتا ہے لیکن----

جناب چیرمین، آپ ذاتی reference نہ دیں۔ آپ جنرل بات کریں۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، انہوں نے ان کی وکالت کی ہے جنہوں نے ان کے جدامجد کو قتل کیا تھا۔

"حمیت جس کا نام تھا وہ گئی تیمور کے گھرانے سے"

یعنی انہوں نے ایک عجیب سی بات کی ہے۔ اسی طرح کشمیر کا مسئلہ ہے ۔ صدر صاحب ہندوستان کرکٹ کے بہانے چلے گئے اور اس طرح اس مسئلہ کو ایک کھیل سمجھ کر sabotage کیا۔ ہاں! یہ بات ٹھیک ہے کہ ہندو تو اپنی کسی بات سے پیچھے نہیں ہٹا ہے۔ وہ ابھی تک اٹوٹ انگ کی

بات کر رہا ہے لیکن ہماری طرف سے چھ سات options آ گئے ہیں۔ ہم تو اس مسئلہ پر ایسے بات کر رہے ہیں جیسے ہم پر کوئی pressure ہے اور اس مسئلہ کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ جناب والا! یہاں لاکھوں لوگوں نے قربانی دی ہوئی ہے اور وہ اس کو ختم کرنا چاہتے ہیں اور اس پر پانی پھیر دینا چاہتے ہیں۔ اس طرح سے وہ ہندو کی superiority کو مان کر اس کے سامنے جھک جانا چاہتے ہیں۔

تو جھکا جب غیر کے آگے نہ تن تیرا نہ من

یہ ہماری آزادی کو ختم کر رہے ہیں۔ کشمیر پر ہمارے جو بین الاقوامی حقوق ہیں، ان کو ختم کر رہے ہیں، کشمیر کو بھول جانا چاہتے ہیں اور موجودہ پاکستان پر ہی گزارا کرنا چاہتے ہیں۔ یہ بات ٹھیک ہے کہ یہ بات اوپر سے آئی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ slave has got no right to think but to submit

یہ ہر کوئی سمجھتا ہے کہ یہ پالیسی تباہی اور بربادی کی ہے، یہ کشمیر کو ہاتھ سے جانے دینے کی ہے اور اسے ہندؤوں کو پیش کرنے کی ہے۔ لیکن اس کے اوپر ہماری حکومت ہمارے ساتھ غداری کر رہی ہے اور اس طرح ہندو psyche کو نہ جانتے ہوئے ان کے ساتھ بات چیت کرتی ہے۔ ہندؤ psyche کیا ہے۔ گاندھی جناح ملاقات کے پیپر آپ دیکھیں، ہماری اور ہندؤوں کی sub-continent کی تاریخ میں یہ دیکھیں کیسے ہماری بات چیت ہوتی تھی۔ وہ تمام چیزیں پیش نظر رکھ کر ہندو جب ایک چیز کے اوپر ڈٹ جاتا ہے۔ وہ اپنا نقصان کرتا ہے۔ پارٹیشن میں یہ تمام چیزیں جو ہوئی ہیں۔ اتنے سخت مقابلے ہوئے اس میں یہی ہندو psyche responsibile تھی۔ آج بھی ہندؤ پاکستان کو نہیں مانتے۔ وہ اکھنڈ بھارت کے لیے کام کرتے ہیں اور اس طرح وہ اسی کے نیچے کام کرتے ہیں۔

آخری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہمیں enlightened Moderation کا سبق دیا جاتا ہے۔ Enlightened moderation کیا ہے؟ یہ ایک hybrid Islam ہے ایک دوغلا اسلام پیش کرنا ہے۔ جس پر ہمارا دشمن جو ہے وہ راضی ہو جائے۔ moderation اچھی چیز ہے لیکن ہماری جو ruling جنتا ہے اس کے ambitions میں بھی moderation ہونی چاہیے وہ بھی moderation کرے as ruling Junta وہ extreme پر نہ

جائے۔ بلکہ عوام کے حقوق ان کو واپس کرے۔یہاں جمہوری انداز اپنائیں اور یہ ambitions جو ہے یہ بھی modernize کرے۔ اس طرح یہ حکومت جب آئی تھی تو انہوں نے کچھ وعدے کیے تھے اور وہ یہ تھے کہ وہ provincial cohesion کریں گے۔ کرپشن کو مٹائیں گے اور یہاں جو مالیاتی نظام ہے۔اس کو ٹھیک کریں گے ۔ میں زیادہ وقت نہیں چاہتا لیکن جہاں تک ground reality ہے ۔ اس میں سے کوئی بات نہیں ہے۔یہ حکومت totally ناکام ہو چکی ہے اور اب صدر صاحب کو یہ چاہیے کہ وہ کسی ایک عہدے کو یا دونوں عہدوں کو چھوڑ کر اس ملک کو چلنے دیں۔خود انہوں نے ہمارے ساتھ دسمبر 2004 ، تک وعدہ کیا تھا انہوں نے بحیثیت individual وعدہ نہیں کیا تھا بلکہ بحیثیت Chief of the Armed Forces کیا تھا اور اس طرح armed forces کی جو credibility ہے اس کو نقصان پہنچایا ہے۔وہ تو ہنس رہے ہیں کہ ہم نے ان لوگوں کے ساتھ سیاست کی ہے لیکن اصل میں جو armed forces ہیں ان کے head ہونے کی وجہ سے armed forces کی جتنی credibility ہے۔وہ ختم ہو چکی ہے لوگوں کے اندر ان کی عزت ختم ہو چکی ہے کیونکہ ان کی تمام قوت جو ہے وہ عوام میں نہیں ہے بلکہ وہ عسکری ہے اور اس طرح اس عسکریت کو انہوں نے خراب کر دیا لہذا میں یہی استدعا کروں گا کہ اس کھیل کو ختم کیا جائے ۔صدر صاحب ! اس قوم پر مہربانی کریں اور ان کو چھوڑ کر یہاں ایک صحیح جمہوری حکومت قائم کرنے کی ان کو اجازت دیں۔ شکریہ

Mr. Chairman: I think, we break now, we shall reconvene before *Maghrib*, after *Maghrib*. What time then? 5 o' clock, 4.30, 6.00 or 5 o' clock, Sharp 5 o' clock. Now, we must again restrict the speeches because we are supposed to conclude today. We will take another day tomorrow thus you must finish tomorrow then. So, keep that in mind, as we have speecheson the issue tomorrow, we will conclude. The House is adjourned now, we'll reconvene *Insha Allah* at 5.00 p.m. today. Thank you.

*( Then the House was adjourned for Maghrib prayers.)*

*(The House re-assembled after interval with Mr. Chairman Mr. Mohammadmian Soomro in the Chair.)*

جناب چیئرمین، تنویر خالد صاحبہ آپ بولیں گی۔ Start کریں گی ۔

سینیٹر تنویر خالد، جناب کچھ لوگ تو آ جائیں۔

جناب چیئرمین، چلیں ٹھہر جائیں تھوڑے اور لوگ آ جاتے ہیں ۔ پھر شروع کریں

yes! waiting a few more numbers and we ask Mrs. Tanveer Khalid to speak.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، پندرہ منٹ ہو گئے ہیں ۔

Mr. Chairman: Mrs. Tanveer Khalid you count quality don't worry about the quantity.

سینیٹر تنویر خالد، آپ مجھ سے یہ فرما رہے ہیں "بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے"۔ بڑے weighty Senators یہاں بیٹھے ہوئے ہیں ۔ شکریہ جناب چیئرمین ! آپ نے بلوچستا ن کے بارے میں بات کرنے کا مجھے بھی موقع دیا and about Sindh as well ہمارے معززین اپوزیشن کے سینیٹرز ساتھی انہوں نے میرے خیال میں جی بھر کے بڑی تفصیل کے ساتھ تقریریں کی ہیں ۔ جس کے اندر میرے نزدیک بہت ساری تو حقیقتیں بھی ہیں لیکن کئی الزامات بھی ہیں ۔میں یہ سمجھتی ہوں کہ جب کسی پر تنقید کی جائے تو تنقید کا مطلب ہوتا ہے کہ اس کی کمزوریاں بھی بتاؤ اور اس کو شاباش بھی دو اگر اس کی خوبیاں ہیں جو کہ موجودہ حکومت کر رہی ہے لیکن ایسی کوئی بات نہیں ہوئی ۔ جو کچھ بلوچستان کے ساتھ بدقسمتی کا دور گزرا وہ ہمارے ساتھی اور آپ سب ہی لوگ جانتے ہیں کہ کن کن کی حکومتیں رہی ہیں ، کیسی کیسی حکومتیں رہیں ۔صوبوں کے لیے کیا کیا خاص طور پر بلوچستان کے لیے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ unlike other provinces بلوچستان میں totally سرداری حکومتیں رہی ہیں۔ جب اتنے عرصے سے یہ سردار حاکم ہیں اور وہاں اتنی بڑی تعداد میں عوام ہیں تو میرے نزدیک تو کسی بھی حکومت کا اخلاقی فریضہ ہوتا ہے کہ اس کی تربیت، دیکھ بھال، تعلیم اور سیکورٹی اور سب کی نہ صرف حفاظت کی جائے بلکہ اس کو بہم پہنچائی جائے۔ میرا سب سے پہلا سوال میرے اپوزیشن کے رہنماؤں خاص طور پر those who belong to Balochistan یہ سوال ہے کہ پچھلی حکومتوں نے اور سرداروں نے خاص خاص کیا کام کیا، کیا کارنامے انجام دیے for the welfare of the people? اور کیا ان کو total محکوم نہیں بنا کر رکھا اور آج بھی یہ صفات موجود ہیں جہاں جہاں پر چلتی ہے اور اکثر جگہ ہی پر چلتی ہوگی۔ پھر جو عوام ہیں they are like Harris سندھ میں ہاری کہتے ہیں وہاں بھی کچھ کہتے ہوں گے اور ان سے اتنے کام لیے جاتے ہیں اور اپنی مرضی کے کام لیے جاتے ہیں جیسے بیگار بھی اور بڑی nominal مزدوری کے اوپر اور ان کی عزت آبرو بھی کوئی میں نہیں سمجھتی کہ ہوتی ہے۔ جو یہ سارا ہوا after a long time اس حکومت نے توجہ دی ہے اور خاص طور پر بلوچستان پر توجہ دی ہے۔ اتنی زیادہ توجہ دی ہے کہ میں کہتی ہوں attentions ساری it is focused in Balochistan اور بجٹ کا ایک بہت زیادہ حصہ جو کہ بلوچستان کے لیے مخصوص نہیں ہوتا تھا یا نہیں تھا اتنا بھی وہ اس کے اوپر خرچ کر رہے ہیں اور اس کی ترقی پر لگا رہے ہیں۔ ہماری اپوزیشن میں بڑے علما حضرات بھی ہیں اور ہمارے مذہب نے اخلاق سکھایا ہے کہ اللہ کی جو تکلیفیں ہوتی ہیں اللہ تو نہیں دیتا بندے ہی دیتے ہیں لیکن تکلیفوں پر اگر صبر کرو تو جب آپ کی تکلیفیں رفع ہوں یا آپ کی طرف توجہ دی جائے جب آپ کی طرف مہربانیاں ہوں تو آپ کو اللہ تعالی کا شکر ادا کرنا چاہیے کم سے کم اگر حکومت کا نہیں۔ یہ بات مجھے بڑی عجیب سی لگی کہ اگر حکومت توجہ دے رہی ہے تو کیا احسان کر رہی ہے۔ کم از کم یہ تو کہیے کہ اچھا کر رہی ہے۔ اتنے long time delayed جو کام ہو رہے تھے وہ اب ہو رہے ہیں۔ اسی دور میں ہمارے بھائی یعنی حکومتی benches کو یا حکومت کو یا صدر صاحب کے عیب گنانے اور حکومتی کمزوریاں اس حد تک چلے گئے۔ جس پر مجھے سخت اعتراض ہے کہ ان کی بے چاری والدہ کو بھی لے آئے۔ یعنی ان کی والدہ کو دیکھیئے، ان کی عمر کو دیکھیئے، ایک بے چاری شریف، بزرگ خاتون پڑھی لکھی پیشے سے پڑھانے والی، انہوں

نے لاکھوں لڑکیوں کو تعلیم دی ہوگی۔ ان کو بھی نہیں چھوڑا۔ بھلا یہ سیاست کا کونسا حصہ ہے۔ میں بڑا اس پر اعتراض کرتی ہوں I highly object it یہاں پر اتنے تجربہ کار سیاستدان بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں سب سے ایک بات پوچھوں گی کیا اخلاقیات یہ ہوتی ہے کہ ماؤں کا بھی ذکر کر دیا جائے ۔ بھلا ماں کہاں سے بیچ میں آ گئی ؛ وہ بھی اس ضعیفی کی عمر میں ۔ سب باقی رشتوں کا تو کہیں لیکن ایسا نہیں کہنا چاہیے ۔

(مداخلت)

(اس مرحلے پر جناب پریذائیڈ نگ آفیسر ڈاکٹر خالد رانجھا نے کرسی صدارت سنبھالی)

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، مسز تنویر خالد صاحبہ ۔

سینیٹر تنویر خالد ، نہیں ، نہیں ۔ میں نے آپ کو نہیں کہا ۔ Try to understand my point and you will support me. مجھے آپ سے حقیقتاً یہ امید ہو نہیں سکتی۔میرے نزدیک آپ کی پارٹی ایک روشن خیال پارٹی ہے ۔میرے نزدیک آپ کی پارٹی ایک اچھی روشن خیال ہے تو اس کے نمائندوں کا کہنا ، سننا ایسا ہونا چاہیے کہ جس میں حقیقت تو ہو ۔ کمزوریاں بھی ہوں اور سچائیاں بھی ہوں لیکن ایسا تو نہ ہو کہ الزامات لگائے جائیں ۔ سراسر موجودہ حکومت کا کوئی بھی کارنامہ کوئی بات appreciate ہی نہ کی جائے خاص طور پر بلوچستان کے سلسلے میں ۔ پھر ہمارے چیئرمین صاحب کے لیے بھی نازیبا باتیں نہیں کہنی چاہییں ۔ کتنے ہی آپ کے اختلافات ہوں میں آپ کے لیے برے الفاظ استعمال نہیں کروں گی ۔ یہ اختلاف رائے ہے آپ کی سوچ اور ہے اور میری سوچ اور ہے ۔ لیکن کچھ برا بھلا کسی کو نہ کہیے۔

اب جو development ہو رہی ہے ، پہلے ذکر بلوچستان کا ہو رہا ہے ۔ اب تو کام ہو رہا ہے جیسے میں نے کہا۔ development کا ارتکاز ہو رہا ہے اور کسی کو اس بات پر کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ ہونا ہی نہیں چاہیے جو کچھ کہ گزر چکی اس کے make up کی تو کوشش کرنی چاہیے ۔ اب گوادر پورٹ جو وہاں پر بن رہی ہے تو وہاں پر جو بھرتی کی جائے گی ، مزدور لیے جائیں گے ظاہر ہے وہیں کے ہوں گے ۔ لیکن جو ماہر تعمیرات ہیں اگر بلوچستان سے cater ہوتے ہیں اس قابلیت کے کہ جو سڑکیں ، پل وغیرہ بناسکیں تو بہت اچھا ، ترجیح ان کو دینی

چاہیے۔ لیکن بات اگر ایسی ہے اگر bridge بنانا چاہتے ہیں لیکن آپ اور ہم یہ تو نہیں چاہتے کہ اناڑی آدمی آکر بنائے ۔ ناتجربہ کار آدمی کے ہاتھ سے بنوائیں جو کہ گر پڑے۔ گر پڑتے تو ہیں اس کی مثالیں ہمارے پاس ہیں۔ تو جب تک آپ کے پاس اتنے ماہرین پیدا نہیں ہو جاتے تو دوسرے صوبوں کے لوگ موجود ہیں ۔ ملک تو ایک ہی ہے۔ سب صوبے ایک دوسرے کے کام آتے ہیں۔ ,threat یا دھمکی کہ ہماری زمین میں یہ ہے یا جو بھی ہماری زمین میں یہ ہے، ہماری زمین میں سونا ہے، جواہر ہیں ، ہیرے ہیں، اناج نہیں ہے۔ سبھی پنجاب کا اناج بھی تو کھاتے ہیں، انہوں نے تو کوئی ایسی بات نہیں کہی کہ پنجاب کا اناج نہیں کھائیں گے یا پنجاب والوں نے یہ نہیں کہی کہ ہم آپ کو اناج نہیں دیں گے۔ میرے نزدیک کسی کو بھی اس طرح کی بات نہیں کہنی چاہیے کیونکہ سارے ایک ملک کے صوبے ہیں اور اس کے جو بھی resources ہیں they should be spent, they belong to people of Pakistan, ان پر خرچ ہوں ، ان کی آمدنی، ان کے ذرائع، یہ ساری چیزیں ہوں۔ اس سلسلے میں کہ بیشک اب جو آمدنی ہو رہی ہے وہ صحیح جگہ اور صحیح طرز پر خرچ ہو رہی ہے، recently ہمارے Prime Minister نے ایک تقریر میں یہ فرمایا کہ آج ہم جیبیں نہیں بھر رہے، ہم خزانہ بھر رہے ہیں۔ یہی صحیح حکومت ہے، اسی کو good governance کہتے ہیں ۔ میں theoretical باتوں میں نہیں جاتی، میرے نزدیک جو حکومت کرے وہ اچھا ہے، وہ کالے رنگ کا ہو، گورا ہو، دبلا ہو، موٹا ہو، سندھی ہو، پٹھان ہو، پنجابی ہو یا جمہوری حکومت ہو یا فوجی حکومت ہو۔ میں اپنے اپوزیشن کے بھائیوں سے یہ سوال کرنا چاہتی ہوں کہ یہاں جو اتنی دفعہ فوجیوں کی درآمد اور برآمد ہوئی تو میں نے بھی سنا ہے، میں نے تو نہیں خط بھیجا کہ آپ آ جاؤ لیکن میں نے بہت سنا اور اخباروں میں پڑھا ہے کہ لوگ تو سڑکوں پر آ کر بلاتے ہیں، لیکن ان کو سیاسی لوگ بلاتے ہیں، کبھی یہ اپوزیشن اس کو ہٹواتی ہے، اور جب وہ آ جاتے ہیں اور ساری چیزیں جمنے لگ جاتی ہیں تو، اچھے راستے سے، اچھی development ہونے لگتی ہے، اچھی ترقی ہونے لگ جاتی ہے، پھر اسی میں اتنے کیڑے نمودار ہو جاتے ہیں کیونکہ وہ فوجی ہے۔ ہمارے جمہوری حکمران بھی ایسے ہی کام کرتے ہیں۔ ہمارے Prime Minister نے یہ کہا کہ بھائی! ہم جیبیں نہیں بھر رہے۔ ہمارا Prime Minister کتنا شریف آدمی ہے، وہ کیا غلط بات کہے گا، وہ جیبیں نہیں بھر رہا ہے۔ ضرور پچھلے لوگوں نے

جیبیں بھریں، مجھے تو اس بات کی نہایت شرمندگی اور افسوس ہے کہ ہمارے گزشتہ دو حکمران they were very strong people, financially very well off. ان کے پاس کیا نہیں تھا، جائیداد، امیروں کے بیٹے، businessman کے بیٹے اور وزیروں کی بیٹیاں اور اللہ نے ان کو سب کچھ دیا تھا، خوبصورت اور اس عمر میں وہ اس ملک کے Prime Minister بنے تھے کہ میرے نزدیک چالیس برس کی عمر میں پیغمبری آتی ہے۔ ان میں کتنی طاقت تھی، اگر ان کے دل میں یہ لگن ہوتی کہ they are not the ruler but the *Khadim*, ruler means *Khadim* کہ ہم اس حکومت کو پروان چڑھائیں گے، عوام کو آگے لے جائیں گے، اس دس برس کے عرصے میں کتنا آگے لے جاتے۔

ابھی recently ہماری ایک کمیٹی کی میٹنگ ہوئی جس میں renewal of energy کے projects کا ذکر ہو رہا تھا تو اس میں ماہرین نے یہ بتایا کہ یہ چیز دس سال پہلے شروع ہوئی تھی جس کو اس دور میں ہی مکمل ہو جانا چاہیے تھا لیکن وہ دس سال سے dead پڑی ہے۔یعنی محکمہ بھی لگا ہوا ہو گا، اخراجات بھی ہو رہے ہیں اور وہ چیز آگے نہیں چلتی۔ جو کچھ بھی کمیٹی میں آتا ہے، جو بھی بیانات آتے ہیں، جو کچھ اخباروں میں آتا ہے کہ وہ 2001ء میں شروع ہوئی، 2002ء میں شروع ہوئی، فلاں چیز 2000ء میں شروع ہوئی تو پھر ایسی جمہوری حکومتوں پر میں افسوس ہی کر سکتی ہوں۔ اب جو بلوچستان کا معاملہ ہے کہ اس میں بیٹھے بٹھائے فوجی اپریشن نہیں ہوا، اچھا خاصا امن و امان تھا اور کیا حکومت اور فوج کو سوجھی کہ چلو اپنے صوبے میں بدامنی کرو اور وہاں پر جا کر چڑھائی کرو۔ بالکل ایسی بات نہیں تھی کیونکہ ایک تو میرے نزدیک حکومت کی رٹ تو ہونی ہی چاہیے اور ایک اچھی حکومت کی رٹ اور کسی ملک کی حکومت کے resources ہوتے ہیں کہ اس کے ذرائع سے عوام کو فائدہ پہنچے اور پھر پہلے زمانے میں تو ایسی چیزوں پر بہت کچھ کہا جاتا تھا۔ اگر سرداروں کے پاس فوج ہے تو I cannot imagine what is the reason کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں کیوں فوجیں رکھتے ہیں، کیا حکومت پاکستان کی فوجیں نہیں ہیں اپنے ملک کی حفاظت کرنے کے لیے؟ وہ اپنے علاقوں میں فوجیں رکھتے ہیں؟ وہ کیسے رکھتے ہیں بھئی۔ حکومت پاکستان سے لڑنے کے لیے یا عوام کو دبانے کے لیے انہوں نے یہ فوجیں رکھی ہیں۔ پھر اس کے بعد بات آنے لگی کہ سندھ میں پتا نہیں ایک ہزار کیڑے ڈال دیئے گئے۔ میرے

نزدیک چونکہ میں سندھ کی باشندہ ہوں۔ ہمارے سندھ کے نمائندے یہاں بیٹھے ہیں۔ برسوں جو ہم نے کراچی اور سندھ میں امن و امان نہیں دیکھا تھا۔ آج وہ ہے۔ کراچی کی سڑکوں کو آپ دیکھیں۔ دن میں وہی مصروفیت بازاروں میں اور رات کو وہی رونق۔ چلئے، گھومئے، hoteling کریں، تفریح کریں اور ساحل پر جائیے۔ وہ سمندر کا ساحل بھی بڑا develop ہو گیا ہے۔ میں وہیں قریب رہتی ہوں۔ اتنے سالوں سے جو نہیں ہوا تھا اب اس کی بہت اچھی development ہوئی ہے۔ تو یہ ساری چیزیں تو ہو رہی ہیں۔ ان چیزوں کو دیکھنا چاہیے۔ جہاں تک حکومت کی writ قائم کرنے کی بات ہے یہ تو ضروری ہے۔ سندھ میں بھی امن و امان کی حکومت چل رہی ہے۔ پہلے زمانے کی طرح نہیں ہے کہ قتل و غارت ہو رہی ہے اور kidnapping ہو رہی ہو۔ ہماری ایک روشن خیال حکومت کے دور میں مرتضیٰ بھٹو خاص طور پر Prime Minister کا بھائی اسی کے گھر کے آگے قتل ہوا۔ یہ کیسا بندوبست اور کیسا امن و امان تھا؛ یعنی بنگلے کے سامنے جوان بھائی کی لاش پڑی ہے۔ غنویٰ بھٹو اس دن سے جب سے یہ قتل ہوا ہے وہ کسی پر الزام لگاتی ہے۔ آپ خود اندازہ لگائیں کہ وہ کس پر الزام لگاتی ہے اور کیا کہتی ہے۔ وہ بے چاری جوان بیوہ اور بچے جن کی ضرور کسی نے سرپرستی کی ہو گی۔

پھر آتے ہیں کراچی میں ہڑتالوں کی طرف۔ بھئی ہڑتال تو آپ ان سے کرواتے ہیں۔ اگر فیکٹری کے مالک مالدار ہیں تو مزدور تو مالدار نہیں ہیں۔ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ فیکٹری کے مالک ان کو اس دن کی تنخواہ دیں گے۔ آپ کا دل تو غریبوں کے لیے تڑپتا نہیں ہے۔ آپ کس کس کی ہڑتال لڑواتے ہیں۔ جو لوگ کوٹھیوں میں بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں آپ تو ان سے ہڑتال نہیں کرواتے۔ آپ ان مزدوروں سے ہڑتال کرواتے ہیں جو بے چارے محنت مزدوری کرتے ہیں اور ان کو روزی ملتی ہے۔ ان کی مزدوری بند ہو جاتی ہے۔ جو فیکٹری بند ہو جاتی ہے وہاں پر مزدور کی روزی بند ہو جاتی ہے۔ پروفیسر صاحب ہیں نہیں۔ میں ان سے کہنا چاہتی تھی کہ وہ کتنی خوش الحانی سے ----- حالانکہ وہ پروفیسر بھی ہیں اور جماعت اسلامی کے بھی ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہاں پر مذہبی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے متحد بھی ہیں۔ ہمارے مذہب میں تو یہ باتیں بالکل نہیں ہیں۔ یہ تو اس بات کی تعلیم دیتے ہیں کہ امن و امان قائم رکھو اور فتنہ نہ پھیلاؤ۔ اب جو انہوں نے کراچی کے اندر ہڑتالوں کا ذکر کیا ہے۔ تو جناب کیا آپ سمجھتے ہیں کہ

ایک چھابڑی والا، ایک غریب دکاندار ، ایک چھوٹا روزگار والا اور ایک فیکٹری کا مزدور ہڑتال چاہتا ہے۔ کیا وہ ہڑتال اس لیے چاہتا ہے کہ ان کو اس دن کی مزدوری نہ ملے؟ یہ اپنی سیاست چمکانے کے لیے غریبوں کی روزی بند کرتے ہیں۔ میں یہ کہتی ہوں اور اگر ان میں حوصلہ ہے تو ان غریبوں سے جس دن یہ کہتے ہیں کہ کاروبار نہ کرو یا ہڑتال کرو۔ یہ بڑے بڑے زمیندار ہیں، بڑے مالدار ہیں ان کو اپنی جیب سے ایک دن کا معاوضہ دینا چاہیے۔ ان کی محنت کی کمائی پر ایک طرح کا ڈاکہ ڈال دیتے ہیں۔ ان کے جو لڑکے ہوتے ہیں۔ ان کے جو یوتھ ونگ ہوتے ہیں وہ دھمکیاں دیتے ہیں کہ اگر آپ ہماری بات نہیں مانتے تو آپ کیفرکردار کو پہنچیں گے۔ نتیجہ بھگتو گے وغیرہ وغیرہ۔ that threatens them. تو اب بےچاروں میں کتنا حوصلہ ہے کہ کھلی ہوئی دکانیں بند کراتے ہیں، توڑ دیتے ہیں، دکانوں کو لوٹ لیتے ہیں، آگ لگانے کی دھمکی دیتے ہیں۔ وہ خوشی سے دکانیں بند کرتے ہیں؛ میرے معزز سینیٹر ایوان بالا میں بیٹھے ہوئے ہیں، ان کا ضمیر گوارا کرتا ہے، یہ گواہی دیتا ہے کہ وہ مزدور اپنے آپ اس دن کی strike کرتے ہیں کہ اس دن کی روزی انہیں نہ ملے، جو لوگ دفتروں میں کام کرتے ہیں ان کو بھی تنخواہ مل جاتی ہے۔ جب آپ جیسے زمیندار اور ہماری طرح کے کھاتے پیتے لوگ ، وہ بھی ٹھیک ہیں ایک دن کوئی مزدوری کرنے وہ تھوڑا جاتے ہیں۔ ان کا کوئی پیسہ یا آمدنی کم ہو جاتی ہے ، کوئی bank balance کم ہو جاتا ہے لیکن غریبوں پر تو خدارا رحم کیجیئے اور اس کو اپنا طرہ امتیاز نہ بنائیے کہ جی ہم نے تو ایسی strike کرنی ہوتی ہے۔ میں آپ کو ایک ذاتی قصہ سناتی ہوں I was head of the department of education in PECHS College Karachi جو کراچی کا دوسرے نمبر کا کالج ہے سنڈھرسٹ کے بعد، وہاں بھی کسی بات پر وہاں کچھ لوگ مل کر strike کرانا چاہتے تھے. which I never did. میں یہ سمجھتی تھی کہ جو job انہوں نے مجھے دیا ہے ، جس salary پر میں نے اس کو accept کیا ہے اور میرا پڑھانے کا جو کام ہے ، میرا کام یہ ہے کہ میں ایمانداری اور دیانتداری سے پڑھاؤں اور طالبات کو جو تنبیہ کی گئی تھی کہ آپ کلاسوں میں نہیں جائیں گی ، پورے کالج کی کلاسیں بند لیکن میری کلاس کے subject میں all were there all the time میرے نزدیک honesty of work یہ ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اب میں حاجی رحمت اللہ کاکڑ صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ اپنے خیالات سے ہمیں مستفید فرمائیں اور ذرا وقت کا خیال رکھیں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب چیئرمین آپ کا شکریہ۔ اس معزز ایوان میں اس enlightened moderation کے دور میں آج جو subject establish کیا گیا ہے وہ political victimization کا تھا جس کو میرے دوست جو میری بائیں جانب تشریف فرما ہیں، bypass کر رہے ہیں حالانکہ meeting میں یہ بات طے ہو چکی ہے کہ political victimization اس ملک میں روز اول سے آج تک جاری ہے۔ سیاستدانوں یا ان کے کارکنوں پر جو مقدمات قائم کیے جا رہے ہیں جناب چیئرمین! بحیثیت ایک قانون دان، ایک معزز ممبر اس معزز ایوان کے اور اس وقت انصاف کی سب سے اونچی کرسی پر بیٹھ کر آپ کا دل بھی یہ گواہی دیتا ہوگا کہ Terrorism Act کے تحت جو مقدمات سیاسی کارکنوں پر قائم کیے جا رہے ہیں، یہ ان کے بنیادی انسانی حقوق چھین کر قائم کیے جا رہے ہیں۔ یہ آئین پاکستان کی کھلی خلاف ورزی کی جا رہی ہے بلکہ میں تو اس حد تک گزارش کروں گا کہ جو لوگ اس قسم کے گھناؤنے مقدمات قائم کر رہے ہیں آنے والا کل ان کا منتظر ہے کہ اسی قانون کے تحت یہ مقدمات انہی پر قائم ہوں گے۔ انصاف میں دیر تو ہو سکتی ہے لیکن انصاف کا دروازہ کبھی بند نہیں ہو سکتا۔ جس بے رحمی سے اس وقت ملک کی متعدد چھوٹی بڑی سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں پر مقدمات قائم کیے گئے ہیں، سب سے پہلے میں اپنی پارٹی کے قاضی حمید اللہ صاحب جو پاکستان کی قومی اسمبلی کے رکن ہیں ان کی پولیس کے ہاتھوں بے رحمانہ طریقے سے مارپیٹ، ان کا پابند سلاسل کیا جانا اور ان کے ساتھ توہین آمیز رویہ اختیار کرنا، اس ایوان کے توسط سے اس کی مذمت کرتا ہوں اور Chair سے اس رولنگ کی توقع رکھتا ہوں کہ آج اس معزز ایوان سے یہ تاریخی رولنگ پاس ہوگی کہ آئندہ اگر کسی سیاسی راہنما یا کسی سیاسی کارکن کے ساتھ یہ توہین آمیز رویہ روا رکھا گیا تو اس کو بلا چوں و چراں پابند سلاسل کیا جا سکے گا۔ میرے ملک کا آئین مجھے اختلاف رائے کا حق دیتا ہے۔ میرے ملک کا آئین اپنے لیڈر کے استقبال کی اجازت دیتا ہے۔ میرے ملک کا آئین حاکم وقت کی رائے سے اختلاف کو میرا فرض منصبی بتاتا ہے۔ اگر

میں اس فرض منصبی کی ادائیگی کے لیے میدان میں کمر باندھ کر نکلتا ہوں تو مجھ پر دہشت گردی کا مقدمہ قائم کرنا' کیا میرے ساتھ زیادتی کا مترادف نہیں ہے ۔ اگر حکومتی خوشامدی ٹولا یا حکومت کی خوشامدانہ پالیسیاں اس ملک کے بہترین مفاد میں ہیں تو آج ہمیں اس floor سے یہ باور کرایا جائے کہ جناب حاکم وقت کے گن گاؤ اس ملک کا بھلا ہوگا' ہم سب یہ گن گائیں گے لیکن اگر یہ اس ملک' مملکت خداداد پاکستان کے لیے زہر قاتل ہے تو ہمارا مشورہ یہی ہے کہ اس ریت کو اب توڑ دینا چاہیے۔ اس سے ہماری بنیادیں کھوکھلی ہو رہی ہیں۔ غلط کو غلط اور صحیح کو صحیح کہنا چاہیے۔

ہمیں کچھ مہربان طعنے دے رہے ہیں کہ یہ کرسیوں کہ مزے لوٹ رہے ہیں۔ کیا مزے ہم نے کرسی کے لوٹے ہیں ۔ صوبہ سرحد میں unavoidable, clear cut victory تھی MMA کی اور حکومت بنائی۔ MMA باہر سے تو نہیں آئی۔ یہ اسی ملک کے ہمارے اور آپ کے بھائی ہیں۔ یہی صورتحال بلوچستان میں ہے لیکن ان کو شاید یہ information نہیں پہنچی کہ بلوچستان میں حکومت مسلم لیگ (ق) کی ہے۔ البتہ ہم coalition partner ضرور ہیں اور اس میں کون سی ایسی بات ہے کہ ہمیں اس کا طعنہ دیا جا رہا ہے۔

مرکز میں Opposition میں بیٹھ کر اصلاح کی نیت سے تنقید کرنا کوئی گناہ کی بات نہیں ہے۔ سیاست کا مقصد جہاں تک ہم سمجھتے ہیں' یہ لوگوں کو ورغلانا نہیں بلکہ لوگوں کی خدمت کرنا ہوتا ہے' لوگوں کو سمجھانا ہوتا ہے۔ ہم کسی خاص صوبے یا زبان کی بات نہیں کرتے ہیں۔ پورا پاکستان ہمارا ہے۔ اس کا ایک ایک چپہ ہمارا ہے۔ اس ملک کے کسی بھی کونے میں' کسی کے ساتھ زیادتی پورے ملک کے ساتھ زیادتی ہم سمجھتے ہیں۔

میں کہتا ہوں کہ پنجاب بھی غربت کی لپیٹ میں ہے۔ سندھ کی حالت اس سے بدتر ہے۔ صوبہ سرحد اس سے بدتر ہے' بلوچستان اس سے بدتر ہے۔ کشمیر یا شمالی علاقہ جات کے لوگ اس سے بدتر حالات زندگی گزار رہے ہیں لیکن ہمارے بعض champion marathon race کروا رہے ہیں اس ملک میں اور جب اس کے خلاف کوئی آواز اٹھتی ہے تو اس پر یہ آگ بگولا ہوتے ہیں۔ ان کو مبارک ہو یہ میراتھن ریس!

ملک میں policies جو بنائی جا رہی ہیں یا جو فیصلے ہو رہے ہیں پوری دنیا اس سے باخبر

ہے اگر بے خبر ہے تو صرف یہ پارلیمینٹ بے خبر ہے۔ ہم بھی اخبار اٹھا کر پڑھتے ہیں' دنیا بھی اخبار اٹھا کر پڑھتی ہے جبکہ بیرونی دنیا میں تمام حالات سے لوگ باخبر ہیں۔ خدارا اس ملک کے اس معزز ایوان کو اعتماد میں لیا جائے ان کے مشورے سے حاکمان وقت اپنے آپ کو پابند رکھیں۔ جن چیزوں کا یہاں تصفیہ ہوتا ہے' جن کی approval دی جاتی ہے' اس کی implementation کے لیے آگے بات کی جائے۔

ڈیرہ بگٹی کے حالات پر میرے بھائی مشاہد حسین نے بڑی اچھی اور تفصیلی رپورٹ پیش کی لیکن بات گول مول رہی' پتا نہیں چلا۔ ہم جس بلوچستان کمیٹی کے ممبر ہیں آج تک ہمیں پتا نہیں چلا۔ کمیٹی کا اجلاس بلایا گیا' ہم یہاں بیٹھے رہے اسلام آباد میں۔ شاہی خبر آئی کہ جی کل میٹنگ ہوگی۔ کل خبر آئی کہ پرسوں ہوگی' پرسوں خبر آئی کہ وہ ڈیرہ بگٹی پہنچ گئے۔ Track II diplomacy کے تحت ڈیرہ بگٹی گئے۔ جب ڈیرہ بگٹی کے ساتھیوں سے ہم نے پتا کیا کہ کیا ہوا۔ وہ کہتے ہیں ہمیں خود خبر نہیں کہ کیا ہوا۔ البتہ 19, 20 positions آگے پیچھے ہوگئی ہیں۔

ملک میں لاقانونیت اپنے عروج پر ہے۔ میں challenge کرتا ہوں جس سندھ حکومت کی یہ امن و امان کی بات کرتے ہیں' کوئی مائی کا لال رات کے اندھیرے میں مجھے شکارپور سے لے کر سپر ہائی وے تک لاڑکانہ روڈ پر travel کرکے دکھائے۔ پولیس کے ہونے کے باوجود' pickets ہونے کے باوجود کوئی بھی شخص' کسی کی جان مال عزت محفوظ نہیں ہے۔ اغوا برائے تاوان کھلے عام ہو رہا ہے۔ کسی بھی شریف شخص کو یہ صوبہ یا یہ ریاست ضمانت دینے میں ناکام رہی ہے۔ یہ بڑے غور و فکر کی بات ہے۔ پریشانی کی بات ہے۔

مہنگائی کا یہ عالم ہے کہ عام آدمی کی قوت خرید دم توڑ چکی ہے۔ پاکستان صرف کراچی' لاہور' اسلام آباد اور پشاور کے ان بنگلوں یا محلوں کا نام نہیں ہے۔ آج بھی لوگ نان شبینہ کو ترس رہے ہیں۔ میں بارہا عرض کر چکا ہوں کہ یہ نزدیک آبپارہ کو دیکھ لیجیے اس میں سرکاری ملازمین جس کسمپرسی کی حالت میں زندگی گزار رہے ہیں وہ قابل رحم ہے۔ ان کے سفید کپڑوں پر مت جائیے۔ خدارا ان کی حالت پر رحم کیجیے۔ عام آدمی اس وقت بھی تقریباً دیہی علاقوں میں ٹی بی کا مریض دوائی نہ ہونے کی وجہ سے مر رہا ہے۔ burn cases سے لوگ مر رہے ہیں۔ کوئی سرکار نام کی چیز نہیں ہے۔ میرے لیے' کسی اور صاحب حیثیت شخص کے لیے تمام مراعات

مکمل موجود ہیں۔ غریب کی ترجمانی کا کوئی دعویدار یہاں پر نہیں ہے۔ ملک ایک پولیس سٹیٹ بن چکا ہے۔ آرڈیننس 2002 کے تحت اتنے لامحدود اختیارات پولیس کو دیئے گئے ہیں کہ جس شخص کی گردن دبوچنا چاہیں وہ دبوچ سکتے ہیں۔ عدالتوں کو اس طریقے سے بے بس کیا گیا ہے یا عدالتوں کے سامنے prosecution story اس طریقے سے پیش کی جاتی ہے کہ تصویر کا صحیح رخ سامنے نہیں آتا۔

جناب چیئرمین! قانون کے محافظ کی حیثیت سے آپ بہتر طور پر جانتے ہیں کہ prosecution almost with clean hand کبھی پیش نہیں ہوتی۔ یہ ایک قومی المیہ ہے کہ جب تک انصاف اس ملک میں نہیں ہوگا، امن و امان قائم نہیں ہو سکتا۔ جب تک امن و امان نہیں ہوگا اس ملک کی ترقی کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا۔ تمام ادارے ایک دوسرے میں گڈمڈ ہو چکے ہیں۔ ڈالڈا بیچنے والی فیکٹری کا چیئرمین کوئی اور بٹھایا ہوا ہے جس کا کام یہ نہیں ہے۔ ریلوے کا چیئرمین کوئی اور ہے جس کا اپنا اصل ٹاسک نہیں ہے۔ ڈاکٹر کو ایف 16 چلانے پر بٹھایا گیا ہے۔ ڈاکٹر کے پیشے پر ایک انجینئر کو بٹھایا گیا ہے کہ جناب اس کو سنبھالو۔ اب آپ اس سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اس profession کی کیا حالت ہوگی۔ کشمیر پالیسی پر قوم بے خبر ہے۔ وزیر خارجہ صاحب موجود نہیں ہیں اگر آج موجود ہوتے تو ہم ان کے خیالات سے مستفید ہوتے۔ بس سروس چل رہی ہیں۔ بارڈر کھولے جا رہے ہیں۔ ٹرین سروس چلائی جا رہی ہیں۔ کیا طے ہوا ہے، کس کو ساتھ لے کر گیا ہے، لاٹری نکلی ہے تو ہمارے ایک بھائی محمد علی درانی کی نکلی ہے۔ ہمیں خوشی ہے، لیکن ہمیں بتایا جائے کہ اندر کیا ہو رہا ہے۔ یہ پاکستان کے لیے ایک پالیسی بنائی جا رہی ہے یا فرد کے لیے بنائی جا رہی ہے۔ میں اس بات پر یقین رکھتا ہوں کہ جنرل مشرف صاحب میں تلخ حقیقت سننے کی صلاحیت موجود ہے، البتہ اس کے اردگرد جو ان کے advisors ہیں ان کو misguide کر رہے ہیں۔ اگر ہماری آواز جنرل صاحب تک پہنچ رہی ہو، جو کہ یقیناً پہنچ رہی ہے تو خدارا جو ان کے اردگرد لوگ بیٹھے ہوئے ہیں اس میں reshuffling کریں۔ ان سے اپنے آپ کو بچائیں، صحیح حقائق کا سامنا کریں۔ جو اس وقت کی موجودہ اپوزیشن ہے ان کو اپنے ساتھ بٹھائیں، ان سے guide line لے لیں۔ پھر ہونا تو وہی ہے جو ان کی اپنی مرضی ہوگی۔ مذہب اور مذہبی جماعتوں کو گالیاں دینے والے معزز اراکین اخلاقیات کا یہ درس، کس

مدرسے یا کس institution سے لے کر آئے ہیں۔ اگر مذہب سے اتنی ہی نفرت ہے تو اسلامی جمہوریہ پاکستان میں پھر کیوں رہتے ہیں۔ یہ ملک' اس ملک کا قیام اسلام اور مذہب کا مرہون منت ہے۔ اس برصغیر ہند کا بٹوارہ اسی بنیاد پر ہوا ہے کہ یہاں پر قرآن و سنت کی بالادستی ہوگی۔ جو لوگ اس کو گری ہوئی نظروں سے دیکھ رہے ہیں وہ خود اپنی اصلاح کی فکر کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، کاکڑ صاحب وقت کا خیال رکھیں ۔ بہت لمبی لسٹ ہے۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب والا! کیا نظریہ پاکستان اسلام سے متصادم تھا؟ تو شاید یہ میرے دوست جواب نہ دے سکیں۔ یہ کس کی خدمت کر رہے ہیں۔ ہمارے لیے تو تمام مذاہب' تمام عقائد اور تمام مسالک کے لوگ قابل صد احترام ہیں۔ ہم میں برداشت کا مادہ ہے۔ جہاں تک ہماری مشترکات ہیں ہمیں ساتھ چلنا چاہیے۔ کل آپ نے دیکھا کہ ہمارے ایک ساتھی نے پوپ جان پال دوئم کے لیے یہاں سے تعزیتی قرارداد پیش کی۔ کیا یہ بات broad vision کا ثبوت نہیں ہے کہ ہم نے ان معزز ایوانوں کو کرسچن' ہندو اور دیگر minorities سے معزز ممبران elect کر کے دیئے ہیں' یقیناً ہے لیکن جو لوگ اپنی نوکریاں پکی کرنے کے لیے اور مختلف مذہبی جماعتوں پر تنقید کے لیے اور اسلام کے مقدس نام کو انتہائی توہین آمیز طریقے سے اس معزز ایوان میں پکارتے ہیں ان کو اپنے اس کیے پر پشیمان ہونا چاہیے۔ میں شدید الفاظ استعمال نہیں کرتا اور اسی کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

جناب پریذائڈنگ آفیسر، بہت مہربانی جی۔ اب میں گزارش کروں گا جناب ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ صاحب سے کہ وہ اظہار خیال کریں اور پھر یاد کراؤں گا کہ وقت کا خیال وہ خود رکھیں گے۔ یہاں سے مجھے بار بار کہنا اچھا نہیں لگتا ۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ، جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔ ابھی پہلے session میں میرے دوست مشاہد حسین سید نے بڑے اچھے خیالات کا اظہار کیا اور کل بھی انہوں نے اپنی Foreign Affairs Committee کے ایک ممبر جناب سینیٹر سمیع الحق کے detain ہونے پر کافی اپنا concern show کیا لیکن ان کی ٹیم کے ایک اور ممبر سردار لطیف

کھوسہ جو 16 اپریل کو دھرم پورہ کے پولیس سٹیشن میں تھے اور ان کے trip کو 17 اپریل کو جنھوں نے join کیا' مشاہد صاحب ان کا ذکر نہ کر سکے۔

جناب والا! میں اپنے خیالات کا آغاز 16 اپریل سے ہی کروں گا کہ ایرو ایشیا کی فلائیٹ جب لاہور کے ایئرپورٹ پر پہنچی۔ دروازہ کھلتے ہی ایس ایس پی مبین اور ایس ایس پی چیمہ پنجاب ایلیٹ فورس کے ساتھ جہاز کے اندر انہوں نے storm کر دیا' اندر داخل ہوئے اور مخدوم امین فہیم صاحب کو detain کرنے کے بعد وہ مجھے اپنے ساتھ لے گئے' میں بھی اسی فلائیٹ میں تھا۔ میں نے اپنی زندگی کی professional life میں اس سے بڑی harassment نہیں دیکھی۔ میں ایک law abiding citizen ہوں اور پارلیمنٹ کا ممبر ہوں۔ میرے بتانے کے باوجود انہوں نے مجھے دھکے دیئے' push کیا' میرا luggage pull over کیا I was in severe pain. Any way میں اپنی ذات پر focus ذرا کم رکھوں گا۔ میں جیسے ہی نکلا وہاں jetty کے passage سے تو میں نے دیکھا کہ میرے پیچھے اے آر وائی کے Senior Journalist Dr. Shahid Masud کو بھی دھکے مارے جا رہے ہیں اور ان کو فٹ بال کی طرح ایک کارنر سے دوسرے کارنر تک throw کیا جا رہا ہے۔ ان کی عینک زمین پر' ان کے کیمرے زمین پر اور ساتھ ہی میں نے دیکھا کہ جرنلسٹس کی ایک بھاری تعداد انہی حالات کا شکار ہو رہی تھی ۔ یہ بہت ہی بھیانک scene تھا۔ خصوصاً ایسا scene میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا۔ میرے سامنے صحافی برادری کی تذلیل کی گئی' ان کے کیمرے چھینے گئے' ان کے ٹیلی فون چھینے گئے' ان کو اپنی duties سے روکا گیا اور ان کو detain کیا گیا بغیر کسی وجہ کے۔ میں نے ایک پولیس آفیسر سے پوچھا کہ مجھے آپ کس سلسلے میں روک رہے ہیں تو وہ کہنے لگا کہ ہم نے سمجھا آپ بھی صحافی ہیں۔ تو یہ ہے صحافیوں کی عزت اور اس ملک میں press freedom کا نعرہ لگانے والوں کی حقیقت!

جناب چیئرمین! already ہمارے پاکستان پیپلز پارٹی کے workers کے ساتھ جو کچھ ہوا' اس کے بارے میں کافی تفصیل سے میرے ساتھی دوست صفدر عباسی صاحب نے ذکر کیا ہے۔ تاہم چند باتیں ان میں سے repeat کرنا چاہوں گا۔ جناب والا! ہمارے کئی workers medical facilities سے محروم رہے ہیں اور خصوصاً خواتین workers محروم رہی ہیں۔ ہمارے workers کو mental tension اور physical abuses, brutalities, beating,

torchering جیسی صورت حال سے گزرنا پڑا۔ ان میں سے بعض لوگ ایسے تھے جو چوبیس چوبیس گھنٹوں تک بھوکے رہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جو اس میں involve بھی نہیں تھے، یعنی printing presses والوں ' painters or helpers کو ان کے گھروں سے اٹھایا گیا۔ میرے میانوالی کے ایک دوست جن پر دفعہ 144 لگی ہے' ان کو رات کو دو بجے گھر سے اٹھایا گیا۔ پتا نہیں ہے کہ وہ اس وقت Section 144 کی کیا خلاف ورزی کر رہے تھے۔ میرے یہ دوست cardiac patient ہیں اور اس وقت میانوالی جیل میں ہیں۔ بعدمیں انہیں پتا چلا کہ ان پر 16 MPO لگایا ہے اور دو دن کے بعد پتا چلا کہ شاید وہ 3 MPO کا شکار ہوئے ہیں۔

جناب والا! پڑھے لکھے پنجاب کے دعوے داروں کو شاید میں مجرم نہ ٹھہراؤں کیونکہ چند دن پہلے ہی وزیر داخلہ شیر پاؤ نے کہا کہ پنجاب میں جو کچھ ہو رہا ہے اور ہونے والا ہے' وہ ان کی ایما پر ہو رہا ہے۔اس لیے وفاق اس میں پوری طرح شامل ہے۔ شاید پنجاب کو دوسرے صوبوں کی طرح استعمال کیا گیا۔ جناب والا! یہ کیسا judicial process ہے کہ آئین کے توڑنے والے عیش سے بیٹھے ہوئے ہیں اور کئی بے گناہ law abiding citizens بغیر جرم کے جیلوں میں ہیں جنہوں نے 16 اپریل کی reception سے پہلے کہا تھا کہ ہم پھول کا پودا تک بھی نہیں توڑیں گے۔ ابھی میری بہن تنویر خالد نے کہا کہ شاید پاکستان کی جیلیں یا پولیس سٹیشن نہ بھریں لیکن خزانے بھرے ہوئے ہیں۔ میں اس پر بھی آتا ہوں لیکن یہ حقیقت ہے کہ 16 اپریل کو پاکستان کے کئی ایسے پولیس اسٹیشن تھے کہ جہاں پر کوئی جگہ ایسی نہیں جہاں پر arrest کرنے کے بعد مزید workers کو رکھا جاتا ۔ چونکہ اب political situation پر بحث ہو رہی ہے۔ اس لیے میں اس کو different direction میں لے جانا چاہتا ہوں۔ آج اسلام آباد شہر میں donor community کی بہت زیادہ تعداد موجود ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی اور اپوزیشن کی طرف سے ان کو welcome کرتا ہوں لیکن ساتھ ہی میں اتنا گلہ بھی کرنا ضروری سمجھوں گا ۔ میں نے آج اپنے فنانس کمیٹی کے چیئرمین جناب احمد علی کو گلہ کیا کہ گورنمنٹ claim کر رہی ہے کہ وہ civil society کو ہمیشہ Pakistan Development Forum میں invite کرتی ہے تو ہمیں کیوں نہیں کیا گیا تو چیئرمین صاحب کہتے ہیں کہ آپ تو Opposition Benches سے تعلق رکھتے ہیں، ہم ایک ethnic group ہیں' گورنمنٹ کے

allied group سے تعلق رکھتے ہیں، ہمیں بھی کسی نے invite نہیں کیا۔ جناب والا! آپ اس بات کا نوٹس لیں۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ donor community یہ ضرور جانے کہ اس ملک میں good governance کا دعویٰ کرنے والے اس ملک کے economic and social resources کو ایسے نہیں manage کر رہے ہیں جس میں rule of law ہو، جس میں transparency ہو، جس میں accountability ہو یا جس میں citizens کی participation ہو۔ جناب والا ! میں توقع کرتا ہوں کہ donor community ملک کے جو صحیح مسائل ہیں، poverty اور unemployment ان پر focus کرے اور جو NFC Award میں delay ہے، ہمارے پرائم منسٹر صاحب اس میں تھوڑی سی efficiency لائیں چونکہ centre میں جو کچھ ہو رہا ہے۔ NFC کے جو pool funds ہیں، ان کو democratic forces کے crush کرنے پر لگایا جا رہا ہے۔جناب والا! اس کا notice لیا جائے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ، جناب والا ! ابھی میرا time نہیں ہوا۔ آپ سنیں please-

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، میں تو سن رہا ہوں لیکن آپ کے باقی دوست نہیں کچھ کہہ پائے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ،جناب والا! میں نے پانچ منٹ بھی نہیں لیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ دس منٹ بول چکے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ،نہیں.Sir, you are wrong

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، پھر سے شروع کر دیں۔یہ کہہ رہے ہیں۔ نہیں، مہربانی کیجیئے Please conclude.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ، جناب والا ! اس ملک میں extra constitutional military leadership ہے اور یہی سیاست کی myth ہے جس کا سمجھنا ضروری ہے۔آج میرے لیڈر جناب میاں رضا ربانی صاحب نے 56(3) کا ذکر کیا جس میں جنرل صاحب کا joint session

سے خطاب کرنا ضروری تھا۔ اس کے علاوہ ایک article جو ابھی default پر ہے وہ 244 ہے Army Chief ابھی oath پر ہیں کہ وہ political activities میں حصہ نہیں لے سکتے۔ جناب والا! ہمارے لوگ ایسے ڈر کے نیچے ہیں جس میں crippled human اور civil rights اور fear of lack of justice, fear of violance اور جناب والا ! fear of continued dictatorship

جناب والا! ملک کی سیاست کو سمجھنے کے لیے میں آپ کی اجازت سے ایک چھوٹا سا پیراگراف پڑھنا پسند کروں گا۔ یہ ایک رپورٹ ہے CRS Report for Congress American Congress نے recently issue کی ہے' on February 14, 2005 and the topic is Pakistan's Domestic Political Developments جناب والا ! میں ایک پیرا پڑھنا اس لیے ضروری سمجھتا ہوں کہ Washington جو democracy کا champion بنتا ہے شاید وہ America model کسی developing country یا مسلمان ملکوں کے لیے پسند نہیں کرتا۔ Washington کو شاید امیر Kings ,dictators, military rulers جیسے لوگ پسند ہیں اور یہ report کا concluding paragraph on page 25 and title "Succession Issues" آپ کی اجازت سے میں اس کی صرف تین چار لائنیں پڑھوں گا۔ Its page 25, Succession Issues:-

" An acute concern of many U.S. policy makers is the issue of political succession in Pakistan, especially as it relates to potential domestic upheaval and control of that country's nuclear arsenal. The constitutionally designated successor to the President is the Chairman of the Senate, currently PML (Q) member. However, the consensus view among analysts has the Pakistani military maintaining its substantive administration of the country in the event of President Musharraf's premature removal."

جناب والا! میں آپ کی توجہ اس لیے اس paragraph پر لانا چاہتا ہوں کہ اس report میں conclusion یہی سمجھا جا رہا ہے کہ یہ ایک military model ہے' controlled

model of democracy شاید اس کو continue کیا جائے۔ جناب والا! ہم sovereign country ہیں۔ ہمیں اپنی direction خود بنانا ہے۔ یہ جو ہم میں تفرقات پیدا کیے جا رہے ہیں۔ Divide and rule اس کو کسی کو check کرنا ہو گا۔

Mr. Presiding Officer: That's all.

Senator Dr.Muhammad Akbar Khawaja: O.K.

Mr. Presiding Officer: Thank you very much.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اکبر خواجہ، میں ایک para پڑھنا چاہ رہا تھا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، Thank you very much, I am obliged. اب میں جناب کمیلی صاحب سے گزارش کرنا چاہوں گا کہ وہ اظہار خیال کریں۔ آپ کے پاس دس منٹ ہیں۔

سینیٹر محمد عباس کمیلی، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - جناب چیئرمین ! آج ہم ملک کی سیاسی صورتحال پرگفتگو کر رہے ہیں - ایوان کی دونوں طرف سے بہت کچھ کہا گیا جو حقائق پر مبنی ہے اور حقائق سے ہمیں آنکھیں نہیں چرانی چاہئیں لیکن جہاں تک سندھ کی صورتحال پر گفتگو کی گئی میں واضح طور پر کہنا چاہتا ہوں کہ آج سندھ میں law and order کی صورتحال وہ ماضی کے کئی برسوں سے بہتر ہے - میں پورے وثوق کے ساتھ کہہ رہا ہوں اس لیے کہ میرا بھی تعلق سندھ ہی سے ہے اور اس کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ یہ گزشتہ ماہ محرم، ماہ صفر، ماہ ربیع الاوّل جو انتہائی حساس وقت تھا وہ نہ صرف سندھ میں بلکہ پورے ملک میں انتہائی امن اور امان کے ساتھ گزرا ہے اور کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا اور ایسا ماضی کے کئی برسوں میں نہیں ہوا - ماضی میں ہمیشہ خطرات منڈلاتے رہے ہیں - اور امن و امان کی صورتحال ہمیشہ گھمبیر رہی ہے - اس سے پتا چلتا ہے کہ صورتحال بہتر ہے، بدتر نہیں ہے -

جناب والا! ہاں کچھ ناخوشگوار واقعات ہوئے ہیں اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ جہاں تک بلوچستان کی صورتحال ہے میں ثناء اللہ بلوچ صاحب کو داد دیتا ہوں کہ انہوں نے بڑی جرات مندی کے ساتھ وہاں کا مقدمہ پیش کیا اور مشاہد حسین صاحب نے بھی اس کا تفصیلی جواب دیا

ہے - لیکن حضور والا! میں آپ کے نوٹس میں ایک اور چیز لانا چاہتا ہوں کہ بلوچستان ہی کی طرح گھمبیر صورتحال اس وقت گلگت کی ہے جیسا کہ مولانا گل نصیب صاحب نے اس کی طرف اشارہ کیا تھا لیکن مجھے افسوس ہے کہ وہ دو چار جملے کہہ کر آگے گزر گئے - گلگت اور سکردو کی صورتحال بہت ہی explosive ہے اس کا نوٹس لیا جائے وہاں حالات دن بدن بگڑتے جا رہے ہیں اور اس کی طرف حکومت کی کوئی توجہ نہیں ہے - جیسا کہ مشاہد حسین صاحب کہہ رہے تھے کہ ڈنڈا شاہی نہیں چلنی چاہیے اور نہیں چلے گی اور وہاں صرف اور صرف ڈنڈا چلایا جا رہا ہے ایک عرصے سے بلکہ روز اول سے وہاں کے لوگوں کا استحصال ہو رہا ہے - وہاں کے لوگوں کو کسی قسم کے قطعاً کوئی حقوق نہیں دیئے گئے - اسے نہ ایک صوبے کا درجہ دیا گیا ہے، اسے پاکستان کا ایک حصہ تسلیم کیا جا رہا ہے نہ اسے علاقہ غیر تسلیم کیا جا رہا ہے، نہ وہاں کے لوگوں کو ملازمتیں مل رہی ہیں بلکہ وہاں پر بھی بقول ثناء اللہ بلوچ صاحب کے imported IG ہے Imported Home Secretary ہے سارے افسران imported ہیں اور وہاں کے سارے وسائل کو دوسرے لوگ لوٹ رہے ہیں اور وہاں کے لوگوں کا استحصال ہو رہا ہے جس طرح سے بلوچستان کے حوالے سے کہا گیا - لہذا میں اپیل کروں گا کہ گلگت، سکردو اور بلتستان کے حوالے سے بھی سینیٹ کی ایک تحقیقاتی کمیٹی بنائی جائے تاکہ حقائق کا جائزہ لیا جائے اور وہاں کے لوگوں کو بھی ان کے حقوق دلوائے جائیں -

حضور والا! میں التجا کروں گا اپنے بھائیوں سے بھی وہ اس کی تائید کریں وہ معاملہ نہایت خطرناک ہے - مجھے خوشی ہے کہ آج مجھے Education Minister صاحب نے بتایا کہ آج وہاں کا جو انتہائی اہم مسئلہ تھا جس کی وجہ سے وہاں فسادات پھوٹ پڑے نصاب کا اسے آج حل کردیا ہے- خدا کرے کہ ایسا ہی ہو لیکن یہ مسئلہ جو ایک meeting میں حل ہوا ہے کہ ایک سال تک کیوں نہیں حل ہوا؟ جب کہ نصاب پر تین فرقوں میں اتفاق ہوچکا تھا شعیہ، آغاخانی اور سنی حضرات میں اتفاق ہو چکا تھا لیکن اسے نافذ نہیں کیا گیا نتیجے میں کتنا خون بہا اور مسلسل وہاں قتل و غارت گری ہو رہی ہے - صرف ایک IG ہی قتل نہیں ہوا وہاں پر مولانا ضیاء الدین صاحب کا بھی قتل ہوا جس کے بعد فسادات پھوٹ پڑے اور اب بھی آئے دن قتل و غارت گری ہو رہی ہے اور ابھی میں بتا رہا ہوں کہ اس وقت بھی یہ صورتحال ہے یہ میرے پاس اخبارات کے

تراشے ہیں 24 اپریل کا اخبار ہے ۔ گلگت سے راولپنڈی آنے والی بس کے دو مسافر قتل کر دیئے گئے ۔ نامعلوم دہشت گردوں نے دونوں کے شناختی کارڈ چیک کرکے انہیں گولی مار دی۔ نقاب پہنے پانچ ملزمان نے بھاشا کے قریب بھاری پتھروں سے سڑک بند کر رکھی تھی۔ اس وقت تک بیس سے زائد لوگ قتل کیے جا چکے ہیں۔ یہ علاقہ صوبہ سرحد کا حصہ ہے۔ پہلے بھی اسی مقام پر لوگوں کو روک کر قتل کیا جاتا رہا ۔ ماضی میں اس کے گرد و نواح سے آنے والی متعدد خواتین کی بے حرمتی کی جا چکی ہے مگر آج تک کوئی بھی ملزم گرفتار نہیں کیا جا سکا۔ تو یہ سارے ملک کی صورتحال ہے۔ یہاں بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ آخر ان کا بھی حق ہے۔ اور اس کے علاوہ یہ ہے کہ وہاں کے لوگوں کو ان کے جائز حقوق ملنے چاہییں۔ وہاں پر دوسرے علاقوں سے لوگوں کو لاکر ان پر مسلط کیا جا رہا ہے اور وہاں کے وسائل سے دوسرے فائدہ اٹھا رہے ہیں ۔ ان حالات کا نوٹس لیا جانا چاہیے اور قانون کی حکمرانی اور بالادستی ہونی چاہیے ۔عدل نافذ ہونا چاہیے۔ تمام صوبوں کے ساتھ مساوی سلوک ہونا چاہیے اور جس علاقے کے لوگوں کو حقوق نہیں دیئے گئے ہیں ان کو حقوق دیئے جانے چاہییں۔

میں نے جیسے کہا کراچی کی حالت بہتر ہے ۔ ہمارے صوبہ سندھ کی حالت بہتر ہے ۔ اور ظاہر ہے مجموعی طور پر حالات یقیناً بہتر ہیں ۔ شکریہ ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شکریہ ۔ ڈاکٹر اسماعیل بلیدی۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! ایک اہم مسئلے پر آپ نے مجھے بولنے کی دعوت دی میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں ۔

جناب ! کل یہاں مولانا سمیع الحق اور مولانا حسین احمد شرودی کے حوالے سے بات ہوئی ۔ تو جناب چیئرمین ! میں حیران ہوں کہ ہم پاکستان میں رہتے ہیں اور ہم کہتے ہیں کہ پاکستان ایک آزاد ملک ہے ۔ یہ ہم پر کیا دباؤ ہے یا ہم پر کیا pressure ہے ؟ اور ہم اتنے بے بس ہیں کہ ہمارے ممبر جب باہر جاتے ہیں تو ممبر آف دی پارلیمنٹ کی کوئی حیثیت ہی نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین ! وہاں باہر یہ situation ہے ۔ کوئی پاکستانی باہر جاکر یہ کوشش کرتا ہے کہ میں اپنے پاسپورٹ کو as a Pakistani نہ دکھاؤں اور چپکے چپکے سے نکل جاؤں تاکہ

کسی کو پتا نہ چل سکے کہ .I belong to Pakistan یہ شرم کی بات ہے۔ ہمارے حکمران کہتے ہیں کہ ہماری خارجہ پالیسی کامیاب ہے۔

جناب چیئرمین! خارجہ پالیسی کی کامیابی میری سمجھ سے باہر ہے۔ اور آپ کا وزیر مملکت برائے خارجہ امور یہ کہتا ہے کہ میں انکوائری کر رہا ہوں اور اس طرح کے واقعات ہوتے رہتے ہیں۔ جناب! مجھے بہت افسوس ہے۔ اور ہمیں شرم محسوس ہوتی ہے کہ ہم کیوں اس ملک کے ممبر آف دی پارلیمنٹ بنے ہیں۔چاہیے تھا کہ ہم کوئی عام آدمی ہوتے۔ ہماری غیرت اور احساسات کس طرح یہ برداشت کرتی ہے کہ ائر پورٹ پر روکا جائے اور تلاشی لی جائے ۔ تلاشی تو چور کی لی جاتی ہے اور ایک ممبر سے کہا جائے کہ اپنی جیب سے پیسے نکالو ' اپنے تمام کاغذات میز پر رکھو تو پھر بھی ہم دعویدار ہیں کہ ایک آزاد ملک سے تعلق ہے ۔ میں مشرف صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ نے اس ملک کو کہاں آزاد کیا ہے ۔ اگر آزادی اس چیز کا نام ہے تو میں اسے آزادی نہیں سمجھتا ہوں ۔ آپ نے ہمیں غلام ضرور بنایا ہے لیکن آزادی نام کی ہے ۔ کیا ہمارا کسی ملک سے تعلق نہیں ہے ؟ کیا پاکستان کوئی ملک نہیں ہے ؟ پاکستان کی کیا مجبوری ہے کہ دبا ہوا ہے خوف کے دباؤ تلے۔ امریکہ اوریورپ سے دبے ہوئے ہیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ اگر ہمارا وزیر اعظم لندن جاتا ہے فرانس جاتا ہے ' تو وہاں کا ایک سیکشن افسر اس کو وصول کرنے کے لیے----میں چاہتا ہوں کہ آیا وزیرمملکت برائے امور خارجہ یہ بتائیں کہ پاکستان سے فرانس اور بلیجئیم کا سفارت خانہ فوراً بند ہونا چاہیے' within one week انہیں جانا چاہیے۔ کیا مذاق ہے، ہمیں خریدا ہے۔اگر ہمیں پرویز مشرف نے بیچا ہے تووہ documents ہمیں دکھائیں تاکہ ہم مطمئن ہو جائیں ہمارے اس ملک کوئی حیثیت نہیں ہے۔

وہ کہتے ہیں کہ جی ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسی دن آپ یہ declare کر لیتے کہ آئندہ کوئی یورپین وفد پاکستان نہیں آئے گا، ختم۔ بالکل پابندی ہے۔ Member of Senate کو مذاق سمجھا ہے ' مولانا سمیع الحق آپ سے تعلق رکھتے ہیں، آپ نے اسے MMA سے جدا کیا ہے' اس کی یہی عزت آپ نے کی' آپ نے اس کو ذلیل کر کے رکھ دیا۔ اس کا صلہ یہ ملا۔ جب آپ کو ضرورت پڑتی ہے تو آپ اُن سے بیان دلواتے ہیں کہ جی میرا MMA سے کوئی تعلق نہیں ہے' یہ جو ہڑتال ہو رہی ہے' ملین مارچ ہو رہا ہے یہ میں اس کے

بالکل خلاف ہوں۔ یہ پہیہ جام ہڑتال ہو رہی ہے میں اس کے خلاف ہوں۔ اس کی یہ حالت ہوئی کہ مشاہدحسین نے رسماً کچھ باتیں کیں اور وزیرمملکت نے تو مذاق اڑایا۔ عجیب آدمی ہے۔ جناب چیئرمین! ہم آزاد ہیں، ہم خدا سے ڈریں، ہمارا ملک آزاد ہے تو ہم اس طرح کیوں کر رہے ہیں۔ دوسری طرف ہم کہتے ہیں جناب اس ملک کے چار صوبے وفاق کی علامت ہیں، یہ چار صوبوں پر مشتمل ہے۔ میں حیران ہوں کہ تین صوبوں کے آنکھوں میں آپ سرمہ ڈالتے ہیں اور ایک بلوچستان کا صوبہ ہے اس کے آنکھوں میں آپ خاک مٹی ڈالتے ہیں، پھر بھی کہتے ہیں کہ جی یہ چار صوبوں کا ملک ہے۔ آپ بلوچستان میں جائیں وہاں بالکل ایک قسم کی فوجی حکومت ہے۔ میرا تعلق سے مکران ہے، 584 check posts پہلے تھے، ابھی میں پنجگور گیا۔ امریکہ نے پاکستان کو کہا ہے کہ میں ایران پر attack کرتا ہوں اور یہ border کے علاقوں میں check posts بناتا ہوں۔ وہاں میں گیا لوگوں نے دکھایا، بازار میں، گاؤں میں انہوں نے check posts کے نشانات لگائے ہوئے ہیں۔ میں نے جب کرنل FC پنجگور کو کہا کہ جی اگر check posts بناتے ہیں تو آپ تھوڑا آبادی سے ہٹ کر بنائیں، یہاں تو آپ بالکل گھروں کے اندر بنا رہے ہیں۔ کہتا ہے کہ جی یہ order اسلام آباد سے آیا ہے۔ اب آپ اندازہ لگائیں۔ یہ آپ کے وزیرمملکت شہزاد صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، اس نے مجھے کہا، خدا کے لیے کبھی FC کے خلاف بات تو کرو، ہماری کوئی نہیں چلتی، کوئی IG، کوئی ہماری بات نہیں مانتا۔

Senator Dr . Shahzad Wasim: Sir , Point of personal explanation.

Mr. Presiding Officer: Let him complete.

*(Interruption)*

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، آپ بعد میں جواب دے دیں۔ آپ بااختیار نہیں ہیں۔ یہاں کے منسٹروں کے پاس کوئی اختیارات نہیں ہیں، تمام اختیارات فرد واحد کے پاس ہیں۔ یہ ان کو ماننا پڑے گا۔ یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ہمارے پاس کوئی اختیار نہیں ہے۔ یہ صرف flat اور only vehicle پر گزارا کریں۔ ایسے بیٹھے تنخواہ لیتے ہیں۔

جہاں تک گوادر کا مسئلہ ہے' میرانی ڈیم کا مسئلہ ہے۔ ابھی میں پرسوں تربت سے آرہا تھا وہاں بھوک ہڑتال تھی' لوگ میرانی ڈیم کے حوالے سے بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ اپنی زمین کی وجہ سے متاثر ہو رہے ہیں' ان کو معاوضے نہیں دیئے جا رہے ہیں' وہ چار دن سے بھوک ہڑتال پر ہیں' کوئی ٹس سے مس نہیں ہوتا۔ گوادر کے حوالے سے یہ کہتے ہیں کہ وہاں تو ایک سازش کے تحت فوجی جنرل وہاں کی زمینوں کو خرید رہے ہیں' وہاں کوئی زمین نہیں بچی ہے' وہ ایک سازش کے تحت ہمیں out کر رہے ہیں اور گوادر کو مکمل طور پر control کر رہے ہیں۔ وہاں port کے حوالے سے کراچی کے لوگوں کو لیجایا جا رہا ہے۔ وہاں کے جو مقامی لوگ ہیں وہ تعلیم یافتہ بھی ہیں مگر ان کو کوئی بھی نوکری نہیں دے رہا ہے۔ اس حوالے سے میں کہتا ہوں کہ اگر پاکستان اور موجودہ حکمران سنجیدہ ہیں تو جو پارلیمانی کمیٹی بنائی گئی ہے۔ مسائل اس کے ذریعے حل ہونے چاہییں مگر مذاکرات خفیہ طریقے سے کیے گئے۔ پارلیمانی کمیٹی کو اعتماد میں نہیں لیا گیا۔ ہمیں پتا بھی نہیں ہے کہ بلوچستان کے حوالے سے کیا ہو رہا ہے؟ وہ ڈیرہ بگٹی آتے جاتے ہیں لیکن پارلیمانی کمیٹی کو یہ پتا نہیں ہے کہ کیا باتیں ہو رہی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب پارلیمانی کمیٹی کو بنایا گیا ہے تو اسی کے حوالے سے تمام مسائل کو حل کرنا چاہیئے۔ مجھے افسوس ہے کہ جب شجاعت حسین گئے تھے۔ ہمارے نواب اکبر بگٹی صاحب نے انٹرویو دیا کہ آیئے only discuss matter of Dera Bugti not all Balochistan. یہ مجھے افسوس ہے کہ جب ڈیرہ بگٹی میں واقعہ ہوا تھا تو پورے بلوچستان میں ہڑتال ہوئی تھی۔ پورا بلوچستان سراپا احتجاج بنا ہوا تھا۔ مگر وہ کہتے ہیں کہ میرے ساتھ ڈیرہ بگٹی کے علاوہ کسی معاملے کی بات نہ کریں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ پارلیمانی کمیٹی کے جو مطالبات ہیں یہ ان کے لیے دیر کیوں کر رہے ہیں؟ اگر ان کو کچھ دینا ہے تو آئینی ترمیم لائیں۔ بلوچستان کو خودمختاری دیں۔ چار محکموں کے علاوہ کوئی محکمہ مرکز کے پاس نہیں ہونا چاہیے۔ ہمارے وسائل ہمارے حوالے کیے جائیں۔ جب تک پورے بلوچستان کو گیس سپلائی نہیں کی جاتی۔ اس وقت تک پنجاب اور دوسرے علاقوں کو گیس فراہم کرنے پر پابندی لگائی جائے۔ NFC ایوارڈ کو آج تک final نہیں کیا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت ناکام ہے۔ یہ صرف باتیں کرتے ہیں۔ اس میں جو law and order کی بات ہے۔ جناب! وزیرستان میں جو حملہ ہو رہا ہے اور عراق پر جو حملہ ہوا تو پاکستان نے ساتھ دیا۔ افغانستان پر جب

حملہ ہوا تو پاکستان نے ساتھ دیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، وہی باتیں بار بار ہو رہی ہیں۔ میرا خیال ہے کہ آپ کا وقت پورا ہو گیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، تو میں سمجھتا ہوں کہ اختیارات کو تقسیم کرنا چاہییں۔ اپوزیشن کو بھی اعتماد میں لے کر تمام معاملات کو حل کرنا چاہییں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، حکومت بھی زیادتی کر رہی ہے اور آپ بھی House کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں۔ اس لیے مہربانی کریں۔ آپ بس کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، تو آخر میں دو شعر پڑھنا چاہتا ہوں۔

ملے جو خشک روٹی آزاد رہ کر

تیرے خوف و ذلت کے حلووں سے بہتر

اپنی مٹی پر چلنے کے طریقے سیکھو

سنگ مرمر پر چلو گے تو پھسل جاؤ گے

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، میں ڈاکٹر وسیم صاحب سے کہوں گا کہ وہ دل کھول کر personal explanation بیان کریں۔ ویسے آپ ناراض ہو رہے تھے۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جناب چیئرمین! حقیقت یہ ہے کہ بلیدی صاحب دو تین دفعہ سفارش لے کر آئے کہ وہ ٹرک جو کہ ڈیزل کی سمگلنگ میں ملوث ہیں اور وہ حضرات جو خود کو معزز شمار کرتے ہیں----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ ان کی ذاتی معاملات پر یہاں بحث نہ کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، اگر قانون کی حکمرانی کی بات کی جائے۔ سمگلر کو سمگلر کہا جائے تو پھر یہ کہتے ہیں کہ ان کے پاس اختیار نہیں ہے۔ اگر ان کو قانون سے بالاتر سمجھا جائے اور ان کو قانون کے ساتھ کھیلنے کی اجازت دی جائے تو پھر یہ کہتے ہیں کہ یہ بااختیار وزیر ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اپنے پیمانے ٹھیک کرنے پڑیں گے۔ یہ جو جھوٹ کا وتیرہ ہے کہ سامنے بیٹھ کر منہ پر جھوٹ بولتے ہیں اس کو ہم condemn کرتے ہیں اور ان کو آئندہ اس کے لیے

احتیاط کرنی پڑے گی۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، میں نے وزیر صاحب کو شکایت کی تھی ، انہوں نے کہا کہ میرا کوئی اختیار نہیں چلتا ہے اور ہم نے کبھی کسی کی سفارش نہیں کی۔ ہم نے کہا ہے کہ چھوٹی گاڑیاں دور دور سے سامان لاتی ہیں ان کو اجازت دی جائے۔ میں پھر کہتا ہوں کہ ہمارا ان میں کوئی آدمی نہیں ہے۔ جھوٹ بولنا منسٹر کا کام ہے ہمارا نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آغا پری گل۔

سینیٹر آغا پری گل، جناب چیئرمین صاحب! میں ایک ضروری بات کہنا چاہتی ہوں کہ میں تمام سینیٹرز کی طرف سے یہ point اٹھانا چاہتی ہوں کہ پاکستان ٹیلی ویژن اس وقت ہمارے پورے سینیٹ کے ساتھ جو role ادا کر رہا ہے بہت غلط کر رہا ہے۔ آپ یقین کریں کہ سینیٹ کی جتنی بھی کارروائی ہو رہی ہے تمام سینیٹ کو وہ ایسے طریقے سے دکھاتے ہیں جیسے تمام بالکل مرے ہوئے ہیں اور بالکل خاموش بیٹھے ہوئے ہیں، بول ہی نہیں سکتے۔ جناب چیئرمین! یہ سینیٹ کی بے عزتی ہے۔ میں ابھی ٹی وی دیکھ کر آئی ہوں۔ یہ غلط طریقے سے ہمارے ساتھ برتاؤ کر رہے ہیں یا تو کوئی ان کو سمجھا رہا ہے کہ آپ سینیٹ کو coverage نہ دیں یا کوئی اور بات ہے۔ آپ یقین کریں کہ ابھی ابھی میں اردو میں خبرنامہ دیکھ کر آئی ہوں ایسے لگتا ہے جیسے کہ سارے سینیٹر مرے ہوئے ہیں۔ میں آپ سے یہ درخواست کروں گی کہ جتنے بھی سینیٹرز تقریر کرتے ہیں چاہے اس طرف بیٹھنے والے سینیٹرز ہوں یا اس طرف بیٹھنے والے، تمام تقریروں کو دکھانا چاہیے۔ آپ آرڈر کریں۔ ہمارے ساتھ اس طرح سے دو سال سے ہو رہا ہے۔ سارے بیٹھے ہوئے یہ لوگ کیا سوچیں گے۔ عوام کیا سوچیں گے کہ یہ سارے مرے ہوئے ہیں۔ آپ "جیو" کو اجازت دیں یا کسی اور ٹیلی ویژن کو تاکہ کم سے کم ہمارے سینیٹرز کی آواز عوام تک تو پہنچ جائے۔ آج آپ خود ایکشن لیں۔ ایسا نہ ہو کہ پھر آپ سے بھی گلہ ہو۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اس کا ضرور نوٹس لیں گے۔ جناب بروہی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی، جناب چیئرمین! بہت شکریہ کہ آپ نے موقع دیا۔ جناب والا! میں عرض کرتا چلوں کہ آج ہمارے تمام ممبران نے اپنا اپنا موقف بیان کیا۔ میں یہ

گزارش کرتا چلوں گا کہ ہمارے بہت ہی senior اور بہت ہی عزت والے پروفیسر غفور احمد صاحب نے جو باتیں کیں اور اس کے علاوہ میں صرف یہ گزارش کروں گا کہ ہمیشہ سچ بولنا چاہیے اور کبھی ایسی غلط چیز بیان نہیں کی جانی چاہیے کیونکہ عوام کو اصل حقیقتوں کا پتا ہے ۔ جناب والا! آپ کو بھی اور تمام معزز ممبران کو پتا ہے کہ پاکستان جب 1947 میں بن رہا تھا اس وقت مخالفت کرنے والے لوگ کون تھے۔ قائد اعظم کو کافر اعظم کہنے والے لوگ کون تھے؟ پاکستان میں طلبا تنظیمیں اور جتنی بھی یونیورسٹیاں ہیں وہاں پر thunder squad بنانے والے لوگ کون تھے اور سٹین گن، کلاشنکوف اور دوسرے جتنے بھی کلچر ہیں وہ لوگ کون تھے ۔ جناب چیئرمین! میں صرف اس لیے گزارش کروں کہ بیان کو درست کیا جائے اور حقیقت پسندی سے کام لیا جائے۔ طلبا اور معصوم لوگوں کو کس نے ان چیزوں پر لگایا' کون ان کو سیاست میں لایا۔ انہیں سٹین گن اور کلاشنکوف کس نے ہاتھ میں تھمائی۔ اب بات کرتے ہیں کہ ہمارے ساتھ یہ ہوا اور سندھ حکومت نے یہ کر دیا۔ صدر پاکستان پرویز مشرف نے ہمارے ساتھ یہ کر دیا تو میں ان سے یہ کہتا ہوں کہ جب ضیاء الحق کا دور تھا گیارہ سال تک اس کی گود میں بیٹھا ہوا کون تھا؟ وہ کون لوگ تھے۔ جناب چیئرمین! میں صرف اس لیے گزارش کروں گا کہ ایم کیو ایم اور اس کی طلبا تنظیموں پر جو الزام تراشی کی جا رہی ہے ' مہربانی کرکے اپنا ریکارڈ درست کرلیں اور پہلے اپنے گریبان میں یہ دیکھیں کہ ہم کیا تھے اور ہم نے کیا کر دیا۔ ہم نے نوجوانوں کے ہاتھوں میں کیا دے دیا؟ ہم نے پاکستان کے ساتھ کیا کیا؟ قائد اعظم کے خلاف کس نے بات کی؟ کس نے پاکستان کے خلاف اس وقت بات کی؟ اب اپنے آپ کو پاکستانی کہہ رہے ہیں اور ہمیں گدھا کہا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین ! میں صرف یہ گزارش کروں گا' یہ ایک humble submission ہے کہ اس ملک کو بنانے کے لیے' اس ملک کو بچانے کے لیے' اس ملک کو مضبوط کرنے کے لیے سچائی' حقیقت پسندی اور عمل پسندی سے کام لیا جائے۔ جب تک ہم خود حقیقت پسند اور سچائی سے بات نہیں کریں گے۔ عمل پسندی سے کام نہیں کریں گے، عوام کو سچا راستہ نہیں دکھائیں گے، ملک کو مضبوط نہیں بنائیں گے جب تک ہم لوگ ان سیٹوں پر بیٹھے ہیں اور ہم غلط بات بیان کریں گے، ہم اپنے عوام' اپنے ملک کے ساتھ دشمنی کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! میری آپ سے humble submission یہ ہے، میری گزارش یہ ہے کہ میں آپ کے سامنے یہ بات کر رہا ہوں کہ آپ دیکھیں اب جو یہ بات کر رہے ہیں کہ جی سندھ میں لاقانونیت ہے، سندھ میں دہشت گردی ہے، میرے معزز سینیٹر ہیں، انہوں نے کہا کہ لاڑکانہ سے شکارپور جاتے ہیں تو اغوا ہوتے ہیں۔ میرے بھائی آپ جاکر دیکھیں، اب تو صحیح ہے۔ جب آپ لوگوں کا دور تھا اس وقت یہ کام ہوتا تھا۔ میں یہ clear کرنا چاہتا ہوں، ان کا record درست کرنا چاہ رہا ہوں۔ سندھ میں جو پہلے دہشت گردی کی جاتی تھی، سندھ میں جو پہلے لاقانونیت کی جاتی تھی، سندھ حکومت نے، وزیراعلیٰ سندھ نے، گورنر صاحب نے، Home Ministry نے اور متحدہ قومی موومنٹ کی کاوشوں سے سندھ کے امن میں بہتری آئی ہے۔ میں سلام پیش کرتا ہوں سندھ حکومت کو اور متحدہ قومی موومنٹ کے ایک ایک کارکن کو اور ایک ایک MPA کو جو قائد تحریک الطاف بھائی کی باتوں پر اور ان کی نصیحتوں پر اور ان کے فکر و فلسفے پر سندھ حکومت کی زندگی قربان کردی۔

ہمارے کتنے ساتھی شہید ہوئے لیکن ہم چپ ہو کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہم نہیں بول رہے ہیں۔ پھر بھی ہم اس لیے۔ ہم اپنے امن کے دامن کو----، ہم کوشش کر رہے ہیں، ہم اپنے شہید ساتھیوں کی لاشوں کو لے کر جا کر رہے ہیں اس لیے تاکہ سندھ میں امن برقرار رہے، اس لیے کہ ملک کو مضبوط کریں، اس ملک کی مضبوطی اور اس ملک کی معاشی اور سیاسی صورتحال ہے اسے بہتر بنانے کے لیے۔ مسلم لیگ کے ساتھ مل کر وہاں پر ایک اچھی پیش رفت کے ساتھ جو کام ہو رہا ہے۔ ہم ایک اچھی پیش رفت کے ساتھ جو کام ہو رہا ہے۔ ہم اچھی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں۔ مگر یہ لوگ نہیں چاہتے۔ یہ پرانے سیاسی گرو، جن کی دکانداری اب بند ہوگئی ہے۔ اب ان کو پتا ہے کہ ان پر تالا لگ چکا ہے۔ ان کو پتا ہے کہ سندھ کے عوام نے ان کو جواب دے دیا ہے۔ جو یہ ملین مارچ کی بات کرتے ہیں۔ دس، بیس ہزار کو کوئی ملین مارچ کہیں گے۔ کبھی یہ کہتے ہیں کہ پہیہ جام ہڑتال، اس کے بعد کہتے ہیں نہیں shutter down ہڑتال۔ متحدہ قومی موومنٹ کی سندھ میں مقبولیت سے یہ لوگ پریشان ہیں۔ ان کو پتا ہے کہ ان کی دکانداری بند ہونے والی ہے۔ بلدیاتی انتخابات میں وہاں کی عوام نے ان کو جواب دے دیا ہے۔ انہوں نے فیصلہ دے دیا ہے۔ وہاں پر انہوں نے ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں کے حق میں فیصلہ دے دیا ہے۔ یہ اس

لیے پریشان ہیں۔

جناب چیئرمین! میں یہ چاہتا تھا کہ یہ اپنے اس بیان کو دیکھیں اور اپنے گریبان میں جھانکیں پھر دوسروں پر انگلی اٹھائیں، تب جاکر دوسروں پر الزام لگائیں۔ پنجاب کی یونیورسٹیوں میں، پورے پاکستان کی یونیورسٹیوں میں، سندھ کے مختلف تعلیمی اداروں میں کلاشنکوف کا سٹین گن کا کلچر کس نے پھلایا؟ کس نے معصوم طلبہ کو ہاتھ میں ہتھیار تھما دیے۔ کس نے ہمیں اس راہ پر لگایا؟ کس نے ہمیں اس طرح کے طریقے سکھائے؟ کون لوگ تھے وہ بتائیں؟

جناب چیئرمین! میری صرف گزارش یہ ہے کہ خدارا! ہماری آپ لوگوں سے یہ humble submission ہے کہ سچ بولیں، سچائی کا راستہ اپنائیں۔ ہم سب مسلمان ہیں، اللہ رسول کا نام لیتے ہیں، مگر خدارا منافقانہ سیاست نہ کریں۔ قوم کے بچوں کا مستقبل نہ تباہ کریں۔ ایسی سیاست نہ کریں۔ ہمیں مجبور نہ کریں۔ میری جناب چیئرمین! یہ گزارش ہوگی، ہم چاہتے ہیں کہ آئیں مل بیٹھ کر کام کریں۔ آئیں ہمارے ساتھ بیٹھیں۔ آئیں سندھ میں جو تجاویز دینا چاہیں، جو کام کرنا چاہیں، آئیں ہماری حکومت پیشکش کرتی ہے کہ آئیں بیٹھیں، ہمارے ساتھ کام کریں اور سندھ کی بہتری اور ملک کی بہتری کے لیے کام کریں۔ سندھ کی معاشی صورتحال جو بہتر ہو رہی ہے، اس کی بلندی کے لیے، پاکستان کی بلندی کے لیے ہم اس کے ہاتھ مضبوط کریں۔

جناب چیئرمین! میری آپ سے humble submission ہے، marathon race کی بات ہو رہی تھی کہ بھئی ٹھیک ہے۔ پتا نہیں کیا ہوگیا، ظلم ہوگیا، ہمارے ملک میں پتا نہیں کون سا کلچر آگیا، وہاں پر بموں کا حملہ ہوگیا۔ گاڑیاں جلائی گئیں۔ معصوم بے گناہ لوگوں پر حملہ ہوگیا تو آپ مجھے یہ بتائیں، خدارا آپ لوگ بھی یورپ نہ جائیں۔ آج قسم کھالیں کہ ہم یورپ نہیں جائیں گے۔ ہم پکے مسلمان ہیں۔ ہم نہیں جائیں گے، ہم اسلام کے رکھوالے ہیں۔ مگر یہ منافقانہ پالیسی نہیں ہونی چاہیے کہ اپنے بچوں کو ہم یوروپ میں پڑھاتے ہیں اور یہاں پر جو ہمارے مسلمان ہیں اور دوسرے بہن بھائی ہیں، ان پر ہم پابندیاں لگائیں۔ یہ کہاں کا انصاف ہے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے؟ ان ماؤں، بیٹیوں سے پوچھیں، آپ لوگ کہتے ہیں کہ جی۔ عورتیں دوڑ لگا رہی ہیں تو میں کہتا ہوں کہ مہربانی کر کے بسم اللہ کریں، آپ اپنی جتنی بھی عورتیں ہیں، ان ممبروں سے استعفیٰ دلوائیں ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ آجاؤ، کیوں بٹھایا ہوا ہے؟ اس طرح کی باتیں

کیوں کی جاتی ہیں؟ سچائی کی بات کی جائے۔ عمل پسندی کی بات کی جائے، حقیقت پسندی کی بات کی جائے۔ پاکستان پر مہربانی کریں، بہت ہوگیا آپ سیاسی گروہ بندیوں سے بچائیں۔ خدا کے لیے اس ملک کو بچائیں ہماری جان چھوڑیں۔ ستاون سال بہت لوٹا اس ملک کو۔ اب نوجوان قیادت اور ملک کی بہتری کی جو قیادت ہے، جو اس ملک کو بہتری کی طرف لے کر جا رہی ہے، ہماری جان چھوڑیں، خدا کے واسطے ہماری جان چھوڑیں۔ ہم اس ملک کو بہتری کی راہ پر لگائیں۔ بخش دیں ہمیں۔ بہت ہو چکا۔ ہم بھی ان کالجوں میں پڑھے ہوئے ہیں، ہم نے بھی دیکھا ہے کہ آپ لوگوں کی طلبا تنظیم کو جو شریف ہے، ہم اسے اچھی طرح جانتے ہیں۔ جو جو کیا ہے انہوں نے ہم اچھی طرح جانتے ہیں۔ ہم سے کوئی بات ڈھکی چھپی نہیں۔ مہربانی کریں جھوٹ کی بات نہ کریں، غلط بات نہ کریں، سچائی کی بات کریں، حقیقت کی بات کریں اور اس ملک کو مضبوط بنائیں۔ نوجوانوں کو جو اس ملک کی ترقی اور اس ملک کو جو مضبوط کرنے والے ہیں، اللہ اور رسول کے واسطے میں آپ سے humble submission کرتا ہوں، ان کو بچائیں، ان کے ہاتھ میں کلاشنکوف نہ دیں۔ میری humble submission یہ ہے کہ آپ پنجاب کے تمام تعلیمی اداروں میں دیکھ لیں کہ کس کی غنڈہ گردی ہے۔ آپ جائیں پاکستان کے تعلیمی اداروں میں وہاں پر کون بیٹھا ہوا ہے جہاں پر نو گو ایریا لکھا ہوا ہے کہ اس کے علاوہ کوئی داخل نہیں ہو سکتا۔ وہ کون لوگ ہیں؟ جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسلم بلیدی، پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر ، اس بہانے آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسلم بلیدی، ایک منٹ، صرف ایک منٹ۔ جناب! مجھے بتایا گیا ہے کہ ڈاکٹر اسماعیل بلیدی صاحب نے فرمایا ہے کہ نواب بگٹی صاحب نے بلوچستان کی بجائے ڈیرہ بگٹی کی بات کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ شاید ان کے پاس اخبار نہیں جاتا ہے اور ٹی وی وہ نہیں دیکھتے۔ جن دنوں چوہدری شجاعت صاحب گئے، مشاہد صاحب گئے، وہاں پر واضح طور پر یہ بات ہوئی کہ ڈیرہ بگٹی میں سترہ مارچ سے لے کر تیرہ اپریل تک راستے بند تھے۔ بلوچستان میں اور کہیں بند نہیں تھے۔ ظاہری بات ہے کہ راستہ کھولنے کی بات ہوگی۔ جہاں بند ہیں وہاں کی بات

ہو گی۔ ستر کے قریب لوگ مرے ہیں اور پچاس ہزار سے زیادہ لوگ وہاں سے نقل مکانی کر گئے تھے' ان کی بحالی کی بات تھی تو ڈیرہ بگٹی کا مسئلہ تھا۔ بلوچستان کے مسئلے پر انہوں نے واضح طور پر کہا ہے کہ جو بلوچستان کی لیڈر شپ فیصلہ کرے گی۔ نواب بگٹی نے کہا کہ ہم اس کے مطابق بات کریں گے۔ ظاہری بات ہے جو incident تھا' صرف incident کی حد تک بات ہوئی تھی۔ اور وہ اس کو وضاحت سمجھ لیں اور اس کو correct کریں۔ اخبارات پڑھیں۔ چوہدری صاحب نے بھی یہی کہا کہ نواب بگٹی نے بلوچستان کے معاملے پر نہیں' ڈیرہ بگٹی کے واقعے سے متعلق بات کی ہے۔ باقی معاملات میں ہماری وہی رائے ہے جو ہماری چار جماعتی پارٹیوں کی رائے ہے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر،** شکریہ۔ اب میں request کروں گا ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ صاحب سے اور پیشتر کہ وہ اپنی تقریر کا آغاز کریں یہ بتا دیں کہ انہیں مائیک چاہیے کہ نہیں چاہیے۔

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، جناب چیئرمین! مائیک بالکل چاہیے۔ میں کوشش کروں گا کہ میں اپنی energies کو conserve کروں اور وقت کے دائرہ میں رہوں۔

Mr. Presiding Officer: Kind of you.

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، جناب چیئرمین! بات ہو رہی ہے پاکستان میں موجودہ صورتحال کی۔ میں پیپلز پارٹی کے ایک چھوٹے سے کارکن کی حیثیت سے موجودہ صورتحال کو سولہ اپریل سے آگے لے کر چلنا چاہوں گا۔ جس طریقے سے ہمارے ساتھ' پیپلز پارٹی کے ورکروں کے ساتھ ' پیپلز پارٹی کی نمائندہ قیادت کے ساتھ جو سلوک لاہور میں کیا گیا اس کا اگر جائزہ لیا جائے تو میرے دوست صفدر عباسی صاحب نے اور رضا ربانی صاحب نے بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے۔ میں صرف یہ کہوں گا کہ ہمیں اس دن inter provincial harmony, freedom of expression and freedom of association کی نئی defination سمجھنے کے لیے دی گئی۔ بہت افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ authorities were so insensitive of the fact کہ ہم اپنے لیڈر سینیٹر آصف علی زرداری کو ائرپورٹ پر receive کرنے سے بھی محروم کیے گئے۔ بہرحال اس بات پر میں زیادہ divulge نہیں کرنا چاہتا۔

I would rather like to look forward, I would rather like to make a practical and a pragmatic statement today on the floor of this august House.

میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت، ہمارے لیڈر شہید ذوالفقار علی بھٹو اپنی جان کی قربانی دے گئے۔ گیارہ سال کی صعوبتیں ہماری موجودہ قیادت محترمہ بے نظیر بھٹو کا exile اور sufferings, سینیٹر آصف علی زرداری کے آٹھ سال کی sufferings' ہمارے ہزاروں ورکروں کی تکلیفیں اور ان کی sufferings یہ testaments ہیں ایک Federal, democratic, progressive Pakistan کی۔ ہم پاکستان کے Constitution کی founder organization ہیں۔ ہم پاکستان کی Federation کے custodian ہیں اور ہمارے کارکنوں اور ورکروں کے ساتھ جو سلوک کیا گیا وہ شرمناک سلوک ہے۔ میں یہ چاہوں گا کہ اس ہاؤس میں، اس floor پر جو بھی معزز ساتھی اس وقت موجود ہیں وہ یہ دیکھ لیں کہ اس جماعت نے، اس political تنظیم نے جس طریقے سے پاکستان کی خدمت کی ہے، جس طریقے سے پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں، جس طریقے سے Federal, Constitutional اور پاکستان کے اتحاد کو مضبوط کرنے کے لیے اپنا رول ادا کیا ہے اس کے صلہ میں ہمارے ساتھ کیا نہیں کیا گیا۔ پھانسی کے پھندے سے لے کر exile تک قیدوبند کی صعوبتیں اور کوڑوں سے لے کر دفعہ 144 تک کئی سو elected representatives and leaders of the districts and parliamentary parties of the country, of our party, were detained and humiliated. یہ افسوسناک بات ہے۔ میں یہ چاہوں گا اس floor پر کہنا کہ Political institutions, political parties are meant to represent the civil society, to advance the needs of the civil society to serve the citizens of its own society. ہماری یہ ذمہ داری بنتی ہے as a سیاسی جماعت کہ ہم آج کے جو موجودہ معاملات ہیں جو پاکستان کے موجودہ مسائل ہیں، جو ہماری federation کو لاحق issues ہیں ان پر ہم ایک ذمہ دارانہ پوزیشن لیں اور اس کو آگے کی طرف لے کے جانے کی کوشش کریں۔ اس کو enlightened moderation کے نام پر جس طریقے سے exploit کیا گیا ہے، ہماری جماعت ایک moderate and progressive political force ہے۔

We realize that this Government has failed to deliver on every issue that is required and that is ahead in the federation at this time, may that be the provincial autonomy, may that be the distribution of equal resources through the NFC, may that be the distribution of water resources of the country, may that be the law and order situation in the country, may that be the justice and prudent justice and judicial system in the society, may that be fair and equal opportunity to every citizen of the country, may that be the sense of democratic progressive forwardness in the society, elimination of extremism, terrorism and bigotry from the civil society. We have done lot of lip-service; this administration including President of Pakistan has given enormous lip-service and failed on the deliverance, and unfortunately the government needs to look forward. We want a road map towards a progressive democratic Pakistan with the fair and transparent Election Commission, with the fair and equitable local government election, with a fair and transparent electoral exercise before election, intra election and the transfer of power to the legitimately elected political forces of the country. There would be no deviation and

یاد رکھئے

this floor should witness the statement, if there is any hinderance created on this road map the people of Pakistan would resist it. We will come out and we will disturb the current decent behaviour that has been imposed upon us that we are going to just lie low and lay down and accept and take on every injustice and excessive behaviour conducted by the rulers on our workers or on our party. The need of the hour is that the rulers

must get their heads together and they must deliver a fair, transparent electoral exercise and transfer power to the legitimate elected leadership of this country. That is the message, that is the need and that is the requirement of the time. Thank you very much.

Mr. Presiding Officer: Thank you very much for being short.

اب میں قاری مولانا محمد عبداللہ صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ اپنا خطاب فرمائیں۔ This is his maiden speech.

سینیٹر قاری مولانا محمد عبداللہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین ! میں صوبہ سرحد سے جناب خلیل الرحمان کی خالی ہونے والی سیٹ پر بلا مقابلہ منتخب ہو کر آیا ہوں۔ صوبہ سرحد کے 124 ممبران ہیں' وہاں ایک مضبوط اپوزیشن بھی ہے اور وہاں متحدہ مجلس عمل کی صوبائی حکومت بھی ہے۔ وہاں کی صوبائی حکومت کے رویہ نے اپوزیشن کو جو عزت نفس دی ہے' یہ اسی کا نتیجہ ہے کہ میں بلامقابلہ منتخب ہو کر آیا ہوں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

صوبہ سرحد کی حکومت نے اپوزیشن کو جو مقام دیا ہے' یہ قومی روایات' پشتون اور پختونوں کی تاریخی روایات اور اسلامی تہذیب کے مطابق ہے اور اس کے نتیجے میں پورے سرحد میں کسی بھی حلقہ میں اپوزیشن ممبر کو وہی فنڈز دئے جاتے ہیں جو حکومت کے ممبر کو دئے جاتے ہیں اور میں اس floor پر تمام حزب اختلاف کی جماعتوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔ یہ آپ کے لیے ایک پیغام ہے کہ آپ اپوزیشن کے فریق نہ بنیں بلکہ رفیق بنیں اور

وسعت دل ہے بہت' وسعت صحرا کم ہے

اس لیے مجھے تڑپنے کی تمنا کم ہے۔

یہاں پر بات امن کی ہو رہی ہے۔ سامنے جناح صاحب کی تصویر نظر آ رہی ہے۔ ہم نے ان کی سب کتابیں پڑھی ہیں۔ رئیس احمد جعفری صاحب نے ان کے ایک ایک لفظ کو جمع کیا ہے اور ان کا اپنا فرمان ہے کہ پاکستان ایک نظریاتی ملک ہے اور کل حلف نامے میں یہ مجھے

بھی پڑھایا گیا اور دوسرے صاحبان کو بھی آپ نے پڑھایا ہوگا۔ جناب چیئرمین ! اب بتانا یہ ہے کہ نظریہ پاکستان کیا تھا۔ جنوبی ایشیا کی پوری تاریخ میں عموماً اور برصغیر کی تاریخ میں خصوصاً یہ دنیا کا پہلا ملک ہے جس کے بارے میں نظریہ پہلے پیش کیا گیا اور تقسیم بعد میں ہوئی ۔ وہ نظریہ کیا تھا کہ پاکستان کا مطلب کیا۔ لا الہ الا اللہ ۔ اور یہ نظریہ کس نے پیش کیا تھا۔ صبح سے تاریخ کو مسخ کیا جا رہا ہے۔ آپ ستاون سال کی بات نہ کریں۔ بہادر شاہ ظفر کی شہادت سے لے کر ساڑھے تین سو سال کے عرصہ کی محنت کے نتیجے میں پاکستان بنا ہے۔ آپ ایک کروڑ اسی لاکھ محشرستان ہند کتاب کو دیکھیں جنہوں نے اس نظریہ کے لیے قربانی دی۔ یہاں امن کی بات ہو رہی ہے۔ ڈاکٹر ثناء اللہ جو تقریر فرما رہے تھے ' وہ تاریخ کے اوراق میں سنہری حروف میں لکھی جائے گی اور دوسری طرف سے جو جوابات دئے جا رہے تھے' وہ بھی عقل کو حیران کرنے کے مترادف تھے۔ جناب چیئرمین صاحب! ہم امن کی بات کرتے ہیں۔ اوپر بھی لکھا ہوا ہے۔ امن اس لیے نہیں ہے کہ ہمارا تعلق اللہ سے نہیں رہا ہے۔ جس دین کی بنیاد السلام علیکم سے ہوتی ہے کہ بھائی! میرے مال ' میری اولاد' میری قوت اور میری حکومت سے آپ محفوظ رہیں اور دوسرا بھی کہتا ہے کہ وعلیکم السلام۔ میرے بھی یہی جذبات ہیں۔ آج اس دین کے بارے میں کیا تشریح کی جاتی ہے۔ عجیب بات ہے کہ

وہی مخبر ہے وہی منصف ہے وہی قاتل ہے
اقربا کریں میرے خون کا دعویٰ کس پر

(ڈیسک بجائے گئے)

آپ کس سے مطالبہ کر رہے ہیں اور کیسے کر رہے ہیں؟ آپ دیکھیئے کہ ہم نے اس 57 سالہ دور میں قوم اور شہدائے بالا کوٹ کے ساتھ کیا وفاداری کی ہے؟ جو ان کا پیغام پاکستان کے نام پر تھا' اس پیغام کے ساتھ ہم نے کیا وفاداری کی؟ ہم تو یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اس ملک کو کیا دیا ۔ دیکھنا یہ ہے ۔ اب حزب اختلاف کی سوچ یہی ہے کہ تم انصاف کرو اور یہ پیغام آپ کو سرحد سے مل رہا ہے۔ وہاں پر (ق) لیگ کا ایک صاحب ہے زرگل اس کا نام ہے۔ وہ صوبائی اسمبلی میں کھڑے ہو کر کہتا ہے کہ مجھے درانی صاحب نے فنڈز دیئے ہیں۔ مرکزی حکومت نے مجھے وہ حیثیت نہیں دی ۔ وہاں پر بات یہ ہے اور ہم یہاں بھی یہی جذبات رکھتے ہیں۔ اب یہ

ہمارے دیوانے صبح سے جو بات کر رہے ہیں---میں زیادہ باتیں نہیں کرنا چاہتا۔ ایک اللہ والے ایک تاریخی مجاہد اور ڈاکٹر صاحب کی تقریر نے---- چونکہ میرا تعلق بھی تاریخ سے ہے اور ربانی صاحب اور بلیدی صاحب کے لیے ایک تجویز ہے کہ دلائل مضبوط ہونے چاہییں اور لہجہ نرم ہونا چاہیے۔

عقل و خرد کے وارث لوگو کیا پوچھو دیوانوں کا
صدیاں گزریں دیکھ رہے ہیں خون اپنے ارمانوں کا

(اس مرحلے پر مغرب کی اذان سنائی دی۔)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، میرا خیال ہے قاری صاحب مکمل کرلیں پھر۔

سینیٹر قاری محمد عبداللہ، چونکہ اذان ہو چکی ہے۔اس لیے کہ یہ سب سے بڑا اعلان ہے۔ اذان کے بعد کچھ کہنا مناسب نہیں ہے۔یہ ہمارا منشور ہے۔ اس لیے نماز سب سے پہلے پڑھنی چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جیسے آپ کہتے ہیں۔ جیسے آپ کی مرضی ہے لیکن اگر آپ مکمل کر لیتے۔ تو میرا خیال ہے اس کے بعد---

سینیٹر قاری محمد عبداللہ، اصل میں اس میں کچھ ترمیم کی گنجائش ہی نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اچھا۔

سینیٹر نگہت مرزا ایڈوکیٹ، میرا پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ کی بات بھی نماز کے بعد ہی ہو جائے۔ہم دوبارہ سوا سات بجے ملیں گے۔

---

(اجلاس نماز مغرب کے لیے سوا سات بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔)

---

(بعد ازنماز مغرب اجلاس کی کارروائی زیر صدارت جناب چیئرمین جناب محمد میاں سومرو شروع ہوئی)

جناب چیئرمین، جی قاری عبداللہ صاحب۔

سینیٹر قاری محمد عبد اللہ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ چونکہ جناب چیئرمین صاحب! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ امن کے لیے سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ہمارے دل کے اندر پوری انسانیت کا درد ہو۔ جس طرح اپنے بچوں کا درد ہے، عراق کے بچوں کا غم بھی ہو۔ عراق کے لاکھوں بچوں کو یتیم کرنے میں ہم شامل ہیں۔ افغانستان کی سر زمین پر جو کچھ ہوا اور ملت اسلامیہ کے تحفظ کے لیے ہم سب کو متفق ہونا چاہیے۔ یہ ایوان بالا صرف پاکستان کے لیے نہیں، صرف برصغیر کے امن کے لیے نہیں بلکہ پوری ملت اسلامیہ کے لیے اور پوری انسانیت کے لیے امن کا پیغام دے ۔ جس طرح ہمارے صوبہ سرحد میں حزب اختلاف کو جس نظر سے دیکھا جاتا ہے اور جس طریقے سے دو دفعہ بجٹ بالاتفاق پاس ہوا اور تمام حزب اختلاف کے صاحبان کو میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں کیونکہ انہوں نے متحدہ مجلس کی حکومت کے ساتھ ہر مسئلے میں تعاون کیا۔ یہ آپ حضرات کے لیے ایک پیغام ہے لہٰذا جب ہم صحیح طریق سے اپنی بات کو اور حقائق کو نظر انداز نہیں کریں گے اور جب حقائق سامنے آئیں گے۔

حقیقت چھپ نہیں سکتی بناوٹ کے اصولوں سے۔

یہاں پر ہم سب کو جو بات کرنی ہے وہ یہ ہے کہ اس ملک کا دفاع ، ملک کی وحدت اور ملک کا استحکام اور جس نظریے پر یہ ملک بنا تھا وہ اللہ کا دین اور اسلام کی بات تھی اور یہاں پر جو بھی بات ہوگی وہ پورے بیس کروڑ عوام کی ترجمانی کرے گی۔ اس میں دل کی بات ہو۔ اپنی بات کو اللہ کی رضا کی خاطر اور ملکی وحدت کی خاطر ہم سب حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہیں جتنے حزب اختلاف اور حزب اقتدار ہیں اور آخر میں میں تمام حضرات کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں لیکن ایک تجویز یہ ہے کہ یہاں پر جو بھی بات کی جائے اس کو تمام لوگ ادب سے سنیں اور احترام کے ساتھ سنیں چاہے حزب اختلاف کی بات ہو چاہے حزب اقتدار کی بات ہو۔ مہربانی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، فوزیہ صاحبہ جب آپ کی speech ہوگی اس میں اپنا point cover کر لیجئے گا۔ آپ کا نام بھی speech کے لیے ہے۔

سینیٹر فوزیہ فخر الزمان خان، نہیں جی یہ جب تقریر انہوں نے کی تو میں نے اس پر point of order کے لیے ٹائم لیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ نماز کے بعد لے لیجئے گا۔

جناب چیئرمین، بتائیے، بتائیے۔

سینیٹر فوزیہ فخرالزمان خان، بس دو منٹ جی۔ مولانا صاحب خوش آمدید، بڑی خوشی ہوئی کہ آپ جیت گئے اور اس ہال میں آئے۔ آپ بہت اچھی تقریر کر رہے تھے کیونکہ آپ لوگ تو پیدائشی واعظ ہیں، بہت اچھے اچھے وعظ کر لیتے ہیں۔ ہم لوگ کافی impressed ہیں آپ کی باتوں سے لیکن آپ نے جو کہا کہ اکرم درانی کی حکومت میں مسلم لیگ (ق) کا ایم پی اے کھڑا ہو کے کہتا ہے کہ ہم کو برابر پیسے ملے ہیں اپنے علاقے کی health کے لیے تو یہ تو آپ نے بالکل غلط کہا۔ میرا اپنا بیٹا ایم پی اے ہے اور وہ اتنا خفا ہے کہ اماں! اکرم درانی صاحب کی میرے ساتھ tussle چل رہی ہے اور ہمارے علاقے کو ایک پیسہ نہیں ملا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، ایک منٹ، یہ ایک general بات ہے جب آپ کی speech ہو گی تو اس پر آپ بات کر لیجئے گا۔ میری یہ request ہے۔

سینیٹر فوزیہ فخرالزمان خان، چلیں ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین، جی رضا صاحب، مختصر رکھئے گا۔

سینیٹر رضا محمد رضا، جناب چیئرمین! میرا point of order یہ ہے کہ آپ کو علم ہے میں نے تقریر میں بھی کہا تھا، دیگر ساتھیوں نے بھی کہا تھا کہ 31 مارچ کی شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کے دوران تمام ملک میں بالخصوص پشاور میں "پونم" کے سینکڑوں کارکن گرفتار ہوئے جن میں 37 کارکن اب تک جیل میں ہیں۔ کل پشاور ہائی کورٹ نے ان کی رہائی کا حکم کیا اور اخبار میں یہ فیصلہ آیا ہے کہ پشاور ہائی کورٹ نے "پونم" کے 37 رہنماؤں کو رہا کیا جس میں پارٹی کے صوبائی صدر مختار خان یوسف زئی اور بابو مجیب اور دیگر شامل ہیں لیکن جناب چیئرمین پشاور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس طارق پرویز کے اس فیصلے کے باوجود کہ ان کی ضمانت کا حکم ہوا۔ آج ان کی ضمانت سے انکار کر دیا گیا اور یہ کہا گیا ہے کہ ان پر اور مقدمات ہیں۔ اگرچہ پشاور ہائی کورٹ نے ٹاؤن پولیس اسٹیشن کی FIR No.295 اور کابلی پولیس اسٹیشن کی FIR No.225 منگوائی تھی اور ان پر فیصلہ دیا تھا۔ اس سے پہلے ہمارے قاری صاحب اپنی شعلہ بیانی سے

ایم ایم اے کی کارکردگی سے اس ایوان کو لرزا رہے تھے اور کرامات بتا رہے تھے۔ جناب والا! ان کے Home Secretary نے دو اپریل کو PUNAM کے کارکنوں پر MPO 3 کے تحت مقدمہ دائر کیا اور ڈیرہ اسماعیل خان جیل بھیج دیا اور اس حکم کو ہائی کورٹ نے غیر قانونی قرار دیا۔ آج تک ہمارے 37 کارکن جیلوں میں ہیں۔ ڈیرہ اسماعیل خان اور پشاور کی جیلوں میں ہیں۔ ہائی کورٹ کے اس فیصلہ سے انکار کیا گیا۔ صحافی برادران بھی یہ دیکھ لیں۔ ہمارے وزیر قانون بھی inquiry کریں ۔ جناب والا! یہ آپ کے ہائی کورٹ کا احترام ہے اور ایم ایم اے کی اپوزیشن کا احترام ہے۔ یہی میرا point of order ہے ۔ اس کا نوٹس لیا جائے۔

جناب چیئرمین، ڈاکٹر نگہت آغا صاحبہ۔

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا، جناب والا! بہت شکریہ۔ ہم نے یہاں تراشے ہوئے اور بے بنیاد الزامات نہایت تحمل سے سنے ہیں لیکن کیا کبھی ہمارے معزز بھائیوں نے اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھا ہے کہ ان کی حکومتیں کیا کرتی رہی ہیں۔۔۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب والا!

جناب چیئرمین، ڈاکٹر صاحبہ تقریر کر رہی ہیں۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب والا! ہمارا نام waiting list میں تھا اور شاید waiting list میں کوئی کمی بیشی کی گئی ہے۔

جناب چیئرمین، کوئی کمی بیشی نہیں ہوئی ہے۔ جس order میں مجھے فہرست دی گئی ہے، اسی پر عمل کر رہا ہوں اور یہ آپ ہی کی طرف سے آئی ہے۔ اگر آپ نے کوئی اس میں ترمیم کرنی ہے تو اپنے leaders کے ساتھ بات کر لیں۔ اس پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، نہیں۔ میں آپ کو نہیں کہہ رہا ہوں

جناب چیئرمین، مجھے تو list جس order میں ملی ہے، اسی پر چل رہا ہوں۔ آپ ایسا کریں کہ آپ ایم ایم اے کی ایک list دے دیں، جس طرح آپ چاہتے ہیں، میں اسی پر چلوں گا۔ ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ آپ اپنے leaders سے بات کر لیں۔

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا : جناب والا ! I am sorry to say that disturbance

بہت ہو رہی ہے۔ جناب والا! میں اپنے معزز بھائیوں سے التجا کرتی ہوں کہ کیا کبھی انہوں نے اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھا ہے کہ ان کی حکومتیں کیا کرتی رہی ہیں اور وہ اب بھی کیا کر رہے ہیں۔ یہ سب بے بنیاد کہانیاں بنا رہے ہیں just martyr بننے کے لیے ۔ میں facts پر کوئی زیادہ بات نہیں کرنا چاہتی۔ صرف ایک شعر عرض کرتی ہوں۔

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کیجئیے
ہم عرض کریں گے تو شکایت ہو گی

میں سب سے پہلے لاہور کا واقعہ بیان کرنا چاہتی ہوں۔یہ اتنا سیدھا سادا واقعہ تھا جسے distorted اور بہت ہی pathetic انداز میں پیش کیا جا رہا ہے جیسے بہت ظلم ہو گیا ہے۔ ان کا یہ تمام action pre-planned تھا کہ ہم غیر قانونی بات کریں گے تو obviously حکومت اس پر action لے گی اور پھر ہم شور شرابہ کریں گے۔ کیونکہ ان کے پاس شور مچانے کے لیے اور کوئی solid چیز نہیں تھی۔

رنگ بھرنے کو تو فسانے میں کوئی قصہ نہیں
آؤ زرداری کے استقبال کا چرچا کریں

تو اس لیے انہوں نے یہ سارا action کیا ہے اور حکومت نے امن و امان برقرار رکھنے کے لیے Section 144 نافذ کی ہوئی تھی۔ ان جیالوں کو معلوم تھا کہ جب قانون کی خلاف ورزی کریں گے تو اس کے کچھ consequences ہوں گے۔ اس کے لیے انہیں تیار رہنا چاہیے۔ مگر نہیں، یہ ہر طرح سے اپنا ہی مفاد دیکھتے ہیں۔ ملک کا مفاد نہیں دیکھا جاتا۔ دوسرا یہ ہے کہ اگر جلسہ ہی کرنا تھا تو تمام لوگوں کو خواہ یہ لاکھوں ہوں یا کروڑوں ہوں، انہیں یہ کہہ سکتے تھے کہ وہ سیدھا مینار پاکستان پہنچیں کیونکہ یہ چھاؤنی کی حد میں نہیں ہے۔ وہاں آپ جلسے کر سکتے ہیں ۔ سب لوگوں کو معلوم ہے کہ چھاؤنی کی حد میں جلسے ہو سکتے ہیں اور نہ ہی political parties کی meetings ہوسکتی ہیں نہ جلوس نکالے جا سکتے ہیں یعنی کچھ بھی نہیں ہو سکتا ہے۔ Airport بھی چھاؤنی کی حد میں ہے۔ ویسے بھی وہاں جلوس لے جانے کی اجازت نہیں ہے اور نہ ہی ہونی چاہیے کیونکہ security problems ہو جاتے ہیں کیونکہ جلوس میں صحیح لوگوں کے ساتھ دوسرے لوگ بھی ہو سکتے ہیں۔ابھی حال ہی میں چند سیاسی parties نے بطور آفس چھاؤنی میں مکان کرائے

پر لیے تھے لیکن وہاں پر political activity کرنے لگے تو ان کو خالی کرنے پڑے اور ابھی ایک بہت important leader نے چھاؤنی کے بالکل heart میں گھر کرائے پر لیا ہے یا خریدا مجھے نہیں پتا ۔ مگر گھر لیا ہے۔ کس لیے لیا گیا ہے Obviously political meetings ہوں گی اور جب گورنمنٹ ان کو چیک کرے گی۔چھاؤنی میں political meetings یا جلسے جلوس نہیں ہو سکتے تو پھر وہی شور وشرابہ ہوگا یہ تو ساری pre-planned چیزیں ہیں۔ان سے ان کو باز رہنا چاہیے۔ اب میں کراچی پر آؤں۔ اس وقت کراچی میں بھی پرانی حکومتوں کی نسبت 200% stability ہے ۔ان کو یاد ہے اور یہ اتنے بھولے ہوئے نہیں کہ ان کی حکومتوں میں کیا کچھ نہیں ہوا۔ کتنی قتل و غارت ہوئی ہے ۔ ایم کیو ایم کے کتنے نوجوان قتل کیے گئے ہیں جن کی کوئی شنوائی نہیں تھی۔ Literally ہزاروں کی تعداد میں یہاں تک کہ sitting Prime Minister کا بھائی دن دہاڑے قتل ہوا اور قاتلوں کا بھی پتا تھا کہ کون ہیں کیا ہوا تھا؟ یہ کیا شور مچا رہے ہیں معمولی سی تھوڑی سی بدامنی ہو رہی ہے وہ تو ہر ملک میں ہوتی ہے۔ابھی میں recently جنیوا گئی تھی وہاں بھی لوگ جلوس نکالے رہے تھے ۔ اس کا مطلب بدامنی تو نہیں ، چھوٹے چھوٹے جلوس بڑے پرامن تھے۔اس کا یہ نہیں مطلب لوگ خاموش بیٹھے رہتے ہیں ۔ لوگ باتیں کرتے ہیں اور اس وقت بھی وہی ہو رہی ہیں۔لیکن اس وقت جتنا امن کراچی میں ہے اور پورے ملک میں ہے کبھی کسی پہلی حکومت میں نہیں ہوا' میں اب نام نہیں لے سکتی یہ چند ملک دشمن عناصر خود بدامنی پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں اور آگ لگانے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن میں نے یہ دیکھا ہے کہ اب لوگ کافی سمجھ دار ہو گئے ہیں اب ان کی ہر بات میں نہیں آتے ۔

امن کے مفہوم سے آگاہ نہیں ہوتے لوگ
آگ بھڑکائی کسی نے گھر کسی کا جل گیا

And that is exactly what they are doing ? بلوچستان جو ہمارا بہت ہی پیارا صوبہ ہے۔ اس میں اتنے پیارے لوگ ہیں اور پاکستان کی بہتری چاہتے ہیں۔I would say 99% ایسے ہیں لیکن چند عناصر چند لیڈرز ہیں۔جو کہ اپنے ذاتی benefit کے لیے ملک دشمن عناصر کے ساتھ مل گئے ہیں۔انہوں نے اپنی فوج بھی بنا لی ہے وہ بمباری بھی کر رہے ہیں وہ ہماری اہم تنصیبات

کو تباہ بھی کر رہے ہیں۔ کیا وہ ملک کے دوست ہیں اور پھر یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے بہت سی parallel armies بھی بنا لی ہوئی ہیں۔ کیا وہ پاکستان کے دوست ہیں ؟ یہ اتنی باتیں کرتے ہیں اور حیرانگی کی بات جو مجھے لگ رہی تھی کہ کچھ لوگوں نے جو واقعے یا ان کے ساتھ جو زیادتیاں ہوئیں۔1948ء میں یا later on اس کا بھی پورا الزام اس گورنمنٹ پر ڈال رہے ہیں۔ کس منہ سے وہ اس گورنمنٹ پر ان چیزوں کا الزام ڈال رہے ہیں۔اس وقت کیوں نہیں بولے۔صرف اس وجہ سے نہیں بولے کہ freedom of speech نہیں تھی اور اب چونکہ freedom of speech ہے۔ تو اس کا فائدہ اٹھا کر اب تمام الزامات جو 1948ء سے اب تک ہوئے جو ان کے ساتھ زیادتیاں ہوئیں جو ان کے ساتھ محرومیاں ہوئیں۔ وہ اس گورنمنٹ پر ڈال رہے ہیں۔ کبھی یہ تھوڑا سا سوچیں تو سہی کہ یہ کہہ کیا رہے ہیں ۔ ہم سب پڑھے لکھے ہیں ہم سب کو پتا ہے کہ کس نے کیا کیا تھا۔ اسی پر ٹکے رہنا چاہیے تھا۔پھر کہتے ہیں یہ مہنگائی مہنگائی، ہر وقت مہنگائی کے اوپر بات کرتے ہیں۔ ٹھیک ہے مہنگائی ہو رہی ہے مگر یہ world economics تو دیکھ رہے ہیں۔All over the world مہنگائی ہو رہی ہے اور main مہنگائی ہو رہی ہے کیونکہ پٹرول کی قیمت بہت زیادہ ہے اور ہر چیز transportation کے اوپر depend کرتی ہے۔یہ اس کی وجہ سے ہے۔ ابھی پاکستان اتنا زیادہ cushion دے رہا ہے کہ جتنا باہر کے ملکوں سے تیل مہنگا آ رہا ہے۔وہ billions of rupees برداشت کر رہا ہے۔مہنگائی کو کنٹرول کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور مجھے یہ بتائیں یہ کیا کر رہے ہیں۔ہم سب کی duties ہیں گورنمنٹ تو چھوٹی سی ہوتی ہے۔یہ ہمارے سارے افراد کی ڈیوٹی ہے کہ ہم مہنگائی کو جس طرح سے بھی ہو، کم کریں۔پھر یہ بات کرتے ہیں نوکریوں کی، بھئی کسی ملک میں بھی may be نوکریاں 5% ہوتی ہیں ۔ وہ نوکریاں جو گورنمنٹ دیتی ہے۔

جناب چیئرمین: لیاقت بنگزئی صاحب۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔جناب چیئرمین! میں انتہائی دل کی گہرائیوں کے ساتھ اپنے نومنتخب سینیٹر قاری محمد عبداللہ صاحب کو اس ایوان میں آمد پر اور بلامقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں جو کہ ہماری پارلیمانی تاریخ میں غالباً پہلی مرتبہ ایسا

ہوا ہے کہ ایک سینیٹر بلامقابلہ منتخب ہو کر یہاں تشریف لائے ۔

جناب چیئرمین! آج ملک کی سیاسی صورتحال پر بحث ہو رہی ہے اور سیاسی صورتحال کی سب سے بہترین تصویر آج صبح آپ نے ملاحظہ فرمایا اراکین پارلیمنٹ کی طرف سے پانچ تحاریک استحقاق پیش کی گئیں ۔ سیاسی صورتحال کا اس سے بہتر منظر نامہ میں سمجھتا ہوں کوئی نہیں ہوتا ۔ ایک ملک میں جہاں ایوان بالا کے اور قومی اسمبلی کے ممبران کی سرعام عزت نفس کو مجروح کیا جائے ، ان کے پارلیمانی حقوق کو سلب کیا جائے اور وہ اس حد تک مجبور ہوں کہ ان کے لیے کوئی production order تک جاری نہ کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کی سیاسی صورتحال کی بہترین منظر کشی میں سے ایک بہترین منظر یہ بھی ہوسکتا ہے ۔

جناب والا! مولانا سمیع الحق صاحب ہمارے انتہائی قابل قدر اکابرین میں سے ہیں میں ان کے ساتھ بلجیئم میں جو سلوک ہوا اس کو کسی اور نقطہ نگاہ سے بیان کرنا چاہتا ہوں ۔اس میں صرف مولانا سمیع الحق صاحب کی یا ہمارے پارلیمنٹ کی جو توقیر تھی جو عزت تھی اس کو کم نہیں کیا گیا بلکہ موجودہ عالمی سیاسی تناظر میں دیکھا جائے تو یہ ایک عالم اور پاکستانی پارلیمنٹ کے ممبر کی توہین نہیں ہوئی بلکہ میں اس کو یوں کہہ دوں کہ یہ پورے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کی قدر و قیمت ہمیں بتائی گئی کہ ان کی یورپ میں کیا قدر و قیمت ہے ۔

جناب چیئرمین! جنگل کا قانون آپ اکثر سنتے رہتے ہیں اور ہم نے دیکھا بھی ہے ۔ اس کا قریبی مشاہدہ سندھ کے جنگلوں میں بھی کیا جاسکتا ہے لیکن میں آپ کو ایک واقعہ سناؤں جو کہ بڑا مشہور واقعہ ہے کہ کسی کے ہاتھ میں کلہاڑا تھا وہ جنگل میں جاکر لکڑیاں کاٹ رہا تھا ۔ جنگل کے درختوں نے اس سے پوچھا کہ بھائی آپ ہمیں کیوں کاٹ رہے ہیں ؟ اس نے جواب دیا کہ جو میرے پیچھے لگا ہوا ہے وہ آپ ہی کے قبیلے اور آپ ہی کی نسل سے ہے اس کا اشارہ اس دستے کی طرف تھا جو کلہاڑے میں لگا ہوا تھا۔ آج اگر ہم اپنی بے توقیری کا اس پارلیمنٹ میں رونا رو رہے ہیں اور دنیا میں ہماری انا کو مجروح کیا جاتا ہے ہمارے احساسات کو پامال کیا جاتا ہے تو اس میں میں سمجھتا ہوں کہ سب سے زیادہ گنہگار ہم خود ہیں ۔ (فارسی)

جناب والا! آج ہیتھرو ائرپورٹ پر یا بلجیئم کے یورپی یونین کے پارلیمانی اجلاس میں اگر ہماری بے توقیری کی جاتی ہے یا ہماری عزت نہیں کی جاتی ہے تو اس میں سب سے بڑا قصور

ہمارے اپنے ملک کے کالے قوانین کا ہے۔

جناب صدر ! ابھی ایک فاضل محترمہ بتا رہی تھیں کہ چھاؤنی میں کچھ سیاسی سرگرمیوں کی بنا جن پارٹیوں نے وہ مکانات hire کیے تھے ان سرگرمیوں کی بنا پر وہ مکانات خالی کرا لیے گئے ہیں۔ جناب چیئرمین ! شاید میری محترمہ فاضل رکن سینیٹ کے علم میں یہ بات نہیں اور وہ یہ بھول گئی ہیں کہ سیاسی سرگرمیوں کا سب سے بڑا ہیڈکوارٹر خود چھاؤنی ہے ۔ جہاں سے روزانہ نت نئے احکامات صادر کیے جاتے ہیں اور وہ ہمارے ہاں پارلیمنٹ کے ذریعے ایوان میں لائے جاتے ہیں اور ہمیں پڑھ کر سنائے جاتے ہیں ۔

جناب چیئرمین! پاکستان کی سیاسی صورتحال کو عالمی تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے ۔ روشن خیالی اور اعتدال پسندی کے نام پر جو ڈرامہ رچایا جا رہا ہے ' جو کھیل کھیلے جا رہے ہیں ۔ وہ میں سمجھتا ہوں الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ساتھ ساتھ اب انہوں نے physically بھی ان کا اظہار شروع کر دیا ہے ۔ کسی بھی جسمانی سرگرمیوں کے حوالے سے ' کھیل کود کے حوالے سے ' صحت کے حوالے سے سرگرمیوں کے ہرگز مخالف نہیں ہیں ۔ جس انداز میں کھلے عام اور مخلوط میراتھن ریس کر رہے ہیں ہم اسکے مخالف ہیں ۔

جناب والا! یہ ملک ایک نظریئے کے تحت بنا تھا جیسا کہ ہر ایک کو معلوم ہے کہ یہ ملک دنیا میں واحد ملک ہے جو ایک نظریئے کی بنا پر حاصل کیا گیا تھا ۔ کیا ہم اس نظریئے کو follow کر رہے ہیں ؟ میں سمجھتا ہوں کہ ہم تو قدم قدم اس نظریئے کی violation کر رہے ہیں۔ کیا لا الہ الا اللہ کا مقصد یہی تھا کہ یہاں ہمارے بچوں اور بچیوں کو وہ questionairs تقسیم کیے جائیں یہاں ہمارے Treasury Benches سے کسی صاحب نے ہمیں یہ بتایا کہ ان کے اپنے بچے تو امریکہ میں پڑھتے ہیں یہاں وہ آغا خان کی کیوں مخالفت کرتے ہیں ۔

جناب چیئرمین! ہم آغا خان بورڈ کے مخالف نہیں ۔ ہم امریکہ میں پڑھنے کے بھی خلاف نہیں ۔ بلکہ ہمارے مذہب نے ہمیں یہ سکھایا ہے کہ اگر تعلیم حاصل کرنے کے لیے چین تک جانا پڑے تو ہمیں جانا چاہیے۔ لیکن ہم جس مقصد کے لیے اور جن مقاصد کے لیے ان کو دیکھ اور جانچ رہے ہیں کہ انہوں نے نصاب میں جو جو تبدیلیاں کی ہیں ۔ میں ان کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ امریکہ کے کسی بھی نصاب کو لے آئیں ۔ اگر آغا خان بورڈ نے جو یہاں سوالات پوچھے ہیں کیا برطانیہ ' بلجیم ' فرانس ' چین یا کسی اور ملک میں نصاب یا سلیبس

میں ایسے سوالات پوچھے گئے ہیں جن کے حوالے سے ہم نے احتجاج کیا ہے' وہ ہم واپس لے لیں گے ۔

جناب چیئرمین ! اب وہ دور نہیں ہے ۔ ہم پتھر اور غاروں کے دور میں نہیں رہ رہے ہیں ۔ ہم آج اکیسویں صدی میں سانس لے رہے ہیں ۔ اور اکیسویں صدی کا تقاضا یہ ہے کہ آپ ضرور تعلیم حاصل کریں ، ضرور سائنس اور ٹیکنالوجی کی طرف جائیں ۔ لیکن اپنے اسلامی اور مشرقی اقدار کے ساتھ ساتھ اپنی روایات کو اس بیدردی کے ساتھ پامال نہ ہونے دیں ۔ میں آغا خان یونیورسٹی کے سربراہ سے ' ان کے سربراہ سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کیا وہ مجھے اجازت دیں گے کہ میں ان کی سولہ سالہ بچی سے یہی سوال جو میری بچی سے کیا ' پوچھ سکتا ہوں ؟ میں یقین دلاتا ہوں کہ وہ مجھے انکار کریں گے ۔ کوئی بھی والدیہ نہیں چاہتا کہ اس کی سولہ سالہ بچی سے یہ پوچھا جائے کہ کیا اس نے sex کیا ہے ؟ اگر ہم رونا روتے ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب ! تو ہم اپنے اقدار ' روایات کو پامال ہونے کی صورت میں دیکھ رہے ہیں کہ ہمارا نظریہ کیا تھا اور ہمارے ساتھ کیا ڈھونگ رچایا جا رہا ہے ۔ اسلامی ' نظریاتی عوامل کے تحت جو ملک ہم نے حاصل کیا تھا اس میں کہیں بھی کسی بھی سٹیج پر وہ آئیں میں ان کو چیلنج کرتا ہوں میرے ساتھ بیٹھیں مناظرہ کریں اگر وہ جیت گئے تو اس نصاب کو پورے پاکستان میں پھیلا دیں ۔ ہم ہرگز ایسے نصاب کے قائل نہیں ہوں گے جس میں قومی روایات ' ہمارے اقدار ' ہمارے شرعی قوانین کی violation کی گئی ہو۔ بجائے اس کے کہ غیر اسلامی جو روایات ہیں ان کی حوصلہ شکنی کریں۔ اب آپ نے دیکھا ہمارے ایم ایم اے کے ایک ایم این اے نے گوجرانوالہ میں---- جناب چیئرمین صاحب! اس کا قصور کیا تھا جو کہ آج بھی وہ جیل کی سلاخوں کے پیچھے پڑا ہوا ہے۔ صرف اس نے ہمیں یاد دلایا کہ ہم نے جس نظریہ کے تحت ملک حاصل کیا تھا یہ نہیں ہونا چاہیے۔ چھوٹی چھوٹی بچیوں کو grace marks کا لالچ دے کر' ان کو next step میں ترقی کا لالچ دے کر ان کو میراتھن ریس میں دوڑانے کی کوشش کی گئی۔ اس کی کیا logic بنتی ہے۔

اب میں ذرا کشمیر کے مسئلے پر آتا ہوں۔ جناب چیئرمین! 57 برس سے ہمارا ایک ہی موقف تھا کہ ہم line of control کو کسی بھی صورت میں border تسلیم نہیں کرتے' اس کے لیے ہم نے جانی قربانی دی' مالی قربانی دی اور اس کے لیے ہم نے اپنے ملک کی مختصر تاریخ میں چار جنگیں لڑیں لیکن آج آپ نے ایک لفظ پر غور کیا ہو گا کہ ہم Line of Control کو

soft border کہہ رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ کتنی معنی خیز بات ہے کہ ہم Line of Control کو border کہہ رہے ہیں، border خواہ soft ہو، خواہ hard ہو، border, border ہی ہوتا ہے۔ اس ایک جملے نے پوری کہانی کو عیاں کر دیا کہ ہمارے اگلے عزائم کیا ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ جو تصویر اس ایوان کی زینت بنی ہوئی ہے، جو کہ آپ کے اوپر لگی ہوئی ہے، بابائے قوم کی، ان کا فرمانا کیا تھا کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے۔ کیا آج ہم نے اپنی شہ رگ کو کاٹنے کے لیے بنیوں کے ساتھ سودا بازی کی ہے، انہوں نے کس بات میں ہمیں relaxation دی ہے، ہم مسلسل اس حد تک آگے جا رہے ہیں کہ اب تو ہم نے اس کو soft border کا نام دے دیا، مجھے یقین ہے کہ اگر یہی باتیں ہوتی رہیں تو اگلے مرحلے میں ہم اس کو hard border کا نام دیں گے۔ کیا ہم نعرے سے دست بردار ہو گئے ہیں۔ آپ بگیہار ڈیم کو دیکھیں، وولر بیراج کو دیکھیں، ہمارے جتنے بھی اقتصادیات کے منبع ہیں، جو (سوتے) ابل رہے ہیں، ہماری زراعت جس پر ہمیں ناز ہے، ہماری 70% آبادی زراعت پر مبنی ہے، آج ان کے سوتے خشک کیے جا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین صاحب اگر آپ نے ملاحظہ کیا ہے کہ بگیہار ڈیم میں 70 دن تک پانی روکا جا سکتا ہے اور جب ہماری پاکستان کی معیشت کو 70 دن تک پانی نہ ملے تو آپ خود اندازہ کریں کہ ہماری کیا حالت ہو گی، ہم ایک ایک دانے کو ترس جائیں گے، پانی کے ایک ایک قطرے کو محتاج ہوں گے۔ یہ نہریں اور جو دریا بہہ رہے ہیں یہ خشک ہو جائیں گے۔ ہم اپنے ملک کے ساتھ کیا کرنے جا رہے ہیں۔ اگر ہم اس قدر yes man بن گئے ہیں، امریکہ کی ہر بات پر ہم لبیک کہتے ہوئے اس کے ہر ایجنڈے، اس کے ہر خاکے میں رنگ بھرنے کے لیے ہم اپنے تمام وسائل کو قربان کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم ملک کے ساتھ دشمنی کر رہے ہیں، ہم اس ملک کے خیرخواہ نہیں ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب! آپ عدالت کی مجبوریوں کو دیکھیں۔

جناب چیئرمین: لیاقت صاحب آپ کے دو منٹ رہ گئے ہیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جی جناب، میں بالکل مختصر کروں گا۔ کل ہائیکورٹ کوئٹہ میں ہمارے ایک بگٹی طالب علم ہیں، مجھے پتا نہیں اس بیچارے کا قصور کیا ہو گا، وہ تیرہ چودہ سال کا بچہ ہے جس کی ابھی تک مونچھیں بھی نہیں آئی ہیں۔ first year کا طالب علم ہے، اس

کو وہ پکڑ کر جیل کی سلاخوں میں لے گئے ہیں اور کل اس کا first year کا پہلہ paper تھا۔ ہائیکورٹ کی طرف سے باقاعدہ احکامات جاری کیے گئے کہ اسے پولیس custody میں کمرہ امتحان میں جانے دیا جائے لیکن اس کے باوجود اسے امتحان دینے سے روکا گیا۔ یہ ہمارے عدالتوں کے احکامات کی تذلیل ہو رہی ہے۔ یہاں میری ایک بہن نے سوال کیا کہ بلوچستان والے چیختے رہتے ہیں کہ سرداروں نے کیا کیا' کیا کیا۔ وہ پوچھ رہی تھیں کہ سرداروں نے کیا کیا' میں سرداروں کا تو وکیل نہیں ہوں لیکن جو زمینی حقائق ہیں میں اس کی ایک ہلکی سی جھلک آپ کو دکھاؤں۔ جس وقت پاکستان کا وجود نہیں تھا۔ ہمارے ملک میں سرداروں کی حاکمیت تھی۔ اس وقت ہمیں جو تحفے ملے تھے ان میں امن بھی تھا' عدل اور انصاف بھی تھا۔ تعلیم' صحت اور سب سے بڑی بات لوگوں کی عزت نفس مجروح نہیں ہوتی تھی۔ تمام سرداروں نے اپنے لیے علما کرام رکھے تھے۔ ان کی عدالت میں جو بھی کیس جاتا تو انہوں نے مفتی رکھے تھے اور ان سے مشورے لے کر شریعت کے مطابق اس مجرم کو سزا دیتے۔ یہ ان سرداروں نے کیا تھا۔ سرداروں نے آپ کو امن دیا۔ امن عامہ کا مسئلہ پیدا نہ ہونے دیا لیکن اس کے باوجود بھی آپ کہتے ہیں۔ اس وقت بھی دستور عمل دیوان قلات جوکہ خوانین قلات کے دور سے رائج تھا اس میں پورے ملک میں تمام فیصلے اسلامی شریعت کے مطابق کیے جاتے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے بڑے صبر اور تحمل سے اور اس ایوان نے میری تقریر سنی۔ میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین، عابدہ سیف صاحبہ۔

سینیٹر عابدہ سیف ایڈوکیٹ، جناب چیئرمین! شکریہ۔

آزاد روش آزاد وطن آزاد فضائیں رہنے دو
تم نفرت کی چنگاری سے کیوں پھونکتے ہو اس گلشن کو

جناب چیئرمین! اگر ہم موجودہ حکومت کا پچھلی حکومتوں سے موازنہ کریں تو موجودہ حکومت پچھلی چند نام نہاد جمہوری حکومتوں سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔ آج اپوزیشن آئین اور جمہوریت کا نعرہ لگا رہی ہے۔ میں انہیں ۱۹۹۲ء کا اپریشن یاد دلانا چاہتی ہوں کہ کس طرح ان کی

پچھلی حکومتوں نے سندھ میں مظالم ڈھائے۔ وہ کس آئین اور جمہوریت کا حصہ تھے؟ اس وقت تو فوجی حکمران نہ تھے بلکہ مکمل جمہوریت تھی لیکن ان جمہوری حکومتوں نے MQM کے ہزاروں معصوم اور بے گناہ کارکنوں کو extra judicial killings کا نشانہ بنایا۔ MQM کے ہزاروں کارکنوں، رہنماؤں اور ہمدردوں کو جیلوں میں قید کیا گیا اور ان پر جھوٹے مقدمات بنا کر انہیں پابند سلاسل کیا گیا۔ یہی نہیں بلکہ جب ہمارے کارکنان شہید کیے جاتے تھے تو ان کے جنازے اٹھانے کی اجازت بھی نہیں دی جاتی تھی۔ ایسے وقت میں ہماری ماؤں اور بہنوں نے اپنے بیٹوں اور بھائیوں کے جنازے اپنے کندھوں پر اٹھائے اور انہیں سپرد خاک کیا۔ جب ان مظالم پر خواتین نے احتجاج کیا تو تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ ان کے پر امن احتجاج پر گھوڑے دوڑائے گئے اور بدترین ریاستی تشدد کیا گیا۔ یہ تمام کارروائیاں نام نہاد جمہوری حکومتوں نے فوجی اپریشن کے ذریعے کیں۔

جناب چیئرمین! مرتضیٰ بھٹو کو کس کے دور حکومت میں قتل کیا گیا اور کیا ان کے قاتل گرفتار کیے گئے ہیں؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جس کا جواب اپوزیشن کے پاس نہیں ہے۔ آج جب جنرل پرویز مشرف اور وزیر اعظم شوکت عزیز اور ان کی حلیف جماعتوں کے دور حکومت میں معاشی اور اقتصادی ترقی ہو رہی ہے اور ملک تیزی سے ترقی کر رہا ہے تو ان لوگوں کو یہ سب کچھ برا لگ رہا ہے۔ یہ لوگ نہیں چاہتے کہ ملک ترقی کرے۔

سینیٹر رضا محمد رضا، کونسی آزاد روش اور کونسا آزاد وطن؟

جناب، چیئرمین، رضا صاحب! disturb نہ کریں۔ ان کو سنیں۔

سینیٹر رضا محمد رضا، لکھی ہوئی تقریر نہیں پڑھنی چاہیے۔ آزاد وطن کونسا ہے؟ ذرا اس کی تشریح کریں۔

جناب چیئرمین، رضا صاحب! ان کو بولنے دیں۔

سینیٹر آغا پری گل ، جناب والا! انہوں نے بھی پڑھ کر تقریر کی تھی، یاد ہے۔

جناب چیئرمین ،میرا خیال ہے کہ عابدہ سیف صاحبہ کو بولنے دیں۔

سینیٹر عابدہ سیف ایڈوکیٹ، جناب چیئرمین! یہاں پر سندھ اور خصوصاً کراچی کے

حالات پر بھی بات ہوئی تو میں یہاں کہنا چاہتی ہوں کہ سندھ میں مسلم لیگ اور متحدہ قومی موومنٹ کی مخلوط حکومت ہے اور وہاں تیزی سے امن و امان کی صورتحال بہتر ہو رہی ہے اور بیرونی سرمایہ کاری میں بھی روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ کراچی میں صنعتی اور معاشی ترقی ہو رہی ہے اور آج کراچی معاشی اور صنعتی ترقی پر گامزن ہے، لیکن یہ ترقی بعض عناصر کو پسند نہیں۔ وہ ایک بار پھر کراچی کا امن و امان تباہ کرنے کے درپے ہیں۔ اس امن و امان اور ترقی کو روکنے کے لیے وہ متحدہ قومی موومنٹ اور APMSO کے کارکنوں کو شہید کر رہے ہیں اور یہ سب کچھ جماعت اسلامی اور اس کی بغل بچہ جماعت جمعیت کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین، نام لینا avoid کیجیے۔

سینیٹر عابدہ سیف ایڈوکیٹ، جناب والا! میں اپنے ساتھ سینیٹر پروفیسر غفور احمد صاحب کو یہ بات یاد دلانا چاہتی ہوں کہ ملک میں طلباء تنظیم کے ذریعے---

سینیٹر کامران مرتضٰی، جناب والا! محترمہ سینیٹر صاحبہ اپنی تقریر کریں یہ کیا کہ جماعت اسلامی اور اس کی بغل بچہ جماعت---

جناب چیئرمین: نام نہ لیا جائے۔

*(Interruption)*

سینیٹر کامل علی آغا، جس طرح ہم نے ان کو سنا ہے ان کو چاہیے کہ یہ بھی سنیں۔

جناب چیئرمین، سینیٹر صاحبہ کی تقریر سنیں، انہیں interrupt نہ کریں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی، یہ الزامات نہ لگائیں۔

جناب چیئرمین، وہ اپنا point of view دے رہی ہیں، ان کو سن لیں۔

سینیٹر عابدہ سیف ایڈوکیٹ، یہاں میں اپنے ایک ساتھی سینیٹر پروفیسر غفور احمد صاحب کو یہ بات یاد دلانا چاہتی ہوں کہ ملک میں طلباء تنظیم کے ذریعے اسلحہ کی سیاست کس نے کی؟ اور طلبا کے ہاتھوں میں اسلحہ کس نے پکڑایا؟ اس وقت تو ایم کیو ایم نہیں تھی، اور یہ بات سب جانتے ہیں کہ ان کی جماعت نے شروع سے اسلحہ کی سیاست کی ہے۔ جماعت اسلامی کو یہ بھی یاد ہو گا کہ مشرقی پاکستان یعنی موجودہ بنگلہ دیش میں ----

جناب چیئرمین، نام لینا avoid کریں اور to the point رہیں کیونکہ اس طرح تو controversy شروع ہو جائے گی۔

*(Interruption)*

جناب چیئرمین، میرا خیال ہے معزز رکن کو سنیے۔ کامران صاحب! تشریف رکھیں، let the member finish it. عابدہ سیف صاحبہ آپ بولیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب والا! آپ رولنگ دے دیں کہ کسی بھی مقدس گائے کا نام نہیں لینا۔

سینیٹر عابدہ سیف ایڈوکیٹ، جناب والا! ان کی جماعت کو یہ بھی یاد ہوگا کہ مشرقی پاکستان یعنی موجودہ بنگلہ دیش میں "البدر" اور "الشمس" کس نے بنائی تھی؟ اور وہاں مسلمان بنگالیوں کا قتل عام کس نے کیا تھا؟ اس وقت تو ایم کیو ایم کا وجود بھی نہیں تھا اور پاکستان بنتے وقت اس کی مخالفت کس نے کی تھی؟ اور قائد اعظم کو کافر اعظم کس نے کہا تھا؟ یہ انہی کی جماعت تھی جس نے پاکستان کی مخالفت کی تھی۔

(مداخلت)

سینیٹر عابدہ سیف ایڈوکیٹ، جماعت اسلامی کو الزام تراشیوں کی سیاست نہیں کرنی چاہیے، اور میری درخواست ہے کہ آج کے حساس دور میں جبکہ پاکستان ہر طرف سے خطرات میں گھرا ہوا ہے، تمام اپوزیشن کی جماعتیں حکومت کے ساتھ مل کر کام کریں اور پاکستان کو ترقی یافتہ ملک بنائیں۔ آخر میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ تمام صوبوں کو صوبائی خودمختاری دی جائے تاکہ صوبے مضبوط ہوں اور پاکستان مضبوط ہو۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Raza sahib, I think, the Interior Minister can now wind it up

بلیدی صاحب! آپ کا نام تو میں نے دو دفعہ پکارا، آپ تھے ہی نہیں۔ اتنا وقت نہیں ہے۔ یہ تو میں نے پہلے کہہ دیا تھا کہ ایک حد ہے، اس لیے سب کو موقع نہیں مل سکے گا۔ آپ کو کتنا وقت چاہیے ہوگا شہزاد صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم ، میں تو صرف دس، پندرہ منٹ لوں گا۔

جناب چیئرمین، چلیں پھر آپ آخر میں بولیے گا۔ کیا آپ نے بھی بولنا ہے شیر افگن صاحب؟ اچھا جی اسلم بلیدی صاحب۔

سینیٹر محمد اسلم بلیدی، شکریہ جناب چیئرمین! ایک جمہوریت پسند، عوام دوست، قوم پرست political worker کی حیثیت سے ہم نے بارہا اس ایوان میں اپنا سیاسی موقف پیش کیا ہے اور وہ یہی ہے کہ آج یہ ملک جس صورتحال سے دوچار ہے، آج یہ ملک جن بحرانوں کا شکار ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ ان تمام بحرانوں کا حل اس ملک کے اندر ایک جمہوری نظام، ایک آئینی نظام ہے۔ ان تمام بحرانوں کا حل نکل سکتا ہے، لیکن جناب والا! اس ملک کو جمہوریت کی طرف لے جانے کی بجائے ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس ملک کے حکمران طبقے نے جمہوریت پسند سیاسی پارٹیوں، جمہوریت پسند سیاسی ورکروں کے ساتھ دشمنوں جیسا رویہ اپنایا ہوا ہے۔

جمہوریت کے ساتھ ساتھ اس ملک کا جو دوسرا بڑا اہم مسئلہ ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ وہ قوموں کے حق حاکمیت کا مسئلہ ہے۔ چونکہ پاکستان ایک کثیر القومی ملک ہے، اس میں مختلف اقوام اپنی زبان، ثقافت اور کلچر کے ساتھ اپنی سر زمینوں پر آباد ہیں، لیکن اس حقیقت کو اس ملک کے حکمرانوں نے کبھی بھی تسلیم نہیں کیا۔ جب بھی اس ملک میں جمہوریت کی بات ہوئی، اس ملک میں قومیتوں کے حقوق کی بات ہوئی، اس ملک میں سماجی انصاف کی بات ہوتی ہے تو یہاں کے حکمران بندوق کے زور پر، تیر و تفنگ کے زور پر عوامی طاقت کو کچلنے کی کوشش کرتے ہیں، اور آج کا حکمران ٹولہ اپنے ماضی کے پیٹی بند بھائیوں کے رویوں کو جاری رکھتے ہوئے جمہوری قوتوں کو، عوامی قوتوں کو کچلنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔

جناب والا! بلوچستان کے لوگ محب وطن ہیں، بلوچستان کے لوگ اس ملک کی سلامتی چاہتے ہیں لیکن بلوچستان کے لوگ ایک جمہوری ملک میں، آئینی ملک میں، ایک قانونی ملک میں برابری کی حیثیت میں رہنا چاہتے ہیں۔ جناب چیئرمین! جب بلوچستان کی سیاسی قوتیں جمہوریت کا مطالبہ کرتی ہیں اور اس جمہوری نظام میں برابری کے حقوق کا مطالبہ کرتی ہیں، اپنی سرزمین پر، اپنی حق حاکمیت کا مطالبہ کرتی ہیں، اپنے resources پر اپنے حق ملکیت کا مطالبہ کرتی ہیں تو

ان پر بمباری ہوتی ہے، ان پر فوج کشی ہوتی ہے۔ جناب والا! حکمران یہ سوچ رہے ہیں کہ ہم بلوچستان کی قومی قیادت کو، بلوچوں کی قومی قیادت کو ختم کرکے، اس ملک پر بلوچوں کو، مظلوم قوموں کو دائمی صورت میں غلام بنائیں گے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ حکمرانوں کی غلط فہمی ہے۔ بلوچ قومی قائدین کو جسمانی صورت میں ہم سے الگ کر سکتے ہیں۔ انہیں شہید کر سکتے ہیں لیکن دو کروڑ بلوچ عوام کو، دو کروڑ بلوچ قوم کو صفحہ ہستی سے معانا کسی ڈکٹیٹر کے بس کی بات نہیں، کسی جابر کے بس کی بات نہیں، کسی ظالم کے بس کی بات نہیں۔ جناب چیئرمین! اپنے اس پروگرام پر عملدرآمد کرتے ہوئے نواب اکبر بگٹی کے گھر پر بمباری ہوئی، ڈیرہ بگٹی میں سینکڑوں لوگ شہید ہوئے۔ نواب صاحب کو تو اللہ تعالی نے بچایا ورنہ حکمرانوں کا ارادہ تھا کہ ہم نواب صاحب کو قتل کریں گے، یہاں معاملہ نہیں رکا۔ بیس مارچ کو ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ جو اس پارلیمنٹ کا ممبر بھی رہ چکا ہے، سابق ایم این اے اور سابق سینیٹر بھی ہے اور ان کے ساتھی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ جو بلوچستان اسمبلی کا تین بار ممبر بھی رہ چکا ہے اور نیشنل پارٹی کا صوبائی صدر بھی ہے۔ اسی طرح ڈاکٹر آغا عرفان بلوچ جس کا تعلق خان فیملی سے ہے، نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کا ممبر ہیں۔یہ لوگ اپنی پارٹی کا ایک پروگرام attend کرنے کے لیے کوئٹہ سے نصیر آباد جا رہے تھے تو ریاستی دہشت گردوں نے ان کا پیچھا کر کے مچھ بولان کے مقام پر ان کو دبوچ لیا۔ ان کو سڑک سے کچھ فاصلے پر لے جا کر ان کے ہاتھ پاؤں باندھ دیئے گئے۔ ان کو shoot کرنے کا پروگرام بنا دیا گیا۔ اس دوران اپنے لیڈروں سے اپنے سرکردہ لوگوں سے احکامات لیتے رہے اور انہیں حکم ملا کہ ان کو shoot کرنے کی فی الحال ضرورت نہیں ہے ان کے ہاتھ پیر باندھ کر دریائے بولان کے اندر پھینک دیا جائے۔ اس وقت بارش بھی ہو رہی تھی اور وہ سمجھ رہے تھے کہ ہم ان کو پہاڑی نالے میں پھینک دیں گے، بارش ہو گی اور یہ بہہ جائیں گے ہم یہی کہیں گے کہ یہ سیلابی ریلے میں بہہ گئے تھے۔

جناب والا! گاڑی پر satellite checker لگا ہوا تھا۔ Checker company والوں نے وہ سارا ریکارڈ نکال کر پولیس کے حوالے کیا۔ لیکن جن گھروں میں وہ گاڑی گئی۔ رات کو کوئٹہ میں گئے اور اس سے آگے ایک دو مقامات پر گئے۔ پولیس نے ملزموں کو گرفتار کرنے کی بجائے یہی کہا کہ جی وہ گھر تو بند پڑے ہوئے ہیں۔ ان گھروں میں کوئی آدمی نہیں ہے۔

گھروں میں آدمی نہ ہوتے تو وہ وہاں پر کیسے جاتے۔ جناب والا! ہم سمجھتے ہیں کہ یہ بدترین ریاستی دہشت گردی ہے جو بلوچ قومی قائدین کے خلاف، جو بلوچ عوام کے خلاف ریاستی قوتیں استعمال کر رہی ہیں۔ بلوچوں کا جرم یہی ہے کہ وہ اس ملک میں جمہوریت کی بات کرتے ہیں۔ اس جمہوری سسٹم کے اندر اپنے حقوق کی بات کرتے ہیں۔ جناب والا! اس ملک کا حکمران ٹولہ ہمیں ہر وقت یہ طعنہ دیتا ہے کہ ہم بلوچستان میں میگا پراجیکٹ شروع کر رہے ہیں، ہم ایک سو تیس ارب روپے کا پراجیکٹ شروع کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سراسر جھوٹ ہے وہ جھوٹ بول رہے ہیں۔ گزشتہ پانچ سالوں میں حکمرانوں نے صرف اور صرف ایک سڑک بنائی، کوسٹل ہائی وے اور وہ بھی ساٹھ ملی میٹر بارش میں بہہ گیا۔ جہاں تک گوادر پورٹ کا تعلق ہے، گوادر پورٹ بلوچوں کے لیے نہیں بنایا جا رہا، گوادر پورٹ اس ملک کے سرمایہ داروں کے لیے بنایا جا رہا ہے اور اسی پورٹ کے حوالے سے بلوچوں کو اپنے وطن پر اپنی سرزمین پر اقلیت میں تبدیل کرنے کی سازش ہو رہی ہے۔ اس پورٹ کو ہم بلوچوں کا پورٹ نہیں کہہ سکتے ہیں۔ اس پورٹ کو ہم بلوچستانیوں کا پورٹ نہیں کہہ سکتے ہیں یہ اس ملک کے سرمایہ داروں کا پورٹ ہوگا جو کسی بھی صورت میں ہمیں قبول نہیں۔ ہم ترقی پسند ہیں، ہم نے کبھی ترقی کی مخالفت نہیں کی ہم ترقی چاہتے ہیں لیکن وہ رویہ جو بلوچوں کے ساتھ روا رکھا جا رہا ہے، آیا اس رویے کو ہم کس نظر سے دیکھتے ہیں جیسا میرے ساتھیوں نے کہا کہ بلوچستان کے اندر وفاق کی 586 چیک پوسٹ لگی ہوئی ہیں جو ہر قدم پر عزت دار بلوچوں کی عزت نفس مجروح کرتے ہیں، ان کی بے عزتی کرتے ہیں، چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کرتے ہیں اور یہی سب کچھ اس ملک کے دوسرے حصوں میں ہو رہا ہے جو یہاں پر بلوچوں کے خلاف ہو رہا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ بندوق کے زور پر بزور شمشیر بلوچوں کو غلام بنانے کی، بلوچوں کو اپنے حقوق سے دست بردار کرنے کی ایک بڑی سازش ہو رہی ہے جو اس ملک کے غیر منتخب، غیر آئینی، غیر قانونی حکمران ٹولے کی طرف سے روا رکھا جا رہا ہے۔

جناب والا! ملک اور ریاستیں محبت کی بنیاد پر، برابری کی بنیاد پر، انصاف کی بنیاد پر exist کر سکتے ہیں، دائم و قائم رہ سکتے ہیں۔ بندوق کے زور پر، توپ و تفنگ کے زور پر کسی کے دل کو فتح نہیں کیا جا سکتا ہے۔ وقتی طور پر اپنی طاقت کے زور پر ضرور آپ بلوچوں کی آواز کو

پورا ٹوٹہ خاموش کرنا چاہتا ہے لیکن بلوچوں نے عہد کیا ہے، بلوچستان کے لوگوں نے عہد کیا ہے کہ اس دائمی غلامی سے ' اس دائمی غیرآئینی حکمرانی سے نجات حاصل کریں گے اور ان حکمرانوں کے خلاف جدوجہد کا عہد کیا ہے۔

ہم اس ملک کی جمہوری قوتوں کو سلام پیش کرتے ہیں کہ وہ بھی اس غیرجمہوری حکمرانوں کے خلاف، غیر آئینی حکمرانوں کے خلاف آج یکمشت ہو کر جدوجہد کر رہے ہیں اے آر ڈی کی شکل میں، ایم ایم اے کی شکل میں، پونم کی شکل میں، جناب والا! سیاسی قوتیں ریاستی تشدد سے ' ریاستی جبر سے زیرنہیں کی جاسکتیں۔ اگر اے آر ڈی والے اپنے لیڈر کے استقبال کے لیے ایئرپورٹ پر جاتے تو کونسا آسمان گر جاتا لیکن اے آر ڈی کے کارکنوں کے خلاف جو ظلم اور تشدد روا رکھا گیا ہے ہم سمجھتے ہیں کہ یہ انسانیت کے خلاف، اس ملک کے قانون و آئین کے خلاف ایک بہت بڑی کوشش ہے۔

جناب چیئرمین! اسی طرح پونم نے حکمرانوں کی ظلم و زیادتی کے خلاف ، حکمرانوں کے جبر کے خلاف ایک پرامن احتجاج کی کال دی تھی تو پونم کے سینکڑوں کارکنوں کو گرفتار کر کے انسداد دہشت گردی کا قانون لاگو کر کے جیلوں میں بند کر دیا گیا۔ یہ کہاں کی جمہوریت ہے؟ یہ کہاں کی انصاف پسندی ہے؟ جناب چیئرمین! میں انہی باتوں کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ مہربانی۔

جناب چیئرمین، فوزیہ فخرالزمان صاحبہ۔

سینیٹر فوزیہ فخرالزمان خان، بس جی مجھے تو یہی کہنا تھا کہ قاری عبداللہ صاحب یہ کہہ رہے تھے کہ اکرم درانی صاحب ایم پی ایز جومسلم لیگ (ق) کے ہیں وہ بھی کھڑے ہو کے شکریہ کہتے ہیں کہ آپ نے ہمیں اپنے علاقے کے لیے برابر پیسہ تقسیم کیا ہے تو یہ بات غلط تھی کیونکہ میرا اپنا بیٹا وہاں پر ایم پی اے ہے اور اکرم درانی صاحب جس زمانے میں کچھ بھی نہیں تھے وہ وزیر تھا۔ ہر وقت اکرم درانی اس کے پاس بیٹھے ہوتے تھے، اور وہ ہر وقت ان کے سارے کام کرتا تھا اور جب وہ elect ہو رہے تھے NWFP کے لیے تو مجھ سے کہا کرتا تھا اماں دعا کریں کہ یہ جیت جائیں، یہ بہت اچھے انسان ہیں لیکن جب وہ جیت گئے، وہ Minister ہو گئے یہ ایم پی

اسے ہو گیا تو وہ بالکل الٹ ہو گئے۔ اب جب ہمارے علاقے پر برف پڑی تھی تو پی ایم صاحب کے ساتھ انہوں نے ٹی وی پر آ کے وعدے کیے کہ میں مدد کروں گا۔ انہوں نے ایک بلڈوزر بھی نہیں دیا۔ہماری سڑکیں ٹوٹ کے ساری بہہ گئیں۔ کچھ مدد انہوں نے ہمارے علاقے کی نہیں کی صرف اس غصے میں کہ وہ NWFP میں اکیلا اپوزیشن کا کردار ادا کر رہا ہے۔ .Thank you

**جناب چیئرمین:** جناب محمد سرور خان کاکڑ۔

**سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ:** جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے floor دیا اگرچہ آج ہمارے اس معزز ایوان میں اراکین نے بڑی اچھی تقاریر کی ہیں، لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے جب سے ہم اس ایوان میں آئے ہیں ہم یہی باتیں سنتے آ رہے ہیں۔ اور کوئی نئی بات ہم نے نہیں سنی ہے۔ ہمارے معزز ساتھوں کو چاہیے کہ جب وہ معزز ایوان میں تقریر کرنے لگیں تو پہلے خوب research کریں اور مطالعہ کریں، اور پھر اس کے بعد اس معزز ایوان میں تقریر کریں۔

جناب والا! اس وقت جو امن و امان ہمارے ملک میں جنرل پرویز مشرف کی قیادت میں ہوا ہے اور ترقیاتی کام ہو رہے ہیں، میرے خیال میں پاکستان میں اس کی مثال نہیں ملتی ہے۔ اس کی وجوہات ہم سب کے سامنے ہیں۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ دنیا میں اور ہمارے ملک میں 9/11 کے بعد جو حالات یک دم تبدیل ہوئے، ان کے بعد جنرل مشرف نے جو مدبرانہ اور دانشمندانہ فیصلے کیے، وہ پاکستان کے لیے بہت اہم اقدام ہیں اور اہم رہیں گے۔ انہوں نے پاکستان کو تباہی سے بچایا ہے۔ عرض یہ ہے کہ ہم لوگ ہمیشہ اپوزیشن برائے اپوزیشن کی باتیں کرتے ہیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ Opposition Benches پر بیٹھنے والوں کو اپوزیشن کی بات ضرور کرنی چاہیے لیکن وہ اپوزیشن کرتے وقت یہ بھی سوچیں کہ جو لوگ اس ملک کے لیے کام کر رہے ہیں، اور جو لوگ اس ملک کو ترقی دینا چاہتے ہیں، اور اس ملک کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہے ہیں،ان کی حوصلہ افزائی کے لیے بھی انہیں ایک دو الفاظ کہنے چاہئیں۔ ہمارے بلوچستان کے نوجوان سیاست دان اس وقت جتنی تند و تیز تقاریر کر رہے ہیں اور جس طرح وہ مایوسی کی لہر پھیلا رہے ہیں، میرے خیال میں یہ صورت حال بلوچستان میں نہیں ہے اور نہ ہی ایسے حالات

بلوچستان میں پائے جاتے ہیں۔ بلوچستان میں اگر کوئی حالات پائے جاتے ہیں تو یہ ہمارے مایوس اور بدعمالی سیاسی پارٹیوں، جن کے سربراہ چند سردار ہیں، کے پیدا کردہ ہیں جنھوں نے کبھی بھی بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے سوچا تک بھی نہیں ہے۔ یہ جو کچھ ہو رہا ہے یہ صرف اور صرف بلوچستان کے جو بلوچ سردار ہیں، یا پختون سردار ہیں، ان کی وجہ سے ہو رہا ہے۔ انگریزوں کے جانے کے بعد جب ان کی سمجھ میں یہ بات آئی کہ ان کا سرداری نظام اختتام پذیر ہو رہا ہے تو انھوں نے pocket سیاسی پارٹیاں بنائیں، اور یہ سیاسی پارٹیاں بھی قبائلی حیثیت سے ہی بنائیں، اور انہی کو ہی وہ اپنی سیاسی طاقت اور اپنے ذاتی مفاد کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ اسے بلوچستان کے عام آدمی کے مفاد کے لیے استعمال نہیں کر رہے ہیں۔ یہ ایک بہت افسوس ناک بات ہے کہ ہمارے نوجوان بھائی جو بڑے educated ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ترقی پسند بھی ہیں، یہ نہ تو میرے خیال میں ترقی پسند ہیں اور نہ ہی یہ بلوچستان کے عوام کے خیرخواہ ہیں کیونکہ یہ ان لوگوں کی نمائندگی کرتے ہیں جنھوں نے گذشتہ سو، دو سو سال سے بلوچستان کے غریب عوام اور مجبور عوام کا استحصال کیا ہے۔ میرے خیال میں اب وہ دور گزر چکا ہے کہ بلوچستان کے سردار بلوچستان کے عوام پر مزید اپنی حکمرانی یا اپنے قبائل پر مزید حکمرانی قائم رکھ سکیں گے اور نہ ہی آگے ان کو یہ حکمرانی قائم رکھنے کی اجازت دیں گے۔ بلوچستان جو پسماندہ صوبہ ہے اور ایک بہت غریب صوبہ ہے۔ بلوچستان کے لیے میرا ایک ہی مطالبہ ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! بلوچستان کے لیے، دوسرے صوبوں سے یا ملک سے باہر سے بڑے اچھے پروفیسرز اور تعلیم یافتہ لوگوں کو بلوچستان میں بلایا جائے اور وہاں پر کالجز کھولے جائیں۔ سکولز کھولے جائیں۔ تاکہ بلوچستان کے عوام کو تعلیم دلائی جائے۔ بلوچستان کے بلوچ اور پشتون بھائی عرصہ دراز سے تعلیم سے محروم ہیں۔ خصوصاً quality of education سے بلوچستان کے لوگ انتہائی محروم ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ ابھی بلوچستان میں ہماری جو ایم ایم اے ہے انھوں نے اس قسم کے مدارس کھولے ہوئے ہیں، جن میں سیاست کے بغیر اور کوئی کام نہیں ہو رہا ہے اور ہمارے بچوں اور بلوچستان کے لوگوں کی بدقسمتی ہے کہ ہمارے جو لیڈر ہیں یا ہماری جو لیڈر شپ ہے۔ انھوں نے یونیورسٹیوں میں یا کالجز میں ہر ایک میل یا دو میل کے اوپر ---

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، Ruling آچکی ہے کہ نام نہ لیا جائے۔

جناب چیئرمین، آپ interrupt نہ کریں۔ نام سے avoid کریں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، ہماری جو لیڈر شپ ہے انہوں نے سکولوں اور کالجز میں ہمیشہ غنڈہ گردی کرائی ہے۔ کالجز اور یونیورسٹیز بند کروائی ہیں اور ہمیشہ ہمارے نوجوان جو معصوم ہیں یا ڈر کی وجہ سے یا مجبوری کی وجہ سے ان کو اپنے سیاسی اکھاڑے میں ڈال کر ان سے زبردستی سیاست کروا رہے ہیں۔ان سے ڈنڈے چلوا رہے ہیں اور ان کو استعمال کر رہے ہیں اور ان کے ماں باپ بے چارے کیا کر سکتے ہیں۔اسی طرح جو دوسرے لوگ ہیں۔ ان کے لیے ہر ایک میل پر مدرسے ہیں جو چندہ اکٹھا کرتے ہیں جن کے پاس کوئی تعلیم نہیں ہے' جن کے پاس کوئی اچھا ٹیچر نہیں ہے' کوئی دینی استاد ہے۔ نہ کوئی دینی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ تو یہ بلوچستان کے غریب عوام پر بہت بڑا ظلم ہو رہا ہے اور میں آپ کے توسط سے وفاقی حکومت سے اور خصوصاً جنرل پرویز مشرف صاحب سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ بلوچستان میں اور کوئی مسئلہ نہیں ہے۔اب یہ مسئلہ ہے کہ بلوچستان کے عوام کے لیے ایک quality education جو ہے یہ انتہائی ضروری ہوگئی ہے اور اس کے لیے جتنی بھی کوشش ہوسکتی ہے۔اس کے لیے باہر سے یا دوسرے صوبوں سے اچھے استاد بلائے جائیں۔تاکہ بلوچستان کے عوام کو اچھی تعلیم میسر ہو اور ان کالجوں میں سے غنڈہ عناصر یا سیاست کو مستقل طور پر سے نکالا جائے یہ ہمارے سیاستدانوں نے ہمارے ملک کی یا ہمارے ملک عوام کی کوئی خدمت نہیں کی ہے۔ انہوں نے ہمیشہ پاکستانی عوام کو اپنے اقتدار اور اپنے ذاتی مفادات کے لیے استعمال کیا ہے۔آج ان کی جو صورت حال نظر آ رہی ہے کہ ملک میں ترقی ہو رہی ہے۔ ملک میں خوشحالی آ رہی ہے۔ملک میں امن و امان ہے تو چیخ چیخ کر کے حکومت کی مخالفت میں آ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ پچھلے دنوں 31 مارچ کو پونم کی ہڑتال تھی اور پھر اس کے بعد 2 اپریل کو ایم ایم اے کی ہڑتال تھی ۔ آپ خود سوچیں اگر ان کا اتفاق اور اتحاد ہوتا تو ایک دن ہڑتال نہیں ہوسکتی تھی ؟ ان ہڑتالوں سے یہ کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ ہر ایک نے اپنی الگ سیاسی دکان کھولی ہوئی ہے ۔ ہر ایک کی اپنی الگ سیاست ہے ۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیے۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ ، انہوں نے آج تک مل کر ملک کے عوام کو کون سا ایک سیاسی پلیٹ فارم دیا ہے اور نہ یہ دے سکتے ہیں ۔ ان کا ایک ہی پلیٹ فارم ہے کہ کرسی دو ، پیسے دو۔ مجھے افسوس ہے کہ پاکستان کی سیاست میں دولت اور کرسی کا لالچ پاکستان کو کھا رہا ہے۔ لہٰذا اپوزیشن کو چاہیے کہ وہ ملک کی صحیح طور پر راہنمائی کرے۔ مثبت کردار ادا کریں ، منفی سوچ چھوڑیں اور ملک کی خدمت کریں ۔

جناب چیئرمین ! میں آپ کی اطلاع کے لیے عرض کروں کہ ابھی ہمارے پیپلز پارٹی کے آصف زرداری صاحب آئے تو ان کے لیے خود اے آر ڈی اور مجلس عمل کا رویہ مختلف تھا۔ آج تک مختلف تھا ، آج پتا نہیں وہ کیسے ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہوئے ہیں پتا نہیں کل پھر یہ اکٹھے ہوسکتے ہیں یا نہیں ہوسکتے مجھے اس پر بھی شک ہے ۔

جناب چیئرمین، وقت ختم ہو چکا ہے ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ، جناب چیئرمین ! مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ کل ہی حافظ حسین احمد صاحب نے ایک جلسے میں کہا تھا کہ اب رضا ربانی کی جگہ پر ہمارا ایم ایم اے کا سینیٹر اپوزیشن لیڈر ہوگا۔ ان کے درمیان اتنے اختلافات ہیں اس کے باوجود یہ اپنے آپ کو کہتے ہیں کہ اے آر ڈی ، ایم ایم اے اور پونم ایک ہی پلیٹ فارم پر ہیں یہ سارا جھوٹ کا پلندا ہے۔ ان کے پاس ایک ہی پلیٹ فارم ہے۔

جناب چیئرمین، کاکڑ صاحب آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے۔ تشریف رکھیں۔

سینیٹر محمد سرور خان کاکڑ ، آپ کو معلوم ہے کہ اب حال ہی میں مولانا سمیع الحق صاحب کے لیے جو وفد یورپی یونین میں گیا تھا برسلز میں ہماری پارٹی کے سیکرٹری جنرل سید مشاہد حسین صاحب نے جس طرح سے stand لیا اور اس نے یورپی یونین والوں سے ملنے سے بھی انکار کیا اور اجلاس میں شرکت بھی نہیں کی ۔ میں اس کی جرأت کو داد دیتا ہوں اور مثبت کیا ہوتا ہے؟ اپوزیشن کے رکن کے لیے اتنا stand لینا یہ اس حکومت کا کام ہے ۔ یہ جنرل پرویز مشرف کی حکومت ہے اور اس حکومت نے ہی اپوزیشن رکن کے لیے بین الاقوامی پلیٹ

فارم پر اتنا stand لیا۔

جناب چیئرمین! اور کیا ہوسکتا ہے؟ آپ خود بتائیں۔ بات یہ ہے کہ میں مانتا ہوں کہ بلوچستان کے ساتھ ناانصافیاں ہو رہی ہیں لیکن یہ نہیں جو ہمارے دوست بھائی کہتے ہیں کہ فلاں چیف سیکرٹری پشتون ہے، فلاں گورنر پشتون ہے۔ میں ان کو کہتا ہوں کہ بلوچستان آدھا پشتون ہے۔ کون کہتا ہے بلوچستان بلوچوں کا ہے یہ اور بات ہے کہ آج ہم جس حکومت میں ہیں یا مسلم لیگ پارٹی میں ہیں انہوں نے پشتونوں کو پیچھے رکھا ہوا ہے، لیکن پشتون بلوچستان کا حصہ ہیں، پشتونوں نے پاکستان بنایا ہے۔ بلوچستان کا گورنر اویس احمد غنی سردار عبدالرب نشتر کا بھتیجا ہے۔ سردار عبدالرب نشتر وہ شخصیت تھی جو قائداعظم اور لیاقت علی خان کے ساتھ تھے ان تینوں نے مل کر پاکستان بنایا ہے۔ اس کے بارے میں یہ کہتے ہیں کہ یہ imported governor ہے۔ یہ چیف سیکرٹری imported ہے۔ ہم نہیں چاہتے ہیں کہ تقسیم پیدا کریں یا اس ایوان میں بلوچ اور پشتون کی بات کریں۔ یہ ہمارے لیے اچھا نہیں ہے۔ بلوچ ہمارے بھائی ہیں۔ بلوچ کبھی چیف سیکریٹری یا گورنر آتا ہے تو ہم نے کبھی اعتراض نہیں کیا۔ بلوچ ہو، پنجابی ہو، پشتون ہو گورنر یا چیف سیکریٹری، لیکن آدمی ہو۔ ہم کسی کے نام پر کچھ نہیں کہتے۔ ہم اس کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ کسی کو خواہ مخواہ target بنانا اچھی بات نہیں ہے۔ جناب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین، شکریہ، آپ کا وقت ختم ہوگیا ہے۔ کامران مرتضیٰ۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ، جناب چیئرمین! انہوں نے ایم ایم اے کا نام لیا ہے جھوٹ کا پلندہ ہے۔ ایم ایم اے جھوٹ کا پلندہ نہیں ہے۔ جھوٹ کا پلندہ وہ ہے جو نیب کا پہلا قیدی تھا۔ وہ شخص ہے جو جھوٹی اور جعلی ڈگری پر اس ایوان کا رکن بنا ہوا ہے۔ اس کی ڈگری ابھی refer کردیں۔ پتا چل جائے گا کہ اس کی گریجویشن کی ڈگری جعلی ہے یا اصلی۔ جعلی ڈگری پر بیٹھے ہوئے ہیں اور جھوٹی باتیں کرتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، دیکھیں جو نام مجھے دیئے گئے تھے وہ ہو گئے ہیں ۔ اب وقت بھی

ختم ہو رہا ہے ان کو wind up کرنے دیں۔ نو بجے تک جائے گا تو

let the Minister wind up now.

جناب چیئرمین، رضا ربانی۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین! ادھر بھی اور ادھر بھی کچھ سپیکرز ہیں تو چھ سات منٹ تک دے کر کرلیں۔

Mr. Chairman: I think, we just allow five minutes maximum to each speaker.

پانچ پانچ منٹ کرلیں اس سے زیادہ نہیں پھر۔ جی ہدایت اللہ صاحب، کاکڑ صاحب ذاتی نکتہ وضاحت پر۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، On point of personal explanation sir میرے بھائی نے ایم ایم اے کے بارے میں بات کرتے ہوئے مدارس اور اس کی سیاسی سرگرمیوں پر باتیں کی ہیں۔ لیکن شاید وہ یہ بھول گئے ہیں کہ کبھی ان کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے رہا، نون لیگ سے ان کا تعلق رہا، آزاد حیثیت سے رہا، مسلم لیگ سے رہا، اگر یہ، یہ بتا دیں کہ قومی خزانے کو لوٹنے والے کون تھے۔ اگر یہ اس ایوان کو بتا دیں تو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین، بس جی ہوگیا۔ جی ہدایت اللہ شاہ صاحب۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، شکریہ۔ جناب چیئرمین! آپ کے سامنے کافی ساتھیوں نے امن و امان کے حوالے سے بات کر لی ہے اور اسی طریقے سے سیاسی صورتحال اور ملک میں بگڑتی ہوئے حالات کے بارے میں باتیں ہو چکی ہیں۔ میں مزید کوئی اعادہ نہیں کرنا چاہتا۔

جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث کا حصہ پڑھ کر اس کا خلاصہ پیش کرنا چاہتا ہوں۔ آپ کا ارشاد ہے۔ (عربی) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ظالم کی بھی مدد کرو اور مظلوم کی بھی مدد کرو۔ صحابہ کرام نے پوچھا۔ یا رسول اللہ، مظلوم کی مدد کرنا تو ہمیں سمجھ میں آتی ہے لیکن ظالم کی مدد کیسے کریں۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً ارشاد

فرمایا کہ ظالم کی مدد یہ ہے کہ جو ہاتھ ظلم کر رہے ہیں مظلوم پر یا مقہور پر ان کو روکا جائے۔ تاکہ قیامت والے دن یہ اللہ کے ہاں ظالم جواب دینے سے بچ جائے۔

جناب چیئرمین! میں اس وقت یہ سمجھتا ہوں کہ اس وقت پاکستان کے اندر جو جنگ شروع ہے وہ صرف یہ ہے کہ ہم نے اسلامی نظام کے بارے میں جو اللہ سے وعدہ کیا تھا۔ اب ہم سب نے مل کر اس سے روگردانی کی۔ جو ہم نے اسلامی آئین بنایا تھا اس کی شق نمبر ۲۲۷ پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے ساری قوم ایک دوسرے سے سرد جنگ لڑ رہی ہے۔ اس ملک کے اندر جو امن و امان خراب ہو رہا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے اللہ کے ساتھ وفاداری کا ثبوت نہیں دیا۔

جناب چیئرمین! ہمارے قائدین جنہوں نے پاکستان بنایا تھا' پاکستان بنانے میں جناب محمد علی جناح مرحوم کے ساتھ ہمارے اکابرین بھی شامل تھے' مولانا شبیر عثمانی کا خون بھی شامل تھا' دیگر مکاتب فکر کے علماء کا خون بھی شامل تھا لیکن اس وقت جو نعرہ بلند کیا تھا کہ پاکستان کا مطلب کیا لا اله الا الله محمد رسول الله، آج ہم اس نعرے کو عملی جامہ پہنانے سے قاصر رہیں جس کی وجہ سے اس وقت پوری قوم انتشار کا شکار ہے' متفرق کا شکار ہے' کوئی پنجابی کا نعرہ لگاتا ہے' کوئی سندھی کا نعرہ لگاتا ہے' کوئی بلوچی کا نعرہ لگاتا ہے' کوئی پختونستان کا نعرہ لگاتا ہے۔ وہ نعرہ بھلا دیا مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ اس بھائی چارے کو چھوڑ کر صرف جو پاکستانی ہونے کا نعرہ تھا اس کو ہم بھلا بیٹھے' اس کی ہمیں بڑی سزا یہ مل رہی ہے کہ ہم نے اللہ کے ساتھ' اللہ کا نظام' جو 1972ء میں آئین بنایا' جتنے بھی آئین بنائے گئے تھے اس سارے آئینوں میں یہ شق رکھی گئی تھی کہ پاکستان میں کوئی بھی غیر اسلامی نظام نہیں چل سکتا اور نہ تنخیص ہو گا لیکن افسوس یہ ہے کہ آج تک ہم اسلامی نظام پر مکمل طور پر عمل کرنے سے قاصر ہیں' ہمارے کوتاہی ہے جس کی وجہ سے آج ہمیں یہ مصائب اور یہ تکالیف جھیلنی پڑ رہی ہیں۔

جناب چیئرمین صاحب! اس وقت میں صرف ایک نکتہ کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ کے دو منٹ رہ گئے ہیں۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ: وہ مسئلہ ہے شمالی علاقہ جات کا' وہ مسئلہ ہے گوادر کا اور گوادر سے لے کر شمالی علاقہ جات تک پورے ملک کا امن تباہ کیا جا رہا ہے۔ کبھی ہمارے صاحب

اقتدار لوگوں نے اس پر غور و نکر کیا ہے کہ اس میں کن لوگوں کا ہاتھ ہے؟ گوادر میں اگر آپ چائنا کو شریک کریں تو کیا امریکی سامراج کو یہ بات پسند ہے۔ آج وہی سامراج جو گوادر میں فتنہ و فساد کر رہا ہے، وہی سامراج شمالی علاقہ جات میں ہماری اقتصادیات اور معیشت کو تباہ کرنے کا ایک منصوبہ بنایا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین، ایک منٹ ہے جی، ایک منٹ میں ختم کریں۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، جناب چیئرمین صاحب! میری آپ سے گزارش ہے کہ اس مسئلے میں مجھ سے پہلے مولانا گل نصیب خان اور جناب کمیلی صاحب نے بھی ایک اہم مسئلہ کی طرف توجہ دلائی کہ شمالی علاقہ جات میں اس وقت حالات اچھے نہیں ہیں، میری آپ سے گزارش ہے جس طریقے سے بلوچستان کے لیے ایک قومی اسمبلی اور سینیٹ کی کمیٹی بنائی گئی اس طریقے سے کمیٹی بنا دی جائے تاکہ فرقہ واریت کے نام سے وہاں جو فساد ہو رہا ہے اس پر غور و خوض کیا جائے اور اس کا تدارک کیا جائے اور وہاں جو لوگ شہید ہوگئے یا مارے گئے، ان کے ورثاء کو معقول معاوضہ دیا جائے اور جو سرکاری ملازمین وہاں مارے گئے ان کی اولاد کو وہاں اسی منصب پر دوبارہ تعین کیا جائے اور جو شمالی علاقہ جات کی مظلوم قوم ہے---------

جناب چیئرمین، تشریف رکھیئے، آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے۔ دیکھیں پانچ منٹ ہیں to the point بات کریں۔ جسٹس عبدالرزاق تھیم۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھیم (وفاقی وزیر برائے بلدیات و دیہی ترقی)، جناب مجھے بولنے کی ضرورت نہیں تھی مگر چونکہ کچھ باتیں ایسی ہیں جو کہ کرنی ہیں، میں نہ کسی کو criticise کروں گا، نہ کسی کی تعریف کروں گا، میں حقائق بیان کروں گا۔ ہر وقت میرے کچھ بھائیوں کی طرف سے حکمران ٹولہ کا نام دیا جاتا ہے۔ میری پارٹی بھی حکمران کے ساتھ ہے اور دوسری مسلم لیگ، میں بھی مسلم لیگی ہوں اس میں کوئی فرق نہیں ہے، تھوڑی سی بات ہے۔ جناب والا! یہ کہتے ہیں جنگ لڑی جا رہی ہے، کونسی جنگ ہے۔ ہم سارے پاکستانی ہیں، بلوچ ہوں، سندھی ہوں، پٹھان ہوں، مہاجر ہوں، کوئی بھی ہو جنگ تو وہ تھی جب ہم نے 1942ء میں لڑی تھی۔ میں حقائق کہتا ہوں، ابھی مختلف ہر ایک کی اپنی اپنی پارٹی ہے، اس وقت

جناب کونسی پارٹی تھی، ایک مسلم لیگ تھی جو قائد کھڑا ہوا ہے (قائد اعظم صاحب کی تصویر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے)۔ میں فقط اس لیے عرض کر رہا تھا کہ ۱۹۴۲ء جب انگریز ان کے ساتھ جنگ لڑ رہے تھے۔ سندھ کے عوام پیر پگارا صاحب کے والد صاحب صبغت اللہ شاہ کے ساتھ تھے۔ کونسی جماعت اس کے ساتھ تھی؟ اس نے قربانی دی اور قائم رہا۔ پیر صبغت اللہ شاہ کو پھانسی ہوگئی۔ آخری وقت میں بھی اس کو کہا گیا کہ آپ معافی مانگ لیں تو ہم آپ کو چھوڑ دیتے ہیں مگر اس نے ایسا نہیں کیا۔ کیا ہم بھول گئے؟ ابھی لڑائیاں شروع ہوگئی ہیں۔ خان آف قلات پہلا آدمی تھا جس نے پاکستان کے ساتھ الحاق کیا تھا۔ کونسا سردار تھا؟ خان قیوم وہاں تھا۔ راجہ غضنفر پنجاب میں تھا۔ قائد اعظم سندھ سے تھا۔ میں دوسروں کا نام نہیں لوں گا۔ تو جنگ وہ تھی۔ یہ ۵۷ سال میں بھول گئے۔ پھر میری پارٹی مسلم لیگ، میں کہوں گا مسلم لیگ میں ایک جماعت کے علاوہ باقی سب لوگ تھے۔ ۱۹۶۵ء کے جنگ میں وہ کون تھے جنہوں نے سندھ اور پاکستان کو بچایا؟ وہ "حر" ہی تو تھے۔ آپ بھول گئے ہیں؟ پھر بھی آپ تنقید کرتے ہیں کہ حکمران ٹولہ۔ ایوب صاحب کے دور میں اس کی پارٹی میں کون نہیں تھا؟ مجھے ایک بات بتائیں۔ ضیا صاحب کی شوریٰ میں کون نہیں تھا؟ میں بھی تھا۔ یہ سارے لوگ ادھر بھی تھے۔ خدارا! ہم مخالفت برائے مخالفت نہ کریں۔ ہم پاکستان کی بات کریں۔ ہم نے ۱۹۴۳ء میں قائد اعظم کو دیکھا۔ میں اس وقت طالبعلم تھا۔ ان سے اس وقت کون ملا تھا؟ کوئی تو بتائیں۔ ۱۹۴۵ء کراچی میں اجتماع ہوتا ہے۔ محمود ہارون، یوسف ہارون والے ہوتے ہیں۔ وہاں تقریریں ہوتی ہیں آرٹلری میدان جس کو کہا جاتا ہے۔ ہم نے ایک جذبے سے پاکستان کو بنایا ہے مگر اس کا مقصد یہ نہیں ہے کہ صوبوں کو حقوق نہ دیئے جائیں۔ ضرور دیئے جائیں مگر یہ صرف مسلم لیگ پر تنقید نہ کریں۔ میں یہ بھی یاد دلاتا چلوں ۱۹۰۶ء میں سر آغا خان مسلم لیگ کا پہلا صدر تھا مگر آج آغا خان بورڈ پر تنقید کی جا رہی ہے۔ آغا خان یونیورسٹی کب بنی؟ میں تعریف نہیں کر رہا۔ میں اس وقت آپ کو حالات کے بارے میں بتا رہا ہوں کہ کونسی جنگ ہے؟ کچھ بھی نہیں ہے؟ نظریاتی اختلافات ہیں یہ ہوتے رہتے ہیں۔ اپوزیشن کا بھی اپنا حق ہے مگر ہمیں آپس میں مشاورت کرنی چاہیے۔ میں نے کیا نہیں دیکھا؟ میں نے سیاستدانوں کو بھی دیکھا۔ میرے پاس history اس زمانے کی ہے جب میں student تھا۔ میں تمام بھائیوں سے عمر میں زیادہ ہوں اور ہر حکومت کا دور میں نے دیکھا ہے۔

اس لیے میں عرض کر رہا ہوں کہ خدا کے لیے بیٹھ کر سوچیں کہ صحیح کیا ہے اور غلط کیا ہے؟ بلوچستان کے بارے میں جو پارلیمانی کمیٹی ہے اس میں ساری پارٹیاں ہیں۔ ہم ان کے مشوروں کو ضرور دیکھیں گے۔ ہم کسی کی پارٹی پوزیشن کو نہیں دیکھیں گے کہ ان کی پوزیشن کیا ہے؟ اس زمانے میں دو پارٹیاں تھیں ایک مسلم لیگ اور دوسری جو oppose کر رہے تھے۔ میں اس میں جانا نہیں چاہتا۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کیونکہ time بھی نہیں ہے۔ میں نے بولنا بھی نہیں تھا۔ ابھی ہم کہتے ہیں کہ امریکہ صحیح نہیں ہے۔ کیوں جاتے ہیں؟ امریکی سفارتخانے کے سامنے ہر وقت قطاریں کھڑی ہوتی ہیں۔ یہاں پر آکر لوگ تقریریں کرتے ہیں۔ ان باتوں کی ضرورت کیا ہے؟ پیر پگارا جب جلا وطن تھا اپنے والد صاحب کے ساتھ اس کے بعد کبھی انگلینڈ نہیں گیا ہے۔ کبھی جانے کے لیے تیار نہیں ہے۔ کتنا بڑا آدمی ہے؟ اس کی اپنی ایک چھوٹی سی حکومت ہے۔ ۱۲ لاکھ حر ہیں۔ انڈیا میں بھی ہیں مگر وہ انڈیا تک نہیں گیا۔ تو ہمارے بھائی جاتے کیوں ہیں؟ جہاں عزت نہیں ہے تو پھر جاتے ہی کیوں ہیں؟ مانچسٹر کا واقعہ میں پڑھ رہا تھا۔ میں نہیں چاہتا کہ اس طرح ہو مگر ہم خود کو روکیں اور اپنی عزت نفس بھی برقرار رکھیں۔ ملک کے لیے یکجہتی سے کام کریں۔ خدارا! ملک کے لیے وہ کام کریں جس میں ملک کا نقصان نہ ہو۔ Thank you.

جناب چیئرمین، محمد حسین صاحب، بول چکے ہیں۔ فرحت اللہ بابر صاحب۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، شکریہ جناب چیئرمین! مجھ سے پہلے بہت سے فاضل سینیٹر صاحبان نے، ریاستی دہشت گردی پر بات کی ہے۔ میں ان تفصیلات میں نہیں جانا چاہتا، صرف ایک نکتہ اٹھاؤں گا اور وہ یہ ہے کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے۔ ہم نے سنا 17th March کو ڈیرہ بگٹی میں کیا ہوا، 24th March کو کراچی میں کیا ہوا، 30th & 31st March کو پونم کے ساتھ کیا ہوا۔ 2nd April کو ایم ایم اے کے ساتھ کیا ہوا، 16th April کو ہمارے ساتھ کیا ہوا۔ پونم نے آخر کیا کہا تھا، پونم نے جب strike call دی یہ ان کا جمہوری حق تھا، ان کے کئی مطالبات تھے۔ ان کا ایک مطالبہ یہ بھی تھا کہ سرائیکی belt میں فوجی حضرات کو جو زمین دی جاتی

ہے اور جو زمینوں کی بندر بانٹ ہے، اس کو روکا جائے، ختم کیا جائے۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں تھی کہ اس پر رضا محمد رضا کو لاٹھیاں پڑیں۔ آپ کو یاد ہوگا کہ خود پنجاب اسمبلی میں، اس وقت کے وزیر مالیات چوہدری محمد اقبال نے on the floor of the House یہ کہا تھا کہ 1985 تک چار لاکھ اڑتالیس ہزار ایکڑ زمین تھل اور چولستان میں، چھ ہزار ایک سو پچاس فوجیوں کو الاٹ کی جا چکی ہے۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے جو پونم نے کی تھی کہ سرائیکی belt میں زمینوں کی بندر بانٹ ختم کی جائے۔ اس لیے کہ ہم جانتے ہیں کہ 1985 کے بعد 2005 تک بیس سال کے عرصے میں مزید پانچ لاکھ ایکڑ ہزاروں فوجی افسران کو دی گئی ہے اور کچھ عرصہ پہلے ان کی فہرست بھی چھپی تھی اور جو فہرست چھپی تھی اس میں ایک سو سے زیادہ بریگیڈیئر سے لے کر اوپر کے rank کے افسران تھے۔ جناب چیئرمین! یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ اس پر حکومت اتنی آگ بگولا ہو گئی تھی۔

آپ کو یاد ہے کہ گزشتہ ماہ پاکستان میں برطانیہ کے سفیر مائیکل گرانٹ نے خود کہا تھا اور یہ ریکارڈ پر ہے، اخبارات میں آیا تھا کہ گزشتہ اٹھائیس سالوں میں پاکستانی فوج کے کارپوریٹ مفادات حد سے زیادہ بڑھ گئے ہیں۔ کیا مارک لائل گرانٹ نے یہ نہیں کہا تھا کہ فوجی حضرات میں زمینوں کی بندر بانٹ سے پاکستان میں ------poverty

جناب چیئرمین ، بندر بانٹ وغیرہ کے الفاظ avoid کریں، صحیح الفاظ استعمال کریں، to the point کہیں، distribution کہہ دیں۔ ایوان کا ایک decorum ہے۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب چیئرمین! میں poverty alleviation کی بات کر رہا تھا۔ مارک لائل گرانٹ نے کہا ہے کہ پاکستان میں جس طرح زمینیں تقسیم ہوئی ہیں، اس سے poverty alleviation programme متاثر ہوا ہے اور کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ Human Rights Watch نے اپنی رپورٹ میں کہا اور اگر اجازت ہو تو میں اس رپورٹ سے ایک sentence پڑھتا ہوں۔

The military has acted with increasing impunity to enforce its writ over the state and to protect grip over Pakistan's economic resources specially

land.

جناب والا! صبح کے اجلاس میں پروفیسر غفور احمد صاحب نے ایک بڑے پتے کی بات کہی۔ ان کی تقریر پر بڑے اعتراضات ہوئے لیکن ایک نکتے کا کسی نے نوٹس نہیں لیا۔ انہوں نے کہا تھا کہ فوج کے اندر پیدا ہونے والے لالچ کے خطرات کی نشاندہی کرتا ہوں اور انہوں نے کہا کہ اصلاح کا وقت آ گیا ہے اور اگر اصلاح نہ کی گئی تو پاکستان کی سلامتی کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ اب اگر میں بات کروں گا کہ لالچ آ گیا ہے تو آپ کہیں گے کہ الفاظ کا خیال رکھیں۔ اس لیے میں اپنی طرف سے بات نہیں کروں گا فوج میں زمینوں کے تقسیم کے بارے میں خود وزارت دفاع کیا کہتی ہے اور میں وزارت دفاع کی کسی secret meeting کا حوالہ نہیں دے رہا ہوں کیونکہ میں جانتا ہوں کہ Official Secrets Act کے تحت میں ایسا نہیں کر سکتا۔ میں وزارت دفاع کا باقاعدہ کھلم کھلا اعلان جو اخبارات میں اشتہار کی صورت میں چھپا ہے اور میں کسی ایسے اخبار کی بات بھی نہیں کر رہا ہوں جو گمنام ہو' جو نہ چھپتا ہو' میں پاکستان کے ایک موقر اخبار کی بات کر رہا ہوں' نوائے وقت اخبار کی بات کر رہا ہوں اور بات بھی بہت پرانی نہیں ہے' ستمبر کی بات ہے اور یہ اشتہار وزارت دفاع کا دیا ہوا ہے۔ وہ وزارت دفاع جس کے تحت پاکستان کی تمام افواج آتی ہیں اور اگر آپ کی اجازت ہو ایک منٹ سے زیادہ نہیں لگے گا۔ "اطلاع عام۔ عوام الناس کو ان کے اپنے مفاد میں مطلع کیا جاتا ہے کہ ہیڈ کوارٹرز 117 بریگیڈ کوہاٹ کی جانب سے دیا جانے والا اشتہار غیر قانونی اور بدنیتی پر مبنی ہے۔ بریگیڈ ہیڈ کوارٹرز 117 نے سرکاری اراضی واقع بالمقابل شیلٹن ہوٹل کوہاٹ بغیر کسی اجازت اور قوانین کی پامالی کرتے ہوئے' نہ صرف غیر قانونی تعمیرات کی ہیں بلکہ سرسبز درخت بھی کاٹ کر غائب کر دیے ہیں۔ چونکہ اس ہیڈ کوارٹرز کو سرکاری اراضی یا اس پر غیر قانونی طور پر تعمیر کردہ دکانات کی خرید و فروخت یا کرایہ پر دینے کا ہرگز کوئی اختیار نہیں لہذا ان غیرقانونی اور غیر اخلاقی طور پر تعمیر کردہ دکانوں کی خرید و فروخت یا کرایہ پر لینے میں ملوث افراد بھی اس جرم میں برابر کے شریک اور سزاوار ہوں گے۔"

جناب چیئرمین! یہ میں نہیں کہہ رہا ہوں۔ یہ کوئی ایسا شخص نہیں کہہ رہا ہے جس کے بارے میں آپ یہ کہیں کہ یہ security risk ہے' یہ اشتہار پاکستان پیپلز پارٹی نے نہیں دیا۔ یہ اشتہار وزارت دفاع حکومت پاکستان نے دیا ہے اور یہ اشتہار کسی ریٹائرڈ فوجی کے بارے میں نہیں

ہے، یہ اشتہار 117 بریگیڈ ہیڈکوارٹر کوہاٹ کے بارے میں ہے۔ پروفیسر غفور صاحب نے بڑے پتے کی بات کہی تھی اور انہوں نے کہا تھا کہ دیکھو اس لالچ کو خدا کے لیے روکو۔ آج ہی جناب چیئرمین! آپ نے ہماری ٹیبل پر Question Hour suspend کر دیا۔

جناب چیئرمین، میں نے نہیں ہاؤس نے کیا ہے۔ آپ کے پاس صرف ایک منٹ ہے اب۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جی ہاؤس نے suspend کر دیا لیکن اسی میں جناب چیئرمین! جو Unstarred Questions ہیں اس میں Question No.2 کو اگر آپ دیکھیں۔ وہ سوال یہ تھا کہ PAF نے کراچی میں چند ایکڑ زمین کچھ سال پہلے کسی سکول کو دی ہے، اس معاہدے کی کاپی دی جائے جس کے تحت سرکاری زمین پرائیویٹ سکول کو دی گئی ہے اور یہ پوچھا گیا کہ ایک تو کاپی دے دیں اور دوسرا یہ بتائیں کہ کون سا قانون ہے کہ آپ نے سرکاری زمین جو آپ کو ایئر فورس کے مقاصد کے لیے دی گئی تھی، آپ نے پرائیویٹ سکول کو دے دی۔ جناب چیئرمین! اس سوال کا جواب دس مہینے بعد آیا ہے۔ آج اس پر ایوان میں بحث نہیں ہوسکی کیونکہ معزز ایوان نے Question Hour معطل کر دیا تھا۔ جواب میں کہا ہے جی کہ relevant extract اس معاہدے کا یہ ہے-------

جناب چیئرمین، بس آپ ایک منٹ میں ختم کریں۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ سیاسی حالات کی بات تو نہیں ہے۔ یہ تو ایک علیحدہ issue ہے۔ اس پر یہ کوئی requisition دیں، اس پر بات کریں گے تو دونوں اطراف کو موقع ملے گا۔ اس طرح تو یہ one sided بات ہوگی اور یہاں پر وزارت دفاع کا کوئی نمائندہ نہیں ہے۔ اس وقت جو بات بھی یہ کرتے جائیں گے، اس کا جواب دینے والا یہاں پر کوئی نہیں ہے۔ اس لیے یہ one sided بات رہے گی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس بات کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ یہ سیاسی حالات کی بات کریں۔

جناب چیئرمین، ان کا point valid ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے۔ جب یہ interruption کرتے ہیں۔

یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ یہ بالکل غیر ضروری اور غیر متعلقہ بات ہے۔

جناب چیئرمین، پوائنٹ valid ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے اگر ایسے ہوگا تو پھر interruption یہ interruption کرتے ہیں۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، ایک منٹ میں اپنی بات ختم کرتا ہوں۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ بالکل غیر ضروری بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب چیئرمین، پروفیسر غفور صاحب نے ---

جناب چیئرمین، انہوں نے جو کہا تھا تو وہ elaborate تھا انہوں نے ایک general بات کی تھی اور آپ specific کر رہے ہیں۔

There should be somebody relevant to respond to it.

سینیٹر کامل علی آغا، کوئی بندہ نہیں ہے۔ یہ کوئی requisition دیں۔

جناب چیئرمین، میرے خیال میں ان کو ختم کرنے دیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، میرے خیال میں اس کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ یہ ایجنڈے کے item پر بات کریں۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جناب میں "پونم" کی بات کر رہا تھا اور "پونم" کے مطالبے کی بات ہے اور بات وہاں سے آگے چلی گئی۔

جناب چیئرمین، میرے خیال میں آپ آدھے منٹ میں بات ختم کریں۔

سینیٹر فرحت اللہ بابر، جملہ درمیان میں آگیا اس طرح سے بات آگے بڑھ گئی۔ میں گفتگو ختم کرنا چاہتا ہوں، صرف ڈاکٹر مراد علی شاہ صاحب نے ایک بات بڑی اچھی کہی تھی اور کہا تھا کہ enlightened moderation کی بات ہو رہی ہے۔ حکمرانوں کو بھی چاہیے، فوجی حکمرانوں کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے ambitions میں moderation پیدا کریں تو آپ کے بہت سے مسائل حل ہو جائیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، جی وزیر برائے داخلہ .please wind up

سینیٹر آغا پری گل ، ایک دو سپیکر رہ گئے ہیں۔

جناب چیئرمین، اس طرح سے تو بات آگے بڑھتی چلی جائے گی۔ wind up کریں۔ میرا خیال ہے کہ پریس نے بھی جانا ہے۔ ان کا بڑا ضروری ہے کہ پریس میں cover ہو جائے ورنہ رہ جائے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم، جناب اتنے لوگوں کو وقت دیا ہے دو منٹ پری گل کو بھی دے دیں۔

جناب چیئرمین ، مجھے تو کوئی اعتراض نہیں اگر آپ سننے کے لیے تیار ہیں۔ دیکھیں بولنے کے لیے ایک agreement ہوا کہ وقت کتنا ہے۔

سینیٹر آغا پری گل ، آپ آپس میں اور اپوزیشن والے۔

جناب چیئرمین ، میں صرف اکیلا نہیں ہوتا آپ کے نمائندے بھی ہوتے ہیں۔

سینیٹر آغا پری گل ، مگر ہماری خواتین کی کوئی نمائندگی نہیں ہے۔ ہم بیچاری اسی طرح رہ جاتی ہیں دو، دو منٹ اگر دے دیں۔

جناب چیئرمین ، مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔ میں بیٹھنے کے لیے تیار ہوں اگر ہاؤس چاہتا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ میرا خیال ہے ختم کر لیتے ہیں۔

سینیٹر آغا پری گل ، صرف دو منٹ دے دیں۔

جناب چیئرمین، دو منٹ رہتے نہیں ہیں پھر نئے issues نکل آتے ہیں۔

سینیٹر آغا پری گل ، نہیں، نہیں ہم زیادہ بات نہیں کریں گے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی ، جناب چیئرمین صاحب can I have your attention just for two minutes? Sir, I think it would be fair ان کو دو منٹ دے دیں۔ دو لیڈیز ادھر سے ہیں۔ ان کو دو، دو منٹ دے دیں۔ .Then Wasim Sahib can wind up

جناب چیئرمین، دو منٹ کوئی رکتا نہیں ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، جناب چیئرمین شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب چیئرمین، مختصر رکھیں، to the point مہربانی۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، اچھا جی۔ جناب میں پہلی بات یہ کرنا چاہتی ہوں کہ ایک اسلامی ریاست کی یہ ذمہ داری ہے کہ اپنے شہری کی جان و مال اور آبرو کی حفاظت کرے نہ صرف ملک کے اندر بلکہ بیرون ملک بھی۔ جناب جو کچھ مولانا سمیع الحق صاحب کے ساتھ ہوا ۔ وزارت خارجہ کی طرف سے assurance دی گئی تھی کہ اس کے بعد جو دوسرا واقعہ ہوا اس کے بارے میں وہ explanation دیں گے۔ اب آپ ختم کرنے والے ہیں مجھے نہیں معلوم کہ وہ کہاں ہیں اور کب دیں گے۔

جناب دوسری بات میں یہ کہنا چاہ رہی تھی کہ ایک واقعہ ان کے ساتھ ہوا اور پھر یہاں سے کہا گیا کہ protest کی گئی ہے اور ان کی embassy میں ریکارڈ کرایا گیا، رجسٹر کرایا گیا اور آپ کی قومی اسمبلی نے بھی قرارداد پاس کی۔ جناب میرا یہ سوال ہے کہ اس سب کے باوجود اگر وہ سلسلہ جاری رہتا ہے تو پھر کیا اس ایوان کے سوچنے کی بات نہیں ہے کہ اگر یہ اسی طرح سے چلتا رہا تو کل کوئی بھی محفوظ نہیں رہے گا۔ ڈار صاحب نے بات کی تھی کہ کوئی مشاہد حسین صاحب سے مشورہ کر رہا تھا کہ میں delegation میں جاؤں یا نہ جاؤں۔ میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ مجھے بھی آپ کی طرف سے دعوت ملی تھی کہ میں رومانیہ والے delegation میں شامل ہو جاؤں۔ میں نے تو سوچے سمجھے بغیر معذرت کر دی تھی۔ مشورہ کیے بغیر کہ میں یہ face نہیں کر سکتی جو ایک مرد ممبر کے ساتھ ہوا۔ عورت ہونے کے ناطے میں کہاں یہ بھگتوں گی؟ جناب میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ اس معزز ایوان کا رکن ہونے کے باوجود کیا میرا یہ استحقاق نہیں ہے کہ میں اپنی جو بھی مذہبی شناخت قائم رکھنا چاہتی ہوں وہ قائم رکھوں اور مجھے ایک معزز رکن کے طور پر تسلیم کیا جائے؟

جناب دوسری بات میں یہ کہنا چاہتی ہوں، جمہوریت میں اور اسلامی جمہوریہ پاکستان میں شخصی آزادی کی حفاظت کی ضمانت بھی ہے اور رائے کے اظہار کا حق بھی ہے۔ جناب کیا ہڑتال کی کال دینا غلط تھا؟ کیا ملین مارچ کے لیے لوگوں کو بلانا اور نکلنا غلط تھا؟ کیا کسی کا

استقبال کے لیے جانا غلط تھا؟ Sir اگر یہ سب کچھ غلط ہے تو جنرل صاحب کے سیاسی جلسے کیوں ہو رہے ہیں۔ پھر یہ کہا گیا کہ ایک political pressure ہے اور political situation بیان کرنے کے لیے ہم نے اجلاس requisite کرایا تھا۔ اب کون سا مقام ہوجہاں پر ہم اپنا دکھڑا بیان کریں کہ ایک طالب علم فرحان کو اس طرح سے قتل کر دیا گیا۔ Sir سارے لوگ بولے اور انہوں نے کہا کہ جھوٹ کا پلندہ۔ میں کہتی ہوں اس سے زیادہ مبنی بر انصاف کیا بات ہوسکتی تھی کہ ہم نے کہا کہ کمیٹی قائم کر دیجیے۔ تو کمیٹی قائم کرنے کی تائید تو کسی نے نہیں کی یہ سب نے کہا کہ جھوٹ ہے۔

اگلی بات میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ یہ منافقت ہوگئی اور ہم تو منافق ہو گئے، ہم پر لیبل لگ گیا کہ اسمبلی میں تو آ کے بیٹھے ہوئے ہیں، میراتھن ریس میں نہیں دوڑ رہے۔ Sir میری درخواست یہ ہے اور آپ ضرور اس پر ruling دیں کہ جو معزز ارکان روشن خیال ہیں اور moderate ہیں وہ ضرور اپنی بہنوں، بیویوں، بیٹیوں کو لائیں اور دوڑائیں وہاں پر اور ایک نظیر قائم کریں۔

جناب چیئرمین، مختصر کریں، ٹائم ہوگیا۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام

وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

مطلب یہ ہے کہ اب یہاں بھی نہ بولیں، ہڑتال کی کال بھی نہ دیں، مارچ بھی نہ کریں تو پھر کیا کریں اور کہاں جائیں؟ ایک یہ بات ہے کہ پچیس پچیس ہزار لوگ آئے تھے، ہڑتال پر کسی نے لبیک نہیں کہا، کوئی پہنچا نہیں، شٹر ڈاؤن نہیں ہوا تو میرا چھوٹا سا سوال یہ ہے کہ اگر اتنے ہی تھوڑے سے لوگ تھے، اتنے تھوڑے لوگ جلسے میں آنے تھے تو اتنی فکر کیا تھی؟ آپ نے کیوں سارا دن پی ٹی وی پر قبضہ کر کے منٹ منٹ کے بعد "جلسی" اور تھوڑے لوگ اور یہ اور کچھ بھی نہیں تھا کی گردان کیوں رکھی۔ پھر آپ کو خدشہ کیوں ہے جبکہ عوام آپ کے ساتھ ہیں اور اپوزیشن کے ساتھ نہیں ہیں تو آپ کو اتنی زیادہ پریشانی کیوں تھی اور آپ نے کیوں اتنے لوگوں کو پکڑ لیا تھا۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیں، ٹائم ختم ہو گیا۔

سینیٹر ڈاکٹر کوثر فردوس، ایک منٹ، بس ختم کر رہی ہوں۔ یہ کہا گیا کہ دس لوگوں کی ہی لسٹ دے دیں جن کو پکڑا گیا۔ میں کہتی ہوں کہ یہ کہنا بھی حوصلے کی بات ہے۔ اس کو چیلنج کرنے کے لیے یہاں ایوان میں سب نے سو سو اور ڈیڑھ ڈیڑھ سو اپنے لوگوں کی لسٹ دی ہے۔ ہم سب پارٹیز علیحدہ علیحدہ اپنے سو سو لوگوں کی لسٹیں جمع کراتے ہیں اور پھر یہ ثابت کریں کہ جھوٹ بولنے والا ایک وزیر ہے یا باقی لوگ ہیں۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین، پری گل آغا صاحبہ۔

سینیٹر آغا پری گل، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ چیئرمین صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور ساتھ یہ بھی کہنا چاہتی ہوں کہ آپ نے شاید ایک بات نوٹ بھی کی ہے کیونکہ میں نے کبھی بھی یہ نہیں سوچا، جب میں اس ہال میں آتی ہوں تو سب سے پہلے میں اپنے آپ کو پاکستانی سمجھ کے اور اس کے بعد صوبے کا نعرہ لگاتی ہوں مگر میرے سامنے والے benches پر ایسا نہیں۔ جب ہم یہاں پر آتے ہیں تو ہم سارے سینیٹر ہیں اور ہم سارے ایک ہیں، ہم سب کی عزت ایک ہے۔ آپ نے ایک بات نوٹ بھی کی ہے کہ ہمارا ایک سینیٹر کل سے ناراض ہے، سمیع الحق صاحب۔ جناب چیئرمین صاحب! کیوں کہ وہ میرے سینیٹر ہیں اور ان کے ساتھ جو ہوا وہ اچھا نہیں ہوا۔ میں اس بات کی پرزور مذمت کرتی ہوں کیونکہ چاہے وہ سینیٹر ہوں یا ہم سینیٹر ہوں، ظاہر ہے نام سینیٹ کا ہے، عزت پورے پاکستان کی ہے۔ تو جب ان کے ساتھ یہ ہو سکتا ہے جس طرح میری ایک بہن نے کہا تو شاید کل ہم سب کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ وہ یہ نہ دیکھیں کہ وہ کون ہے، یہ کون ہے؟ میں آپ سے یہ درخواست کروں گی کہ اس بات پر آپ ذرا action لیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ جیسا ہمارے بھائیوں نے کہا کہ ہم کیوں لڑتے ہیں۔ جب ہم نے یہاں پر آکے اپنے ملک کے لیے اور اپنے صوبوں کے لیے کام کرنا ہے تو پھر آپس میں ہم ایک دوسرے پر اتنا کیچڑ کیوں اچھالتے ہیں؟ بہت غلط بات ہے۔ جب ایک دوسرے کو اتنا برا بھلا کہتے ہیں تو جو دیکھنے والے ہیں، وہ ہمارے بارے میں کیا سوچتے ہوں گے؟ اگر ہم ایسا کریں گے

تو عوام کے لیے کیا کر سکیں گے۔ جناب چیئرمین صاحب! میں اپنے دونوں اطراف کے ساتھیوں سے یہ درخواست کرنا چاہتی ہوں کہ خدا را! اس وقت ساری دنیا کی نظریں ہماری طرف لگی ہوئی ہیں۔ اس وقت آپ کا سینیٹ اتنا اچھا کام کر رہا ہے اور اتنے اچھے طریقے سے آپ لوگوں نے دو سال گزارے ہیں کہ اس کی مثال نہیں ملتی۔ یہ ٹھیک ہے کہ لڑائیاں ہوتی رہی ہیں اور شور شرابہ ہوتا رہا ہے۔ آپ کا quorum بھی صحیح ہوتا ہے اور آپ کی عوامی آواز بھی صحیح ہے۔ تاہم آخر میں ہم اپنے سینیٹ کو اس طرح برباد کرتے ہیں کہ کچھ لوگ وہاں سے بولنا شروع ہو جاتے ہیں اور کچھ یہاں سے شروع ہو جاتے ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب! اس حوالے سے میں اپنے تمام بھائیوں کو ایک بات کہنا چاہتی ہوں کہ جب ہم پاکستان کی بات کرتے ہیں تو پھر ہم پاکستان کے President کو برا بھلا کیوں کہتے ہیں۔ جناب چیئرمین! ہمارے ساتھ جو ظلم ہوا ہے، ہم اس کی بات کیوں نہیں کرتے۔ ہم ایک دم بیٹھ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ ظلم ہوا ہے۔ میں کہتی ہوں کہ ظلم ہوا۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please hear the member.

سینیٹر آغا پری گل، جناب چیئرمین! مگر یہ ظلم اس سے پہلے ہوا ہے۔ ہم پٹھان اور بلوچ کے کیوں نعرے لگاتے ہیں؟ جناب والا! بلوچستان سب کا ہے۔ صرف ایک بندے یا ایک قوم کا نہیں ہے۔ پٹھانوں اور بلوچوں کا بلوچستان ہے۔ ہم سب کا بلوچستان ہے۔ جناب یہ کہتے ہیں کہ ہم ترقی نہیں کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! ایک ایسا دور تھا جب ہمارے بڑے اسمبلیوں میں تھے تو اس کے بارے میں میرا بھی کچھ کہنے کو دل کرتا ہے اور دل جلتا ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ وہاں پر ترقی نہیں ہے۔ یہ بالکل صحیح ہے کہ وہاں ترقی نہیں ہوئی ہے۔ گیس وہاں سے نکلتی ہے اور وہاں پر لوگوں کو گیس نہیں ملی ہے۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ وہاں پر سرداروں نے سارے وسائل ہڑپ کیے ہوئے ہیں۔ کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ سرداروں نے کیا ہڑپ کیا ہوا ہے؟ کیا سرداروں نے وہاں گیس کا کوئی valve بند کر دیا ہے۔ لیکن میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ سرداروں نے وہاں پر مداخلت نہیں کی ہے اور اگر مداخلت کی ہے تو یہ بڑے لیڈروں نے کی ہے۔ جناب

چیئرمین! ایک وقت تھا جب ہمارے پورے بلوچستان پر بمباری ہوئی تھی۔ آج سے کئی سال پہلے انہوں نے ہمارے بڑے بڑے لوگوں کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ وہ الزام آپ لوگ کیوں نہیں بتاتے ہیں۔ جو کچھ اس وقت آپ لوگوں کے ساتھ ہوا' آپ اسے یہاں کیوں بیان نہیں کرتے ہیں کہ ہمارے باپ دادا پہاڑوں پر چڑھ گئے تھے اور وہیں پر خاندان کے خاندان مر گئے۔ یہ آپ لوگ کیوں نہیں بتاتے ہیں۔ جو ہوا ہے' آپ وہ بتایا کریں۔

جناب جنرل مشرف صاحب' صدر پاکستان ہیں اور آپ بھی مانتے ہیں' اگر نہیں مانتے ہیں تو کوئی بات نہیں ہے' انہیں پورا پاکستان مانتا ہے' پاکستانی عوام انہیں مانتے ہیں۔ لیکن انہوں نے ہمیں غلط راستے پر نہیں ڈالا' نہ ہی انہوں نے آج تک ہمارے بلوچستان پر بمباری کی ہے اور نہ ہی آج تک کسی عورت کا بلوچستان میں سر سے دوپٹہ کھینچا ہے۔ اگر آپ کو فوجیوں سے کوئی گلہ ہے تو خدا کے لیے یہ کہیں کہ وہ پرانے فوجی تھے۔

(مداخلت)

سینیٹر آغا پری گل ، میں مانتی ہوں کہ یہ بھی فوجی ہیں اور جنرل ہیں مگر اس نے آپ لوگوں کے ساتھ وہ role ادا نہیں کیا جو ہمارے ساتھ پرانے لوگوں نے کیا۔ ہم کیوں چیخ رہے ہیں' ہم کیوں رو رہے ہیں؟ اگر ہمارے پرانے لوگ صحیح ہوتے تو ایسے حالات پیدا نہ ہوتے۔ وہاں پر سب لیڈر آئے ہیں۔ میں سچ کہتی ہوں۔ میں نہ تو گورنمنٹ سے ڈرتی ہوں اور نہ ہی ان کے لیڈروں سے ڈروں گی۔ میں جو بھی کہوں گی' اپنے عوام کے لیے کہوں گی کیونکہ ان کے پرانے لیڈروں نے عوام کو دھوکہ دیا ہے۔ جناب والا! ایک لیڈر آیا اور اس نے روٹی' کپڑا اور مکان کا نعرہ لگایا اور یہ الفاظ بول' بول' بول کر 20/30 سال گزار دیئے۔دوسرا پہنچا میں بھی اس میں تھی' انہی لوگوں نے بلوچستان کو تباہ کیا یہ پرانے لوگوں نے۔ بالکل اگر میں بولوں گی' آرام سے سنو بعدمیں بولنا' جناب چیئرمین صاحب! جس طریقے سے ایک آیا نعرے لگا کر چلا گیا۔ خدا کی قسم اس وقت ہمارے بلوچستان کا بچہ بچہ انہی کی وجہ سے بے روزگار ہے۔ آتے ہی ایک لیڈر نے ban لگا دیا۔ جناب! اس وقت وہ بچہ ۵ سال کا تھا آج ۳۵ سال کا ہے۔ بدقسمت بچہ گلیوں میں roads پر پھرے گا۔ ظاہر ہے وہ نعرے نہیں لگائے گا' گالیاں نہیں دے گا تو کیا کرے گا۔

مگر اس بندے کو کم از کم آپ اتنا کریڈٹ تو دیں کہ آتے ہی اس نے بلوچستان کا دورہ کیا۔ آج تک کوئی صدر قلات نہیں پہنچا، لورالائی نہیں پہنچا، کیا بات کرتے ہو؟ صرف آپ کا بلوچستان نہیں ہے۔ بلوچستان ہم سب کا ہے۔ ہمیں بولنے کا پورا حق ہے۔ جو سچ ہے وہ سچ ہے۔ جو جھوٹ ہے جھوٹ ہے۔یہاں آپ لوگ جب اسمبلی میں بیٹھتے ہو، تو سچ بولا کرو۔ اس وقت چاروں طرف اخبار والے بیٹھے ہیں۔ کیوں ہم لوگ غلط بیانی کرتے ہیں۔ پرانی کالکوں کو لا کر ہم یہاں بیان کرتے ہیں۔ ظلم ہو گیا جی، تباہی ہو گئی ہے، بربادی ہو گئی ہے۔ جنہوں نے ہمارے ساتھ بربادی کی سارے اکٹھے بیٹھے ہوئے ہیں۔ صحیح بات ہے۔ انہوں نے بربادی کی، آپ کہتے ہیں کہ ہمارے سردار، نواب، خدا کی قسم کسی سردار نے بلوچستان کے ساتھ زیادتی نہیں کی، وہ کیسے بلوچستان میں اپنے ہی سر پر کھاڑی مارے گا؟ کیوں مارے؟ آپ مجھے بتائیں کہ آپ کا کوئی سربراہ ہو تو وہ کیا خود آپ کو قتل کرے گا؟ کبھی بھی نہیں کرے گا۔ کبھی بھی وہ آپ کے لیے برائی نہیں کرے گا۔ یہی لیڈر یہاں پر آ کر صدر بننے کے لیے، وزیر اعظم بننے کے لیے، ہمارے بلوچی اور پٹھانوں کو اتنا بے وقوف بناتے ہیں۔ آپ سوچ بھی نہیں سکتے۔ جناب چیئرمین صاحب! میں آپ سے ایک درخواست کروں گی۔ یہ مت سمجھنا کہ میں اس وقت صدر مشرف کی یہاں پر تعریف کروں گی مگر جو سچ ہوگا وہ ضرور کہوں گی ۔ جناب چیئرمین صاحب! اس وقت ساری دنیا کو پتا ہے۔ بلوچستان کے لیے اس بندے نے جو کچھ کیا ہے۔ ٹھیک ہے میں گوادر پراجیکٹ کے خلاف ہوں بالکل اگر گوادر میں بلوچستان کے لوگوں کو زمینیں ملیں۔ بلوچستان والوں کا حق ہے۔ پہلے ان کو ملنا چاہیے۔ باقی اس کے بعد دوسروں کو ملے۔ خدا کے لیے اگر ایک بندہ ہمارے لیے اچھا کر رہا ہے۔ آپ دیکھیں کہ آج تک کسی صدر کو پتا ہی نہیں ہے۔ ۲۰ صدر اور پرائم منسٹر آئے کوئی قلات گیا، یہ بندہ قلات پہنچا جو اس وقت صدر پاکستان ہے جنرل مشرف، جس کے خلاف ہم یہاں دو سال سے بول بول کر تھک گئے ہیں۔ اب ہمارے چھ آٹھ مہینے رہ گئے ہیں۔ اب تو خدا کے لیے رحم کرو۔ کچھ اچھا بولو تاکہ بلوچستان میں ترقی ہو، کل ہم اسٹیشن پر اتریں گے تو لوگ ہمیں کیا کہیں گے، ہم پر پتھراؤ کریں گے کہ وہاں پر جا کر تین سال آپ لوگوں نے سارا دن LFO وردی، فوجی کیا ہے۔ ہاں آؤ مل کر ہم چار پانچ مہینے مل کر اپنے بلوچستان کے لیے وہ کام کریں جب ہم ائیر پورٹ یا اسٹیشن پر اتریں کم سے کم ہمارے پٹھان بلوچ ہمیں

welcome تو کریں۔ آخر میں میں آپ سے ایک دفعہ پھر اپنے بھائیوں سے یہ میرے اپنے ہیں۔ یہ معصوم ہیں۔ صحیح بات ہے۔ جناب چیئرمین صاحب یہ معصوم ہیں۔ ان کو پرانے دھندوں کا پتا نہیں ہے۔ یہ بے چارے کل سٹوڈنٹ تھے۔ یہ معصوم ہیں۔ ان کو کسی چیز کا پتا نہیں ہے۔ ان کے دادے ہوں گے ان کے والد ہوں گے جو اس وقت موجود تھے۔ ان سے پوچھیں۔ میں اس لیے ان سے کہتی ہوں کہ خدا کے لیے اس وقت وہ کام کرو۔ جو پرانوں نے کالک ملا' وہ کالک دھو دو' آپ بلوچستان کے لیے وہ کام کریں کہ کل میں اور آپ جب جائیں گے۔ کم از کم ہمیں جوتوں کے ہار کی بجائے پھولوں کا ہار تو پہنائیں۔ صحیح بات ہے۔ آخر میں' میں آپ لوگوں سے ایک درخواست کروں گی کہ دو سال ہمارے گزر گئے۔ اب لڑائی اور ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالنا بند کریں ہم بھی اور آپ بھی۔ ہم سب کی عزت ایک ہے۔ آپ بھی ہماری عزت ہیں ہم آپ کی عزت ہیں۔ یہ ٹھیک ہے پارٹی اپنی جگہ' جہاں پر سینیٹرز کی عزت کی بات ہوتی ہے ہم نے تمام سینیٹ کی عزت کی--------

جناب چیئرمین، Please, no interruption. پری گل صاحبہ آپ ختم کریں۔

سینیٹر آغا پری گل، آپ کو اتنا سمجھایا جو آمریت کرنے والے تھے ان کے گلے میں تو ہار ڈال کر ان کو well come کر رہے ہیں۔ جناب دیکھیں! میں آپ کو ایک بات بتاؤں--

جناب چیئرمین، اب آپ تشریف رکھیے۔ آپ wind up کریں۔

سینیٹر آغا پری گل، ایک منٹ' ابھی میں ایک بات کروں۔ جس طرح یہ کہتے ہیں کہ آصف زر داری' میری بات سنیں۔ بے نظیر لیڈر ہوگی ہم مانتے ہیں وزیر اعظم رہ چکی ہیں۔ ہم مانتے ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب! میں ایک بات آپ سے کہنا چاہتی ہوں اور ان سے ایک بات پوچھنا چاہتی ہوں کہ اب میں بلوچستان کی ہوں۔ چلو میں بلوچستان گئی میں اپنے گھر میں خوبصورت لگتی ہوں یہ مجھے سمجھ نہیں آیا کہ ان کا لیڈر دوبئی گیا' دوبئی سے واپس یہ پنجاب میں کیوں اترا؟

(مداخلت)

سینیٹر آغا پری گل، ارے چپ کرو میں نے تمہاری وڈیو بھی دیکھی ہے۔

Mr. Chairman: No cross talk please.

سینیٹر آغا پری گل، جناب چیئرمین ! میں آج آپ کو ایک بات بتاؤں۔ بجائے اس کے کہ اپنے سسرال میکے جاتا' دوسروں کی چھتوں پر سیٹیاں مارنا شروع کردی ہیں۔ ہاں عوام بے نظیر کو بالکل لیڈر مانتے ہیں مگر خدا کے لیے جس طریقے سے آپ لوگوں نے کیا اب دو دن سے سب سن رہے ہیں آپ نے کتنا برا بھلا کہا؛ جناب ان کی وڈیو موجود ہیں انہوں نے جتنا پولیس والوں کو مارا ہے۔ جب مارو گے تو مار کھاؤ گے۔ میری بات سنیں میں ان کی بہت عزت کرتی ہوں' میں ان کی دل و جان سے قدر کرتی ہوں میں ان کو کبھی بھی اپنے سے الگ نہیں سمجھتی۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ میرے بازو ہیں۔ مگر ان کو تھوڑا سا سوچنا بھی چاہیے۔ کم سے کم یہ سوچیں۔ آپ لیڈر ہیں' لیڈری کرو اچھی بات ہے' جمہوریت ہے اس سے پہلے اگر کوئی چھینک بھی مارتا تھا تو یہ پورے خاندان کو ٹرکوں میں اٹھا کر لے جاتے تھے اس وقت کی حکومت میں۔ بالکل میں تھی مگر اس وقت انہوں نے کیوں نہیں سوچا کہ بھائی یہ بنیاد ہم رکھ رہے ہیں اگر یہ شروع سے ان لوگوں کو ٹرکوں میں نہ اٹھاتے تو یہ حال نہ ہوتا مگر آج تو کسی کو اٹھایا نہیں ہے آپ شکر کریں کہ آپ صحیح سلامت ہیں۔ آخر میں' میں آپ لوگوں کے لیے دعا کروں گی کہ اللہ تعالی آپ کو نیک ہدایت دے اور خوشیاں دے اور آپ کو سلامت رکھے۔ پروردگار آپ کو دوبارہ اسی سینیٹ میں لے آئے مگر اچھے طریقے سے۔ خدا حافظ۔

جناب چیئرمین، ڈاکٹر شہزاد وسیم۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، تشریف رکھیں ۔ نام ہوں گے کئی نام ہیں صرف آپ کا نہیں ہے لیکن اب نہیں۔ ڈاکٹر شہزاد وسیم۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، ایسا نہیں ہوگا۔ آپ مہربانی کریں۔

جناب چیئرمین، کیا نہیں ہوگا؟ اتنا وقت گزر گیا۔ شروع سے آپ لوگ کم بولتے ۔ مہربانی کرکے آپ تشریف رکھیں۔ ڈاکٹر شہزاد وسیم please wind up

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم ، Thank you Mr. Chairman سب سے پہلے تو میں تمام ایوان کو مبارکباد دینا چاہوں گا کہ political situation کے اوپر ہر ایک نے اپنی پارٹی

کے موقف کو، اپنی ذاتی رائے کو بھرپور طریقے سے اس ایوان میں پیش کیا اور میں سمجھتا ہوں یہ ایک اچھی روایت ہے اور میں اس سے زیادہ مبارکباد اپنے حکومتی بینچوں پر بیٹھے ساتھیوں کو بھی دینا چاہوں گا کہ جنہوں نے نہایت تحمل کے ساتھ، برداشت کے ساتھ، وہ تمام آراء اور وہ تمام باتیں سنیں۔ آج ملک میں سیاسی لحاظ سے ایک ایسا ماحول ہے کہ جس میں تمام سیاسی پارٹیاں اپنی اپنی سیاسی سرگرمیوں میں مشغول ہیں۔ یہاں پر ایک تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ شاید سیاسی جماعتوں کو کھل کر کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک غلط تاثر ہے۔ تمام سیاسی پارٹیاں بھرپور طریقے سے اس سیاسی عمل میں حصہ لے رہی ہیں۔ ہاں، اگر اجازت نہیں ہے تو کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں ہے۔ یہاں پر آصف علی زرداری کی لاہور آمد کے حوالے سے بات ہوئی تو میں کچھ facts بیان کرنا چاہوں گا۔ جہانگیر بدر صاحب نے پنجاب گورنمنٹ کو خط لکھا جس میں آصف زرداری کی آمد کے متعلق بتایا گیا اور یہ استدعا کی گئی کہ ان کو بھرپور سیکورٹی بھی فراہم کی جائے۔ صوبائی حکومت سیکورٹی اور امن و امان کے لحاظ سے اقدامات لینے میں خود مختار ہے۔ یہ جانتے ہوئے کہ صوبہ پنجاب میں دفعہ ۱۴۴ نافذ ہے پارٹی لیڈرشپ کی طرف سے یہ بیانات آئے اور writ of the government کو چیلنج کیا گیا کہ ہم ۱۶ تاریخ کو قانون اپنے ہاتھ میں لیں گے اور دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی کریں گے اور ہمیں کوئی روکنے والا نہیں۔ یہاں میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ صرف اور صرف ریلی نکالنے پر پابندی ہے جبکہ کسی قسم کے جلسے پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ جلسے ہوتے رہتے ہیں۔

جناب! ان کی آمد سے لے کر اس کے بعد کے جو واقعات ہیں ان پر اپنے angle سے ان پر یہاں اظہار خیال کیا گیا اور یہ کہا گیا خصوصاً میں رضا ربانی صاحب کا ذکر کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے یہ warn کیا کہ وقت بڑی تیزی کے ساتھ بدل رہا ہے۔ جناب! یہ حقیقت ہے کہ آج عوام نے جلاؤ، گھیراؤ اور پتھراؤ کی سیاست کو یکسر مسترد کردیا ہے۔ آج عوام نے shutter down اور پہیہ جام کی سیاست کو بھی یکسر مسترد کر دیا ہے۔ آج عوام نے جذباتی تقریروں اور کھوکھلے نعروں والے سیاستدانوں کو مسترد کردیا ہے۔ آج صرف اور صرف پذیرائی اس کو حاصل ہے جنہوں نے عوام کی حالت بدلنے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ جنہوں نے کشکول بنانے والی فیکٹریوں کو بند کیا ہے اور ملک میں ایک ایسا atmosphere پیدا کیا ہے کہ جس سے ملک کی

مجموعی معاشی صورتحال اور عوام کی صورتحال بہتر ہو۔ صفدر عباسی صاحب نے ٹھیک کہا کہ وقت تیزی سے گزر رہا ہے۔ مگر میں یہ بھی کہنا چاہوں گا اور یہ ان کو بتانا چاہوں گا کہ وقت تیزی سے بدل بھی رہا ہے۔ ذرا عوام کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھیں۔ اپنے لیڈروں سے کچھ دیر کے لیے اغماض برتیں، اپنی دھڑکنوں کو عوام کی دھڑکنوں کے ساتھ جوڑیں تو پھر آپ کو پتا چلے گا کہ وہی بدلتا ہوا وقت جس کی وجہ سے ستر پچھتر لاکھ کی لاہور کی آبادی والے شہر میں آپ کو ضرورت محسوس ہوئی کہ آپ بسیں بھر بھر کر پورے پاکستان بھر سے لاکر کسی طرح لاہور ائرپورٹ پر اکٹھی کرسکیں۔ اگر یہ وقت بدل نہ رہا ہوتا تو صرف لاہور میں ایک کال ہی کافی تھی۔ واقعی یہ بدلتے ہوئے وقت کی علامت ہے۔

یہاں کہا گیا کہ شاید حکومت کسی افراتفری کا شکار ہے تو میں ایک بات ضرور واضح کرنا چاہوں گا کہ ہم پاکستان مسلم لیگ اور اس کی تمام اتحادی جماعتیں جو اب treasury benches پر بیٹھے ہیں، وہ سیاسی قوتیں ہیں جو سیاسی میدان میں سیاسی طریقے کے ساتھ مقابلہ کرنا جانتی ہیں۔ وہ نہ کسی کے جانے سے خوش ہیں اور نہ کسی کے آنے سے خائف ہیں۔ یہ بھی کہا گیا کہ political victimization, متحدہ یا غیرمتحدہ اپوزیشن کی جانب سے بار بار political victimization کا لفظ کہا گیا۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ آپ نے ان چند دنوں کے واقعات کو تو بڑی خوبصورتی سے chronological order میں بیان کیا۔ تو آئیں ذرا تاریخ کے اوراق بھی الٹ کر دیکھیں کہ وہ زمانہ تھا، وہ کیا pol·ti·al situation تھی کہ جب اس ملک میں دلائی کیمپ بھی موجود تھے، وہ کیا وقت تھا؟ کہ جب FSF بنائی گئی اور اپنے سیاسی مخالفین کا سر کچلا گیا، وہ کیا وقت تھا کہ جب اپنے سیاسی مخالفین کی زبان ہمیشہ کے لیے بند کی گئی جبکہ Parliamentarians کو ایوانوں سے اٹھا کر باہر پھینکا گیا؟ ٹانگیں توڑنے کی بات کی گئی، fix up کرنے کی بات کی گئی۔

میں ذاتی طور پر رضا ربانی صاحب کا نہایت احترام کرتا ہوں، مجھے وہ وقت بھی یاد ہے کہ وہ لوگ جو آج ان کے دائیں ہاتھ بیٹھے ہیں، انہی کی حکومت تھی اور رضا ربانی صاحب کا اسی پارلیمنٹ کے سامنے سر سے خون بہہ رہا تھا، اس وقت یہ مجھے نہیں جانتے تھے مگر میں اس وقت ان کو ملنے گیا تھا اور افسوس کا اظہار کا کیا تھا۔

political victimization کی بات کرتے ہیں، آج وہ لوگ بھی ہم آواز ہو کر زرداری صاحب کے لیے بات کر رہے ہیں کہ جو خود آصف زرداری کے خلاف مقدمات بنانے کے responsible ہیں، جو خود responsible ہیں آصف زرداری کو Mr. ten per cent کا خطاب دینے کے، جو خود responsible ہیں ان تمام معاملات کے لیے جن پر وہ آج آنسو بہا رہے ہیں، کل ان کو Mr. ten per cent کہتے تھے، آج وہی ان کو نیلسن منڈیلا کا خطاب دے رہے ہیں۔ اس کے مقابلے میں ان کو اگر relief ملا اور وہ ان cases کے خلاف ضمانت پر رہا ہو کر باہر آئے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ relief ان کو اس دور حکومت میں ملا، آج کی political environment میں ملا۔ میں یہ بات یہاں ضرور کہنا چاہوں گا کہ ماضی میں جو تمام واقعات ہوئے یہ کوئی قابل فخر چیز نہیں ہے، ہمیں اپنی سیاسی تاریخ کو آگے بڑھانا ہے، ہمیں ان تمام چیزوں کو پس پشت ڈال کر ان سے تاریخ کا سبق حاصل کرتے ہوئے آگے کی طرف بڑھنا ہے اور کوشش کرنی ہے کہ یہاں پر ہم ایک ایسا کلچر لائیں کہ جس میں روا داری، تحمل اور برداشت ہو، جس میں جھوٹ کی سیاست نہ ہو، جس میں حق بات کہنے کی آزادی و ہمت ہو۔

یہاں پر ایک بات اور کہی گئی کہ ہم نے ہڑتال کی call دی، پہیہ جام کی call دی ہمارے کارکنوں کو گرفتار کیا گیا اور ہماری ہڑتال ناکام ہوئی۔ بیشک اس ہڑتال کی اپیل کا حق کسی بھی جماعت کو حاصل ہے مگر فیصلے کی اجازت صرف اور صرف عوام کو ہے۔ آپ ہڑتال کی call دیں اور فیصلہ عوام پر چھوڑیں کہ انہوں نے shutter down کرنا ہے، اپنے کاروبار زندگی، اپنے معمولات، اپنی مرضی کے ساتھ چلانے ہیں۔ تو پھر آپ نے کیا کیا، آپ کے کارکنوں نے ان لوگوں کو threat کیا کہ آپ دکان کھولیں گے تو نقصان کے ذمہ دار آپ ہوں گے، آپ اگر پہیہ چلائیں گے تو آپ کی ویگن یا گاڑی ٹوٹتی ہے تو اس کے ذمہ دار آپ ہوں گے۔ جناب کوئی بھی حکومت اس قسم کے واقعات کی اجازت نہیں دی سکتی، کوئی بھی حکومت کسی کو امن و امان کے مسائل پیدا کرنے کی اجازت نہیں دے سکتی۔ اگر پہیہ جام کرنے سے، اگر کاروبار زندگی معطل کرنے سے مہنگائی جیسے مسائل کا حل ہوتا ہو تو پھر ہم سارے اس کارِخیر میں شامل ہوں گے۔ یہاں پر ہمارے MMA کے حضرات نے ایک مرتبہ پھر اسلام کا نام استعمال کیا اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ان کی زبان سے نکلا ہوا ہر لفظ، ان کے نزدیک جو چیز

ٹھیک ہے صرف وہی ٹھیک ہے، صرف وہی اسلام ہے۔ یہاں پر ہمارے MMA کے حضرات نے ایک دفعہ پھر اسلام کا نام استعمال کیا اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ ان کی زبان سے نکلا ہوا ہر لفظ، ان کے نزدیک جو چیز ٹھیک ہے صرف وہی ٹھیک ہے، صرف وہی اسلام ہے اور باقی پاکستان کے عوام جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کلمہ پڑھنے والے ہیں، جو جانتے ہیں کہ ان کے اور خدا کے آپس میں کیا معاملات ہیں، جن کو کسی کی کسی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ کوئی بھی بات کریں تو غلط ہے۔ میں یہاں پر صرف ریکارڈ کی درستگی کے لیے میراتھن کا ذکر کرنا چاہوں گا۔ کہا گیا کہ مخلوط دوڑ۔ جناب! وہاں پر بچوں کی دوڑ علیحدہ تھی اور بچیوں کا مقابلہ علیحدہ تھا۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ ایک چیز جس کو آپ غلط سمجھتے ہیں تو کیا اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آپ قوم کی بچیوں کے اوپر پیٹرول بم پھینکیں۔ آپ قوم کی بچیوں کے اوپر ڈنڈے برسائیں۔ آپ وہاں پر آگ لگائیں۔ یہ وہ ظلم انہوں نے کیا ہے، یہ وہ جرم انہوں نے کیا ہے کہ جس کے لیے ان کو پوری قوم کی بچیوں سے معافی مانگنی پڑے گی۔ جب بھی خواتین کی بات ہوئی تو انہوں نے ہمیشہ عورت کے مسائل پر بات کرنے کی بجائے عورت کو مسئلہ بنا کر پیش کیا۔ اب ہمیں اس ڈگر سے ہٹنا ہو گا۔

ہماری یہاں پر بھی بہنیں موجود ہیں۔ آپ نے ان کی تقاریر بھی سنی۔ آپ نے ان کا کردار بھی دیکھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہماری قابل فخر بہنیں ہیں، ہماری قابل فخر مائیں ہیں اور ہمیں as a nation ان کے اوپر فخر ہے۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں پری گل آغا صاحبہ کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ جو ملکی معاملات، جو اس ملک کو درپیش مسائل ہیں، جو مختلف صوبوں کی ناراضگیاں ہیں، ان کے تحفظات ہیں وہ سب discuss ہونے چاہییں مگر کسی ایک شخص کو یا کسی ایک گروہ کو ہرگز یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ جوش خطابت میں وہ تمام حدیں پار کرتا جائے، وہ تمام حدیں پار کرتے ہوئے اس کو وہاں پر لے جائے جس سے ایک غلط قسم کی بو آنا شروع ہو جائے۔ میں الفاظ کے چناؤ میں محتاط ہونا چاہ رہا ہوں۔ بلوچستان کی آپ بات کرتے ہیں تو بلوچستان آغا پری گل، زبیدہ جلال اور کاکڑ صاحب کا بھی ہے۔ بلوچستان ان تمام نمائندوں کا ہے جن کو بلوچستان کے عوام نے منتخب کیا ہے۔ ہم نمائندوں کو سنتے ہیں۔ آج بڑی detail میں

مشاہد حسین صاحب نے صبح کی سیشن میں وہ تمام باتیں کیں کہ کس طرح افہام وتفہیم کے ذریعے، کس طرح مذاکرات کے ذریعے ہم کوشاں ہیں؟ کس طرح بلوچستان کے تمام نمائندہ لوگوں کو اس کام میں شامل کرتے ہوئے ہم ان تمام حل کے لیے کوشاں ہیں جس سے نہ صرف بلوچستان ترقی کرے بلکہ یہ ملک پاکستان بھی ترقی کرے؟ بلوچستان کے مسائل ہیں۔ مگر بلوچستان مسئلہ نہیں۔ یہ بات بالکل واضح ہونی چاہیے اور جو لوگ بلوچستان کے مسائل کی آڑ میں بلوچستان کو مسئلہ بنا کر پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ان کو تمام محب وطن قوتیں شکست فاش دیں گی۔

آخر میں اس امید کے ساتھ کہ ہم ماضی کی غلطیوں سے سبق حاصل کرتے ہوئے، ہم ماضی کی لغزشوں سے سبق حاصل کرتے ہوئے اس ملک کی خاطر، اس قوم کی خاطر، ایک دوسرے کو سمجھتے ہوئے۔ ایک دوسرے کے دکھ درد کو سمجھتے ہوئے، ایک دوسرے کے خیالات اور اس کے جذبات کا احساس کرتے ہوئے رواداری اور معاملہ فہمی کے ساتھ تمام معاملات کو حل کرنے کی کوشش کریں گے۔ شکریہ۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب چیئرمین! اگر آپ اجازت دیں تو اس معزز ایوان سے میرا ایک سوال ہے، آپ محسوس نہ کریں، صرف ایک سوال پوچھنا چاہتا ہوں۔ گزارش یہ ہے کہ اس کا جواب یہ معزز ایوان، اگر کوئی معزز رکن دے کیونکہ یہ ایوان پر مشتمل ہے علمائے کرام پر، پڑھے لکھے لوگوں پر اور بڑے highly educated بھی ہیں۔ میرا سوال یہ ہے کہ یہ پہیہ جام ہڑتال اور یہ جلوس اور اس قسم کی چیزیں ہمیں اسلامی ورثے میں کب سے ملیں؟ آیا یہ اسلامی ورثے کا حصہ ہیں یا مغربیت سے ہم نے ادھار لیا ہے؟ ہم آٹھ سو سال تک ہندوستان میں حکمران رہے اور دنیا کے پانچ براعظموں کے حکمران رہے یہ ثقافتی ورثہ ہمیں کہاں سے ملا؟ کہاں سے لیا اور علمائے کرام جنہوں نے یہ پہیہ جام ہڑتال اور جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا تھا، کیا اس کا قرآن و سنت سے کوئی تعلق ہے؟ کیا خلفائے راشدین کے دور میں اس قسم کی کوئی بات ہوئی یا دوسرے ادوار میں جسے ہم مسلمان ریاستیں کہتے ہیں ----

*(Interruptions)*

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب والا! انہیں کہیں کہ ایوان میں سوال لکھ کر دیں۔ ہم لکھ

کر جواب دیں گے۔

*(Interruptions)*

**جناب چیئرمین:** Detailed answer آپ لکھ کر دے سکتے ہیں۔

*(Interruptions)*

Mr. Chairman: We adjourn the House to reconvene tomorrow at 10.00 a.m.

سبحان ربک رب العزت عما یصفون و سلام علی المرسلین والحمد للّٰہ رب العالمین۔

-----------------

*[The House was then adjourned to meet again at 10 a.m. on Wednesday, the 27th April, 2005]*

-----------------